ہندوستان کے اردو مصنّفین اور شعرا

گوپی چند نارنگ
عبداللطیف اعظمی

اردو اکادمی، دہلی

حرفِ آغاز

دھلی ہندوستان کا دل ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شہر اپنی تہذیبی روح، ثقافتی رنگا رنگی اور تاریخی کردار کے اعتبار سے ایک چھوٹا سا ہندوستان ہے۔ دہلوی کلچر کے فروغ میں اردو نے ایک تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے اور آج بھی یہ زبان اس کی ادبی و تہذیبی شناخت کا ایک اہم وسیلہ ہے۔ اردو کی کلچرل اہمیت اور دلی کی ثقافتی زندگی سے اس کے گہرے رشتہ کے پیش نظر آنجہانی محترمہ اندرا گاندھی، سابق وزیر اعظم، مرکزی حکومت ہند کے ایما پر ۱۹۸۱ء میں اردو اکادمی کا قیام عمل میں آیا۔

اکادمی کا اپنا ایک انتظامی ڈھانچہ اور طے شدہ دستور العمل ہے۔ دلی کے وزیر اعلیٰ اس کے صدر نشین (چیئرمین) ہیں اور اکادمی کے اراکین کو دو سال کے لیے نامزد کرتے ہیں۔ ان اراکین میں ممتاز اہل قلم، ادیب، نقاد، صحافی، معلم اور محقق شامل ہیں۔ اکادمی دلی اور بیرون دلی دوسرے علمی، ادبی، تہذیبی اور تعلیمی حلقوں سے بھی رابطہ قائم کیے ہوئے ہے اور اپنی سرگرمیوں میں ان کے تعاون اور مشوروں کو خوش آمدید کہتی ہے۔

کتاب انسان کی بہترین ساتھی ہے۔ کتاب ماضی کو حال اور حال کو مستقبل سے جوڑنے کا سب سے عمدہ وسیلہ ہے۔ معاصر ادیبوں کے WHO 'S WHO کوئی نئی چیز نہیں۔ اس طرح کی کتب حوالہ ترقی یافتہ زبانوں میں عام ہیں۔ اس کی ضرورت کا احساس پروفیسر گوپی چند نارنگ کو دس بارہ برس پہلے اس زمانے میں ہوا جب وہ ساہتیہ کلا پریشد کے رکن تھے۔ ان کی تجویز پر طے پایا کہ ہم عصر اردو ادیبوں اور شاعروں کا ایک تذکرہ تیار کیا

جائے لیکن ساہتیہ کلا پریشد نے دہلی کے علاقے کی شرط لگا دی۔ ہندی کا کام پروفیسر نگیندر کے اور اردو کا پروفیسر گوپی چند نارنگ کے سپرد ہوا۔ ان دونوں حضرات نے چھ ماہ کی مقررہ مدت میں اپنے اپنے حصے کا کام مکمل کر کے دے دیا۔ لیکن اس کی اشاعت کی نوبت نہیں آئی۔ دوسری کوشش مشہور افسانہ نگار جناب رام لعل نے کی۔ کئی برس پہلے رام لعل صاحب نے ایک کمیٹی بنائی تھی۔ پروفیسر نارنگ اس کے بھی رکن تھے۔ چنانچہ بہت سے لوگوں کے کوائف جمع کیے گئے۔ خیال تھا کہ ریاستی اکادمی کی مدد سے رام لعل اس کو شائع کریں گے۔ لیکن یہ بھی نہ ہوا اور نارنگ صاحب کے پاس کاغذوں کا ایک انبار جمع رہا۔ پھر انھوں نے اردو اکادمی دہلی میں اس کی اشاعت کی تجویز پیش کی جو منظور کرلی گئی۔ یہ گویا اردو اکادمی دہلی کا پہلا اشاعتی پروجیکٹ تھا جس کی ایوارڈ اور سمینار کمیٹی نے (جس کے چیئرمین اس وقت پروفیسر نارنگ صاحب ہی تھے) توثیق کردی۔ بعد میں انھوں نے جناب عبداللطیف اعظمی سے مشورہ کر کے ان کو اس کام میں شرکت کی دعوت دی۔ اردو اکادمی دونوں فاضل مؤلفین کی شکر گزار ہے کہ انھوں نے کئی برس پہلے ڈائرکٹری مکمل کر کے اشاعت کے لیے اردو اکادمی کے حوالے کردی تھی۔ یہ اس نوعیت کا کام تھا کہ سب سے پہلے شائع ہوجانا چاہیے تھا لیکن بوجوہ تاخیر ہوتی رہی۔ بہر حال اس منزل پر جو ترمیم و اضافہ ممکن تھا کردیا گیا ہے۔ ایسا کام کتنا بھی مکمل کیوں نہ ہو، اس میں تبدیلیاں ہوتی ہی رہتی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ڈائرکٹری کا نقش ثانی نقش اول سے زیادہ جامع اور زیادہ مکمل ہوگا۔

ہم اپنے موجودہ سرپرست اور اکادمی کے صدر نشین جناب صاحب سنگھ ورما وزیر اعلیٰ دہلی کی عنایات و توجہات کے بے حد ممنون ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ زیر نظر کتاب وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کرے گی اور ادبی حلقوں میں پسند کی جائے گی۔

ڈاکٹر صادق

سکریٹری اردو اکادمی، دہلی

دیباچہ

اس "فرد مشاہیر" کو کسی ادعا کے ساتھ پیش نہیں کیا جارہا۔ اس کی کوتاہیوں اور کمیوں کا ہمیں پورا احساس ہے، اس لیے کہ معاصر ادب میں تبدیلیاں برابر ہوتی رہتی ہیں۔ آئے دن نئی کتابیں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ مصنفین اور شعرا کی تعداد میں اضافہ بھی ہوتا رہتا ہے، نیز جب تک کتاب کتابت و طباعت کے مراحل طے کرتی ہے، کچھ ادیب اس جہان فانی سے کوچ بھی کر جاتے ہیں۔ اس نظر سے دیکھا جائے تو ہر فرد مشاہیر کسی حد تک نامکمل ہوتی ہے۔ بہرحال اس ڈائرکٹری کو تیار کرتے ہوئے جن امور کا خاص خیال رکھا گیا ہے، مختصراً ان کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

پیش نظر کتاب میں ناموں کی ترتیب کے سلسلے میں بنیادی طور پر لائبریری سائنس کے اصولوں کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ یعنی نسلی امتیازات یا مقامی اور تعلیمی اداروں کی نسبتوں سے کسی نام کا آغاز نہیں کیا گیا ہے، مثلاً خان، سید اور شیخ کا یا لکھنوی، دہلوی اور حیدرآبادی کا یا علیگ، جامعی، ندوی اور اصلاحی کا اندراج نام کے شروع میں نہیں کیا گیا ہے، البتہ صدیقی، نقوی اور زیدی وغیرہ کو لائبریری سائنس میں تسلیم کیا گیا ہے۔ اس لیے اگر کسی نام کے آخر میں یہ نسبتیں ہیں، تو ترتیب میں ان کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ لیکن شعرا کے سلسلے میں ان کے تخلص کو ان نسبتوں پر ترجیح دی گئی ہے اور اگر کسی مصنف یا شاعر کا کوئی مخصوص قلمی نام ہے تو ترتیب اسی کے مطابق رکھی گئی ہے۔

اس کتاب کو زیادہ سے زیادہ مفید اور مکمل بنانے کے لیے بہتر سے بہتر طریقے اختیار کیے گئے۔ مثلاً اردو کے معروف اور مشہور مصنفوں اور شاعروں سے براہ راست معلومات حاصل کی گئی ہیں۔ نیز خاصا صرفہ کرکے اردو کے تمام قابل ذکر اور اہم اخبارات و رسائل میں اکادمی کی جانب سے اشتہارات شائع کیے گئے جن میں مطلوبہ سوالنامہ درج تھا۔ بہرحال کچھ مہربان ایسے بھی ہیں، جنھوں نے یاددہانی کے باوجود مطلوبہ معلومات بھیجنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ خوش قسمتی سے سابقہ اکادمی کی "ہوز ہو آف انڈین رائٹرز" میں جو نام شامل تھے وہاں سے ضروری معلومات لے لی گئیں۔ ڈائرکٹری کو زیادہ سے زیادہ مکمل بنانے کے لیے یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ سابقہ اکادمی کی "ہوز ہو آف انڈین رائٹرز" اور "دستاویز" مطبوعہ اترپردیش اردو اکادمی لکھنؤ سے بھی مدد لی جائے۔ چنانچہ متعدد نام ان سے حوالے کے ساتھ لیے گئے ہیں۔ آخری مرحلے میں عالمی اردو ادب (مرتبہ: نند کشور وکرم) منظر عام پر آئی اور اس کتاب سے بھی مدد لی گئی جس کے لیے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

علاوہ ازیں ملک کی متعدد یونیورسٹیوں، ناشرین کتب اور صاحب اثر اشخاص کے پاس بہت سے فارم اور مراسلات بھیج دیے گئے تاکہ وہ اپنے حلقے کے ادیبوں اور شاعروں سے بھرواکر ہمیں بھیج دیں، مثلاً علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ڈاکٹر ضیاء الدین احمد انصاری، مولانا آزاد لائبریری اور مس نسرین ممتاز بصیر، ریسرچ اسکالر شعبہ اردو، لکھنؤ میں ڈاکٹر شاہ عبدالسلام، ریڈر شعبہ عربی لکھنؤ یونیورسٹی، پٹنہ میں ڈاکٹر عابد رضا بیدار ڈائرکٹر خدا بخش اورنٹیل پبلک لائبریری، حیدرآباد میں ڈاکٹر غیاث متین، اعظم گڑھ میں مولوی عبدالرحمن ناصر اصلاحی جامعی، مدرسۃ الاصلاح سرائے میر، دہلی میں جناب پریم گوپال متل، (موڈرن پبلشنگ ہاؤس) اور جناب راج نرائن راز، سابق ایڈیٹر ماہنامہ آجکل اردو، امروہہ میں جناب عظیم امروہوی وغیرہ۔ ہم ان تمام حضرات کے شکر گزار ہیں جن کے مخلصانہ تعاون سے اس ڈائرکٹری کی ترتیب میں بیش از بیش مدد ملی۔

نظرِ ثانی

ہندوستان کے اردو ادیبوں اور شاعروں کی یہ ڈائرکٹری آج سے تقریباً آٹھ دس سال پہلے مرتب کی گئی تھی اور اس کی کتابت کرا کے دہلی اردو اکادمی کو دے گئی تھی۔ مگر بوجوہ اب تک اس کی طباعت و اشاعت کی نوبت نہیں آئی۔ اب اتنی طویل مدت کے بعد اس کے اسباب و علل پر گفتگو کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔

خوشی کی بات یہ ہے کہ دہلی اردو اکادمی کے موجودہ سکریٹری جناب ڈاکٹر صادق صاحب اس کو فوری طور پر شائع کر رہے ہیں۔ اس لیے اکادمی کے فیصلے کے مطابق اس کی نظر ثانی کی گئی ہے۔ ان برسوں میں اس کے مندرجات میں جو تبدیلیاں ہوئی ہیں مثلاً عہدے اور پتے وغیرہ میں، اس مختصر مدت میں ان کی تصحیح وغیرہ ممکن نہیں ہے۔ علاوہ ازیں اس قسم کے کام میں، ترتیب اور اشاعت کی مدت کے دوران اس نوعیت کی تبدیلیاں ہوتی ہی رہتی ہیں۔ البتہ بعض اہم تبدیلیوں کی تصحیح کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن اکادمی کے منشاء کے مطابق بنیادی طور پر ہمارے پیش نظر یہ تھا کہ اس ڈائرکٹری میں شامل جن ادیبوں اور شاعروں کی وفات ہوگئی ہے، اس کا حوالہ دے دیا جائے۔ بدقسمتی سے ہمارے یہاں ادیبوں کی وفات کی خبروں کی اشاعت کا کوئی معقول اور قابل اعتماد انتظام نہیں ہے۔ ڈائرکٹری کے اندراجات میں جہاں جہاں ✿ کا نشان ہے اس سے مراد ہے کہ وفات ہوچکی ہے۔ ایسی صورت میں سنہ وفات درج کر دیا گیا ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی خامی، کوئی کمی یا کوئی غلطی نظر آئے تو مولفینِ ڈائرکٹری کو معذور سمجھا جائے۔ ویسے ہم نے اپنے بس بھر صحت کی پوری کوشش کی ہے۔

گوپی چند نارنگ
عبداللطیف اعظمی

الف

ب

پ

ت ٹ ث

ج چ

ح

خ

د ذ

ر

ز

س

ص ض

ط ظ

ع غ

ف

ق

ک گ ل

م

ن

و

ہ - ی

اضافہ

الف

آزاد، پروفیسر جگن ناتھ

والد کا نام : تلوک چند محروم

تاریخ پیدائش : ۵، دسمبر ۱۹۱۸ء، عیسیٰ خیل (ضلع میانوالی۔ پاکستان)

پتہ : ۲۵-اے گورنمنٹ کوارٹرز۔ گاندھی نگر۔ جموں توی ۱۸۰۰۰۴

تعلیم : ایم۔ اے (لاہور) ۱۹۴۴ء

مشاغل، ملازمت : پروفیسر امریٹس (جموں یونیورسٹی۔ جموں)

تصانیف :

شعری مجموعے۔

(۱) طبل و علم ۱۹۴۸ء

(۲) بیکراں ۱۹۴۹ء

(۳) ستاروں سے ذرّوں تک ۱۹۵۱ء

(۴) وطن میں اجنبی ۱۹۵۴ء

(۵) نوائے پریشاں ۱۹۶۱ء

(۶) انتخابِ کلام ۱۹۵۷ء

(۷) کہکشاں (انتخابِ کلام) ۱۹۶۱ء

طویل نظمیں۔

(۸) اردو ۱۹۵۱ء

(۹) ابوالکلام آزاد ۱۹۵۸ء

(۱۰) ماتمِ نہرو ۱۹۶۴ء

(۱۱) شاعر کی آواز ۱۹۶۵ء

نثر۔

(۱۲) دہلی کی جامع مسجد	۱۹۸۰ء
(۱۳) تلوک چند محروم	۱۹۵۹ء
(۱۴) اقبال اور اس کا عہد	۱۹۶۰ء
(۱۵) اقبال اور مغربی مفکرین	۱۹۷۶ء

اعزازات، وانعامات: (۱) اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ)
(۲) بہار اردو اکادمی (پٹنہ)
(۳) مغربی بنگال اردو اکادمی (کلکتہ)
(۴) میر اکادمی (لکھنؤ) وغیرہ سے متعدد انعامات ملے اور ورلڈ مسلم سینٹر لندن، اقبال انٹرنیشنل کانگریس لاہور، پنجاب یونیورسٹی لاہور اور حکومتِ پاکستان وغیرہ سے مختلف قسم کے اعزازات عطا ہوئے۔

آزاد، چمن لال

والد کا نام:
تاریخ پیدائش: ۲۴ر اگست ۱۹۱۲ء، بٹالہ (پنجاب)
پتہ: بی۔ ۱۱۵۔ گل مہر پارک۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۴۹
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: مجاہد آزادی
تصانیف:

(۱) نیتاجی سبھاش چندر بوس	۱۹۴۴ء
(۲) باغی جواہر	۱۹۴۶ء
(۳) ریولیوشنری مومنٹ ان انڈیا	۱۹۵۷ء
(۴) فوٹو البم آف ریولیوشنری مومنٹ	۱۹۵۹ء

آزاد، عبداللہ قاسمی

والد کا نام : محمد یونس
تاریخِ پیدائش : یکم جنوری ۱۹۶۰ء مقام کوئل بھار، ضلع بستی، یو، پی۔
پتہ : مدرسہ قرآنیہ تنویرالعلوم دارا پور، پوسٹ مجھگواں ضلع پرتاپ گڈھ۔
تعلیم : فاضل دیوبند و فاضل تفسیر لکھنؤ و فاضل ادب علی گڈھ و فاضل معقولات الہ آباد و فاضل طب سہارنپور
مشاغل، ملازمت : درس و تدریس، تصنیف و تالیف
تصانیف : (۱) غبارِ حرم (نعتوں کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۲) اُمتِ مسلمہ کے نام ایک مخلصانہ پیغام (نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۲ء
(۳) گنبدِ خضرا (نعتوں کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء

آزاد، ڈاکٹر محمد اسماعیل فتحپوری

والد کا نام : حافظ محمد جمیل
تاریخ پیدائش : ۳۱ر اگست ۱۹۴۱ء، محلہ مہاجری، فتحپور (یو۔پی)
پتہ : ۱۳۰ شاہدہ لاج، محلہ مہاجری، فتحپور (یو۔پی)
تعلیم : مولوی، عالم، ادیب کامل، ایم اے، ایل ایل .بی، پی ایچ. ڈی
مشاغل، ملازمت : تدریس و تدریس
تصانیف : کاوشیں ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات : (۱) سرسید میڈل جامعہ اردو علی گڈھ کی جانب سے ۱۹۶۵ء
(۲) گولڈ میڈل ــــ اردو سماج لکھنؤ ۸۴-۱۹۸۳ء

آزردہ، مرزا محمد زماں

والد کا نام :
تاریخ پیدائش : ۱۷ مارچ ۱۹۴۵ء، امرتسر (پنجاب)
پتہ : حسن آباد، رینا واڑی، سری نگر ۔ ۱۹۰۰۰۳
تعلیم : ایم اے (اردو) ۱۹۷۱ء ۔ بی ایڈ ۱۹۷۰ء (کشمیر یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت : درس و تدریس (لکچرر شعبۂ اردو کشمیر یونیورسٹی)
تصانیف : (۱) غبار خاطر (انشائیے) ۱۹۷۳ء
(۲) شیریں کے خطوط 〃 ۱۹۷۴ء
(۳) اور وہ توپ گر گئی (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(ہوز ہو آف انڈین رائیٹرز، صفحہ ۸۰۷)

(ڈاکٹر) آصفہ زمانی

والد کا نام : الحاج مولانا قاری سید ودود الحیٔ ندوی
تاریخ پیدائش : ۲۲ مارچ ۱۹۴۵ء۔ لکھنؤ (یو۔پی)
پتہ : نفیس منزل، ۱۰۱ پیر جلیل گولہ گنج لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۱
تعلیم : ایم اے (فارسی، اردو، عربی)، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی (فارسی)
مشاغل، ملازمت : استاد شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی (۱۹۷۵ء سے)
تصانیف : (۱) طالب آملی ۔ فکر و فن ۱۹۷۸ء
(۲) پرتوِ تحقیق ۱۹۸۶ء
(۳) جدید ادبی جائزے (حصۂ نثر)
(۴) جدید ادبی جائزے (حصۂ نظم)

(۵) شرح شعر باستان (حصّۂ نثر)
(۶) شرح شعر باستان (حصّۂ نظم)
(۷) اردو ساہتیہ کا اتہاس (بزبانِ ہندی)
(۸) مختصر تاریخ فارسی وغیرہ

اعزازات، انعامات: اردو اکادمی (لکھنؤ) سے متعدّد انعامات ملے۔

آغا جانی کاشمیری (آغا سیّد واجد حسین رضوی)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۴ر جولائی ۱۹۰۸ء، لکھنؤ (یو۔پی)
پتہ: کے کی کورٹ، کہبالاہل روڈ۔ بمبئی۔ ۴۰۰۰۳۶
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: فلم کے کہانی کار
تصانیف: سحر ہونے تک (آپ بیتی) ۱۹۶۶ء
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، صفحہ ۵۲۸)

آمنہ ابوالحسن (سیّدہ آمنہ بانو)

والد کا نام: ابوالحسن سیّد علی
تاریخِ پیدائش ۱۰ر مئی ۱۹۴۱ء، حیدرآباد دکن۔
پتہ: ۳۷۔ پٹودی ہاؤس نئی دہلی ۱۱۰۰۰۱
تعلیم: انٹرمیڈیٹ
مشاغل، ملازمت: مشاہدہ۔ مطالعہ۔ تصنیف
تصانیف: (۱) کہانی (افسانوں کا پہلا مجموعہ) ۱۹۶۵ء

(۲) سیاہ سرخ سفید (ناول) ۱۹۶۸ء
(۳) تم کون ہو (ناول) ۱۹۷۴ء
(۴) واپسی (ناول) ۱۹۸۱ء
(۵) آواز (ناول) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: تینوں ناول انعام یافتہ ہیں

آنند، ستیہ پال

والد کا نام: رام نارائن آنند
تاریخِ پیدائش: ۲۴ اپریل ۱۹۳۱ء، کوٹ سارنگ (اٹک) پاکستان
پتہ: E-1/92، سیکٹر ۱۴ پنجاب یونیورسٹی۔ چنڈی گڑھ ۱۶۰۰۱۴
تعلیم: پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس۔ پروفیسر اور صدر شعبۂ انگریزی ڈی سی پنجاب یونیورسٹی۔ چنڈی گڑھ

تصانیف:
(۱) جینے کے لیے (افسانے) ۱۹۵۵ء
(۲) دل کی بستی (افسانے) ۱۹۵۸ء
(۳) کالے کوس (افسانے) ۱۹۶۵ء
(۴) پچاس اور ایک (افسانے) ۱۹۷۵ء
(۵) موت، عشق اور زندگی (ناول) ۱۹۵۷ء
(۶) صبح، دوپہر، شام (ناول) ۱۹۵۹ء
(۷) آہٹ (ناول) ۱۹۶۰ء
(۸) اپنے مرکز کی طرف (ناول) ۱۹۷۲ء

بیرونی ممالک کا سفر: (۱) دورۂ روس ۱۹۸۰ء

(۲) امریکہ اور کینیڈا ۱۹۸۲ء

(۳) تھائی لینڈ ۱۹۸۳ء

(۴) امریکہ اور کینیڈا ۱۹۸۵ء

(۵) انگلینڈ، جرمنی، فرانس ۱۹۸۶ء

اعزازات/انعامات: (۱) پنجاب سرکار کا اعزازی ایوارڈ ۱۹۶۸ء

(۲) کینیڈین پوئیٹری ایوارڈ (انگریزی نظمیات کے مجموعے پر) ۱۹۸۳ء

آوارہ، شیخ محمد یوسف نور محمد

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: یکم اپریل ۱۹۱۱ء

پتہ: الہلال الکٹرک اسٹور۔ ۶۲۔ اے۔ قنوت منزل سا نکلی اسٹریٹ، بمبئی۔ ۴۰۰۰۰۸

تعلیم:

مشاغل، ملازمت: ریٹائر بحثیت ہیڈ ماسٹر (۱۹۵۶-۵۹ء)

تصانیف: شرارے (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۶ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۵۷۶)

ابراہیم اختر (محمد ابراہیم)

والد کا نام: محمد وزیر

تاریخ پیدائش: ۲۴ر نومبر ۱۹۳۴ء، پربھنی

پتہ: فرینڈس کالونی۔ ونگی روڈ۔ پربھنی (مہاراشٹر) ۴۳۱۴۰۱

تعلیم: میٹرک

مشاغل، ملازمت : سرکاری ملازمت (ضلع پریشد پربھنی)

تصانیف : (۱) پیاسے دل (ناولٹ) ۱۹۶۴ء

(۲) ہندو فلسفہ۔ ایک مطالعہ ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات : 'ہندو فلسفہ۔ ایک مطالعہ' پر مہاراشٹرا اردو اکادمی و بہار اردو اکادمی کی طرف سے انعامات ملے۔

ابراہیم یوسف (محمد ابراہیم خاں)

والد کا نام : محمد یوسف خاں

تاریخ پیدائش : ۱۰ر مئی ۱۹۲۵ء۔ بھوپال

پتہ : ۱۴۔ نیم روڈ، امامی گیٹ، بھوپال۔ ۱

تعلیم : ایم۔ اے (اردو اور پولیٹیکل سائنس) بی۔ ایڈ

مشاغل، ملازمت : ڈرامہ نگاری، پرنسپل گورنمنٹ ہائر سکنڈری اسکول (ریٹائرڈ)

تصانیف : (۱) سوکھے درخت (ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۵۴ء

(۲) طنزیہ ڈرامے (") ۱۹۷۴ء

(۳) دھوپ کے آنچل (") ۱۹۷۶ء

(۴) پانچ چھ ڈرامے (") ۱۹۷۸ء

(۵) اداس موڑ (") ۱۹۸۳ء

(۶) صولت عالمگیری (ترتیب۔ اردو کا قدیم ترین طبعزاد ڈرامہ) ۱۹۷۶ء

(۷) گم شدہ خط (رومانیہ کے ڈرامہ نگار کریبل کے ڈرامے کا ترجمہ) ۱۹۷۸ء

(۸) اندر سبھا اور اندر سبھائیں (تحقیق اور تنقید) ۱۹۸۰ء

(۹) اردو کے اہم ڈرامہ نگار (متقدمین) ۱۹۸۱ء

(۱۰) اردو کے اہم ڈرامہ نگار (متوسطین) ۱۹۸۴ء

(۱۱) اردو کے اہم ڈرامہ نگار (آغا حشر) ۱۹۸۳ء

(۱۲) ہندی ڈرامے کا ارتقا۔

(ویدک دور سے ۱۹۴۷ء تک) ۱۹۸۵ء

(۱۳) آبلے اور منزلیں (ناول) ۱۹۵۳ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) اور مدھیہ پردیش اردو اکادمی (بھوپال) سے متعدد کتابوں پر انعامات ملے۔

ابن غوری (سید انور)

والد کا نام:

تاریخ پیدائش ۱۱ر اکتوبر ۱۹۴۴ء، حیدر آباد

پتہ: رحمان باغ تلگنڈا (اے پی) ۵۰۸۰۰۱

تعلیم: بی ایس سی۔ ام اے۔ بی ایڈ۔ ڈی ایل ایس سی

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس (جونیر لکچرر)

تصانیف: فضائل اخلاق و اخلاص ۱۹۷۸ء

اعزازات، انعامات: منجانب ضلع کلکٹر بہ ضمن تدریس

ابن کنول (ڈاکٹر ناصر محمود کمال)

والد کا نام: کنول ڈبائیوی

تاریخ پیدائش: ۱۵ر اکتوبر ۱۹۵۷ء، گنور (بدایوں)

پتہ : بیت الشمس، جمال پور، علی گڑھ (یو۔پی)
تعلیم : بی۔ اے (آنرز)، ایم۔ اے (علیگ)، ایم۔ فل، پی۔ ایچ۔ ڈی۔
مشاغل، ملازمت :
تصانیف : تیسری دنیا کے لوگ (افسانے) ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات : اتر پردیش اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی اور بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(مولانا سیّد) ابوالحسن علی ندوی

والد کا نام : سیّد عبدالحی حسینی
تاریخ پیدائش : ۱۹۱۴ء تکیہ کلاں، رائے بریلی (یو۔پی)
پتہ : تکیہ کلاں رائے بریلی (یو۔پی) ۲۲۹۰۰۱
تعلیم : دارالعلوم ندوۃ العلماء، انجمن خدام الدین لاہور، لکھنؤ یونیورسٹی۔
مشاغل، ملازمت : تصنیف و تالیف، نظامت ندوۃ العلماء (اعزازی)
تصانیف :
(۱) سیرت سیّد احمد شہید (اوّل و دوم) ۱۹۲۶ء
(۲) مذہب و تمدّن ۱۹۴۲ء
(۳) انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر ۱۹۴۷ء
(۴) تاریخ دعوت و عزیمت (پانچ جلدیں)، ۱۹۵۵ تا ۱۹۸۴ء
(۵) تذکرہ مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ ۱۹۵۷ء
(۶) سوانح مولانا عبدالقادر رائے پوریؒ ۱۹۶۳ء
(اوّل و دوم) ۱۹۶۵ء
(۷) دریائے کابل سے دریائے یرموک تک ۱۹۷۴ء
(۸) منصبِ نبوّت اور اس کے عالی مقام کے حاملین ۱۹۷۵ء

(۹) مغرب اقصیٰ (مراکش) میں ۱۹۷۶ء

(۱۰) شرق اوسط کی ڈائری (عربی میں) اردو ترجمہ

ازمولوی شمس الحق ندوی ۱۹۷۷ء

(۱۱) تبلیغ و دعوت کا معجزانہ اسلوب ۱۹۸۱ء

(۱۲) مولانا محمد زکریا صاحب ۱۹۸۲ء

(۱۳) دستورِ حیات (عربی میں) اردو ترجمہ

ازمولوی سید سلیمان حسینی ندوی ۱۹۸۳ء

(۱۴) کاروانِ زندگی (جلد اول) ۱۹۸۳ء

(۱۵) " (جلد دوم) ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب، مصر، سوڈان، شام، عراق، ترکی، لبنان، اردن، ایران، افغانستان، برطانیہ، فرانس، سری لنکا، بنگلہ دیش، پاکستان، شمالی یمن، بلجیم، الجزائر، مراکش۔ جرمنی، اسپین، سوئٹزرلینڈ، امریکہ کناڈا۔

اعزازات، انعامات: (۱) شاہ فیصل ایوارڈ ۱۹۸۰ء

(۲) ڈاکٹریٹ کی ڈگری از کشمیر یونیورسٹی ۱۹۸۱ء

(پروفیسر) ابو سالم

والد کا نام: مولانا شبلی ندوی

تاریخ پیدائش: ۸ر جولائی ۱۹۲۵ء اعظم گڈھ (یو۔پی)

پتہ: D.4-10 ذاکر نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم۔ اے (علیگ) ایم۔ ایس۔ سی (معاشیات) لندن یونیورسٹی

مشاغل، ملازمت: سابق استاد علی گڈھ مسلم یونیورسٹی، خرطوم یونیورسٹی، سینیر اکونومسٹ نیشنل کونسل آف اپلائیڈ اکنامک ریسرچ، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل… اکانومسٹ۔

تصانیف: (۱) ہندوستان کا بیرونی اثاثہ ۱۹۴۵ء
(۲) کچھ زر کی بابت ۱۹۴۶ء
(۳) معاشیات۔ ماہیت اور اہمیت (ترجمہ)
(۴) روزگار، سود اور زر کا عام نظریہ (ترجمہ)

بیرونی ممالک کا سفر: افریقہ، یورپ، امریکہ، جنوب مشرقی ایشیا، جاپان وغیرہ۔

ابو محمد سحر (ڈاکٹر ابو محمد ابوالقاسم)

والد کا نام: عبدالصمد

تاریخ پیدائش: ۱۰؍ اپریل ۱۹۲۸ء، ۱۸؍ شوال ۱۳۴۶ھ، بروز سہ شنبہ۔ موضع محی الدین پور، ضلع فتح پور (یو۔ پی)

پتہ: ۳۹۔ مالویہ نگر، بھوپال ۳ (ایم۔ پی)

تعلیم: ایم۔ اے۔ (اردو)، الہ آباد یونیورسٹی، ۱۹۵۱ء۔ پی ایچ۔ ڈی۔ (اردو)، آگرہ یونیورسٹی، ۱۹۶۴ء۔

مشاغل، ملازمت: سابق پروفیسر و صدر، شعبۂ اردو، گورنمنٹ حمیدیہ کالج، بھوپال۔

تصانیف:
(۱) اردو میں قصیدہ نگاری ۱۹۵۸ء
(۲) تنقید و تجزیہ ۱۹۶۱ء
(۳) مطالعۂ امیر (تحقیقی مقالہ) ۱۹۶۵ء
(۴) انتخاب قصائد اردو مع مقدمہ و حواشی ۱۹۶۹ء
(۵) غالبیات کے چند مباحث ۱۹۷۳ء
(۶) اردو املا اور اس کی اصلاح ۱۹۸۲ء
(۷) زبان و لغت ۱۹۸۳ء
(۸) برگ غزل (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۸۱ء

اعزازات، انعامات: (۱) امیر خسرو انعام برائے نثر، مدھیہ پردیش ساہتیہ پرشد ۷۴-۷۳ء
(۲) اتر پردیش اردو اکادمی انعام ۱۹۷۴ء
(۳) فخر الدین علی احمد غالب انعام ۱۹۸۴ء

اثر، محمد علی

والد کا نام : حکیم شیخ محبوب
تاریخ پیدائش : ۱۴ر دسمبر ۱۹۴۹ء
پتہ : "کاشانہ اثر" ۹/۲۲۶-۴-۲۰، حیدر آباد محبوب چوک
حیدر آباد ۵۰۰۰۰۲
تعلیم : ایم۔ اے پی ایچ۔ ڈی۔ پی۔ جی ڈپلوما ان ہیلیوگرافی
(مخطوطہ شناسی)
مشاغل، ملازمت : استاد شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ۔ حیدر آباد
تصانیف : (۱) غواصی شخصیت اور فن ۱۹۷۷ء
(۲) ملاقات (شعری مجموعہ) ۱۹۸۰ء
(۳) شمع جلتی رہے (رپورتاژ) ۱۹۸۰ء
(۴) دبستان گولکنڈہ (ادب اور کلچر) (مرتبہ) ۱۹۸۱ء
(۵) دکنی اور دکنیات ۱۹۸۲ء
(۶) دکنی غزل کی نشو و نما ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات : آندھرا پردیش اردو اکادمی (حیدر آباد) سے تین انعامات
اور مغربی بنگال اردو اکادمی (کلکتہ) سے ایک انعام ملا۔

٭ اجمل اجملی (ڈاکٹر سید محمد اجمل اجملی)

والد کا نام : مولانا شاہ سید احمد اجملی
تاریخِ پیدائش : یکم مارچ ۱۹۳۲ء (وفات: ۶ راگست ۱۹۹۳ء)
پتہ : ۶۹ - ادکھلا، جامعہ نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
تعلیم : کامل، قابل، ایم۔اے۔ ڈی فل ۱۹۶۴ء
مشاغل، ملازمت : صحافی، (عوامی دور۔ نئی دلی) استاد (اردو ڈیپارٹمنٹ اسلامیہ ڈگری کالج۔ سری نگر کشمیر) ایڈیٹر (سوویت دیس اردو، سوویت محکمۂ اطلاعات، نئی دلی)

تصانیف :
(۱) اردو سے ہندوؤں کا تعلق ۱۹۵۸ء
(۲) شاعرِ آتش نوا ۱۹۵۹ء
(۳) نقوشِ لینن ۱۹۸۱ء
(۴) میراداغستان (ترجمہ) ۱۹۸۰ء
(۵) سوویت یونین۔ تاثرات و تجزیات ۱۹۸۲ء
(۶) مسلم ملکوں پر مغربی یلغار (ترجمہ) ۱۹۸۴ء
(۷) ذکرِ میر (ہندی) ۱۹۶۰ء

بیرونی ممالک کا سفر : سوویت یونین، بلغاریہ ۱۹۸۲ء
اعزازات، انعامات : اتر پردیش اردو اکادمی کا ایوارڈ ۱۹۸۲ء

٭ احتشام احمد (پروفیسر سید احتشام احمد ندوی)

والد کا نام : سید یوسف علی
تاریخِ پیدائش : ۷ر جولائی ۱۹۲۵ء، مخدوم پور پیرزادگان سلطان پور (یو۔پی)

پتہ : پروفیسر و صدر شعبہ عربی. کالی کٹ یونیورسٹی کیرالا۔ ۶۷۳۶۳۵

تعلیم : عالم و فاضل (ندوۃ العلماء۔ لکھنؤ)، بی اے جامعہ، ایم اے (عربی و اردو) پی ایچ ڈی (علی گڑھ)

مشاغل، ملازمت : تدرس وتدریس

تصانیف : (۱) عربی شاعری کے جدید رجحانات

(۲) جدید عربی ادب کا ارتقاء

(۳) گئودان کا تنقیدی مطالعہ

(۴) تنقیدی نظریات کا مطالعہ

بیرونی ممالک کا سفر: نائیجریا اور مکّہ و مدینہ کی زیارت وغیرہ

اعزازات، انعامات: "تنقیدی نظریات کا مطالعہ" پر اردو اکادمی نے انعام دیا۔

(ڈاکٹر) احسان اللہ خاں

والد کا نام : حفیظ اللہ خاں

تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۲۷ء، موضع ٹیسم (بستی یو۔پی)

پتہ : ۱۶۵ - ذاکر باغ، جامعہ نگر، نئی دہلی ۲۵-۰۰۱۱

تعلیم : ایم ایس سی (بنارس یونیورسٹی) پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی) چنڈی گڈھ۔

مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ / تصنیف وتالیف

تصانیف : (۱) سائنس اور اجتہاد ۱۹۷۶ء

(۲) سماج پر سائنس کے اثرات ۱۹۷۹ء

(۳) مذہب اور سائنس ۱۹۸۱ء

(۴) آدم کی کہانی خدا کی زبانی ۱۹۸۲ء

(۵) دورِ جدید اور روس ۱۹۸۵ء
(۶) سائنسی حقائق اور سماجی مجبوریاں ۱۹۸۶ء
(ایک سے زائد شوہر اور بیویاں کیوں ؟)
(۷) قوموں کا کردار ۱۹۸۷ء

بیرونی ممالک کا سفر: مغربی جرمنی۔ انگلینڈ۔ کناڈا۔ امریکہ

اعزازات، انعامات: میر اکادمی (لکھنؤ) سے اور یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے ۱۹۷۷ء اور ۱۹۷۹ء میں انعامات ملے۔

احمد آصف جاہی (میر احمد الدین علی خاں)

والد کا نام: میر غوث الدین علی خاں
تاریخِ پیدائش: ۵ر دسمبر ۱۹۴۸ء، حیدر آباد دکن
پتہ: ۳-۶-۵-۲۰ محلہ شکر گنج، حیدر آباد۔ آندھرا پردیش۔ ۵۰۰۲۶۵
تعلیم: ایم۔ اے (اردو) عثمانیہ یونیورسٹی ۱۹۷۶ء۔ ایم فل (اردو) عثمانیہ ۱۹۷۹ء
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر
تصانیف: عہدِ عثمانی میں اردو خدمات ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی بہار، اردو اکادمی آندھرا پردیش اور میر اکادمی لکھنؤ کی جانب سے مذکورہ کتاب پر انعامات ملے۔

* احمد جمال پاشا (محمد نزہت پاشا)

والد کا نام: آغا میر شجاعت حسین

تاریخِ پیدائش: یکم جون ۱۹۳۶ء فُلدآباد۔ (وفات: ۲۸ر ستمبر ۱۹۸۷ء پٹنہ، بہار)
پتہ: کوٹھی نشاط افزا سیوان ۔ ۸۴۱۲۲۶ (بہار)
تعلیم: ایم اے (علیگ) (اردو)
مشاغل، ملازمت: لیکچرار شعبۂ اردو۔ ذکیہ آفاق اسلامیہ کالج (بہار یونیورسٹی) سیوان
تصانیف:
(۱) اندیشۂ شہر ۱۹۶۰ء
(۲) لذتِ آزار ۱۹۶۷ء
(۳) ستم ایجاد ۱۹۶۸ء
(۴) مضامین پاشا ۱۹۷۰ء
(۵) چشم حیراں ۱۹۷۴ء
(۶) پتیوں پر چھڑکاؤ ۱۹۸۶ء
(۷) ظرافت اور تنقید ۱۹۸۳ء
(۸) مجاز کے لطیفے ۱۹۵۷ء
(۹) دنیا کی لوک کہانیاں ۱۹۸۴ء
(۱۰) فنِ لطیفہ گوئی ۱۹۶۷ء
(۱۱) شوکت تھانوی کی مزاحیہ صحافت ۱۹۶۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: نیپال ۱۹۷۵ء، پاکستان ۱۹۸۳ء، سعودی عرب ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی کے انعامات ملے۔

احمد رشید علیگ (عبدالبشیر)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۷ر جولائی ۱۹۵۲ء
پتہ: رہنٹ والا کنواں۔ سرائے رحمان۔ علی گڈھ (یو۔پی) ۲۰۲۰۰۱

تعلیم : ایم اے (اردو)، ادیب کامل، ایم اے (انگریزی) سال اول

مشاغل، ملازمت : تدرس و تدریس

تصانیف : (۱) پہلا نقش (تنقیدی مضامین) ۱۹۷۰ء

(۲) گوہر آبدار ۱۹۷۹ء

(۳) شرح منتخبات نظم و نثر (حصہ سوئم، برائے ماہر، جامعۂ اردو) ۱۹۸۰ء

✱ (خواجہ) احمد عبّاس

والد کا نام :

تاریخِ پیدائش : ۷ر جون ۱۹۱۴ء (وفات : یکم جون ۱۹۸۷ء بمقام بمبئی)

پتہ : فیلو مینا لاج۔ چرچ روڈ۔ جوہو۔ بمبئی۔ ۴۰۰۰۵۴

تعلیم : بی اے (۱۹۳۳ء) ایل ایل بی (۱۹۳۵ء) مسلم یونیورسٹی

مشاغل، ملازمت : جرنلسٹ (اردو انگریزی) فلم کار

تصانیف : (۱) چار دل چار راہیں (ناول) ۱۹۵۹ء

(۲) دیا جلے ساری رات (ناول) ۱۹۵۹ء

(۳) زعفران کے پھول (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۴۸ء

(۴) میں کون ہوں؟ // ۱۹۴۹ء

(تصانیف کی کل تعداد چالیس سے اوپر ہے)

اعزازات، انعامات : پدم شری ۱۹۶۸ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، ص ۱)

احمر لاری (ڈاکٹر نور العین لاری)

والد کا نام: محمد مبین الحق لاری
تاریخ پیدائش: ۴ر جولائی ۱۹۳۲ء قصبہ لار ضلع دیوریا (یوپی)
پتہ: ریڈر شعبۂ اردو، گورکھپور یونیورسٹی گورکھپور۔ ۲۷۳۰۰۱
تعلیم: ایم۔ اے، پی، ایچ۔ ڈی (اردو)
مشاغل ملازمت: تدریس تدریس
تصانیف:
(۱) مختصر تاریخ گورکھپور ۱۹۷۲ء
(۲) گلدستۂ نازنیناں (تلخیص و مقدمہ) ۱۹۷۲ء
(۳) تذکرۂ شعراء از حسرت موہانی ۱۹۷۲ء
(ترتیب و مقدمہ)
(۴) حسرت موہانی: حیات اور کارنامے ۱۹۷۳
(تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی)
(۵) ارباب سخن (ترتیب و مقدمہ) ۱۹۸۲ء
(۶) یادگار فہیم (مقدمہ) ۱۹۸۳ء
(۷) انتخاب سخن (//) ۱۹۸۳ء
اعزازات، انعامات: دو کتابوں، تذکرۂ شعرا از حسرت موہانی، اور حسرت موہانی: حیات اور کارنامے پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

* اختر الایمان

والد کا نام: حافظ فتح محمد
تاریخ پیدائش: ۱۲ر نومبر ۱۹۱۵ء قلعہ نجیب آباد (بجنور۔ یوپی)

پتہ : ۵۵۔ بینڈ اسٹینڈ بلڈنگ۔ کین روڈ۔ باندرہ۔ بمبئی۔ ۴۰۰۰۵

تعلیم : بی اے (اینگلو عربک کالج دہلی (موجودہ ڈاکٹر ذاکر حسین کالج) ایم اے (نامکمل علی گڑھ)

مشاغل، ملازمت : پچھلے چالیس سال سے قلم سے وابستہ ہیں۔

تصانیف:

(۱) گرداب	(شعری مجموعہ)	۱۹۴۳ء
(۲) تاریک سیارہ	"	۱۹۴۶ء
(۳) سب رنگ	"	۱۹۴۹ء
(۴) آب جو	"	۱۹۵۲ء
(۵) یادیں	"	۱۹۶۱ء
(۶) بنت لمحات	"	۱۹۶۹ء
(۷) نیا آہنگ	"	۱۹۷۷ء
(۸) سرو ساماں	"	۱۹۸۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: بیروت، دمشق، قاہرہ، ماسکو، فرانس، لندن، جرمنی، سوئزرلینڈ، روم، ماریشس، امریکہ، کنیڈا، کینیا، تنزانیہ، یوگنڈا۔

اعزازات، انعامات: ۱۹۶۱ء میں ساہتیہ اکادمی کا ایوارڈ ملا۔ اس کے علاوہ یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ)، مہاراشٹر اردو اکاڈمی (بمبئی) اور میر اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

اختر الواسع

والد کا نام : حیرت بن واحد

تاریخِ پیدائش : یکم ستمبر ۱۹۵۱ء، علی گڑھ (یوپی)

پتہ : شبلا ہاؤس۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم : ایم. اے (اسلامک اسٹڈیز)

مشاغل، ملازمت: تدرس و تدریس

تصانیف : سر سید کی تعلیمی تحریک ۱۹۸۵ء

(آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس)

* اختر انصاری

والد کا نام: ڈاکٹر محفوظ اللہ دہلوی

تاریخ پیدائش : ۱۹۰۹ء۔ بدایوں (وفات: ۵ر اکتوبر ۱۹۸۸ء علی گڑھ)

تعلیم : بی۔ اے (آنرز) سینٹ اسٹیفن کالج۔ دہلی

پتہ : شہرزاد، جامعہ اردو روڈ، علی گڑھ۔ ۲۰۲۰۰۲

مشاغل، ملازمت: شعبۂ تعلیمات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ریٹائرڈ

تصانیف : (۱) دہانِ زخم (انتخاب کلام)

(۲) ایک قدم اور سہی (مجموعۂ کلام)

(۳) وقت کی باہنوں میں (طویل نظم)

(۴) اردو فکشن۔ بنیادی و تشکیلی عناصر

(۵) غزل اور غزل کی تعلیم

(۶) حالی اور نیا تنقیدی شعور (تنقید) (تقریباً ۴۰ تصانیف)

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) نے مجموعی خدمات پر انعام دیا۔

اختر بستوی (ڈاکٹر محمد اختر علی صدیقی)

والد کا نام : اصغر علی صدیقی

تاریخِ پیدائش : ۹, اگست ۱۹۴۰ء بستی (یوپی)
پتہ : لکچرر. شعبۂ اردو گورکھپور یونیورسٹی، گورکھپور (یوپی)
تعلیم : ایم. اے (انگریزی)، ایم. اے، پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت : تدرس وتدریس

تصانیف :	(۱) نغمۂ شب	(طویل نظم)	۱۹۶۹ء
	(۲) پیکرِ خیال	(مجموعۂ قطعات)	۱۹۷۱ء
	(۳) بحرِ بیکراں	(طویل نظم)	۱۹۷۴ء
	(۴) سخنِ جوہر	(مولانا محمد علی جوہر کے کلام کی تاریخی ترتیب مع حواشی ومقدمہ)	۱۹۸۳ء
	(۵) شہر سے دور	(شیکسپیر کے ایک ڈرامے کا اردو ترجمہ)	۱۹۷۵ء
	(۶) کردار کے غازی قاضی محمد عدیل عباسی	(مرتبہ)	۱۹۸۴ء
	(۷) اِم مارٹل لٹریری ورکس	(انگریزی)	۱۹۶۸ء

اعزازات، انعامات : ۱۹۷۱ء اور ۱۹۷۴ء میں اترپردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) اور ۱۹۸۵ء میں میرا اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

اختر، جمنا داس

والد کا نام : بھگوان داس چھبر
تاریخ پیدائش : ۲, نومبر ۱۹۱۶ء راول پنڈی (پاکستان)
پتہ : ۹/۱ ساؤتھ پٹیل نگر نئی دہلی ۱۱۰۰۰۸
تعلیم : سناتن دھرم ہائی سکول اور ڈی اے وی کالج راولپنڈی
مشاغل، ملازمت : اخبار نویسی

تصانیف: ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۱ء تک متعدد ناول لکھے۔ مثلاً آنسو۔ آگ۔ پردہ، خرد شی۔ کشمیر کی بیٹی۔ بارہ مولا۔ کالی گوری۔ کچے دھاگے۔ خدا دیکھتا رہا، پائل۔ کالے سائے۔ بگولے۔ بھوانی جنکشن وغیرہ۔ ان کے علاوہ انگریزی میں ایک ناول اور پاکستان پر تین کتابیں لکھیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، افغانستان، روس، برطانیہ، جرمنی، فرانس، امریکہ، مصر، اور روس وغیرہ۔

اعزازات، انعامات: (۱) اردو اکادمی دہلی ۱۹۸۵ء (۲) ایوارڈ ۱۹۸۳ء (۳) سرور سے نیوز سروس ۱۹۸۴ء (۴) آل انڈیا سمال اینڈ میڈیم نیوز پیپرز فیڈریشن آل انڈیا میر اکادمی (لکھنؤ) ۱۹۸۱ء انجمن ترقی اردو برطانیہ ۱۹۷۹ء

اختر سعید خاں

والد کا نام: حامد سعید خانصاحب حامد

تاریخِ پیدائش: ۲، اکتوبر ۱۹۲۳ء، بھوپال

پتہ: اندرون اتوارہ بھوپال (ایم پی)

تعلیم: بی اے ال ال بی (علیگ)

مشاغل، ملازمت: وکالت

تصانیف: نگاہ (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: عرب، پاکستان

اعزازات، انعامات: امتیاز میر (میر اکادمی لکھنؤ)

اختر، محمد معین الدین

والد کا نام : محمد عبداللہ
تاریخ پیدائش : ۶ر فروری ۱۹۴۴ء گھوڑواڑی شریف (بیدر۔ کرناٹک)
پتہ : ۴۹/۹۷۳-۴-۲۰ قادریہ کالونی۔ قریب خلوت۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۲
تعلیم : ایم اے۔ ایل ایل بی (جامعہ عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت : اگریکلچرل یونیورسٹی۔ حیدرآباد میں ملازمت
تصانیف : تذکرۂ حضرت سید شاہ اسماعیل قادریؒ ۱۹۷۵ء

اختر موہانی (محمد محمود صدیقی)

والد کا نام : اسداللہ صدیقی
تاریخ پیدائش : ۹ر اگست ۱۹۴۲ء، بارہ بنکی (یوپی)
پتہ : ایس ۱۲۲ سراؤگی بارہ بنکی ″
تعلیم : ہائی اسکول۔ ادیب ماہر، دبیر ماہر
مشاغل، ملازمت : سرکاری ملازمت
تصانیف : تابِ نظر (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات : اترپردیش اردو اکادمی لکھنؤ کی جانب سے انعام ملا

اخگر مشتاق رحیم آبادی (محمد علی)

والد کا نام : شیخ مشتاق علی (علیگ)

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۵ء رحیم آباد
پتہ : مینگروز لاج، رحیم آباد (ضلع لکھنؤ) یوپی ۲۲۷۱۷۶
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) نبضِ دوراں (مجموعۂ کلام) ۱۹۵۳ء
(۲) لالۂ صحرا 〃 ۱۹۵۸ء
(۳) اوراقِ گل 〃 ۱۹۶۹ء
(۴) وعدۂ فردا 〃 ۱۹۷۲ء
(۵) پیاری نظمیں (ننھے بچوں کے لیے) ۱۹۵۴ء
(۶) اچھی نظمیں (باشعور بچوں کے لیے) ۱۹۵۵ء
(۷) شاہدِ رعنا (مجموعۂ کلام) ۱۹۴۱ء

اخلاق اثر (ڈاکٹر سید اخلاق حسین)

والد کا نام: حاجی سید مشتاق حسین
تاریخِ پیدائش: ۱۱ر اگست ۱۹۳۷ء، بھوپال
پتہ: صادق منزل، چوکی امام باڑہ۔ بھوپال (ایم پی)
تعلیم: ایم اے (اردو)، ایم اے (انگریزی)، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: تدرس و تدریس
تصانیف: (۱) ریڈیو ڈرامے کی تاریخ ۱۹۷۵ء
(۲) اردو کی پہلی کتاب ۱۹۷۶ء
(۳) مکاتیبِ احتشام ۱۹۷۶ء
(۴) اردو ڈرامے کا مطالعہ ۱۹۷۷ء

(۵) ملاقات ۱۹۷۹ء
(۶) ریڈیو ڈرامے کی اصناف ۱۹۸۰ء
(۷) نشریات اور آل انڈیا ریڈیو ۱۹۸۲ء
(۸) اقبال نامے ۱۹۸۱ء
(۹) اقبال اور ممنون ۱۹۸۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: ایران کا سفر برائے مطالعہ نظام تعلیم
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ، بہار اردو اکادمی پٹنہ، مغربی بنگال اردو اکادمی کلکتہ اور مدھیہ پردیش اردو اکادمی بھوپال سے انعامات ملے۔

(مولانا) اخلاق حسین قاسمی دہلوی

والد کا نام: عنایت حسین
تاریخ پیدائش: ۱۷ اپریل ۱۹۱۹ء، لال کنواں دہلی
پتہ: ادارۂ رحمت عالم شیخ چاند اسٹریٹ لال کنواں دہلی-۱۱۰۰۰۶
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند (یوپی)
مشاغل، ملازمت: تعلیم و تدریس، تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) محاسن موضح قرآن ۱۹۷۷ء
(۲) اخلاقِ رسول
(۳) ہادیٔ اعظم
(۴) بریلوی ترجمہ کا علمی تجزیہ
(۵) مولانا محمد اسماعیل شہید اور ان کے ناقد
(۶) اسلام میں رفاہِ عام (اردو، ہندی اور انگریزی)
(۷) مختصر تاریخ ملت

(۸) اسلام میں غیر مسلموں کے حقوق
(۹) شہداء حق
(۱۰) قرآنی تشریحات (تفسیر و تصوف پر تنقیدی مقالات)
(۱۱) اسلامی عقائد (اردو، ہندی)
(۱۲) معاشرہ پر عورت کا احسان
(۱۳) رسول اللہ نے انسانیت کو کیا دیا؟
(۱۴) حج کا آسان طریقہ
(۱۵) آسان خطبات جمعہ

بیرونی ممالک کا سفر: سعودیہ عربیہ

* اخلاق دہلوی (مولانا سید اخلاق حسین)

والد کا نام: سید محمد ابراہیم حسنی الحسینی
تاریخ پیدائش: ۳ جنوری ۱۹۰۶ء یوم چہار شنبہ، دہلی۔ (وفات: ۳۱ جولائی ۱۹۹۴ء، دہلی)
پتہ: لال محل بستی حضرت نظام الدین اولیاء نئی دہلی ۱۳ ۔۔ ۱۱
تعلیم: درس نظامی و امتحانات علوم مشرقی (ادیب فاضل، منشی فاضل (پنجاب یونیورسٹی لاہور) کامل ان پرشین۔ اعلیٰ قابل ان اردو (الہ آباد بورڈ)
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس اور تصنیف و تالیف
تصانیف:

(۱) اردو قواعد	۱۹۳۴ء
(۲) مضمون نگاری	۱۹۳۷ء
(۳) آسان قواعد	۱۹۴۰ء
(۴) مقالاتِ اخلاق	۱۹۴۱ء
(۵) اچھا خلاصۂ صرفی	۱۹۴۴ء

(۶) میزانِ سخن ۱۹۴۷ء

(۷) روحِ بلاغت ۱۹۵۲ء

(۸) فنِ شاعری ۱۹۵۴ء

(۹) مرقعِ اسناد ۱۹۵۷ء

(۱۰) ارمغانِ تحقیق ۱۹۵۹ء

(۱۱) شمیمِ بلاغت ۱۹۵۹ء

(۱۲) حضرت ابوبکر طوسیؒ ۱۹۶۰ء

(۱۳) حضرت محبوب الٰہیؒ ۱۹۶۴ء

(۱۴) تذکرۃ المشائخ (چودہ رسائل کا مجموعہ از خواجہ حسن بصری تا خواجہ عثمانی ہارونیؒ) ۱۹۶۷ء

(۱۵) آئینۂ ملفوظات ۱۹۸۳ء

تصنیفات کی کل تعداد ۱۷ ہے

بیرونی ممالک کا سفر: (۱) حجاز مقدس (۲) پاکستان

اعزازات، انعامات: (۱) ادبی مقابلہ ادبی سوسائٹی لاہور، ۱۹۳۳ء (۲) اردو اکیڈمی دہلی

اخلاق سہسوانی (اخلاق حسین)

والد کا نام: اشتیاق حسین

تاریخِ پیدائش: ۷ جولائی ۱۹۲۹ء

پتہ: سہسوان. ضلع بدایوں (یوپی)

تعلیم: ادیب کامل. جامعہ اردو علی گڑھ

مشاغل، ملازمت: تجارت، شعر و شاعری

تصانیف: آخری راستہ (ناول) ۱۹۵۹ء

ادیب حیدرآبادی (میر احمد علی)

والد کا نام: میر عابد حسین
تاریخ پیدائش: ۱۵/ اکتوبر ۱۹۱۵ء محلہ منڈی میر عالم حیدرآباد
پتہ: ۲۲-۲-۵۹۷ محلہ بالسٹی کا کھیت، اندرون دبیر پورہ، حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۴
تعلیم: منشی فاضل پنجاب ۱۹۴۳ء، منشی فاضل نظامیہ حیدرآباد ۱۹۶۲ء
اِنٹرمیڈیٹ عثمانیہ ۱۹۵۰ء، فرسٹ ایڈ و آر ایم پی یونانی ونیچرکیور
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) تنقیدی نظریے ۱۹۴۹ء
(۲) تصحیح الاغلاط ۱۹۶۶ء
(۳) تصرفاتِ اردو ۱۹۶۷ء
(۴) فرہنگِ غلط العوام ۱۹۸۰ء
(۵) افاداتِ ادیب ۱۹۸۱ء

ادیب، ڈاکٹر سید لطیف حسین

والد کا نام: سید اختر حسین
تاریخِ پیدائش: ۱۰/ جون ۱۹۳۱ء، بریلی (یوپی)
پتہ: محلہ پھول والا۔ بریلی (یوپی) ۲۴۱۰۰۱

تعلیم : ایم اے ۱۹۵۱ء، پی ایچ ڈی ۱۹۵۶ء

مشاغل، ملازمت: ملازم اکاؤنٹ ڈیپارٹمنٹ۔ این ای ریلوے۔ عزت نگر بریلی

تصانیف : (۱) رتن ناتھ سرشار کی ناول نگاری ۱۹۶۲ء

(۲) مطالعۂ خضر راہ ۱۹۶۴ء

(۳) ناشاد کانپوری ۱۹۷۱ء

(۴) جگر بریلوی: ایک تعارف ۱۹۷۳ء

(۵) چند شعرائے بریلی ۱۹۷۶ء

اعزازات، انعامات: ۱۹۷۱ اور ۷۶ ۱۹ء میں یوپی اردو اکادمی لکھنؤ نے کتاب نمبر ۳ اور آخری کتاب پر انعامات دیے۔

ادیب، کرشن کمار

والد کا نام : پنڈت مکند لعل

تاریخ پیدائش: ۲۱؍ نومبر ۱۹۲۵ء، پھلور، ضلع جالندھر

پتہ : ۱۲/۱۴ پی۔ اے۔ یوکیمپس۔ لدھیانہ (پنجاب)

تعلیم : میٹرک

مشاغل، ملازمت: شاعری، فوٹوگرافی

تصانیف : (۱) آواز کی پرچھائیاں (اوّلین شعری مجموعہ) ۱۹۷۴ء

(۲) ساحر۔ یادوں کے آئینے میں ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان۔

ارشاد امروہوی (سید ارشاد محمد نقوی)

والد کا نام: سید علی اصغر نقوی
تاریخ پیدائش: ۳ر جولائی ۱۹۳۹ء امروہہ مرادآباد (یوپی)
پتہ: B بائی لین ۳ نبی اللہ روڈ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: بی۔ اے۔ لکھنؤ یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: آفس اسسٹنٹ دفتر رجسٹرار کوآپریٹو سوسائیٹز لکھنؤ
تصانیف:
(۱) خاموش گیت ۱۹۶۷ء
(۲) شمیم منزل ۱۹۶۸ء
(۳) کشتی اور ساحل ۱۹۷۱ء
(۴) پیاسی نظریں ۱۹۷۳ء
(۵) آدھا انسان ۱۹۷۴ء
(۶) دو شوہر ۱۹۷۴ء
(۷) سستے صنم ۱۹۷۷ء
(۸) بیوی اور محبوبہ ۱۹۷۷ء
(۹) پہلا دن آخری بات ۱۹۷۹ء
(۱۰) بھیگی راتیں ۱۹۷۹ء
(۱۱) دیوار کے پیچھے ۱۹۸۳ء
(۱۲) کچے راستے ۱۹۸۴ء
(۱۳) کبھی دھوپ کبھی سایہ ۱۹۸۵ء
(۱۴) ٹوٹتے رشتے ۱۹۸۶ء

اسحاق ملک (شاہ محمد اسحاق قادری ملتانی)

والد کا نام: شاہ محمد ابراہیم قادری الملتانی ابوالحامد
تاریخ پیدائش: ۹ اپریل ۱۹۴۳ء محلہ سلطان پورہ حیدر آباد (آندھرا پردیش)
پتہ: ۸۷۳-۱-۲۲ سلطان پورہ حیدر آباد-۲۴۔ اے-پی -
تعلیم: میٹرک پاس۔ پرنٹنگ ڈپلوما ہولڈر
مشاغل، ملازمت: شاعری
تصانیف: نوشگفتہ (شعری مجموعۂ کلام) ۱۹۸۲ء

اسد مظفر پوری (ڈاکٹر محمد سمیع اللہ اسد)

والد کا نام: مولوی عبدالرحمٰن
تاریخ پیدائش: ۱۴ مئی ۱۹۳۳ء (تعلیمی اسناد میں ۳ فروری ۱۹۳۹ء) برہان پور (ضلع ویشالی)
پتہ: ۳۰/ اے کنٹو فرلین، کلکتہ ۷۰۰۰۱۴
تعلیم: ایم اے (عربی و فارسی)، پی ایچ ڈی، کلکتہ یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: تحقیق و تنقید اور مقالہ نویسی
تصانیف: تعلیقات انتخابِ فارسی (دو جلد) ۱۹۷۴ء

اسعد الاعظمی (محمد اسعد)

والد کا نام: (مولانا) محمد عزیز اعظمی (فاضلِ دیوبند)

تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۶۸ء بہ مقام پورہ معروف مئو (یو۔پی)
پتہ: پورہ معروف، محلہ بلوا، ڈاکخانہ کرتھی، جعفرپور ضلع مئو (یو۔پی)
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی سے جدید عربی میں ایڈوانس ڈپلوما۔
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف اور ترجمہ۔
تصانیف: ماسونیت کیا ہے؟ (عربی سے ترجمہ) ۱۹۸۸ء

اسعد بدایونی (اسعد احمد)

والد کا نام: محمد احمد
تاریخِ پیدائش: ۲ راگست ۱۹۵۷ء، سہسوان ضلع بدایوں (یو۔پی)
پتہ: معرفت شعبۂ اردو، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
تعلیم: ایم۔اے، ایم فل (اردو)
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر
تصانیف: (۱) دھوپ کی سرحد ۱۹۷۷ء
(۲) خیمۂ خواب ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات: خیمۂ خواب پر اترپردیش اردو اکادمی کا انعام

اسلم الہ آبادی

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء، الہ آباد
پتہ: شنکر بلڈنگ مستان ٹینک۔ بمبئی۔ ۴۰۰۰۰۸

تعلیم:
مشاغل، ملازمت: فلم کے لیے لکھتے ہیں۔
تصانیف: (۱) قاتل گلیاں (ناول) ۱۹۵۷ء
(۲) اک تھا لڑکا (مختصر کہانیاں) ۱۹۶۰ء
(۳) پرستان کی شہزادی " ۱۹۶۱ء
(۴) علم کی روشنی " ۱۹۶۳ء
کل تقریباً ۱۲ کتابیں۔
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۱۴)

اسلم پرویز (ڈاکٹر اسلم خاں)

والد کا نام: احمد خاں
تاریخ پیدائش: ۵ر اکتوبر ۱۹۳۲ء
پتہ: ۱۹۱۹۔ ترکمان گیٹ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی (اردو) ایم لٹ (لسانیات) ڈپلوما (جرمن)
مشاغل، ملازمت: ایسوسی ایٹ پروفیسر، ہندوستانی زبانوں کا مرکز جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی۔
تصانیف: (۱) انشاء اللہ خاں انشا - عہد اور فن ۱۹۶۲ء
(۲) قلعۂ معلّٰی کی جھلکیاں (ترتیب) ۱۹۸۶ء
(۳) بہادر شاہ ظفر ۱۹۸۶ء

اشرفی، ڈاکٹر سمیع اللہ

والد کا نام: سلیم اللہ قادری
تاریخ پیدائش: ۳۰ ۱۹ء، سنبھل ضلع مرادآباد
پتہ: شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔ ۲۰۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس
تصانیف: (۱) اردو اور ہندی کے جدید مشترک اوزان ۱۹۸۴ء
(۲) نوین چکتا سنگیت (اردو سے ہندی میں ترجمہ) ۱۹۶۸ء
(۳) جواہر میڈیکل گائڈ (انگریزی سے ہندی میں ترجمہ) ۱۹۶۹ء
اعزازات، انعامات: اردو اور ہندی کے جدید مشترک اوزان پر اترپردیش اردو اکادمی کا انعام ملا۔

اشرفی، ضیاء علی خاں (ملک ہندی/عقیل بدایونی)

والد کا نام: منشی ناظم علی خاں
تاریخ پیدائش: ۷ر فروری ۱۹۱۳ء، بدایوں (یوپی)
پتہ: محلہ نئی سرائے۔ بدایوں (یوپی)
تعلیم: اعلیٰ قابلیت (اردو) کامل (فارسی) انٹرمیجیٹ (انگریزی)
(یہ تمام امتحانات الہ آباد یونیورسٹی سے دیئے)
مشاغل، ملازمت: کاشت کاری، زمینداری اور ملازمت سرکاری
تصانیف: (۱) کلیاں اور کانٹے (افسانوں کا مجموعہ)
(۲) مردان خدا (شہدا واولیااللہ کا تذکرہ) ۱۹۷۶ء

(۳) تذکرۃ العارفین (بدایوں کے چند شہدا ۱۹۸۴ء
واولیا اللہ کا تذکرہ)

اعزازات، انعامات: مردانِ خدا کی اشاعت پر اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔

اشفاق احمد اعظمی (ڈاکٹر اشفاق احمد صدیقی)

والد کا نام: شیخ عبدالقادر
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۳۵ء (موضع کھوشہنہ اعظم گڑھ۔ یوپی)
پتہ: شبلی نیشنل کالج۔ اعظم گڑھ (یوپی) ۲۷۶۰۰۱
تعلیم: بی ایس سی (لکھنؤ یونیورسٹی) ۱۹۵۵ء، ایم اے (اردو) ۱۹۶۸ء
پی ایچ ڈی (اردو) ۱۹۷۱ء (گورکھپور یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: تدریس اور تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) نذیر احمد۔ شخصیت اور کارنامے ۱۹۷۴ء
(۲) تواریخ ریسلاس شہزادہ حبش (انگریزی ناول کا ترجمہ، ترتیب، مقدمہ و حواشی) ۱۹۸۳ء
(۳) فسانۂ عجائب اور باغ و بہار کا تنقیدی جائزہ ۱۹۸۳ء

(ڈاکٹر) اشفاق احمد ندوی

والد کا نام: ہدایت حسین
تاریخِ پیدائش: ۲۶ مئی ۱۹۴۷ء، لکھنؤ
پتہ:

تعلیم : ایم اے ۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت : تدریس شعبۂ عربی، لکھنؤ یونیورسٹی ۔ لکھنؤ
تصانیف : (۱) جبران خلیل جبران ــ فن اور شخصیت
(۲) جدید عربی ادب کے ارتقار میں مہجری ادبار کی خدمات
اعزازات، انعامات: دونوں کتابوں پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے ۔

(ڈاکٹر) اشفاق محمد خاں

والد کا نام : علی محمد خاں عرف بختیاور خاں
تاریخِ پیدائش : یکم جنوری ۱۹۳۱ء، قایم گنج. ضلع فرخ آباد (یوپی)
پتہ : محلہ گڈھی نور خاں، قائم گنج، ضلع فرخ آباد (یوپی)
ساکن حال، جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی ۶۷..۱۱
تعلیم: ایم ۔ اے، پی ۔ ایچ ۔ ڈی (علیگ) بی ۔ ایڈ (جامعہ)
مشاغل، ملازمت : اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اُردو، جواہر لال نہرو یونیورسٹی نئی دہلی
تصانیف : (۱) نذیر احمد کے ناول (تنقیدی مطالعہ)
(۲) ادبی تنقید کے اصول
(۳) عوامی ذرائع ترسیل

اعزازات، انعامات : مندرجہ بالا کتابوں میں سے نمبر ۱ اور نمبر ۳ پر اردو اکادمی لکھنؤ سے انعامات حاصل کر چکا ہوں ۔

اشک، پریم پال

والد کا نام: ولایتی رام

تاریخِ پیدائش: ۵ر جون ۱۹۳۲ء جالندھر (پنجاب)

پتہ: ۶۳ M بنگلہ صاحب روڈ۔ نئی دلی ۱۱۰۰۰۱

تعلیم: ایم اے (اردو) دلی یونیورسٹی ۱۹۵۷ء

مشاغل، ملازمت: مدیرِ معاون "سینک سماچار" (اردو)، وزارتِ دفاع، حکومتِ ہند۔

تصانیف:

(۱) یاترا	(منظوم)	۱۹۵۶ء
(۲) رامائن	〃	۱۹۶۱ء
(۳) شکنتلا	〃	۱۹۶۳ء
(۴) سرشار۔ ایک مطالعہ		۱۹۶۴ء
(۵) سرشار، بشن نارائن۔ دو نظریں		۱۹۶۶ء
(۶) گلشن گلشن	(شعری مجموعہ)	۱۹۶۸ء
(۷) روزمرہ و محاورۂ غالب		۱۹۶۹ء
(۸) کام سوترا		۱۹۷۱ء
(۹) فلمیں کیسے بنتی ہیں؟	(ترجمہ)	۱۹۷۹ء
(۱۰) ہماری فلمیں، ہمارا سماج		۱۹۸۰ء
(۱۱) رتن ناتھ سرشار	(تحقیق)	۱۹۸۲ء
(۱۲) سلولائڈ کی دنیا	(تحقیق و تنقید)	۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: حکومتِ یوپی (۱۹۶۵ء) یوپی اردو اکادمی لکھنؤ (۱۹۷۰ء) آندھرا پردیش اردو اکادمی، حیدرآباد (۱۹۸۰)، یوپی اردو اکادمی لکھنؤ اور مغربی بنگال اردو اکادمی کلکتہ (۱۹۸۱ء) اور لنگویج ڈیپارٹمنٹ، پنجاب (۱۹۸۶ء) نے مختلف کتابوں پر انعامات دیے۔

اصغر علی انجینئر

والد کا نام: شیخ قربان حسین
تاریخِ پیدائش: ۱۰ر مارچ ۱۹۴۰ء سلومر راجستھان
پتہ: آئرین کالج، فورتھ روڈ، سانتا کروز ایسٹ بمبئی ۵۵...۴
تعلیم: بی ایس سی (سول انجینئرنگ)
ملازمت، مشاغل: ڈائریکٹر، انسٹی ٹیوٹ اسلامک اسٹڈیز، بمبئی
تصانیف: (۱) مارکسی جمالیات
(۲) لوکاپ
(۳) فرقہ واریت اور فرقہ وارانہ فسادات
(۴) عالمِ اسلام
(۵) قرآن میں عورت کا درجہ
(۶) اسماعیلی عقائد پر ایک نظر
(۷) بوہرہ فرقے کے عقائد اور اس کے مسائل
(اردو کی ان کتابوں کے علاوہ انگریزی کی ۱۰ کتابیں چھپ چکی ہیں)
بیرونی ممالک کا سفر: انگلینڈ، مصر، ہانگ کانگ، انڈونیشیا، فرانس، روم۔

اطہر نبی

والد کا نام: سید محمد نبی
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر اگست ۱۹۴۸ء
پتہ: گدنپور ہاؤس جادو ناتھ سنیال روڈ، لکھنؤ۔ ۲۲۶۰۱۹
تعلیم: ایم اے (اردو) ایل ایل بی۔

مشاغل، ملازمت: ایڈوکیٹ

تصانیف: (۱) جنگ آزادی پر مشتمل نظموں کا مجموعہ ۱۹۶۵ء

(۲) دو پتھر (ناول) ۱۹۷۰ء

(۳) مژگاں مژگاں (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء

(۴) ترقی پسند تحریک (۱۹۳۶ء — ۱۹۸۶ء) ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، سعودی عرب۔

اعزازات، انعامات: "مژگاں مژگاں" پر اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) اور حکومت یوپی کے محکمۂ تعلیمات کی طرف سے انعامات ملے۔

اطہر ہلسوی (حافظ محمد یعقوب)

والد کا نام: عبدالکریم

تاریخ پیدائش: ۱۹۴۶ء، ہلسہ (نالندہ صوبہ بہار)

پتہ: شاہ ہمایوں لین۔ محلہ خاص گنج، پوسٹ سوہ سرائے۔۸۰۳۱۱۸ ضلع نالندہ (بہار)

تعلیم: میٹرک، ادیب ماہر (جامعہ اردو علی گڑھ)

مشاغل، ملازمت: سرکاری پرائمری ٹیچر

تصانیف: شمعِ خیال ۱۹۸۶ء

اظہار اثر

والد کا نام: مختار احمد

تاریخ پیدائش: ۱۵ر جون ۱۹۲۹ء، کرت پور (ضلع بجنور۔ یوپی)

پتہ: وائی (۲)، ۵۔ ڈی ڈی اے کالونی۔ نیو رنجیت نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۸

تعلیم: ادیب کامل (میٹرک)

مشاغل، ملازمت: فری لانس ادیب و جرنلسٹ

تصانیف: (۱) ناگن (پہلا ناول) ۱۹۵۲ء

(۲) بشارت (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء

(ان کے علاوہ اردو اور ہندی میں آٹھ سو ناول لکھے)

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۸۴ء میں سوویت یونین کا دورہ کیا۔

اعزازات، انعامات: "بشارت" پر یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔

اعجاز، ف۔س

والد کا نام: محمد ابراہیم

تاریخ پیدائش: ۱۹۴۸ء

پتہ: ۲۵۔بی۔ زکریا اسٹریٹ۔ کلکتہ۔ ۷۰۰۰۷۳

تعلیم: بی اے (کلکتہ یونیورسٹی) ۱۹۶۷ء (ایل ایل بی کی تعلیم مکمل نہ ہو سکی)

مشاغل، ملازمت: ماہنامہ "انشاء" (کلکتہ) کی ادارت

تصانیف: (۱) تنہائیاں (غزلوں اور نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۲ء

(۲) مالک یوم الدین (نظمیں) ۱۹۸۶ء

(۳) اسلامی تصوف اور صوفی ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: "تنہائیاں" پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) اور مغربی بنگال اردو اکادمی (کلکتہ) سے انعامات ملے۔

اعزاز افضل (سید ابوالاعزاز افضل)

والد کا نام: سید ابوالفضل
تاریخ پیدائش: ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء، ٹالی گنج (کلکتہ، مغربی بنگال)
پتہ: ۹۸، لوور چیت پور روڈ کلکتہ۔ ۷۰۰۰۷۳
تعلیم: ایم۔ اے (اردو) کلکتہ یونیورسٹی، ۱۹۵۹ء
مشاغل، ملازمت: تدریس
تصانیف: (۱) زخمِ صدا (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۷۴ء
(۲) ان پڑھ اندھی (〃) ۱۹۸۰ء
(۳) سیلِ اشک (دیوان اشک امرتسری) (مرتبہ) ۱۹۶۶ء
(۴) نذرِ فیض (مجلہ مغربی بنگال اردو اکادمی) 〃 ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعامات: ۱۹۷۴ء، ۱۹۸۰ء میں اتر پردیش اردو اکادمی، اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے، ۱۹۸۲ء میں اور ۱۹۸۵ء میں امتیازِ میر (میر اکادمی لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

اعظم عرفان (محمد اعظم)

والد کا نام: محمد جعفر
تاریخِ پیدائش: ۲ر جنوری ۱۹۵۰ء، رائچور (کرناٹک)
پتہ: مکان نمبر ۶۴-۱۱-۱۱، محلہ بریلیستوار پیٹھ۔ ضلع رائچور ۵۸۴۱۰۱ (کرناٹک)
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف : سنگلاخ زمینوں کا چاند (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء

اعزازات، انعامات: کرناٹک اردو اکادمی بنگلور اور آندھرا پردیش اردو اکادمی حیدر آباد کی جانب سے انعامات ملے۔

(ڈاکٹر) افتخار عالم خاں

والد کا نام : غلام ربانی تاباں

تاریخِ پیدائش: ۱۷ر جنوری ۱۹۳۸ء قائم گنج (فرخ آباد (یو پی)

پتہ : عالم منزل، زہرہ باغ۔ علی گڈھ (یو۔پی)

تعلیم: ایم۔ ایس۔ سی (زولوجی) ایم۔ فل، پی ایچ ڈی، علی گڈھ (مسلم یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: ریڈر جنرل ایجوکیشن علی گڈھ مسلم یونیورسٹی

تصانیف : (۱) پہلے آپ (ڈرامہ) ۱۹۶۸ء

(۲) واپسی (افسانے) ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ کے متعدد شہر، انگلستان، میونخ، عراق، افریقہ، سعودی عرب، پاکستان، کویت۔

افسر بسوانی (سید خورشید بسوانی)

والد کا نام : سیّد عاشق علی

تاریخِ پیدائش: ۱۶ر مارچ ۱۹۴۱ء، بسوان (سیتاپور۔ یو پی)

پتہ : بسوان۔ سیتاپور۔ یو پی

تعلیم : ادیب کامل، انگریزی، فارسی اور ہندی ثانوی

تصانیف:

(۱) شمعِ حرم	۱۹۶۱ء
(۲) ابھرتے فنکار	۱۹۶۲ء
(۳) گیت نگر	۱۹۶۲ء
(۴) جنّت کے نظارے	۱۹۶۳ء
(۵) نقشِ جنوں	۱۹۶۱ء
(۶) گلزارِ سخن	۱۹۷۱ء
(۷) سوندھی مٹی بھینی خوشبو	۱۹۷۱ء
(۸) تذکرۂ گلزار	۱۹۷۲ء
(۹) صالح ادب کے محرکِ اعظم	۱۹۸۰ء
(۱۰) دوپہر	۱۹۸۲ء

اعزازات انعامات: ۱۹۸۰ء میں اردو اکادمی (لکھنؤ) اور ۱۹۸۵ء میں میرا اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

(ڈاکٹر) افغان اللہ خاں

والد کا نام: محمد یحییٰ خاں

تاریخ پیدائش: ۳۱ مارچ ۱۹۴۸ء، خالص پور (اعظم گڈھ۔ یوپی)

پتہ: شعبۂ اردو۔ گورکھپور یونیورسٹی۔ گورکھپور (یوپی) ۲۷۳۰۰۱

تعلیم: ایم اے (سوشیالوجی، ۱۹۶۷ء، اردو۔ ۱۹۷۰ء) پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: تدریس

تصانیف: انتخاب کلام فراق (مرتبہ) ۱۹۸۳ء

اقبال انصاری

والد کا نام: عین الحق انصاری
تاریخِ پیدائش: ۲۶ر جولائی ۱۹۴۷ء، اناؤ (یو پی)
پتہ: ایف ۱۷۶۔ پانڈو نگر۔ پٹ پڑ گنج روڈ دہلی۔ ۱۱۰۰۹۲
تعلیم: ایم اے (انگریزی) علی گڈھ۔ بی ایڈ دہلی
مشاغل/ملازمت: تدریس
تصانیف: (۱) پتھریلی آوازیں (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۲) خارستان " ۱۹۸۳ء

اکبر جے پوری (سید محمد اکبر)

والد کا نام: آغا سید علی عابد
تاریخِ پیدائش: ۲۳ر اکتوبر ۱۹۲۸ء جے پور (راجستھان)
پتہ: حسن آباد، رعنا واری۔ سری نگر (کشمیر) پن ۱۹۰۰۰۳
تعلیم: بی اے، ڈی ٹی، بی ایڈ، منشی فاضل، ادیب فاضل۔
مشاغل/ملازمت: ریٹائرڈ۔ تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) شمعِ فروزاں (منظومات) ۱۹۵۶ء
(۲) پیغامِ حسین (مقالات) ۱۹۵۷ء
(۳) شبابِ وطن (انتخابِ شاعری) ۱۹۶۰ء
(۴) سازِ شکستہ (منتخب مجموعۂ کلام) ۱۹۶۱ء
(۵) فکر و فن (غزلیات) ۱۹۸۵ء
(۶) فکر و خیال (منظومات) ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: آل انڈیا ہندی اردو سنگم (لکھنؤ) نے اردو غزل ایوارڈ سے نوازا اور توصیفی سند عطا کی۔

اکبر حسین اکبؔر

والد کا نام: انور حسین
تاریخِ پیدائش: ۱۲ر نومبر ۱۹۵۸ء، گوبند پور، نوادہ، (بہار)
پتہ: موضع: گوبند پور ڈیہہ، ڈاکخانہ گوبند پور، ضلع نوادہ (بہار)
تعلیم: ایم اے (اردو) کلکتہ یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: صدر شعبۂ اردو، وارثی کالج، نوادہ
تصانیف: شبنم کی آہٹ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء

(ڈاکٹر) اکبر حیدری

والد کا نام: محمد جعفر
تاریخِ پیدائش: ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۹ء، سری نگر (جموں کشمیر)
پتہ: ۳۳۸- نرسنگ گڈھ. سری نگر (کشمیر) ۱۹۰۰۱۰
تعلیم: ایم. اے، پی ایچ ڈی، ڈی لٹ
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس، تحقیق / ریڈر، شعبۂ اردو، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر، کشمیر۔
تصانیف: تقریباً بیس تصانیف و تالیف جن میں سے بعض یہ ہیں:
(۱) میر انیس بحیثیت رزمیہ شاعر ۱۹۶۵ء
(۲) تحقیق و انتقاد ۱۹۶۶ء

(۳) تحقیقی جائزے ۱۹۶۹ء
(۴) میر ضمیر ۱۹۷۲ء
(۵) دیوانِ میر ۱۹۷۳ء
(۶) تحقیقی نوادر ۱۹۷۴ء
(۷) شاعرِ اعظم مرزا سلامت علی دبیر ۱۹۷۶ء
(۸) مقالاتِ حیدری ۱۹۷۷ء
(۹) تذکرۂ شعرائے ہندی، میر حسن ۱۹۷۹ء
(۱۰) تذکرۃ الشعراء، مصحفی ۱۹۸۰ء
(۱۱) مراثی دبیر ۱۹۸۰ء
(۱۲) دیوانِ میر نسخۂ لاہور ۱۹۸۱ء
(۱۳) باقیاتِ انیس ۱۹۸۱ء
(۱۴) نقوش لاہور انیس نمبر ۱۹۸۱ء
(۱۵) اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقاء ۱۹۸۱ء

اعزازات، انعامات: (۱) آل انڈیا اردو سنگم لکھنؤ ۱۹۷۷ء
(۲) میر ایوارڈ (امتیازِ میر) ۱۹۸۵ء

(ڈاکٹر مرزا) اکبر علی بیگ

والد کا نام: مرزا غضنفر علی بیگ
تاریخِ پیدائش: ۲۴ ستمبر ۱۹۴۲ء، حیدر آباد دکن۔
پتہ: ۲/ ۲-۱۰۳-۹-۵، حیدر گوڑہ۔ حیدر آباد۔ ۵۰۰۰۲۹
آندھرا پردیش۔

تعلیم: ایم۔ اے، پی ایچ ڈی، پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما اِن پیلو گرافی (مخطوطہ شناسی)

مشاغل/ملازمت: ریڈر، شعبۂ اردو، عثمانیہ یونیورسٹی حیدر آباد۔

تصانیف: (۱) مرزا علی لطف حیات اور کارنامے ۱۹۷۹ء

(۲) خوش نفساں ۱۹۸۳ء

(۳) دیوانِ لطف ۱۹۸۳ء

زیرِ طبع چھ کتابیں جن میں "محمد عزیز مرزا شخصیت اور کارنامے" عنقریب شائع ہونے والی ہے۔

اعزازات/انعامات: (۱) مرزا علی لطف، حیات اور کارنامے پر یوپی، مغربی بنگال اور آندھرا پردیش کی اردو اکادمیوں نے گراں قدر انعامات سے نوازا۔

(۲) خوش نفساں پر بہار اردو اکادمی اور دیوانِ لطف پر یو۔پی، بہار اور آندھرا پردیش کی اردو اکادمیوں نے انعامات عطا کیے۔

اکبر علی خاں عرشی زادہ

والد کا نام: امتیاز علی خاں عرشی

تاریخ پیدائش: ۲۷ جولائی ۱۹۴۱ء رام پور (یوپی)

پتہ: محلہ پھلواڑ۔ رام پور (یوپی) ۲۴۴۹۰۱

تعلیم: ایم اے (فارسی) مسلم یونیورسٹی۔ بی لب، مسلم یونیورسٹی۔

مشاغل/ملازمت: قائم مقام ڈائرکٹر (۱۹۸۱) رضا لائبریری۔ رام پور

تصانیف: (۱) نئی لکیر ہندی ڈائجسٹ ۱۹۶۰ء

(۲) نکاتِ غالب و رقعاتِ غالب ۱۹۶۲ء

(۳) غالبیہ ۱۹۶۳ء

(۴) چھیڑ غالب سے ۱۹۶۵ء
(۵) تاریخِ لطیف ۱۹۶۳ء
(۶) ضمیمۂ نسخۂ عرشی ۱۹۶۵ء
(۷) حرف حرف فیض ۱۹۶۵ء
(۸) دیوانِ غالب بخطِ غالب ۔ نسخۂ عرشی زادہ ۱۹۶۹ء
(۹) عطیۂ شبلی ۱۹۷۸ء

اعزازات، انعامات: نیشنل ایوارڈ برائے بیسٹ ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ نسخۂ عرشی زادہ

اکمل ایوبی (پروفیسر نظیر الدین)

والد کا نام: عبدالرحیم کامل
تاریخِ پیدائش: ۲۴ دسمبر ۱۹۲۹ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: سفینہ گیٹ۔ مینار کالونی۔ دودپور۔ علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۲
تعلیم: بی اے (آنرز)، لکھنؤ یونیورسٹی۔ ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ ڈپلوما (ترکی زبان میں)، استانبول (ترکی)
مشاغل، ملازمت: ادارۂ علومِ اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں پروفیسر
تصانیف:
(۱) رسالۂ والدیہ (ترجمہ ترکی و انگریزی میں) ۱۹۶۸ء
(۲) کمال اتاترک (انگریزی میں) ۱۹۸۲ء
(۳) اتاترک (ترکی میں) ۱۹۸۳ء
(۴) عکسِ جمیل ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: مغربی ایشیا اور یورپ کے متعدد شہر۔ ترکی کا پانچ مرتبہ سفر کیا، ان میں سے تین بار مختلف یونیورسٹیوں میں توسیعی خطبہ دینے کے لیے۔

اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے "عکسِ جمیل" پر انعام ملا۔

اکمل حیدرآبادی (میر صادق علی)

والد کا نام: میر واحد علی
تاریخِ پیدائش: ۱۲ر جنوری ۱۹۳۵ء (حیدرآباد)
پتہ: ۳۸ A/ ۲۱-۴-۹ مسجد لائن معراج کالونی۔ ٹولی چوک
حیدرآباد۔ ۵۰۰۰۰۸

تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) کہکشاں (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۶۰ء
(۲) قوالی امیر خسرو سے عہدِ حاضر تک ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: دبئی، ابوظہبی، عمان، بحرین

الف انصاری (اشتیاق احمد انصاری)

والد کا نام: عبدالرحمٰن انصاری
تاریخِ پیدائش: ۱۶ر جنوری ۱۹۴۶ء، کلکتہ
پتہ: آئی ۲۴/۱ اے قصاب باڑہ۔ پوسٹ گارڈن ریچ۔ کلکتہ۔ ۲۴
تعلیم: بی اے (آنرز) ایم اے (کلکتہ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) سہ رنگ (ادب) ۱۹۸۰ء
(۲) فیضِ اُردو (درسی کتاب) ۱۹۸۵ء

(۳) شاعروں کے لطیفے، دلچسپ لطیفے، ہنسا منع ہے ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: "سہہ رنگ" کی اشاعت پر مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعام ملا۔

الیاس انجمی (قاضی الیاس رشید)

والد کا نام: قاضی عبدالرشید

تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۳۶ء، بدایوں (یوپی)

پتہ: سید باڑہ۔ منڈی مسجد۔ بدایوں۔ یوپی

تعلیم: بی اے۔ بی ایڈ (علیگ) ادیب کامل

مشاغل، ملازمت: ٹیچر۔ اسلامیہ انٹر کالج۔ بدایوں

تصانیف: (۱) حادثے (مجموعۂ غزلیات حضرت دلاور فگار) مرتبہ ۱۹۵۶ء

(۲) منظوم انٹرویو (دلاور فگار۔ نریش کمار شاد) مرتبہ ۱۹۵۷ء

(۳) شامتِ اعمال (مزاحیہ کلام۔ دلاور فگار) " ۱۹۶۴ء

(۴) اہتمامِ نغمات (مختلف شعرا کی نعتوں کا مجموعہ) " ۱۹۷۸ء

(۵) مجموعۂ مناقب " کے مناقب " " ۱۹۷۹ء

(۶) ہم صورت (بدایوں کے اشعرا کی غزلوں کا انتخاب) مرتبہ ۱۹۸۱ء

(۷) یادِ جوہر (آفتاب احمد جوہر بدایونی کا کلام اور حالات) مرتبہ ۱۹۸۱ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان۔

اِم صفدر علی بیگ (ڈاکٹر مرزا صفدر علی بیگ)

والد کا نام: حاجی مرزا محمد علی بیگ
تاریخِ پیدائش: ۶ر جولائی ۱۹۲۳ء، حیدر آباد
پتہ: فلیٹ ۱۰۴۱۔ بی بلاک۔ برنداون اپارٹمنٹس۔ ریڈ ہلس۔ حیدر آباد۔ اے۔ پی۔
تعلیم: ام۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدر آباد
مشاغل، ملازمت: لائبریرین کتب خانہ ابوالکلام آزاد اورینٹل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لائبریری۔ باغ عامہ۔ حیدر آباد۔
تصانیف: (۱) شمعِ ایمن (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۰ء
(۲) شمع عرفان ۱۹۸۱ء
(۳) تصوّف کے مسائل اور مباحث
(۴) نقوشِ حیات (خود نوشت سوانح حیات اور حیدر آباد قدیم کے حالات و واقعات)
(۵) تصوّف اور اردو کی صوفیانہ شاعری ۱۹۸۶ء
اعزازات/انعامات: اردو اکادمی آندھرا پردیش سے انعام ملا۔ ۱۹۸۶ء

(ڈاکٹر) امام مرتضیٰ نقوی

والد کا نام: صفی مرتضیٰ
تاریخ پیدائش: ۲۶ر فروری ۱۹۳۹ء، امروہہ (مراد آباد۔ یوپی)
پتہ: محلہ گزری۔ امروہہ (یوپی)۔ ۲۴۴۲۲۱
تعلیم: ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی۔

مشاغل، ملازمت : لکچرر اردو / درس وتدریس / تصنیف وتالیف

تصانیف: (۱) اردو ادب میں سکھوں کا حصّہ
(۲) ہندوستانی اسلامی تہوار
(۳) لائبریری اور اس کی تنظیم
(۴) باغ وبہار کا تنقیدی جائزہ
(۵) خواجہ حسن نظامی۔ حیات اور ادبی خدمات

اعزازات، انعامات: دوسری اور چوتھی کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے، پہلی کتاب پر حکومتِ اتر پردیش اور حکومتِ ہریانہ سے اور تیسری کتاب پر پُرسکار یوجنا سمتی اتر پردیش سے انعامات ملے۔

❀ امداد صابری (مولانا امداد الرشید)

والد کا نام: مولانا شرف الحق صدیقی

تاریخِ پیدائش: ۱۶ر اکتوبر ۱۹۱۴ء (دہلی) (وفات: ۱۳ر اکتوبر ۱۹۸۸ء دہلی)

پتہ : ۲۶۲، محلّہ چوڑی والان۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: منشی فاضل، مولوی فاضل

تصانیف: (۱) علّامہ سیّد سلیمان ندوی کی قرآنی غلطیاں
(۲) تاریخِ جرم وسزا (چار جلدیں)
(۳) تاریخ آزاد ہند فوج
(۴) مقدمہ آزاد ہند فوج نیتا جی سبھاش چندر بوس کے ساتھی
(۵) فرنگیوں کا جال
(۶) ۱۸۵۷ء کے مجاہد شعرا

(۷) ۱۸۵۷ء کے غدار شعرا

(۸) داستانِ شرف

(۹) آثارِ رحمت

(۱۰) فیضانِ رحمت

(۱۱) حجازِ مقدس کے اردو شعرا

(۱۲) جنوبی افریقہ کے اردو شعرا

(۱۳) دہلی کی یادگار ہستیاں

(۱۴) تاریخ اردو صحافت (پانچ جلدیں چھپ چکی ہیں، چھٹی جلد زیرِ تالیف ہے)

امیر عارفی (ڈاکٹر قاضی سید زکریا)

والد کا نام : قاضی میر لطف علی عارف ابوالعلائی

تاریخِ پیدائش : ۱۲ راگست ۱۹۴۱ء، حیدر آباد (اے پی)

پتہ : شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی۔ دہلی ۱۱۰۰۰۷

تعلیم : ایم۔اے۔پی۔ایچ ڈی۔ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

مشاغل، ملازمت : پروفیسر شعبۂ اردو دہلی یونیورسٹی۔ دہلی

تصانیف : (۱) دکنی فرہنگ ۱۹۷۲ء

(۲) نیاز فتحپوری کی تحریروں کا تنقیدی جائزہ ۱۹۷۷ء

(۳) شہرآشوب

اعزازات، انعامات : یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ)، اور میر اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

امیر قزلباش (امیر مرزا قزلباش)

لد کا نام: انوار مرزا قزلباش
ریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۴۳ء دہلی
ۃ: اے۔ ۱۱ نظام الدین ایسٹ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۳
لیم: ادیب فاضل
شاغل، ملازمت: شعر و شاعری
صانیف: (۱) بازگشت ۱۹۷۶ء
(۲) انکار ۱۹۷۶ء
(۳) شکایتیں میری ۱۹۷۹ء
(۴) رجز ۱۹۸۵ء
عزازات، انعامات: یو پی اردو اکادمی لکھنؤ اور اردو اکادمی دہلی سے انعامات ملے۔

(ڈاکٹر مسز) امینہ خاتون

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۶ر اکتوبر ۱۹۱۸ء، میسور
پتہ: شیواجی روڈ۔ این آر محلہ۔ میسور (کرناٹک) ۵۷۰۰۰۷
تعلیم: ایم اے (میسور یونیورسٹی)، پی ایچ ڈی (علی گڑھ)
تصانیف: (۱) لطائف السادات (سعادت علی خاں کے لطائف وظرائف ترجمہ مع حواشی) ۱۹۵۵ء
(۲) گلہائے صد رنگ (خطوط مشاہیر) ۱۹۷۲ء
(۳) تحقیقی نوادر ۱۹۵۰ء

(۴) ریاستِ میسور میں اردو (تنقیدی مضامین) ۱۹۶۰ء

(۵) دکھنی کی ابتدا (دکھنی جرائد کے بارے میں) ۱۹۷۰ء

کل سات مطبوعات

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۱۶)

انجم، ڈاکٹر انجمن آرا بیگم

والد کا نام: شریف اللہ

تاریخ پیدائش: یکم نومبر ۱۹۳۳ء، گنئور (بدایوں۔ یوپی)

پتہ: استاد شعبۂ اردو، ویمنس کالج، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔ یوپی۔

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: تدریس

تصانیف: آغا حشر کاشمیری اور اردو ڈرامہ ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: مذکورہ کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام۔

انجم عثمانی (وکیل الرحمٰن)

والد کا نام: قاری جلیل الرحمٰن عثمانی

تاریخ پیدائش: ۸ر اکتوبر ۱۹۵۲ء، دیوبند (یوپی)

پتہ: ۷۷ لکشمی بائی نگر نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۲

تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند۔ ایم۔ اے (اردو) دہلی یونیورسٹی

مشاغل، ملازمت: پروگرام ایگزیکٹیو، دوردرشن دہلی/ افسانہ نگاری

تصانیف: (۱) شب آشنا (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۷۷ء

(۲) سفر در سفر (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء
اعزازات،انعامات: شب آشنا پر اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام۔

انجم عرفانی (بدرالدین احمد خاں)

والد کا نام: حافظ علاءالدین احمد خاں
تاریخِ پیدائش: ۹ر دسمبر ۱۹۳۷ء، گورکھپور (یوپی)
پتہ: ۸۱۔ محلہ بلوہا۔ بلرام پور (گونڈہ۔یوپی) ۲۷۱۲۰۱
تعلیم: ایم۔اے (اردو) گورکھپور یونیورسٹی
مشاغل،ملازمت: درس وتدریس، شعبۂ اردو، پوسٹ گریجویٹ کالج بلرام پور
تصانیف: لباسِ زخم (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

انعامات،اعزازات: اردو اکادمی اتر پردیش اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

انجم نظامی (سید شاہ نظام الدین احمد)

والد کا نام: سید شاہ رکن الدین نظامی الفاروقی
تاریخِ پیدائش: ۲۱ر جون ۱۹۲۸ء، مشیر آباد (حیدر آباد)
پتہ: ۴۶۵-۳-۱۶۔روبرو خان منزل چنچل گوڑہ۔ ملک پیٹ۔حیدر آباد (اے پی)
تعلیم: جامعہ عثمانیہ کے بی ایس سی کے امتحان میں شریک ہوئے۔
مشاغل، ملازمت: ساؤتھ سنٹرل ریلوے میں گارڈ کے عہدے سبکدوشی۔
تصانیف: فرش تا عرش (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۵ء

* اندرجیت لال

والد کا نام: کندن لال
تاریخِ پیدائش: ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۶ء، کوہ مری، راولپنڈی (وفات: ۶ جون ۱۹۹۰ء نئی دہلی)
پتہ: ڈی۔ ۱۴ گل مہر پارک۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۴۹
تعلیم: ایم اے (انگریزی) ۱۹۵۷ء، صحافت میں ڈپلوما، ۱۹۵۳ء
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف:

(۱) آج کی سائنس	۱۹۶۹ء
(۲) ببر شیر کی کہانی	۱۹۷۰ء
(۳) ایٹم کی کہانی	۱۹۷۴ء
(۴) سوامی رام تیرتھ (سوانح و تعلیمات)	۱۹۷۴ء
(۵) سائنس اور ہندوستان	۱۹۷۶ء
(۶) نیا ہندوستان	۱۹۷۷ء
(۷) گیہوں۔ کاشت اور کھوج	۱۹۸۱ء
(۸) نغمۂ روح (متصوفانہ غزلوں کا انتخاب)	۱۹۸۲ء
(۹) سائنس کی باتیں	۱۹۸۲ء
(۱۰) ہمارے قومی ہیرو (چند ممتاز رہنما)	۱۹۸۳ء
(۱۱) قلم اور آواز (ادبی مضامین کا مجموعہ)	۱۹۸۴ء
(۱۲) ہمارے سائنس داں (ہندوستان کے ممتاز سائنس داں)	۱۹۸۴ء
(۱۳) پھل، پھول اور اناج	۱۹۸۵ء
(۱۴) ہم اور ہمارے بچے (بچوں کی تربیت کے متعلق)	۱۹۸۶ء

(۱۵) مسکراہٹ ہی مسکراہٹ (مزاحیہ مضامین) ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: یونسکو، مرکزی وزارتِ تعلیمات، یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) بہار اردو اکادمی (پٹنہ) اور اردو اکادمی دہلی سے مختلف کتابوں پر اور مختلف سنوں میں، کل ۱۴ انعامات ملے۔

(ڈاکٹر محمد) انصار اللہ نظر

والد کا نام: الحاج محمد مطیع اللہ

تاریخِ پیدائش: ۴ر جنوری ۱۹۳۶ء، اعظم گڈھ (یوپی)

پتہ: ۴/۵۸۵۔ سرسید روڈ، سرسید نگر، علی گڈھ۔۲۰۲۰۰۲

تعلیم: ایم۔اے، پی ایچ، ڈی (گورکھپور یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: تدریس، شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

تصانیف:

(۱) پدماوت کی مختصر فرہنگ ۱۹۷۳ء

(۲) قاعدۂ ہندی ریختہ عرف رسالۂ گل کرسٹ ۱۹۷۴ء

(۳) برہن کی کہانی یعنی مقصود کا بارہ ماسہ ۱۹۷۴ء

(۴) غالب ببلیوگرافی ۱۹۷۲ء

(۵) اردو صرف ۱۹۷۵ء

(۶) اردو نحو ۱۹۷۵ء

(۷) تذکرہ قطعۂ منتخب ۱۹۷۴ء

(۸) تلخیصِ معلّیٰ ۱۹۷۵ء

(۹) رسالہ زبانِ ریختہ ۱۹۷۷ء

(۱۰) تلخیصِ معلّیٰ ۱۹۷۶ء

(۱۱) شعرائے اردو کے اوّلین تذکرے ۱۹۷۸ء

(۱۲) شعر کبیر یعنی کبیر پداولی کا ترجمہ ۱۹۷۹ء
(۱۳) تاریخ اقلیم ادب (دو حصے) ۱۹۷۹ء و ۱۹۸۰ء
(۱۴) انتخابِ رنگین ۱۹۸۱ء
(۱۵) انتخابِ رشک ۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: مختلف اکادمیوں سے تصانیف پر انعامات ملے۔

انصاری، پروفیسر اسلوب احمد

والد کا نام : ثنار احمد انصاری
تاریخِ پیدائش : مارچ ۱۹۲۵ء، دہلی
تعلیم : ایم. اے
پتہ : گلفشاں، سول لائنز، دودپور۔ علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۲
مشاغل، ملازمت : پروفیسر شعبۂ انگریزی، مسلم یونیورسٹی، علی گڈھ، نیز مدیر سہ ماہی "نقد و نظر"۔
تصانیف : (۱) ادب اور تنقید ۱۹۶۸ء
(۲) نقشِ غالب ۱۹۷۰ء
(۳) غالب کا فن ۱۹۷۰ء
(۴) اقبال کی تیرہ نظمیں ۱۹۷۷ء

اعزازات، انعامات : (۱) اردو اکادمی ایوارڈ
(۲) میر ایوارڈ
(۳) ساہتیہ اکادمی ایوارڈ
(۴) علامہ اقبال گولڈ میڈل (حکومتِ پاکستان)

انصاری، ایم شفیق

والد کا نام: محمد خلیل
تاریخِ پیدائش: ۲؍اپریل ۱۹۴۷ء، مراد آباد (یوپی) ۲۴۴۰۰۱
پتہ: قصرِ قمر۔ بارہ دری مراد آباد۔ ۲۴۴۰۰۱
تعلیم: ایل ایل بی
مشاغل، ملازمت: وکالت (دیوانی، فوجداری)
تصانیف: (۱) چراغ شہرِ جگر کے ۱۹۸۴ء
(۲) مسلم پرسنل لا (جلد اول) ۱۹۸۵ء
(۳) " (جلد دوم) ۱۹۸۶ء

انصاری، شہاب الدین

والد کا نام: محمد خلیل
تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۵ء، غازی پور (یوپی)
پتہ: لائبریرین ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم۔ اے
مشاغل، ملازمت: لائبریرین ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری۔ جامعہ
تصانیف: (۱) لبریشن اسٹرگل ان افریقہ ۱۹۷۲ء
(۲) کتب خانہ داری ۱۹۸۴ء

انصاری، پروفیسر محمد اقبال

والد کا نام: محمد اکرام وارث
تاریخ پیدائش: ۵/اپریل ۱۹۲۷ء، سہالی (بارہ بنکی یوپی)
پتہ: انصاری لاج، لال ڈگی روڈ۔ علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱
تعلیم: عالم و فاضل (دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ) ایم۔ اے، پی۔ ایچ، ڈی (مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر شعبۂ اسلامک اسٹڈیز۔ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ
تصانیف: نیل سے فرات تک ۱۹۶۲ء

انصاری، محمد حیات اللہ

والد کا نام: مولوی وحید اللہ انصاری
تاریخ پیدائش: یکم مئی ۱۹۱۱ء، فرنگی محل لکھنؤ۔
پتہ: ویسٹرن کورٹ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۱
تعلیم: علوم شرقیہ کی سند (فرنگی محل) بی۔ اے (مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف۔ قومی آواز کے ایڈیٹر رہے۔
تصانیف:
(۱) انوکھی مصیبت (افسانوی مجموعہ) ۱۹۳۹ء
(۲) ن۔م راشد پر (تنقید) ۱۹۴۱ء
(۳) بھرے بازار میں (مختصر افسانے) ۱۹۴۲ء
(۴) شکستہ کنگورے " ۱۹۴۶ء
(۵) لہو کے پھول (ناول۔ پانچ جلدوں میں) ۱۹۶۹ء
(۶) مدار (ناولٹ) ۱۹۸۰ء
(۷) گھروندا ۱۹۸۲ء

بیرونی ممالک کا سفر: مصر، امریکہ، فرانس، پولینڈ، روس، ایران، سوئٹزر لینڈ، ترکی،

پاکستان ، بنگلہ دیش ، الجیریا، نائجیریا، مراقش، گھانا، عراق، مکہ معظمہ فریضہ حج کے لیے ، تھائی لینڈ، ملائشیا، انڈونیشیا، سنگاپور۔

اعزازات، انعامات: اعزازی ڈاکٹریٹ (مراقش یونی ورسٹی ۱۹۷۶ء) لہو کے پھول پر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ ۱۹۷۰ء

موجودہ پتا: انجمن ترقی اردو (ہند) اتر پردیش، لکھنؤ۔

انصاری، ڈاکٹر محمد ضیاء الدین احمد

والد کا نام: حکیم ظہور الدین انصاری

تاریخِ پیدائش: ۱۲؍ اگست ۱۹۴۲ء، سنبھل، مراد آباد، یوپی۔

تعلیم: ایم اے پی ایچ ڈی

پتہ: مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۲

مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ لائبریرین، مولانا آزاد لائبریری، مسلم یونیورسٹی، علی گڈھ

تصانیف: (۱) فارسی ادب کی تاریخ ۱۹۷۶ء

(۲) علی گڈھ تحریک ۱۹۸۲ء

(۳) جگر مراد آبادی ۱۹۸۳ء

(۴) تفتہ اور غالب ۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) نے ۱۹۷۶ء میں انعام دیا۔

* انصاری، مفتی محمد رضا فرنگی محلی

والد کا نام: مولوی محمد سخاوت اللہ

تاریخِ پیدائش: سرٹیفکٹ کے مطابق ۱۲؍ نومبر ۱۹۲۰ء

خود کی تحقیق کے مطابق ۷؍ اپریل ۱۹۱۷ء (وفات: ۵؍ فروری ۱۹۹۰ء لکھنؤ)

پتہ: ۹، فرنگی محل لکھنؤ۔ ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: مولوی، مولانا، (فرنگی محل لکھنؤ) عالم، فاضل ادب (لکھنؤ یونیورسٹی)
منشی (الہ آباد بورڈ) منشی فاضل (پنجاب یونیورسٹی)
مشاغل/ملازمت: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) کے چیرمین، نیز مدیر دوماہی اکادمی (لکھنؤ)
تصانیف: (۱) ادب الجاہلی (عربی سے ترجمہ) ۱۹۴۶ء
(۲) مجذوب اور ان کا کلام
(۳) مفتی صاحب ۱۹۵۹ء
(۴) فتاویٰ قادریہ یا فتاویٰ فرنگی محل ۱۹۶۵ء
(۵) حج کا سفر ۱۹۶۷ء
(۶) بانی درس نظامی استاد الہند ملّا نظام الدین محمد فرنگی محلی۔ ۱۹۷۳ء
(۷) انتخاب کلامِ حسرت موہانی ۱۹۸۳ء
(۸) تذکرۂ حضرت سید صاحب بانسوی ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، سعودی عرب
اعزازات/انعامات: (اعزازی) چیرمین اترپردیش اردو اکادمی ۱۹۸۳ء سے تاحال

❁ انصاری، پروفیسر نورالحسن

والد کا نام: عبدالمنّان انصاری
تاریخِ پیدائش: ۲۵؍دسمبر ۱۹۳۷ء مئو ناتھ بھنجن (وفات: ۵؍دسمبر ۱۹۸۷ء دہلی)
پتہ: شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی دہلی ۱۱۰۰۰۷
تعلیم: ایم اے (فارسی) دہلی یونیورسٹی ۱۹۵۸ء، پی ایچ ڈی (فارسی) دہلی یونیورسٹی ۱۹۶۳ء، ڈی لٹ (فارسی) تہران یونیورسٹی ۱۹۷۴ء

مشاغل، ملازمت: پروفیسر، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

تصانیف: (۱) فارسی ادب بعہدِ اورنگ زیب ۱۹۶۹ء

(۲) فارسی کی دلکش داستانیں (ترجمہ) ۱۹۷۵ء

(۳) امیرخسرو۔ احوال وآثار (مرتبہ) ۱۹۷۵ء

(۴) مرقعِ دہلی از درگاہ قلی خاں (اردو ترجمہ) ۱۹۸۲ء

بیرونی ممالک کا سفر: ایران، افغانستان، ترکی، اٹلی، سویزرلینڈ، فرانس، انگلستان۔

اعزازات، انعامات: نیشنل لکچرر (فارسی) از طرف یو جی سی۔

انور عظیم

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر دسمبر ۱۹۲۸ء، پوکسی (گیا۔ بہار)

پتہ: بی۔ ۱۶، پریس انکلیو۔ نئی دہلی ۱۷۔۔۱۱

تعلیم: ایم اے (پٹنہ یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: سوویت لینڈ (نئی دہلی) میں ۱۹۶۸ء سے صحافت کی خدمت

تصانیف: (۱) دھواں دھواں سویرا (ناول) ۱۹۶۵ء

(۲) پرچھائیوں کی وادی " ۱۹۶۹ء

(۳) قصہ رات کا (مختصر کہانیاں) ۱۹۷۰ء

(۴) اجنبی فاصلے ۱۹۷۷ء

(۵) آوازوں کے قیدی (ڈرامے) ۱۹۷۷ء

(۶) ڈیپ آرڈی روٹس (انگریزی میں) ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: پرچھائیوں کی وادی اور اجنبی فاصلے پر یوپی اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

سوویٹ لینڈ نہرو ایوارڈ، ۱۹۷۹ء (ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۳۳)

انور ہاشمی (سید شہنشاہ حسین رضوی)

والد کا نام: سید ہاشم حسین رضوی
تاریخ پیدائش: ۱۶؍ جنوری ۱۹۳۰ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: چیف ایڈیٹر ہفتہ وار "شاہکار"۔ نظام باغ۔ دیوان ڈیوڑھی حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۲
تعلیم: نان میٹرک
مشاغل، ملازمت: ادارت ہفتہ وار اخبار
تصانیف: قومی یکجہتی کو نذرانۂ دل ۱۹۸۴ء
(نظم و نثر کا مجموعہ)

(ڈاکٹر) انوار الحسن

والد کا نام: عبدالرؤف
تاریخ پیدائش: ۱۶؍ جنوری ۱۹۳۰ء، لکھنؤ
پتہ: شعبۂ علوم مشرقیہ۔ لکھنؤ یونیورسٹی۔ لکھنؤ۔ ۲۲۶۰۰۷
تعلیم: درسِ نظامیہ (مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ) دبیر ماہر (فارسی) عالم (عربی) لکھنؤ یونیورسٹی۔ ادیب کامل (جامعہ اردو علی گڑھ) وغیرہ۔ ایم اے (عربی۔ فارسی۔ اردو) پی ایچ ڈی (عربی) ڈی لٹ (فارسی) لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) امام محمد الغزالیؒ کے تعلیمی نظریات و اصلاحات ۱۹۵۷ء
(۲) اردو کے قومی شاعر ۱۹۷۱ء

(۴) انوارِ سحر (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۲ء

اعزازات، انعامات: حکومتِ یوپی (۱۹۵۷ء)، نیشنل انٹگریشن کونسل یوپی (۱۹۷۱ء) اور یوپی اردو اکادمی لکھنؤ (۱۹۷۲ء) سے انعامات ملے

(دستاویز۔ (لکھنؤ) صفحات ۶۴-۶۵)

انیس احسن اعظمی

والد کا نام: ابو شعیب احسن

تاریخِ پیدائش: یکم مئی ۱۹۵۵ء، بے راجپور۔ اعظم گڈھ

پتہ: ۱۹۱۹/۹ ترکمان گیٹ، دہلی ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما اِن بک پبلشنگ (دہلی یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: سات سال تک انجمن ترقیِ اردو (ہند) میں ملازمت کی فی الحال اردو اکادمی، دہلی میں سیلز انچارج۔

تصانیف: (۱) جلوس (ڈرامہ) ترجمہ ۱۹۸۰ء

(۲) اسپارٹاکس (ڈرامہ) 〃 ۱۹۸۱ء

اعزازات، انعامات: جلوس کے ترجمہ پر بنگال اردو اکادمی سے انعام ۱۹۸۱ء

اسپارٹاکس کے ترجمہ پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ۱۹۸۲ء

اے۔ رشید (عبدالرشید)

والد کا نام: منور علی

تاریخِ پیدائش: دسمبر ۱۹۰۵ء فیض آباد (یوپی)

پتہ: ۸۸/۹۰ پریم نگر، چمن گنج کانپور (یوپی) ۲۰۸۰۰۱

تعلیم: درسِ نظامی (فیض آباد)، منشی، کامل (الہ آباد) اردو اعلیٰ قابلیت (الہ آباد) ایم اے فارسی (آگرہ یونیورسٹی)

مشاغل:

تصانیف: (۱) انشائے فارسی
(۲) معیاری مضامین
(۳) غالب فکروفن کے آئینے میں
(۴) مآثر فاروقی
(۵) حیاتِ طیبہ
(۶) اسالیب میرؔ
(۷) مجموعۂ مضامین اردو
(۸) غالب کی شاعری اوران کا اسلوبِ مزاج
(۹) دیوانِ غالب کا اوّلین شارح
(۱۰) ادبی سوانح کا ایک دلچسپ شاہکار
(۱۱) شرح دیوانِ غالبؔ از نظمؔ طباطبائی
(۱۲) فنِ سیرت نگاری اور جیمس باسوکی لائف آف ڈاکٹر جانسن

اعزازات، انعامات: آل انڈیا میر اکادمی (لکھنؤ) سے امتیازِ میر کی سند ملی

اے محمد ابراہیم (احمد محمد ابراہیم)

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۴رمئی ۱۹۴۰ء میسور

پتہ: ۶۵/۱ تیسرا کوچہ۔ آروی روڈ۔ ماوُتی۔ بنگلور۔ ۵۶۰۰۰۱

تعلیم: ایم اے (بنگلور یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: (۱) مغربی ادب کے معمار ۱۹۷۰ء

(۲) عصر الجدید ۱۹۷۴ء

اعزازات، انعامات: دوسری کتاب پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا

(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۶۷)

ایاز بلگرامی (سید حسین)

والد کا نام: سید محمد سعید بلگرامی

تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۴۰ء، لکھنؤ (یوپی)

پتہ:

تعلیم: انٹر سائنس۔ ڈپلومہ سول انجینئرنگ (لکھنؤ) بی۔ ای (سول)

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ انجینئر، حکومتِ یوپی

تصانیف: جنبشِ لب (شعری مجموعہ) ۱۹۷۱ء

اعزازات انعامات: اردو اکادمی اتر پردیش سے انعام ملا ۱۹۷۲ء

ایم آئی ساجد (ڈاکٹر اسماعیل شاہ)

والد کا نام: ابنِ عثمان شاہ

تاریخ پیدائش: ۱۶ ستمبر ۱۹۴۶ء، کھام گاؤں

پتہ: نزد کچی مسجد۔ جلال پورہ۔ کھام گاؤں (مہاراشٹر) ۴۴۴۳۰۳

تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) آواز کے پتھر (افسانے) ۱۹۷۸ء
(۲) اوراقِ گل (شعرائے کھام گاؤں کا انتخابِ کلام) ۱۹۷۸ء
(۳) سپنے سلونے (بچوں کے لیے روسی کہانیوں کے ترجمے) ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: "سپنے سلونے" پر مہاراشٹر اردو اکادمی (بمبئی) اور آندھرا پردیش اردو اکادمی (حیدرآباد) سے انعامات ملے۔

ایم۔ حبیب خاں

والد کا نام: ایم۔ کے۔ خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۴ء، علی گڑھ (یوپی)
پتہ: لائبریرین، کتب خانہ انجمن ترقیِ اردو (ہند) اردو گھر نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۲
تعلیم: ایم۔ اے (آگرہ یونیورسٹی) بی۔ لب (علی گڑھ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: ۱۹۵۰ء سے انجمن ترقیِ اردو (ہند) میں ناظمِ کتب خانہ/تحقیق و تنقید۔
تصانیف: (۱) اردو کے کلاسیکی شعراء اول (ولی سے آتش تک) ۱۹۶۱ء
(۲) " " " دوم (غالب سے اقبال تک) ۱۹۶۱ء
(۳) " " " سوم (حسرت سے فراق تک) ۱۹۶۲ء
(۴) بہترین افسانے (نمائندہ افسانہ نگاروں کا انتخاب) ۱۹۶۵ء

(۵) اردو تنقید کے معمار	۱۹۶۵ء
(۶) افکارِ میر	۱۹۶۷ء
(۷) مطالعۂ میر	۱۹۶۹ء
(۸) اردو کی قدیم داستانیں	۱۹۷۴ء
(۹) غالب اور سرور	۱۹۷۵ء
(۱۰) انتخاب کلام جرأت	۱۹۸۳ء
(۱۱) حسرت موہانی	۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۶۵ء، ۱۹۶۹ء اور ۱۹۷۰ء میں پاکستان کا سفر کیا۔

اعزازات، انعامات: غالب اور سرور، پر اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا۔

ابن عارف ملیح آبادی (ڈاکٹر مرزا محمد امین)

والد کا نام: مرزا محمد عباس

تاریخِ پیدائش: ۱۹ر اگست ۱۹۱۰ء، ملیح آباد (لکھنؤ۔ یوپی)

پتہ: ۱۲۷۔ گنّا اسٹریٹ۔ لکھنؤ۔ (یوپی)

تعلیم: اعلیٰ قابلیت (اردو) منشی اور کامل (فارسی) بی اے (انگریزی میں) بی آئی ایم ایس

مشاغل، ملازمت: میڈیکل پریکٹس اور تصنیف و تالیف۔

تصانیف:

(۱) اردو میڈیکل کورس (نبض۔ قارورہ۔ خون وغیرہ)	۱۹۶۲ء
(۲) آئینۂ ہومیوپیتھی (ہومیوپیتھی طریقۂ علاج)	۱۹۷۵ء
(۳) رہنمائے مٹریا میڈیکا، پیتھک خواص الادویہ	۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: آئینۂ ہومیوپیتھی پر اتر پردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا۔

ب

باقر رضوی (میر محمد باقر رضوی امانت خانی)

والد کا نام: میر زین العابدین

تاریخ پیدائش: ۱۹ مارچ ۱۹۰۹ء، حیدرآباد (دکن)

پتہ: ۱/ ۷۵۹-۲-۲۲ بازار نور خاں حیدرآباد-۲۴ (اے پی)

تعلیم: میٹرک تک۔ آرٹ کا ڈپلوما۔

مشاغل؛ ملازمت: ملازمت رشتۂ تعلیم حیدرآباد

تصانیف:

(۱) شبابِ فکر	(مرثیہ)	۱۹۵۹ء
(۲) تصویرِ احمدِ رسالت	"	۱۹۶۰ء
(۳) گہوارۂ شہادت	"	۱۹۶۱ء
(۴) مرقعِ وفا	"	۱۹۶۲ء
(۵) عروسِ فکر	"	۱۹۶۳ء
(۶) جہادِ صبر	"	۱۹۶۳ء
(۷) امانتِ سخن	"	۱۹۷۷ء
(۸) ادبی امانت	(تین مرثیے)	۱۹۸۱ء
(۹) زندہ نشانات	"	۱۹۸۱ء
(۱۰) نقوشِ غم	(مرثیے۔ سلام۔ نوحے)	۱۹۸۳ء

(۱۱) ترجمانِ غم (سلام) ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۲ مرتبہ عراق کا سفر

اعزازات، انعامات: امانتِ سخن پر ۱۹۷۸ء میں آندھرا پردیش اردو اکادمی حیدرآباد سے انعام ملا۔

باقر مہدی

والد کا نام: مولوی جعفر مہدی رزم ردولوی

تاریخِ پیدائش: ۱۱ر فروری ۱۹۲۷ء (ردولی بارہ بنکی۔ یوپی)

پتہ: ای/۱ روی درشن، شرلی راجن روڈ۔ آف کارٹر روڈ۔ باندرہ۔ بمبئی۔ ۴۰۰۰۵۰

تعلیم: ایم اے (معاشیات) لکھنؤ یونیورسٹی ۱۹۵۲ء۔ ایم۔اے (انگریزی ادب) بمبئی یونیورسٹی ۱۹۶۷ء

مشاغل، ملازمت: فری لانس ادیب

تصانیف: تین شعری مجموعے:

(۱) شہرِ آرزو ۱۹۵۸ء

(۲) کالے کاغذ کی نظمیں ۱۹۶۷ء

(۳) ٹوٹے شیشے کی آخری نظم ۱۹۷۲ء

دو تنقیدی مجموعے: (۱) آگہی و بے باکی ۱۹۶۵ء

(۲) تنقیدی کشمکش ۱۹۷۹ء

ایک ادبی مجلہ: "اظہار" کی پانچ کتابیں ۱۹۷۵ سے ۱۹۸۴ء تک

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان کا سفر ۱۹۶۳ء اور ۱۹۶۵ء

اعزازات، انعامات: تنقیدی کشمکش پر یوپی اور مہاراشٹر اردو اکادمیوں نے انعامات سے نوازا۔

(ڈاکٹر) بانو طاہرہ سعید

والد کا نام: سید امیر علی معصومی
تاریخِ پیدائش: ۹ نومبر ۱۹۲۲ء، آگرہ (یوپی)
پتہ: گرین ویو۔ حیدر آباد۔ اے پی ۵۰۰۰۲۸
تعلیم: گریجویٹ (آرٹس) ڈی لٹ
مشاغل، ملازمت: لکھنا پڑھنا۔ ریڈیو آرٹسٹ

تصانیف:
(۱) ہدیۂ طاہرہ ۱۹۵۷ء
(۲) برگِ سبز (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۲ء
(۳) آشیاں ہمارا (قومی نظمیں) ۱۹۷۳ء
(۴) گلِ خونچکاں (کلام کربلا کے واقعات کے متعلق) ۱۹۷۴ء
(۵) مہکتے ویرانے (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۸ء
(۶) سات دوست: بچوں کا ادب (افسانہ) ۱۹۷۹ء
(۷) مثبت و منفی (انگریزی نظموں کا منظوم ترجمہ) ۱۹۷۹ء
(۸) خونِ جگر (افسانے) ۱۹۸۰ء

اعزازات، انعامات: آندھرا پردیش اردو اکادمی، ۱۹۶۱ء آندھرا پردیش منسٹری آف کلچرل افیرز، ۱۹۶۶ء آندھرا پردیش کلا سرسوتی ایوارڈ، ۱۹۸۴ء مخدوم امن ایوارڈ، ۱۹۸۲ء منسٹری آف ہیلتھ کے فیملی پلاننگ کے مقابلہ میں وزارت صحت آندھرا پردیش کی طرف سے افسانہ پر انعام۔ مہکتے ویرانے پر بہار اردو اکادمی انعام مغربی بنگال اور، آندھرا پردیش اردو اکادمیوں کی طرف سے انعامات ملے۔

بچن، شیلیندر بہادر سریواستوا

والد کا نام: شری نریندر بہادر سریواستوا
تاریخِ پیدائش: ۲۳ر اکتوبر ۱۹۴۸ء، بارہ بنکی (یوپی)
پتہ: نریندر میڈیل اسٹور صدر بازار بارہ بنکی (یوپی)
تعلیم: میکنیکل ڈپلوما
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) آبشار (شعری مجموعہ) ۱۹۸۰ء
(۲) جھیل // ۱۹۸۶ء

(ڈاکٹر) بدرالدین

والد کا نام: قمرالدین
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر مارچ ۱۹۳۵ء، کسولی (امبالہ۔ پنجاب)
پتہ: شعبۂ اسلامیات و عرب و ایرانین اسٹڈیز۔ جامعہ ملّیہ اسلامیہ۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: فاضل دیوبند۔ ایم اے علیگ۔ پی ایچ ڈی، دہلی یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) انوکھی شرطیں (عربی کہانیوں کا ترجمہ) ۱۹۷۰
(۲) چند مصری ناول اور افسانے (تحقیقی و تنقیدی مطالعہ) ۱۹۸۶ء

بزمی بھارتی (صابر علی)

والد کا نام: حاجی اشفاق علی
تاریخ پیدائش: اگست ۱۹۱۳ء، گنور۔ بدایوں
پتہ: مکتبہ جامعہ، شمشاد مارکیٹ علی گڑھ۔ ۲۰۲۰۰۱
تعلیم:
مشاغل ملازمت: منیجر مکتبہ جامعہ علی گڑھ برانچ
تصانیف: (۱) دھنک ۱۹۸۰ء
اعزازات انعامات: دھنک پر مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعام ملا۔

بسنت لکھنوی (بسنت کمار نگم)

والد کا نام: بابو کنھیا لال نگم
تاریخ پیدائش: ۲۳ جولائی ۱۹۳۲ء، لکھنؤ
پتہ: ۳۵۱ ۳۹۔ ٹیڑھی بازار۔ رکاب گنج۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی
مشاغل ملازمت: وکالت
تصانیف: (۱) نورِ عرفاں (غزلیات، رباعیات اور نظمیں) ۱۹۸۰ء
اعزازات انعامات: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا۔

(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۳۰)

بدر تسلیمی (حافظ محمد ابراہیم علی خاں)

مدکا نام: مولوی محمد اسماعیل خاں صبر رام پوری
یخ پیدائش:
: ملک تاج خاں۔ رام پور (یوپی)
یم: حفظ قرآن اور اساتذۂ فن سے استفادہ
اغل و ملازمت: شعر و شاعری اور کاشتکاری
انیف: (۱) خروشِ زبانِ اردو (۲) شدتِ غم جوہر (مولانا محمد علی جوہر کی خدمات اور شاعری پر تبصرہ)
(۳) تجلیاتِ بدر (مجموعۂ غزلیات)
(۴) ہدایت سخنوران (فن شاعری) ۱۹۸۱ء
زازات و انعامات: آخری کتاب پر یوپی اردو اکادمی سے انعام ملا۔ (دستاویز صفحات: ۱۷۰)

بشر، محمد افتخار احمد

الدکا نام: محمد حمید اللہ
ریخ پیدائش: ۲۰ ستمبر ۱۹۲۰ء، آگرہ
تہ: ۲۰۴-۸۲-۱۰ - نمبولی ادا۔ حیدرآباد-۵۰۰۰۲۷
علیم: بی اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
شاغل ملازمت: ریٹائرڈ سیشن جج
صانیف: (۱) ترکشِ بشر (نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء
عزازات انعامات: نظموں کے مذکورہ مجموعہ پر اردو اکادمی حیدرآباد نے انعام دیا۔

بشیر احمد

والد کا نام: اے۔ ایچ خان
تاریخِ پیدائش: اگست ۱۹۴۷ء
پتہ: ۲۲۳۲۲/۱ رام نگر شاہدرہ دہلی ۱۱۰۰۳۲
تعلیم: ایم۔ اے
مشاغل/ملازمت:
تصانیف: (۱) قرآن کی نظر میں عورت، شادی، طلاق (کتابچہ) ۱۹۸۵ء

(ڈاکٹر) بشیر بدر

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۵ فروری ۱۹۳۵ء، کانپور (یوپی)
پتہ: ڈی۔ ۱۲۰۔ شاستری نگر۔ میرٹھ (یوپی)
تعلیم: ایم اے (علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی
مشاغل/ملازمت: درس و تدریس اور شعر و شاعری
تصانیف: (۱) اکائی (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء
(۲) امیج " ۱۹۷۴ء
(۳) بیسویں صدی میں غزل ۱۹۸۲ء
(۴) آزادی کے بعد اردو غزل کا تنقیدی مطالعہ ۱۹۸۲ء
(۵) آمد (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء
اعزازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

(دستاویز (لکھنؤ) صفحات ۷۳۔ ۷۴)

بشیر فاروقی (بشیرالدین احمد فاروقی)

لدکا نام : حکیم معین الدین احمد فاروقی
یخِ پیدائش : ۲۰ر مئی ۱۹۳۹ء، لکھنؤ
: ۵۱۵ مراد علی لین۔ نئی بستی۔ لکھنؤ
یم : بی اے۔ لکھنؤ یونیورسٹی۔ ۱۹۶۲ء
اغل، ملازمت: یوپی سکریٹریٹ کے محکمۂ لسانیات میں ریوائزر
انیف : (۱) سناٹے کی آواز (شعری مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۲) حادثوں کے درمیان " ۱۹۸۵ء
(۳) شفق رنگ چاندنی زیرِ طبع
رونی ممالک کا سفر: نیپال کے مشاعرہ میں شرکت کی
زازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا، اور میر اکادمی (لکھنؤ) نے "امتیازِ میر" سے نوازا۔

بشیشر پردیپ (بشیشر لعل دھون)

لدکا نام : منوہر لعل دھون
یخِ پیدائش : ۱۹۲۵ء
: ۱۸ گلستاں کالونی۔ لکھنؤ۔ (یوپی)
لیم : ایم۔ ایس۔ سی۔ پی۔ ایچ۔ ڈی (کیمسٹری)
اغل، ملازمت: ریسرچ آفیسر۔ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی۔ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ۔ لکھنؤ۔
انیف: (۱) پیاس (افسانوی مجموعہ) ۱۹۵۸ء
(۲) کاجل اور دھواں " ۱۹۶۴ء

(۳) پھر سے اجنبی (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۳ء

اعزازات، انعامات: (۱) 'پیاس' پر اتر پردیش سرکار کا ادبی انعام ملا۔
(۲) افسانہ 'دشمن' پر ہمدرد صحت آل انڈیا اردو افسانوی مقابلہ میں اوّل انعام ملا۔
(۳) کہانی 'شان کے شایاں' پر اردو سرتیا کا ادبی انعام ملا۔
(۴) 'پھر سے اجنبی' پر اتر پردیش اردو اکادمی کی طرف سے انعام ملا۔

❀ بلراج حیرت (بلراج سنگھ تیاگی)

والد کا نام: بھگونت شرما درد

تاریخ پیدائش: ۴ر جنوری ۱۹۳۰ء 'ٹھمبو والا' بجنور۔ (وفات: ۵ر مارچ ۱۹۹۵ء دہلی)

پتہ: موضع رتن گڈھ ڈاکخانہ خاص ضلع بجنور (〃)

مقامی: بی۔ ۲۹۲ ساؤتھ موتی باغ، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱

تعلیم: بی۔ اے آنرز (فلسفہ، اقتصادیات اور سیاسیات)
ایم۔ اے (تاریخ)

مشاغل، ملازمت: مرکزی محکمۂ آڈٹ میں ملازمت، شعر گوئی۔ تنقید، شعری انتخاب،

تصانیف: ازبر (غزلوں اور نظموں کا انتخاب) ۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی نے شعری انتخاب ازبر کو میرٹ ایوارڈ سے نوازا۔

بلراج کومل

والد کا نام: حکومت رائے

تاریخِ پیدائش: ۲۵ ستمبر ۱۹۲۸ء
پتہ: ای۔ ۱۳۹، کالکاجی، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۹
تعلیم: ایم۔ اے
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر محکمہ تعلیم، دہلی
تصانیف:
(۱) میری نظمیں (مجموعۂ کلام اردو) ۱۹۵۴ء
(۲) رشتۂ دل 〃 ۱۹۶۳ء
(۳) ناریل کے پیڑ (شعری انتخاب ہندی) ۱۹۶۷ء
(۴) ہریالی کا ایک ٹکڑا (ناولٹ ہندی) ۱۹۶۸ء
(۵) سفر مدام سفر (مجموعۂ کلام اردو) ۱۹۶۹ء
(۶) انتخاب (شعری انتخاب 〃) ۱۹۷۱ء
(۷) نژادِ سنگ (شاعری) ۱۹۷۵ء
(۸) آنکھیں اور پاؤں (افسانے) ۱۹۸۱ء
(۹) پرندوں بھرا آسمان (شاعری) ۱۹۸۴ء
(۱۰) ادب کی تلاش ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: (۱) ہریالی کا ایک ٹکڑا، پر حکومتِ ہند کی طرف سے انعام دیا گیا
(۲) سفر مدام سفر، پر اردو اکادمی (یوپی) کی طرف سے انعام دیا گیا
(۳) دہلی اردو اکادمی کا ایوارڈ شاعری کے لیے
(۴) پرندوں بھرا آسمان، پر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ
میرا ایوارڈ ۱۹۷۷ء مرکزی وزارتِ تعلیم ایوارڈ ۱۹۶۹ء

* بوگس حیدرآبادی (خواجہ نصیر الدین احمد قادری)

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۰/ اکتوبر ۱۹۴۰ء حیدرآباد۔ (وفات: ۱۰/ مئی ۱۹۹۱ء حیدرآباد)
پتہ: ۱۔ ۷۸۴۔ ۲۔ ۱۳۔ قاضی گوڑا۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۲
تعلیم: ایم اے (عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد) ۱۹۷۶ء
تصانیف: فکر تونسوی۔ شخصیت اور طنز نگاری ۱۹۸۱ء
اعزازات/انعامات: اترپردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) اور مغربی بنگال اردو اکادمی (کلکتہ) سے انعامات ملے۔ (دستاویز، صفحات ۷۸، ۷۹)

بھارت چند کھنہ

والد کا نام: نہر چند کھنہ
تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۴ء
پتہ: ۶۸۔ بی ایسٹ مارڈپلی سکندرآباد (اے پی)
تعلیم: بی اے (پنجاب) گورنمنٹ کالج لاہور، ایم اے (عثمانیہ) حیدرآباد ٹرائی پوس کیمبرج یونیورسٹی (انگلستان) سے تاریخ اور قانون کے مضامین میں۔
مشاغل/ملازمت: آئی۔ اے۔ ایس سے ۱۹۷۲ء میں وظیفہ یاب ہوا۔ تصنیف وتالیف
تصانیف:
(۱) مسکراتے آنسو (افسانے) ۱۹۴۲ء
(۲) مصیبتیں (مضامین) ۱۹۴۴ء
(۳) ٹھنڈی بجلیاں " ۱۹۵۶ء
(۴) مصیبتیں (ہندی میں) " ۱۹۶۲ء
(۵) تیرِ نیم کش (مضامین وڈرامے) ۱۹۷۲ء
اعزازات وانعامات: تیرِ نیم کش پر اترپردیش اردو اکادمی کی جانب سے انعام ملا۔

* بھٹاچاریہ، شانتی رنجن

والد کا نام: بیکنٹھ ناتھ بھٹاچاریہ

تاریخِ پیدائش: ۲۴؍اگست ۱۹۳۰ء، مسورہ، بھوبنیشور (وفات: ۱۵؍ستمبر ۱۹۹۳ء)

پتہ: آنندپلی۔ پوسٹ پوربا پٹیاری۔ کلکتہ۔ پن ۷۰۰۰۹۴۳۵۰۹

تعلیم: میٹرک

مشاغل، ملازمت: شعبۂ اطلاعات، حکومتِ مغربی بنگال، کلکتہ

تصانیف:

(۱) راہ کا کانٹا	(افسانوں کا مجموعہ)	۱۹۶۰ء
(۲) شاعر کی شادی	〃	۱۹۶۱ء
(۳) بنگالی ہندوؤں کی اردو خدمات		۱۹۶۳ء
(۴) اردو اور بنگال		۱۹۶۸ء
(۵) اردو کے ذریعے بنگلہ سیکھو		۱۹۶۹ء
(۶) آزادی کے بعد مغربی بنگال میں اردو		۱۹۷۳ء
(۷) نامے جو میرے نام آئے		۱۹۷۳ء
(۸) تاریخ بنگلہ ادب (انگریزی سے اردو ترجمہ)		۱۹۷۵ء
(۹) پورن کمبھ	(بنگلہ سے اردو ترجمہ)	۱۹۷۶ء
(۱۰) بنگال میں اردو زبان وادب۔ (چند تحقیقی مضامین)		۱۹۷۶ء
(۱۱) آفتابِ علم وادب (ڈاکٹر سُنیتی کمار چیٹر جی)		۱۹۷۷ء
(۱۲) غالب اور بنگال		۱۹۷۷ء
(۱۳) اقبال، ٹیگور اور نذرل۔ تین شاعر ایک مطالعہ		۱۹۷۸ء
(۱۴) اردو ادب اور بنگالی کلچر		۱۹۸۲ء

(۱۵) مختصر تاریخ بنگلہ ادب (دو حصوں میں) وغیرہ

اعزازات انعامات: (۱) رابندر ناتھ ٹیگور انعام (حکومتِ مغربی بنگال) ۱۹۶۶ء
مادری زبان کے علاوہ دیگر زبان میں لکھنے پر محکمۂ تعلیم حکومتِ ہند)
۱۹۷۰ء اور ۱۹۸۰ء، تصانیف پر حکومتِ اتر پردیش اور اردو
اکادمی اتر پردیش کے انعامات ۱۹۷۴ء اور ۱۹۷۷ء بہار اردو
اکادمی، مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات، سند امتیازِ میر،
میر ایوارڈ آل انڈیا میر اکادمی ۱۹۸۵ء

بیدار، ڈاکٹر عابد رضا

والد کا نام: حامد رضا خاں
تاریخ پیدائش: ۴ر فروری ۱۹۳۴ء
پتہ: خدا بخش اورینٹل لائبریری پٹنہ (بہار)۔ ۸۰۰۰۰۴
تعلیم: ایم اے (اردو اور علومِ اسلامیہ)۔ پی ایچ ڈی اور ڈی لٹ
(ایشین اسٹڈیز) بی لب اور ایل ایل بی۔
مشاغل، ملازمت: ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری۔ پٹنہ
تصانیف: (۱) آزاد : ایک عظیم صحافی ۱۹۶۴ء
(۲) نثر کا حسن: میرے عہد کے صاحب طرز نثر نگار ۱۹۶۸ء
(۳) متاعِ فقیر (ڈاکٹر ذاکر حسین۔ حالات وخدمات) ۱۹۶۹ء
(۴) غالبیاتِ نو ۱۹۶۹ء
(۵) غالب کی عظمت ۱۹۶۹ء
(۶) اردو کے اہم ادبی رسالے اور اخبار ۱۹۶۹ء
(۷) قومی تہذیب اور ہندوستانی مسلمان۔ دو نظریے ۱۹۶۹ء

(۸) نئے اور پرانے چراغ ۱۹۶۹ء

(۹) نواب یوسف علی خاں ناظم ۱۹۷۰ء

(۱۰) ہندوستانی مسلمانوں کے ریفارم کے مسائل ۱۹۷۰ء

(۱۱) مثنوی تصویرِ محبت (داستان رام چند) ۱۹۷۸ء
مولفہ: میر شمس الدین فقیر دہلوی

(۱۲) صحف ابراہیم: تذکرۂ شعرائے فارسی (سدۂ ۱۹۷۸ء
دوازدہم)، مولفہ: علی ابراہیم خاں خلیل

(۱۳) شمس البیان فی مصطلحات الہندوستان ۱۹۷۹ء
مولفہ: مرزا جان طپش دہلوی

(۱۴) خدا بخش سیمنار: تدوین متن کے مسائل ۱۹۸۲ء

(۱۵) جدید غزل گو: ۱۹۸۱ کی ایک دستاویز ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، ایران، ترکی، سعودی عرب، ڈبئی، مصر، روس۔

بیکس، شاہ اشرف کشمیری (پیر محمد اشرف شاہ)

والد کا نام: پیر غلام محی الدین شاہ

تاریخِ پیدائش: ۲۷ دسمبر ۱۹۵۷ء، کہنہ کھن ڈلگیٹ کشمیر

پتہ: کہنہ کھن ڈلگیٹ سری نگر کشمیر ۱۹۰۰۱

تعلیم: میٹرک

مشاغل، ملازمت: ایک لکڑی فرم میں منیجر کی پوسٹ

تصانیف: حادثاتِ غم (ایک شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

اس کے علاوہ ایک اور مجموعہ شائع ہونے والا ہے

بیکل اتساہی (محمد شفیع خاں لودی)

والد کا نام: خان بہادر محمد جعفر خاں

تاریخ پیدائش: ۱۹ر جولائی ۱۹۲۸ء موضع گور رمواں پور (گونڈا)

پتہ: گیتا بخ۔ سول لائن۔ بلرام پور (گونڈا) ۲۷۱۲۰۱

تعلیم: انٹرنس۔ وشیش یوگتا۔ ویشارد (ہندی)۔ ادیب ماہر۔ کامل منشی۔ (اردو)

مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری اور سوشل ورک۔ ایم پی

تصانیف:

(۱) نغمۂ و ترنم (گیت اور غزل) ۱۹۵۷ء

(۲) نشاطِ زندگی (آں حضرت صلعم کی حیات اور تعلیمات کے بارے میں نظمیں) ۱۹۵۷ء

(۳) سرورِ جاوداں (مذہبی نظمیں) ۱۹۶۰ء

(۴) پروائیاں (غزلیں) ۱۹۷۶ء

(۵) کومل مکھڑے بیکل گیت (غزلیں اور گیت) ۱۹۷۶ء

(۶) اپنی دھرتی، چاند کا درپن (اردو اور ہندی میں) ۱۹۷۷ء

(۷) غزل سوامزی (جدید طرز کی غزلیں) ۱۹۸۴ء

(۸) دھرتی سدا سہاگن (گیت اور معرّا نظمیں) زیرِ طبع

بیرونی ممالک کا سفر: نیپال ۱۹۶۸ء، انگلستان، مغربی جرمنی، روم، قاہرہ، عراق، کویت ۱۹۶۹ء، سعودی عربیہ ۱۹۷۸ء، امریکہ اور کنیڈا ۱۹۸۰ء، پاکستان ۱۹۸۲ء وغیرہ

اعزازات، انعامات: ۱۹۵۵ء میں صدر جمہوریہ کے ہاتھوں راشٹریہ گیت ایوارڈ۔

۱۹۷۶ء میں پدم شری۔ ۱۹۷۷ء میں "پروائیاں" پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) اور ۱۹۸۰ء میں میر اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

بیگ احساس (ڈاکٹر محمد بیگ)

والد کا نام: مرزا خواجہ حسن بیگ

تاریخِ پیدائش: ۱۰ را گست ۱۹۴۸ء، حیدرآباد

پتہ: شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ۔ حیدرآباد۔ (آندھرا پردیش)

تعلیم: ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی

مشاغل۔ ملازمت: تدریس، افسانہ نگاری، کالم نویسی۔ فوٹوگرافی وغیرہ

تصانیف: (۱) خوشۂ گندم (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۰ء

(۲) کرشن چندر۔ شخصیت اور فن زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: خوشۂ گندم پر آندھرا پردیش اردو اکادمی (حیدرآباد) سے انعام ملا۔

بیگ، ڈاکٹر مرزا خلیل احمد

والد کا نام: مرزا علی احمد بیگ

تاریخ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۵ء، گورکھپور (یوپی)

پتہ: شعبۂ لسانیات، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۲

تعلیم: ایم۔ اے، پی ایچ۔ ڈی (علیگ)

مشاغل، ملازمت: تدریس۔

تصانیف: (۱) اردو کا المیہ (مرتبہ) ۱۹۷۳ء

(۲) اردو سابقے اور لاحقے ۱۹۷۹

(۳) زبان، اسلوب اور اسلوبیات ۱۹۸۳ء
(۴) اردو کی لسانی تشکیل ۱۹۸۵ء
(۵) اردو لفظ کا صوتیاتی اور تجزیاتی مطالعہ ۱۹۸۶ء
(ترجمہ و ترتیب)

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے ۱۹۸۳ء اور ۱۹۸۵ء میں انعامات ملے۔

پ

پاپا، محمد یوسف

والد کا نام: عظمت علی
تاریخِ پیدائش: یکم اپریل ۱۹۴۳ء، موضع بسڈیلا (بستی۔ یوپی)
پتہ: سی۔ ۲۴۔ جامعہ اسٹاف کوارٹرس۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم۔ ایس سی۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس اور شعر و شاعری
تصانیف: (۱) چلم نامہ
(۲) پاپا کی کنڈلیاں
(۳) دیوارِ قہقہہ
(۴) ساتویں اور نویں کلاس کی ریاضی کی کتابوں کا اردو میں ترجمہ

پتاما، مہندر پرتاپ

والد کا نام: بلدیو پرشاد
تاریخِ پیدائش: ۲/ جولائی ۱۹۲۹ء
پتہ: گنپت سہائے مہا ودیالیہ۔ سلطان پور (یوپی)
تعلیم: ایم۔ اے (تاریخ وسیاسیات) کاشی وشو ودیالیہ وارانسی (یوپی)
مشاغل، ملازمت: پرنسپل گنپت سہائے مہا ودیالیہ سلطان پور
تصانیف: (۱) نورجہاں (ڈرامہ) ۱۹۸۰ء
(۲) رضیہ "
خود فاضل مصنف کے بقول وہ بنیادی طور پر
ہندی کے ادیب ہیں اور ڈرامہ، ناول اور
شاعری میں ۱۸ کتابیں لکھی ہیں۔
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) نے "نورجہاں" پر انعام دیا۔
(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۳۳۹)

پٹواری، ویریندر کمار

والد کا نام: پنڈت پریم ناتھ پٹواری
تاریخِ پیدائش: ۱۱/ ۹ - ۱۹۴۰ء سری نگر کشمیر
پتہ: پریم کنج، بوڑی تالاب تلو جموں توی۔ ۱۸۰۰۰۲
تعلیم: بی اے (سیول)
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) فرشتے خاموش ہیں (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

(۲) آخری دِن (ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۳) دوسری کرن (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

(ڈاکٹر) پرکاش مونس

والد کا نام :
تاریخِ پیدائش : ۷ ستمبر ۱۹۱۱ء، سیوہارہ (بجنور۔ یوپی)
پتہ : ایڈوکیٹ سول لائن۔ بجنور (یوپی) ۲۴۶۷۰۱
تعلیم : ایم اے (ناگپور یونیورسٹی) ۱۹۵۰ء، ایل ایل بی، ۱۹۵۲ء۔
بی ایچ ڈی (آگرہ یونیورسٹی) ۱۹۷۱ء
مشاغل ملازمت : وکالت
تصانیف : اردو ادب پر ہندی ادب کا اثر ۱۹۷۸ء
(دستاویز صفحات: ۸۷ — ۸۸، ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، صفحہ ۲۸۵)

پروانہ ردولوی (سید میثم تمار)

والد کا نام : سید غلام اصغر ہاشمی
تاریخِ پیدائش : ۱۱ نومبر ۱۹۳۳ء (بارہ بنکی)
پتہ : ۱۔ ۱۷۸، شوا کنج۔ وشوا کرما نگر۔ شاہدرہ۔ دہلی ۱۱۰۰۳۲
۱۶۵۔ حوض رانی۔ مالویہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۷
تعلیم : بی۔اے
مشاغل ملازمت : ۱۹۶۷ء سے روزنامہ پرتاپ (نئی دہلی) سے وابستہ ہیں اور سنڈے ایڈیشن، افسانہ ایڈیشن اور فلم ایڈیشن کی ترتیب کے فرائض انجام دیتے ہیں۔

تصانیف: (۱) کربلا سے کوفہ تک   (تاریخ)
(۲) شاہنامہ کربلا   (نظم)
(۳) ویرانی نہیں جاتی   (ناول)
(۴) آزمائش   "

اعزازات، انعامات: ماتر شری ایوارڈ (دوبار) اردو صحافت کے لیے۔ سوسائٹی آف سینے گوئرز ایوارڈ (دوبار) فلم جرنلزم کے لیے۔

پرویز، سید فاضل حسین

والد کا نام: سید لیاقت حسین
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر جون ۱۹۶۱ء، حیدرآباد
پتہ: آرٹی ۲/۵، سعید آباد کالونی۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۶۵۹
تعلیم: بی ایس سی۔ بی سی جے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: صحافت
تصانیف: (۱) ظہیرالدین ۔ کرکٹ کا شہزادہ   ۱۹۸۵ء

پرویز، محمد یامین

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲۶ر جون ۱۹۴۶ء، دہلی
پتہ: ۱۱۱۳۔ کوچہ فولاد خاں۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲
تعلیم: ایم اے (اردو) دہلی یونیورسٹی

مشاغل/ملازمت : ملازمت

تصانیف: (۱) سوکھا ہوا پھول (ایک ناول کا ترجمہ)

(۲) قدیم ہندوستان (ترجمہ) ۱۹۷۶ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۴۵۲)

(ڈاکٹر) پروین رخسانہ

والد کا نام : نواب محمد اعانت اللہ خاں

تاریخِ پیدائش : ۱۰ مارچ ۱۹۴۶ء، حیدرآباد

پتہ : لکچرر، شعبۂ تاریخ۔ گلبرگہ یونیورسٹی۔ گلبرگہ (کرناٹک) ۵۸۵۱۰۱

تعلیم : ایم اے (تاریخ)۔ ایم ایڈ (تعلیم) پی ایچ ڈی (تاریخ) بھوشن (ہندی)

مشاغل/ملازمت: لکچرر تاریخ

تصانیف: (۱) اسلامی علوم کی ترویج میں جامعہ نظامیہ حیدرآباد کا حصّہ ۱۹۷۰ء

(۲) عہدِ آصف جاہی میں علوم و معارف کا ارتقا ۱۹۷۶ء

(۳) عالمی امن کی تلاش میں (مجموعۂ مضامین) ۱۹۸۳ء

پریم گوپال متّل

والد کا نام : گوپال متّل

تاریخِ پیدائش: ۹ ستمبر ۱۹۳۸ء، سنام (پٹیالہ) پنجاب

پتہ : موڈرن پبلشنگ ہاؤس ۹۔ گولا مارکیٹ۔ دریا گنج. نئی دہلی-۲-۱۱۰۰۰۲

تعلیم: ایم۔ اے (پولیٹیکل سائنس)

مشاغل، ملازمت، اردو کتب کی طباعت و اشاعت کا نجی کاروبار۔

تصانیف: (۱) شیرازہ (ترتیب و تدوین بہ اشتراک مخمور سعیدی) ۱۹۷۲ء

(۲) نام بہ نام (ترتیب) ۱۹۷۴ء

(۳) گلاگ مجمع الجزائر۔ ترجمہ (جلد اوّل) ۱۹۷۵ء

(۴) بسمل سعیدی، شخص و شاعر (ترتیب و تدوین بہ اشتراک گوپال متل، مخمور سعیدی) ۱۹۷۶ء

(۵) منٹو۔ شخصیت اور فن (ترتیب و تدوین) ۱۹۸۰ء

(۶) سزا (اڑیا ناول) ترجمہ ۱۹۸۱ء

اعزازات، انعامات: (۱) اردو اکادمی دہلی (۲) مغربی بنگال اردو اکادمی، کلکتہ (۳) فیڈریشن آف انڈین پبلشرز۔ دہلی (۴) پنجابی پردیش اردو ساہتیہ سنگم، دہلی کے ایوارڈ

پیام فتحپوری (محمد اسلام)

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۳ء، قصبہ للولی۔ ضلع فتحپور (یوپی)

پتہ: ۸۸/۲۵۰ ہمایوں باغ۔ کانپور

تعلیم: اسکول کی سطح پر اردو اور فارسی کی تعلیم

مشاغل، ملازمت: معلمی

تصانیف: (۱) لالہ زار ۱۹۵۸ء

(۲) بادشاہِ شبانہ ۱۹۶۹ء

(۳) ابرو باد ۱۹۷۳ء

اعزازات/انعامات: 'ابرو باد' پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے ۱۹۷۴ء میں انعام ملا۔
(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۹۳)

پیکر جعفری اترولوی (ڈاکٹر سید صفدر عادل)

والد کا نام: سید منظور حسین جعفری

تاریخِ پیدائش: ۱۰/جولائی ۱۹۴۳ء، اترولہ (ضلع گونڈہ۔ یوپی)

پتہ: ڈی۔۴۔۸۴۔ ایل ڈی اے کالونی۔ عیش باغ لکھنؤ۔(یوپی)۲۲۶۰۰۴

تعلیم: ادیب کامل (جامعہ اردو علی گڑھ) دبیر ماہر (لکھنؤ یونیورسٹی) ایف ایم بی ایس (طبیہ کالج لکھنؤ)

مشاغل/ملازمت: ذاتی مطب اور شعر و شاعری و تصنیف و تالیف

تصانیف:
(۱) پیکرِ عزا (سلاموں و نوحوں کا مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۲) مناجات (مختصر رسالہ) ۱۹۷۵ء
(۳) آوازِ کربلا (مسلسل نظم) ۱۹۸۲ء
(۴) پیکرِ غم (سلاموں و نوحوں کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

ت

* تاباں، غلام ربّانی

والد کا نام: جان عالم

ریخ پیدائش: ۱۵ر فروری ۱۹۱۴ء پتورا، فرخ آباد - (وفات ۷ر فروری ۱۹۹۳ء ذاکر نگر نئی دہلی)

: ۲۲۰ - ذاکر نگر - جامعہ نگر - نئی دہلی - ۱۱۰۰۲۵

یلیم: بی اے (سینٹ جونس کالج آگرہ) ایل ایل بی (آگرہ کالج۔ آگرہ)

شاغل، ملازمت: مکتبہ جامعہ (نئی دہلی) سے ریٹائر ہونے کے بعد شعرو شاعری اور ترجمہ

مانیف:

(۱) سازِ لرزاں	(مجموعہ کلام)	۱۹۵۰ء
(۲) حدیثِ دل	"	۱۹۶۰ء
(۳) ذوقِ سفر	"	۱۹۷۰ء
(۴) نوائے آوارہ	"	۱۹۷۶ء

(۵) ہوا کے دوش پر (ریڈیائی تقاریر کا مجموعہ اور کچھ خاکے)

مذکورہ بالا کتابوں کے علاوہ انگریزی سے بہت سی کتابوں کے ترجمے کیے ہیں جن میں سے حسبِ ذیل کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

(۱) جدّو جہدِ آزادی (۲) جدو جہدِ آزادی میں مرکزی مجلس قانون ساز کا رول (۳) ہندوستان کی معاصر قوم پرستی کا آغاز

(۴) ہندوستان کی معاشی تاریخ (حصہ اوّل و دوم)

(۵) گزیٹیر آف انڈیا (حصہ دوم)

انگریزی مضامین کا ایک مجموعہ: "پوئیٹیکس ٹو پالیٹکس" کے نام سے پریس میں ہے۔

ونی ممالک کا سفر: کئی مرتبہ سوویت یونین کا سفر کیا، اس کے علاوہ یورپ کے اور کچھ مشرقِ وسطیٰ کے ممالک کا دورہ کیا۔

ازات، انعامات: (۱) ۱۹۷۱ء میں پدم شری کا خطاب ملا مگر ۱۹۷۸ء میں واپس کر دیا (۲) ۱۹۷۳ء میں سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ اور ۱۹۷۹ء میں ساہتیہ اکادمی ایوارڈ ملے۔

(۳) یو پی اردو اکادمی (لکھنؤ) نے متعدد انعامات دیے۔

تاجر، عبدالمنان

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۴ء، سیتامڑھی (بہار)

پتہ: مہسول چوک۔ ضلع سیتامڑھی (بہار) ۸۴۳۳۰۱

تعلیم: بی۔ اے، ۱۹۶۵ء

مشاغل، ملازمت: تجارت اور سوشل ورک

تصانیف: (۱) وطن (ناول) ۱۹۷۵ء

(۲) نشیب و فراز (〃) ۱۹۸۱ء

اعزازات، انعامات: "وطن" پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا۔

(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۹۵)

تسکین زیدی (جان زیدی)

والد کا نام: نہال زیدی

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر ستمبر ۱۹۴۲ء، قصبہ سرسی (مرادآباد یوپی)

پتہ: ۱۲/۵۴۷ گوالٹولی کانپور۔ ۲۰۸۰۰۱

تعلیم: ایم۔ اے (سائیکالوجی۔ پولیٹیکل سائنس) بی۔ لب (علی گڈھ)

مشاغل، ملازمت: لائبریرین (پی۔پی۔ این پوسٹ گریجویٹ کالج کانپور)

تصانیف: فصیل (افسانے) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی نے انعام دیا۔

تسنیم فاروقی (احمد عتیق الحق فاروقی)

والد کا نام: قاری محمد سعید الحق فاروقی
تاریخِ پیدائش: ۶ر نومبر ۱۹۳۸ء، بسواں (سیتاپور۔ یوپی)
پتہ: تلسی داس مارگ۔ نزد ہسپتال۔ وکٹوریہ گنج۔ لکھنؤ (یوپی)
۲۲۶۰۰۴۔
تعلیم: وِشارد (ہندی)۔ دبیر کامل (فارسی) لکھنؤ یونیورسٹی۔ ایم اے
(اردو) لکھنؤ یونیورسٹی۔ ایم فل
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری اور نجی طور پر طالب علموں کو پڑھانا
تصانیف:
(۱) ترکش (قومی نظمیں) ۱۹۶۰ء
(۲) اجالے ۱۹۶۴ء
(۳) سبز آسمان ۱۹۶۶ء
(۴) محراب ۱۹۶۷ء
(۵) مینار ۱۹۷۰ء
(۶) موسموں کا وطن (قومی نظموں کا مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۷) اسمِ اعظم (نعتوں کا مجموعہ) ۱۹۷۸ء
(۸) تسبیح ۱۹۸۰ء
(۹) بوند بوند اجالے (نظمیں اور قطعات) ۱۹۸۳ء
(۱۰) صاد ۱۹۸۴ء
(۱۱) دھرتی کے نام (سیاسی، قومی اور شخصیاتی نظمیں) ۱۹۸۵ء
(۱۲) شمیم حرم ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) اور میر اکادمی (لکھنؤ) وغیرہ سے
انعامات ملے۔

تشنہ، ڈاکٹر یوگندر بہل

والد کا نام: سردار سنت سنگھ بہل
تاریخِ پیدائش: ۲۷ر نومبر ۱۹۲۸ء، نوشہرہ (پشاور پاکستان)
پتہ: ۱۶۲۰ بہادر گڈھ روڈ۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: بی۔ ایس سی۔ ایم بی اے ایس۔ پی پی سی و پی سی ڈی (یو ایس اے) ایف ای ایس آئی۔
مشاغل، ملازمت: کاروبار (پیسٹی سائیڈز وغیرہ)
تصانیف: (۱) بھیم سین ظفر ادیب (مختصر تذکرہ) ۱۹۸۶ء
(۲) پیسٹ مینجمنٹ پریکٹز ۱۹۸۴ء
(۳) ان ٹیگریٹڈ پیسٹ مینجمنٹ ۱۹۸۶ء

ث

ثاقب، شہاب الدین

والد کا نام: محمد ہاشم
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر فروری ۱۹۵۷ء (ضلع سیوان)
پتہ: شعبۂ اردو۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڈھ ۔ ۲۰۲۰۰۲
تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر، مسلم یونیورسٹی
تصانیف: (۱) انتخاب رشید احمد صدیقی ۱۹۸۳ء
(۲) بابائے اردو مولوی عبدالحق۔ حیات اور علمی خدمات، ۱۹۸۵ء

(پروفیسر) ثریا حسین

والد کا نام: سید عبدالوحید

تاریخِ پیدائش: ۲۵ ر دسمبر ۱۹۲۵ء (علی گڑھ۔ یوپی)

پتہ: پروفیسر شعبۂ اردو، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

تعلیم: ایم۔ اے (اردو اور فارسی)، بی ایڈ، ایل ایل بی (علی گڑھ مسلم یونیورسٹی)
ڈاکٹر آف لٹریچر (سوربون یونیورسٹی، پیرس)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس / تصنیف و تالیف

تصانیف:
(۱) گارسین دتاسی۔ حیات اور اس کی تصانیف کا تنقیدی تجزیہ (بہ زبان فرانسیسی) ۱۹۶۲ء
(۲) جمالیات اور ادب ۱۹۷۹ء
(۳) جمالیاتِ شرق و غرب ۱۹۸۳ء
(۴) مولیئر اور اس کے دو ڈرامے ۱۹۸۳ء
(۵) پیرس و پارس (سفرنامہ) ۱۹۸۴ء
(۶) سید سجاد حیدر یلدرم (ترتیب) ۱۹۸۴ء
(۷) انتخابِ یلدرم ۱۹۸۴ء
(۸) گارسین دتاسی۔ اردو خدمات، علمی کارنامے ۱۹۸۴ء
(۹) حسرت موہانی (ترتیب) ۱۹۸۵ء
(۱۰) اردو غزل " ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: فرانس، انگلستان، ایران، شرقِ اوسط

اعزازات، انعامات: ممبر منتخب ایشیاٹک سوسائٹی، پیرس۔ نیز یوپی اردو اکادمی اور میر اکادمی لکھنؤ سے انعام اور سند ملی۔

(ڈاکٹر) ثمینہ شوکت

والد کا نام : سید منہاج الدین شوکت

تاریخِ پیدائش : ۱۹ر جون ۱۹۳۲ء، گلبرگہ (کرناٹک)

پتہ : بیت ثمین۔ ۲/۸-۱۱-۲-۲۔ تلک نگر۔ حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۴۴

تعلیم : ایم اے (۱۹۵۶ء) پی ایچ ڈی (عثمانیہ) ۱۹۵۹ء

مشاغل، ملازمت : درس و تدریس اور تصنیف و تالیف

تصانیف : (۱) شکار نامہ حضرت بندہ نواز

(۲) کلیاتِ لطف

(۳) مثنویِ لطف

(۴) ماہ لقا (پہلی خاتون شاعرہ)

(۵) حیاتِ لطف

(۶) مہاراجہ چندو لال شاداں اور حیدر آباد کا سیاسی و سماجی پس منظر

اعزازات، انعامات : آخری کتاب پر یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے ۱۹۸۰ء میں انعام ملا۔

(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۹۷)

ج

* جاوید وششٹ (ڈاکٹر شیو پرشاد وششٹ)

والد کا نام: پنڈت رام چندر وششٹ

تاریخِ پیدائش: ۵ر جون ۱۹۲۰ء (سرٹیفکٹ کے مطابق) ۲۶ر ستمبر ۱۹۲۰ء (بہ مطابق جنم پتری)، فتحپور، بلوچ، ہریانہ۔ (وفات: ۳۰ر جنوری ۱۹۹۴ء فتحپور، بلوچ)

پتہ: وششٹ آشرم۔ فتحپور بلوچ۔ فرید آباد (ہریانہ) ۱۲۱۰۰۱

تعلیم: ایم اے (اردو)، دہلی کالج دہلی، ۱۹۵۰ء۔ پی ایچ ڈی، جامعہ ملیّہ اسلامیہ، ۱۹۷۸ء

مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری اور تصنیف و تالیف۔ فی الحال سکریٹری ہریانہ اردو اکادمی۔ فرید آباد

تصانیف:
(۱) شعلۂ تشنگی (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۳ء
(۲) قصۂ حسن و دل (ملّا وجہی) ۱۹۶۵ء
(۳) غزالِ رعنا (انتخاب غزلیاتِ محمد قلی) ۱۹۶۸ء
(۴) روپ رس (محمد قلی کی رومانی شاعری کا انتخاب) ۱۹۷۰ء
(۵) ملّا وجہی کے انشائیے ۱۹۷۲ء
(۶) سب رس کا قصۂ حسن و دل (ملّا وجہی) ۱۹۷۳ء
(۷) ایک تبسم ایک نظر (انتخابِ غزلیات) ۱۹۷۷ء
(۸) ملّا وجہی ۱۹۸۴ء
(۹) انشائیہ پچیسی (انشائیوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

تقریباً ۶ کتابیں منتظرِ اشاعت ہیں۔

اعزازات، انعامات: ہریانہ اردو اسٹیٹ ایوارڈ (۷۴۔۱۹۷۳ء)۔ اتر پردیش اردو اکادمی انعام (۱۹۷۸ء)، اتر پردیش راجیہ بھاشا پرسکار (۱۹۷۳ء)

جائسی، ڈاکٹر کبیر احمد

والد کا نام: ظہیر احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۶ر نومبر ۱۹۳۶ء، جائس (ضلع رائے بریلی۔ یوپی)
پتہ: ریڈر، ایرانین اسٹڈیز، ڈیپارٹمنٹ اسلامک اسٹڈیز، علی گڈھ مسلم یونیورسٹی، علی گڈھ۔
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس، تصنیف و تالیف
تصانیف:

(۱) نقوشِ فانی	۱۹۵۸ء
(۲) مولانا عبدالسلام ندوی کی یادیں	۱۹۵۹ء
(۳) درسِ فارسی	۱۹۶۷ء
(۴) صحرا صحرا	۱۹۶۹ء
(۵) بازگشت	۱۹۷۵ء
(۶) تاریخی اور علمی مقالات (انگریزی سے ترجمہ)	۱۹۷۶ء
(۷) تاریخ ادبیات تاجیکستان 〃 〃	۱۹۷۷ء
(۸) آذری (فارسی سے ترجمہ)	۱۹۷۸ء
(۹) علامہ اقبال مصلحِ قرنِ آخر 〃	۱۹۸۲ء
(۱۰) محمد اقبال (تاجیکی سے ترجمہ)	۱۹۸۳ء
(۱۱) ذبیح اللہ صفا ـــ حیات اور کارنامے	۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: صحرا صحرا، بازگشت، تاریخ ادبیات تاجیکستان اور علامہ اقبال مصلحِ قرنِ آخر پر اتر پردیش اردو اکادمی نے انعامات دیے۔

جعفر عباس (سید جعفر عباس رضوی)

والد کا نام: سید احتشام حسین رضوی
تاریخِ پیدائش: ۷؍اپریل ۱۹۴۳ء، ماہل (اعظم گڈھ۔یوپی)
پتہ: ۱۔ نوراللہ روڈ۔ الہ آباد (یوپی)
تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس۔ شعبۂ اردو الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد
تصانیف: ٹوٹتے لمحوں کا کرب (ناول) ۱۹۷۴ء

جعفر ملیح آبادی

والد کا نام: شاؔد ملیح آبادی
تاریخِ پیدائش: یکم رمضان المبارک، ۲۶ ۱۹ء، ملیح آباد
پتہ: امیرالدولہ گیٹ۔ عبدالعزیز روڈ۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری
تصانیف: (۱) مرد کی زبان (ریڈیائی ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۲) سنگ و آہنگ (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۶ء
(۳) گویا صاحبِ سیف و قلم (انیسویں صدی کے مشہور سالار اودھ اور بلند پایہ ادیب شاعر نواب فقیر محمد خاں) ۱۹۷۸ء
(۴) میری نظمیں، میرے گیت (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعام: یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔
(دستاویز (لکھنؤ) صفحات: ۱۰۱-۱۰۳)

جعفری، سیّد علی حیدر

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۷ء، چندن پٹی (ضلع دربھنگہ۔ بہار)

پتہ: اجمل خاں طبیّہ کالج۔ اے ایم یو (مسلم یونیورسٹی) علی گڈھ (یوپی)

۲۰۲۰۰۱

تعلیم: الہ آباد بورڈ اور لکھنؤ یونیورسٹی کے عربی اور فارسی کے امتحانات دیے اور تکمیل الطب کالج لکھنؤ سے طب کی تعلیم حاصل کی۔

مشاغل، ملازمت: ڈیماسٹریٹر اجمل خاں طبیّہ کالج علی گڈھ

تصانیف: (۱) تاریخِ طب و اطبائے قدیم ۱۹۷۶ء

(۲) کتاب الحیات ۱۹۷۹ء

(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۱۰۴)

جگر جالندھری (دھرم پال مرواہا)

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۸؍ جنوری ۱۹۳۵ء، سارنگ ویو (امرتسر۔ پنجاب)

پتہ: مرواہا کاٹیج۔ اسٹریٹ نمبر ۶۔ گربخش کالونی۔ پٹیالہ

تعلیم: بی اے اور ادیب فاضل (پنجاب یونیورسٹی) ایل ایل بی

مشاغل، ملازمت: پنجاب راج بجلی بورڈ میں بطور لاآفیسر

تصانیف: (۱) سوزِ جگر (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء

(۲) لختِ جگر ″ ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: دوسرے مجموعے پر یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے ۱۹۸۰ء

میں انعام ملا۔

(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۱۰۵)

(مولانا سیّد) جلال الدین عمری

والد کا نام: سیّد حسین عرف باشاہ

تاریخِ پیدائش: تقریباً ۱۹۳۸ء، موضع پٹنگرم (شمالی آرکاٹ۔ مدراس)

پتہ: ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی پان والی کوٹھی۔ دودھ پور۔ علی گڈھ

تعلیم: فارغ جامعہ دارالسلام عمر آباد۔ منشی فاضل (مدراس یونیورسٹی)
بی۔ اے (صرف انگریزی (مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)

تصانیف:

(۱) انسان اور اس کے مسائل	۱۹۶۰ء
(۲) عورت اسلامی معاشرہ میں	۱۹۶۱ء
(۳) خدا اور رسول کا تصوّر اسلامی تعلیمات میں	۱۹۶۵ء
(۴) معروف و منکر	۱۹۶۷ء
(۵) اسلام کی دعوت	۱۹۶۹ء
(۶) عورت اور اسلام	۱۹۷۹ء
(۷) مسلمان خواتین کی دعوتی ذمّہ داریاں	۱۹۸۳ء

جلیس نجیب آبادی (اسلام الدین)

والد کا نام: سراج الدین

تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۷ء، نجیب آباد

پتہ: پٹھان پورہ۔ نجیب آباد (یوپی)

تعلیم: انٹرمیجیٹ۔ ادیب کامل
مشاغل، ملازمت: ملازمت بحثیت انسپکٹر میونسپل بورڈ، نجیب آباد
تصانیف: (۱) شہرِ خیال (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء
(۲) موسم موسم 〃 ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعامات: دونوں شعری مجموعوں پر یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے انعامات ملے
(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۱۰۷)

جلیلی، علی احمد

والد کا نام: جلیلؔ مانکپوری (فصاحت جنگ جلیل)
تاریخِ پیدائش: ۲۲/ جون ۱۹۱۵ء حیدر آباد (دکن)
پتہ: جلیل منزل۔ ۴-۳۴-۱-۲۲- محلہ سلطان پورہ۔ حیدر آباد (اے پی)
۵۰۰۰۲۴
تعلیم: ایم۔ اے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: لکچرر اردو (ریٹائرڈ) شاعری، تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) نقشِ قدم (شعری مجموعہ) ۱۹۷۰ء
(۲) شہرِ تمنا 〃 ۱۹۷۷ء
(۳) اندھیرے اجالے 〃 ۱۹۸۱ء
(۴) مکاتیبِ جلیل (تدوین) ۱۹۸۲ء
(۵) نئی غزل میں منفی رجحانات (تنقید) ۱۹۸۴ء
(۶) انتخاب کلام جلیل (تدوین) ۱۹۸۵ء
(۷) کائناتِ جلیل 〃 ۱۹۸۵ء
(۸) القرآن (ترجمہ) ۱۹۸۶ء

ت،انعامات: اردو اکادمی آندھرا پردیش سے دو تصانیف پر انعامات حاصل کیے۔
حکومتِ آندھرا پردیش کی طرف سے کئی مرتبہ "سنمانم" پانے کا
اعزاز حاصل ہوا۔

جمال اسلم/اسلم شاہ (ڈاکٹر سید جمال الدین)

ا نام: سید احمد الدین
یخ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۵۰ء، مارہرہ (ضلع ایٹہ۔ یوپی)
۳۸۱/۷ ذاکر نگر، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
: ایم اے، پی ایچ ڈی (تاریخ) جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی
عل، ملازمت: درس و تدریس
نیف: سلاطینِ دہلی کے سیاسی نظریات
(انگریزی سے ترجمہ) ۱۹۷۹ء

جمیل، حکیم ڈاکٹر جمیل احمد رامپوری

ر کا نام: عبدالحفیظ
یخِ پیدائش: ۱۴ر مئی ۱۹۴۷ء، رام پور منھیاران (سہارنپور۔ یوپی)
: محلہ پیپل تلہ۔ رام پور منھیاران۔ سہارنپور (یوپی)
: میٹرک۔ ادیب کامل۔ ڈی یو ایم (ڈپلوما)
ا غل، ملازمت: مطب اور شعر و شاعری
انیف: جدید اسباب الامراض اور معالجات ۱۹۸۵ء
ازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی سے انعام ملا۔

جمیل شیدائی (محمد جمیل الدین)

والد کا نام: شید احمد
تاریخِ پیدائش ۱۶, فروری ۱۹۴۳ء حیدرآباد
پتہ: اے ۴۔ آئی ڈی اے۔ اُپل۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۳۹
تعلیم: بی ایس سی۔ ڈپلوما اِن اِنڈسٹریل کیمسٹری
مشاغل، ملازمت: پلانٹ سپرنٹنڈنٹ۔ حیدرآباد
تصانیف: لبِ گفتار (ڈراموں کا مجوعہ) ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی حیدرآباد سے انعام ملا۔

جمیل نظام آبادی (محمد عبدالباری)

والد کا نام: شیخ احمد
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۹ء، نظام آباد (اے پی)
پتہ: معرفت "گونج" ہفتہ وار ۶-۳-۴ عقب پکچر پیلس نظام آباد ۵۰۳۰۰۱
تعلیم: پی۔یو۔سی (پری یونیورسٹی کورس عثمانیہ) ادیب کامل (جامعہ ملی گڑھ)
اردو عالم (ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد)
مشاغل، ملازمت: صحافت (مدیر ہفتہ وار "گونج" نظام آباد)
تصانیف: (۱) سلگتے خواب (شعری مجموعہ) ۱۹۷۸ء
(۲) تجدیدِ آرزو " ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: قیصر ٹرو فی ایوارڈ (منجانب بزم تحریک قلم ہمنکنڈہ ورنگل) برائے اردو خدمات
مومنٹوز منجانب لائنس کلب آف اندور (نظام آباد) برائے بہترین اردو شاعر۔

جمیلہ نشاط

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۵؍مارچ ۱۹۵۵ء، حیدرآباد
پتہ: ۱۹/۳ آرٹی (ایچ جی ایچ) وجے نگر کالونی۔ حیدرآباد (اے پی)
تعلیم: بی ایس سی۔ ایم اے۔ بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: اسکول ٹیچر
تصانیف: لاوا

جوگندر پال

والد کا نام: لعل چند سیٹھی
تاریخِ پیدائش: ۵؍ستمبر ۱۹۲۵ء (سرٹیفکٹ کے مطابق) ۲؍اپریل ۱۹۲۵ء
پتہ: مندا کنی انکلیو۔ کالکاجی۔ نئی دہلی ۱۹۰۰۱۱
تعلیم: بی اے دمَرے کالج سیالکوٹ، ۱۹۴۵ء ایم اے (انگریزی)
دورانِ ملازمت ۱۹۵۵ء
مشاغل، ملازمت: ریٹائرمنٹ کے بعد کل وقتی تحریر و تصنیف
تصانیف: (۱) دھرتی کا کال (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۱ء
(۲) میں کیوں سوچوں (چھ افسانے اور چند افسانچے) ۱۹۶۲ء
(۳) ایک بوند لہو کی (ناول) ۱۹۶۲ء
(۴) رسائی (۸ طویل مختصر افسانے) ۱۹۶۹ء
(۵) مٹی کا ادراک (تیرہ افسانے) ۱۹۷۰ء

(۶) سلوٹیں (افسانچے) ۱۹۷۵ء
(۷) آمد ورفت (ناولٹ) 〃
(۸) بیانات 〃 〃
(۹) لیکن (بیس افسانے) ۱۹۷۷ء
(۱۰) بے محاورہ (۲۴ افسانے) ۱۹۷۸ء
(۱۱) بے ارادہ (۲۳ 〃) ۱۹۸۱ء
(۱۲) نادید (ناول) ۱۹۸۲ء
(۱۳) پریم چند کی کہانیاں (انتخاب اور دیباچہ) ۱۹۸۴ء

ان کے علاوہ پنجابی زبان میں کہانیوں کے تین مجموعے اور ۱۹۸۳ء میں انگریزی میں ایک سفر نامہ شائع ہوا۔

بیرونی ممالک کا سفر: نیروبی (ایسٹ افریقہ) اور پاکستان وغیرہ

اعزازات انعامات: یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۷۸ء اور میر اکادمی لکھنؤ سے ۱۹۸۳ء میں انعامات ملے اور اترپردیش ہندی اردو ایوارڈ کمیٹی لکھنؤ کا اردو ایوارڈ برائے ۱۹۸۳ء ملا۔

جوہر امیٹھوی (مظہر الحق)

والد کا نام: نور الحق
تاریخ پیدائش: ۴ مئی ۱۹۴۷ء قصبہ امیٹھی، ضلع لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ہوادار منزل مولوی گنج۔ لکھنؤ۔
تعلیم: بی۔کام، ایل ایل۔بی
مشاغل، ملازمت: اسسٹینٹ پرزیڈنگ افسر، یوپی پبلک سروسز ٹرابیونل لکھنؤ کے عہدہ پر فائز۔

تصانیف: (۱) مہکتے لفظ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۲ء
(۲) آئینہ " ۱۹۸۸ء

اعزازات،انعامات: آل انڈیا ہندی اردو سنگم نے ۱۹۸۸ء میں غزل ایوارڈ سے نوازا۔

جی ایم شاد (ایس غلام محمد)

والد کا نام: خواجہ عبدالرحمان
تاریخِ پیدائش: ۱۷/ جنوری ۱۹۳۸ء، کانٹھ پیر آستان۔ سری نگر کشمیر
پتہ: بیت العارفین۔ سید قطب کالونی۔ بیج بہارا کشمیر ۱۹۲۱۲۴
تعلیم: ایم اے ہسٹری، ایل ایل بی، ڈپلوما ان پبلک اسپیکنگ اینڈ پارلیمینٹری پریکٹس (منشی فاضل فارسی)
مشاغل،ملازمت: نادر و نایاب مخطوطات، سکّہ جات، ٹراکوٹاز، ڈاک ٹکٹ نایاب کتب جمع کرنا، تاریخ کشمیر کے بارے میں بڑا ذخیرہ جمع کیا ہے۔ ساڑھے تین سو مخطوطے اور چار ہزار کتب جمع کی ہیں۔ استاد تاریخ۔ گورنمنٹ کے مختلف کالجوں میں۔

تصانیف: (۱) تنویرِ فاراں ۱۹۵۷ء
(۲) کلیاتِ ناظم ۱۹۶۷ء
(۳) لوک اور تاریخ کا باہمی رشتہ ۱۹۶۸ء
(۴) منظوم ترجمہ ایش اپنشد (کشمیری) ۱۹۷۷ء
(۵) قندپارسی (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۷۹ء
(۶) تصوّف۔ تاریخ، ارتقا، تعارف ۱۹۸۳ء
(۷) مختصر تاریخ کشمیر ۱۹۸۴ء

جین، پروفیسر گیان چند

والد کا نام: لالہ بحال سنگھ

تاریخ پیدائش: ۱۹ ستمبر ۱۹۲۲ء، سیوہارہ (ضلع بجنور۔ یوپی)

پتہ: پروفیسر اردو، یونیورسٹی آف حیدرآباد۔ حیدرآباد ۵۰۰۰۱۰

تعلیم: ایم اے (اردو۔ سوشیالوجی) ڈی فل۔ ڈی لٹ (اردو)

تصانیف:

(۱) اردو کی نثری داستانیں ۱۹۵۴ء

(۲) تحریریں ۱۹۶۴ء

(۳) اردو مثنوی شمالی ہند میں ۱۹۶۹ء

(۴) تفسیرِ غالب ۱۹۷۲ء

(۵) لسانی مطالعے ۱۹۷۳ء

(۶) تجزیے ۱۹۷۳ء

(۷) رموزِ غالب ۱۹۷۶ء

(۸) حقائق ۱۹۷۸ء

(۹) ذکر و فکر ۱۹۸۱ء

(۱۰) عام لسانیات ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان، امریکہ، کناڈا۔

اعزازات، انعامات: مختلف اکادمیوں سے جملہ نو انعامات جن میں غالب ایوارڈ ۱۹۷۴ء، ساہتیہ اکادمی ایوارڈ ۱۹۸۲ء اور اعزازِ میر ایوارڈ (میر اکادمی، لکھنؤ) قابلِ ذکر ہیں۔

چ

چاند، مہندر پرتاپ

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۳۵ء (ضلع مظفر گڑھ۔ پاکستان)
پتہ: اسسٹنٹ لائبریرین۔ کروکشیتر یونیورسٹی۔ کروکشیتر ۱۳۲۱۱۹
تعلیم: ایم اے (اردو پنجاب یونیورسٹی) ایم لب (دہلی یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: لائبریرین
تصانیف: (۱) حرفِ راز (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۴ء
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۳۸۳)

چاولہ، ہرچرن داس

والد کا نام: کیول رام
تاریخِ پیدائش: ۳ر نومبر ۱۹۲۵ء (سرٹیفکٹ کے مطابق) ۹ر جون ۱۹۲۶ء
پتہ: ۳/۴ کالکاجی ایکسٹنشن، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۹
تعلیم: گریجویٹ (پنجاب یونیورسٹی۔ چنڈی گڑھ۔ ۱۹۵۶ء)
مشاغل، ملازمت: لائبریرین، اوسلو پبلک لائبریری، ناروے
تصانیف: (۱) درندے (ناول) ۱۹۶۸ء
(۲) دی بروکن ہورائیزن (انگریزی میں افسانے) ۱۹۷۴ء
(۳) عکس آئینے کے (افسانے) ۱۹۷۵ء

(۴) ریت سمندر اور جھاگ (افسانے) ۱۹۸۰ء

(۵) چراغ کے زخم (ناول) "

(۶) آخری قدم سے پہلے (ہندی افسانے) ۱۹۸۳ء

(۷) بھٹکے ہوئے لوگ (ناول) ۱۹۸۴ء

(۸) پانی دی عورت (پنجابی افسانے) ۱۹۸۵ء

(۹) ننھی جل پری (بچوں کے لیے ڈنمارک کی مشہور کہانیوں کا ترجمہ)

بیرونی ممالک کا سفر: عراق، لبنان، مغربی جرمنی، ڈنمارک، سویڈن، فرانس، سوئٹزرلینڈ، ہالینڈ، بلجیم، روس، انگلستان، پاکستان، آسٹریلیا، امریکہ۔

اعزازات، انعامات: "عکس آئینے کے" اور "ریت سمندر اور جھاگ" پر یوپی اردو اکادمی اور میر اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

ح

(پروفیسر سیّد) حامد حسین

والد کا نام: سیّد محمود حسین

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۲۵ء بھوپال (ایم پی)

پتہ: ای۔ ۲/۱۸۴ پروفیسرز کالونی۔ بھوپال (ایم پی) ۴۶۲۰۰۲

تعلیم: ایم اے (انگریزی) ۱۹۵۷ء۔ پی ایچ ڈی (انگریزی) ۱۹۶۳ء آگرہ یونیورسٹی پوسٹ گریجویٹ سرٹیفکٹ ان ٹیچنگ آف انگلش، ۱۹۷۵ء ڈپلوما روسی زبان ۱۹۷۷ء سرٹیفکٹ جرمن زبان، ۱۹۶۹ء سرٹیفکٹ سنسکرت زبان، ۱۹۷۱ء، ادیب کامل ۱۹۵۳ء

مشاغل، ملازمت: پروفیسر انگریزی، گورنمنٹ موتی لال وگیان مہاودیالہ۔ بھوپال۔

تصانیف: (۱) اردو شاعری میں مستعمل تلمیحات و مصطلحات (لغت) ۱۹۷۷ء

(۲) اردو ترجمہ اسرارِ خودی (ترجمہ) ۱۹۷۸ء

(۳) مشرقی علوم والسنہ پر تحقیق (ببلیوگرافی) ۱۹۷۸ء

(۴) تحقیق اور حاصلِ تحقیق (مجموعہ مضامین) ۱۹۸۲ء

(۵) اردو، ہندی دانشوروں کی نظر میں ۱۹۸۳ء

(۶) نثر اور اندازِ نثر (مجموعۂ مضامین) ۱۹۸۴ء

ان کتابوں کے علاوہ متعدد کتابیں انگریزی میں بھی ہیں

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی، لکھنؤ سے "تحقیق اور حاصلِ تحقیق" پر انعام ملا۔

حامد قیصر (عبدالحامد)

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۰ فروری ۱۹۳۲ء، دھولیہ (مہاراشٹر)

پتہ: گلی نمبر ۱، سی ٹی ایس ۲۱۴۴۔ نزد نگینہ مسجد۔ دھولیہ (مہاراشٹر)

تعلیم:

مشاغل، ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: (۱) رہبرِ کامل ۱۹۶۵ء

(۲) سورج بند (مضامین کا مجموعہ) ۱۹۶۹ء

(۳) عکسِ حیات (ادبی وتاریخی مضامین) ۱۹۶۹ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۱)

* حضرتِ آوارہ (سید آل عبا قادری)

والد کا نام : سید حسین حیدر
تاریخِ پیدائش : ۱۳۰۷ھ (۸۰ - ۱۸۷۹ء) سیتاپور۔ (وفات: ۲۳ جولائی ۱۹۸۷ء مارہرہ)
پتہ : بڑی سرکار۔ مارہرہ۔ ضلع ایٹہ (یوپی) ۲۰۷۴۰۱
تعلیم : بی۔ اے (عثمانیہ)
مشاغل وملازمت : تقریباً ۲۵ برس آل انڈیا ریڈیو دہلی سے وابستگی کے بعد ۱۹۶۹ء میں سبکدوش۔
تصانیف : (۱) اپنی موج میں (انشائیوں اور خاکوں کا مجموعہ) ۱۹۵۴ء
(۲) بے پر کی (طنز و مزاح) ۱۹۸۰ء
(۳) میرا فرمایا ہوا (انشائیوں، خاکوں وغیرہ کا مجموعہ) ۱۹۸۷ء
اعزازات، انعامات: آل انڈیا ریڈیو دہلی کی جانب سے خدمات کے اعتراف میں "تام پتر" عطا ہوا۔

حامی، مشتاق احمد

والد کا نام: الحاج قاری غلام رسول بلیاوی
تاریخِ پیدائش : یکم ستمبر ۱۹۵۵ء (تیلنی پاڑہ۔ ہگلی مغربی بنگال)
پتہ : مشتاق منزل۔ تیلنی پاڑہ۔ ہگلی (مغربی بنگال)
تعلیم : میڈیکل اسٹوڈنٹ / منسلک "روزنامہ اخبارِ مشرق" کلکتہ

مشاغل، ملازمت: مطب
تصانیف: (۱) ہنگلی اور اردو ادب ۱۹۸۶ء
(۲) زرد ہواؤں سے (مجموعہ کلام)

(مولانا محمد) حبیب الرحمان خاں میواتی

والد کا نام: میانجی رحمٰن بخش۔ عرفاً حاجی رحمٰن بخش
تاریخِ پیدائش: دسمبر ۱۹۳۲ء، قصبہ گھاسیڑہ (ضلع گوڑگانوہ۔ ہریانہ)
پتہ: انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، ہمدرد نگر نئی دہلی ۶۲
تعلیم: درسِ نظامی سے فراغت۔ مدرسہ امینیہ کشمیری گیٹ دہلی ۱۹۵۲ء
دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ ۱۹۵۴ء
مشاغل، ملازمت: شعبۂ مخطوطات کی نگرانی و تحفظ
تصانیف: (۱) تذکرۂ صوفیائے میوات ۱۹۸۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عربیہ سفرِ حج ۱۹۶۱ء، پاکستان۔

(ڈاکٹر) حسن الدین احمد

والد کا نام: علی الدین احمد (نواب امین یار جنگ بہادر)
تاریخِ پیدائش: ۱۲، فروری ۱۹۲۳ء، حیدرآباد (اے پی)
پتہ: عزیز باغ۔ عزیز جنگ روڈ۔ محلہ سلطان پورہ۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۴
تعلیم: ایم اے (عثمانیہ) آئی اے ایس۔ پی ایچ ڈی (جامعہ ملیہ اسلامیہ)
۱۹۸۴ء
مشاغل، ملازمت:

تصانیف: (۱) ہندوستان کا معاشرتی نظام ۱۹۴۵ء
(۲) حیدرآباد میں روغنی تخم کی کاشت ۱۹۴۶ء
(ایم اے کا تحقیقی مقالہ)
(۳) سری مدبھگوت گیتا (اردو ترجمہ) ۱۹۴۶ء
(۴) فطری علاج ۱۹۵۷ء
(۵) اردو الفاظ شماری ۱۹۷۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان، فرانس، ناروے، سویڈن، ڈنمارک، ہالینڈ، ترکی، جاپان، سعودی عرب، (برائے حج) امریکہ، کینیڈا وغیرہ۔

اعزازات/انعامات: یو پی اردو اکادمی۔ بہار اردو اکادمی۔ آندھرا اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

حسن فراز

والد کا نام: قاری امیر حسن آمیر
تاریخ پیدائش: ۲؍جنوری ۱۹۵۷ء لکھنؤ۔
پتہ: کتاب نگر، ادبستان، دین دیال روڈ۔ لکھنؤ
تعلیم: فاضل مشرقیات
مشاغل/ملازمت: نمائندہ ہفت روزہ 'اخبارِ عالم' بمبئی برائے لکھنؤ ریجن
تصانیف: (۱) لہو لہو (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

حسن کاظمی کانپوری

والد کا نام: سید صدر الحسن

تاریخِ پیدائش: ۷ / اکتوبر ۱۹۵۹ء کانپور
پتہ: ۴۳۲۔ ہمایوں باغ کانپور ۲۰۸۰۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو ادب)
مشاغل/ملازمت: شاعری
تصانیف: (۱) رُسوا رُسوا (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

حسن کمال

والد کا نام: سید محمد حسن
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۳ء لکھنؤ
پتہ: ۱۹۰/۵ سینٹ پال روڈ۔ باندرہ (مغربی) بمبئی ۴۰۰۰۵۰
تعلیم: اعلیٰ تعلیم لکھنؤ یونیورسٹی
مشاغل/ملازمت: صحافت، فلم، ایڈیٹر ہفتہ وار اردو بلٹز بمبئی۔
تصانیف: (۱) نقشِ آب (شعری مجموعہ)
بیرونی ممالک کا سفر: عراق، کویت، متحدہ عرب امارات، امریکہ۔ کناڈا، لندن

حسن نجمی سکندرپوری (محمد حسن)

والد کا نام: نبی حسین خاں
تاریخِ پیدائش: یکم نومبر ۱۹۱۳ء سکندرپور ضلع بلیا، یوپی
پتہ: بی۔ ۱۱۶ وویک وہار، دہلی۔ ۱۱۰۰۳۲
تعلیم: منشی (فارسی)، اعلیٰ قابلیت اردو، وی۔ ٹی۔ سی
مشاغل/ملازمت: افسانہ نگاری، شعرگوئی، صحافت

تصانیف: (۱) موم کی عورت (ہندی افسانے) ۱۹۵۹ء
(۲) ” یا پھول کھلے ویرانے ہیں (اردو افسانے) ۱۹۷۴ء
(۳) شب چراغ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۲ء
اعزازات، انعامات: شب چراغ، پر اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام اور مغربی بنگال اردو اکادمی کا سرٹیفکٹ آف میرٹ

حسنات/ حقی (ڈاکٹر سید ابوالحسنات)

والد کا نام: سید شاہ ابو محمد ثاقب کانپوری
تاریخِ پیدائش: ۶ ر دسمبر ۱۹۴۲ء
پتہ: خانقاہ شریف، داوا میاں کراسنگ، بیگم گنج-کانپور
تعلیم: ایم اے (اردو) دہلی یونیورسٹی (۱۹۶۸ء)
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو حلیم مسلم پوسٹ گریجویٹ کالج کانپور- کانپور یونیورسٹی کانپور
تصانیف: بکھرے لمحوں کی دعا (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان دو مرتبہ

حسنین عظیم آبادی (ڈاکٹر محمد حسنین)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲ر اکتوبر ۱۹۴۰ء، پٹنہ (بہار)
پتہ: شعبۂ اردو- مگدھ یونیورسٹی- بودھ گیا (بہار) ۸۲۴۲۳۱
تعلیم: ایم اے (پٹنہ یونیورسٹی) ۱۹۶۴ء پی ایچ ڈی (اردو) بہار

یونیورسٹی، ۱۹۵۶ء

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس۔ ریڈر شعبۂ اردو

تصانیف: (۱) بہار کے نو چراغ (قلمی خاکے) ۱۹۵۲ء

(۲) نمودِ ہستی " ۱۹۸۰ء

(۳) نشاطِ خاطر

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۲۲۵)

حسین، ڈاکٹر سید محمد عزیز الدین

والد کا نام: سید محمد کمال الدین حسین

تاریخِ پیدائش: ۲۹ر دسمبر ۱۹۵۲ء، قصبہ جلالی (علی گڈھ یوپی)

پتہ: شعبۂ تاریخ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم اے (تاریخ) علی گڈھ مسلم یونیورسٹی، پی ایچ ڈی، جامعہ ملیۃ اسلامیہ، نئی دہلی۔

مشاغل، ملازمت: لکچرر، شعبۂ تاریخ، جامعہ ملیۃ اسلامیہ، نئی دہلی۔

تصانیف: (۱) تاریخ انگلینڈ ۱۹۸۵ء

حسینی، مولانا حکیم محمد زماں

والد کا نام: حکیم وزیر علی

تاریخِ پیدائش: ۱۷ر جولائی ۱۹۱۸ء

پتہ: قاسمی دواخانہ، ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ۔ کلکتہ (مغربی بنگال) ۷۰۰۰۷۳

تعلیم: فاضل دیوبند

مشاغل، ملازمت: طبابت اور تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) مقالات شریعت و حکمت ۱۹۶۵ء
(۲) قرآنی فیصلہ ۱۹۶۶ء
(۳) شیخ شرف الدین منیری کے مکتوب فضل ۱۹۸۳ء
(۴) سیرت شیخ بوعلی ابن سینا "القانون فی طب" کی روشنی میں
اعزازات، انعامات: سیرت شیخ بوعلی ابن سینا پر مغربی بنگال اردو اکادمی نے انعام دیا۔

حسینی، حکیم محمد عرفان

والد کا نام: حکیم محمد زماں الحسینی
تاریخ پیدائش: ۱۱ جولائی ۱۹۴۶ء
پتہ: قاسمی دواخانہ، ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ۔ کلکتہ (مغربی بنگال) ۷۳...۷
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند۔ فاضل مدرسہ عالیہ کلکتہ۔ فاضل الطب الٰہ آباد۔
مشاغل، ملازمت: مطب اور کالم نویسی روزنامہ "آزاد ہند" ہفتہ وار "اجالا" کلکتہ
تصانیف: (۱) قرآن حکیم کی عالم گیر تعلیمات ۱۹۸۴ء
(۲) مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی۔ حیات اور خدمات: زیر طبع

حفیظ آتش (عبدالحفیظ سیفی)

والد کا نام: عبدالرحیم
تاریخ پیدائش: ۱۸ اپریل ۱۹۴۲ء، امروہہ (یوپی)

پتہ : بمبئی کلاتھ امپوریم بازار شفاعت پوتہ۔ امروہہ (یوپی)
تعلیم : میٹرک
مشاغل. ملازمت: تجارت
تصانیف: دھوپ لہو سفر (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

حفیظ مالیگانوی (محمد حنیف عبدالکریم)

والد کا نام:
تاریخ پیدائش: ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء، مالیگاؤں (ضلع ناسک) مہاراشٹر
پتہ: ۸۴۹ - نیاپوری وارڈ، مالیگاؤں (ضلع ناسک) ۴۲۳۲۰۳
تعلیم: عالم (مدرسہ بیت العلوم مالیگاؤں)
مشاغل، ملازمت:
تصانیف: (۱) قوس وقزح (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۰ء
(۲) آبگینہ " ۱۹۷۰ء
(۳) دھاد کا نہیں (ناول) ۱۹۵۱ء
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۳۸۲)

حقیر آستانی (ڈاکٹر کیشو چندر سین)

والد کا نام: ڈاکٹر منگل سین
تاریخ پیدائش: ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء، میانی (سرگودھا۔ پاکستان)
پتہ: ۷۵۲۔ گولڈ کراؤن۔ جے پی روڈ۔ اندھیری ویسٹ بمبئی ۴۰۰۰۶۱
تعلیم: ایم اے (معاشیات)، ایل ایل بی۔ پی ایچ ڈی (معاشیات) امریکہ

مشاغل/ملازمت: درس و تدریسِ ادب خصوصاً ادبِ اردو
تصانیف: (۱) افکارِ گریزاں (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: تقریباً ساری دنیا کا کئی بار۔ روس اور چین کو چھوڑ کر
اعزازات/انعامات: قومی اور بین الاقوامی اعزازات و انعامات

حقیر، ڈاکٹر محمد چراغ علی

والد کا نام: شیخ حسین
تاریخِ پیدائش: ۳؍ مئی ۱۹۱۸ء
پتہ: جیلانی منزل۔ قاضی پورہ۔ مکان نمبر ۲۰-۷-۱۲۷ حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۲
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو) جامعہ عثمانیہ
مشاغل/ملازمت: صدر شعبۂ اردو۔ این بی سائنس کالج۔ حیدر آباد
تصانیف:
(۱) اصولِ معاشیات ۱۹۵۱ء
(۲) ہندوستان کے اہم معاشی مسائل ۱۹۵۲ء
(۳) چراغِ سخن (شعری مجموعہ) ۱۹۵۴ء
(۴) گوہرِ ادب ۱۹۵۸ء
(۵) رہنمائے ادب ۱۹۶۰ء
(۶) اردو مرثیے کا ارتقا۔ بیجاپور اور گولکنڈہ میں ۱۷۰۰ء تک ۱۹۷۳ء
اعزازات/انعامات: اردو مرثیے کا ارتقا پر یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔

حمیدالدین محمود

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲۹ر نومبر ۱۹۳۶ء، رائچور (کرناٹک)
پتہ: ۸۲۵/L ا ا ست نگر، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۵
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: صحافت، سابق ڈپٹی ڈائرکٹر (پبلیسٹی) ایشیا
تصانیف: (۱) بات ایک فلم کی ۱۹۷۵ء
دو کتابیں انگریزی میں ہیں۔
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحات ۲۲۰ ۔ ۲۲۱

حمید حاصل (محمد عبدالحمید)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۱ر اگست ۱۹۲۵ء، قصبہ کوہر (ضلع میڈک) اے پی۔
پتہ: ۱-۹-۱۵-۱۰۱ اڈک میٹ۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۴۴
تعلیم: بی اے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: محکمہ ریلوے میں سپرنٹنڈنٹ
تصانیف: (۱) کائیناتی بہاؤ کا جدید فلسفہ (ترجمہ) ۱۹۷۹ء

حمید قیصر (عبدالحمید)

والد کا نام: عبدالستار ماسٹر

تاریخِ پیدائش: ۱۰ر فروری ۱۹۳۲ء، دھولیہ (مہاراشٹر)
پتہ: فرسٹ لین۔ ۲۱۴۴۔ نزد نگینہ مسجد۔ دھولیہ (مہاراشٹر)
تعلیم: بی اے
مشاغل، ملازمت: صدر مدرس، نیز چیف ایڈیٹر ماہنامہ "شہر آشنا"
تصانیف: (۱) رہبرِ کامل (کتابچہ) ۱۹۶۵ء
(۲) سورج بند (مزاحیہ) ۱۹۶۹ء
(۳) عکسِ حیات (تاریخ اردو ادب)
(۴) شعرائے دھولیہ (۲۶ شعرا کے حالات) ۱۹۷۶ء
(۵) کرکٹ کے قوانین (انگریزی سے ترجمہ) ۱۹۸۰ء
(۶) ایک ہی ترنم (۸۵ غزلیں) ۱۹۸۰ء
(۷) موتی (شعری مجموعہ) زیرِ طبع

حنیف کیفی (ڈاکٹر محمد حنیف قریشی)

والد کا نام: حشمت اللہ
تاریخِ پیدائش: ۸ر ستمبر ۱۹۳۴ء (سرٹیفکٹ کے مطابق) بریلی (یوپی)
پتہ: ۳۷۔۳۔سی/۱۲ بٹلہ ہاؤس۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے (انگریزی ۱۹۵۸ء، اردو ۱۹۶۸ء) پی ایچ ڈی (اردو) ۱۹۸۰ء، جامعہ ملیہ اسلامیہ
مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو جامعہ ملیہ
تصانیف: (۱) اردو شاعری میں سانٹ (تحقیق و تنقید) ۱۹۷۵ء
(۲) اردو میں نظمِ معرّا اور آزاد نظم: ابتدا سے ۱۹۴۷ء تک (تحقیق و تنقید) ۱۹۸۲ء

(۳) جے شنکر پرساد (انگریزی سے ترجمہ) ۱۹۸۴ء
(۴) چراغِ نیم شب (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء
(۵) اردو سانٹ : تعارف و انتخاب ۱۹۸۶ء
(ترتیب)

زات، انعامات: پہلی کتاب پر یوپی اردو اکادمی سے، دوسری کتاب پر مغربی بنگال اردو اکادمی اور یوپی اردو اکادمی سے اور تیسری کتاب پر اردو اکادمی دہلی سے انعامات ملے۔

حیات لکھنوی (میرزا محمد جعفر)

دکا نام : میرزا محمد ہادی عزیز لکھنوی
یخِ پیدائش: ۲۷ر فروری ۱۹۳۱ء (لکھنؤ)
: امامیہ ہال۔ پنچکوئیاں روڈ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۱
یم: ہائی اسکول (یوپی) اردو آنرز (پنجاب یونیورسٹی)
اِ شغل، ملازمت: ملازمت ہندوستان ٹائمز، نیشنل ہیرالڈ نئی دہلی
مانیف: (۱) حصارِ آب (مجموعہ غزلیات) ۱۹۷۷ء
(۲) ندی کے پار کا منظر (غزلیات) زیرِ طبع
(۳) مجموعہ قصائد زیرِ ترتیب
(۴) مجموعۂ منظومات زیرِ ترتیب
(۵) مضامین کا مجموعہ 〃

زازات، انعامات: اردو اکادمی یوپی نے حصارِ آب کی اشاعت پر انعام سے نوازا۔

حیات وارثی (سید محمد سراج رسول)

والد کا نام: سید معراج وارثی

تاریخِ پیدائش: ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء، لکھنؤ (یوپی)

پتہ: باغ مولوی انوار۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۳

تعلیم: ہائی اسکول

مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری

تصانیف:

(۱) آئینۂ جمال ۱۹۶۰ء
(۲) صہبائے حرم ۱۹۶۱ء
(۳) نقیبِ سحر ۱۹۶۲ء
(۴) آہنگِ خیال ۱۹۷۰ء
(۵) لکھنؤ آئینہ فن میں ۱۹۷۰ء
(۶) پھول جدا ہیں، گلشن ایک ۱۹۷۲ء
(۷) شعرائے اتر پردیش ۱۹۷۵ء
(۸) نئی آہٹیں ۱۹۷۷ء
(۹) اسیر لمحے ۱۹۸۰ء
(۱۰) نور و نکہت ۱۹۸۲ء
(۱۱) سید سالار مسعود غازی ۱۹۸۳ء
(۱۲) اجالوں کے سفیر ۱۹۸۳ء
(۱۳) جیون کتھا ۱۹۸۴ء
(۱۴) شہیدِ وطن ۱۹۸۴ء
(۱۵) معمارانِ اتر پردیش ۱۹۸۶ء
وغیرہ

اعزازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے متعدد انعامات ملے اور میر اکادمی (لکھنؤ) نے جنوری ۱۹۸۶ء میں امتیازِ میرایوارڈ سے نوازا۔

حیدر بیابانی

والد کا نام: سید رحمٰن شاہ بیابانی
تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۴۹ء
پتہ: ڈاکخانہ: اچل پور سٹی ۴۴۴۸۰۷ امراوتی (مہاراشٹر)
تعلیم: بی اے
مشاغل/ملازمت: پہلے مدرّسی پھر کلرکی اور اب تجارت
تصانیف: (۱) ننھی منّی باتیں ۱۹۸۴ء
(۲) کھٹی میٹھی باتیں ۱۹۸۶ء
(۳) الٹی سیدھی باتیں (پریس میں ہے)
اعزازات/انعامات: "ننھی منّی باتیں" پر مہاراشٹر اردو اکادمی کا انعام ملا۔

خ

خ۔ زماں انصاری (ڈاکٹر خلیق الزماں)

والد کا نام : شیخ محمد بشیر
تاریخ پیدائش : ۲۱ر دسمبر ۱۹۴۵ء کامٹی (ناگپور، مہاراشٹر)
پتہ : ڈیپارٹمنٹ آف فارین لینگویجز۔ این ڈی اے کھڑک واسلا، پونا۔ ۲۳ ۔
تعلیم : ایم۔ اے (فارسی)، بی ایڈ، ایم۔ اے (اردو) پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت : سرکاری ملازمت
تصانیف : (۱) گل ہا و رنگ ہا (فارسی نصاب) ۱۹۸۲ء
(۲) نئے مکان کا بول (شعری مجموعہ) ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات : نہرو ایوارڈ۔ دسمبر ۱۹۸۵ء

خار دہلوی (پنڈت رتن موہن ناتھ زتشی)

والد کا نام : پنڈت تربھون ناتھ زتشی زار دہلوی
تاریخ پیدائش : ۱۵ر جنوری ۱۹۱۶ء لاہور
پتہ : سی۔ ۳/۲۲۳ یمنا وہار دہلی۔ ۱۱۰۰۵۳
تعلیم : بی۔ کام

ملازمت: ملازمت (ریٹائرڈ) شعر و شاعری

۱ء (۱) خلش (شعری مجموعہ) ۱۹۷۹ء

(۲) خارزار ″

تِ انعامات: مجموعہ پر بہار اردو اکادمی کا انعام

خالد حامدی (سید محمد خالد علی)

نام: سید حامد علی

پیدائش: ۵ر فروری ۱۹۵۶ء، رام پور (یوپی)

۷ر۱ جوگا بائی، جامعہ نگر، نئی دہلی ۲۵۔۔۱۱

: عالمیت، فضیلت، ایم اے (عربی) جامعہ ملیۃ اسلامیہ نئی دہلی۔

ملازمت: لکچرر (عربی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

یف: (۱) دعوتِ حق غیرمسلموں میں ۱۹۷۷ء

(۲) بچوّں کے لیے اقبال کی نظمیں ۱۹۷۷ء

(۳) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی

حالات، دینی خدمات، آخری سفر ۱۹۷۹ء

(۴) تلاشِ اقبال ۱۹۸۰ء

(۵) ویدک دھرم (سوامی دیانند سرسوتی کے ۱۹۸۱ء

نقطۂ نظر سے)

(۶) عربی زبان وادب۔ (ایک تاریخی ۱۹۸۶ء

مطالعہ)

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، نیپال

خالد کفایت

والد کا نام: محمد کفایت اللہ
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر فروری ۱۹۴۵ء مالیر کوٹلہ (پنجاب)
پتہ: عصمت منزل، مالیر کوٹلہ
تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس
تصانیف: (۱) آشوبِ غم (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

خالد محمود

والد کا نام: محمد عبید خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۴۸ء۔ سرونج (ودیشہ، مدھیہ پردیش)
پتہ: اسلم منزل۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم۔ اے، بی۔ ایڈ
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس جامعہ ملیہ اسلامیہ ہائر اسکنڈری اسکول
تصانیف: (۱) سمندر آشنا (شعری مجموعہ) ۱۹۸۲ء
(۲) عبداللطیف اعظمی (حیات اور خدمات)
(شریک مرتب) ۱۹۸۵ء
انعامات، اعزازات: (۱) سمندر آشنا، پر دہلی اردو اکادمی سے انعام

خاور، بدیع الزّماں

والد کا نام: صوفی بانکوٹی
تاریخِ پیدائش: ۱۰رجنوری ۱۹۳۸ء، بانکوٹ ضلع رتناگیری (مہاراشٹر)
پتہ: ۱۹۴۳-ایف نزد مارکیٹ۔ داپولی ضلع رتناگیری۔ ۴۱۵۷۱۲
تعلیم: میٹرک۔ ایس ٹی سی
مشاغل، ملازمت: معلّم نیشنل ہائی اسکول داپولی ضلع رتناگیری
تصانیف:
(۱) حروف (نظمیں اور غزلیں) ۱۹۷۲ء
(۲) میرا وطن ہندوستان (قومی اور وطنی نظمیں) ۱۹۷۳ء
(۳) بیاض (منتخب غزلیں) ۱۹۷۳ء
(۴) اجرائی (نظمیں اور گیت) ۱۹۷۶ء
(۵) لفظوں کا پیرہن (نظمیں، غزلیں اور رباعیات) ۱۹۷۷ء
(۶) سات سمندر (غزلیں) ۱۹۸۲ء
(۷) مہاراشٹر کی تہذیبی اور ادبی قدریں (مجموعۂ مضامین) ۱۹۸۲ء
(۸) ننھی کتاب (بچّوں کی نظمیں) ۱۹۸۳ء
(۹) موتی پھول ستارے (انتخابِ کلام) ۱۹۸۴ء
(۱۰) سبز و تازہ نہالوں کے انبوہ میں (نظمیں، غزلیں، رباعیات، قطعات) ۱۹۸۶ء

ان کے علاوہ مراٹھی سے منظوم ترجموں کے پانچ مجموعے مراٹھی زبان میں شائع ہوئے ہیں۔

اعزازات، انعامات: آل انڈیا میرا اکادمی لکھنؤ (۱۹۸۵) میں، حکومتِ مہاراشٹر، اتر پردیش

اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی، مہاراشٹر اردو اکادمی وغیرہ سے
انعامات ملے۔

خاور، سیّد محمود

والد کا نام: سیّد مسعود
تاریخِ پیدائش: ۲۹ مارچ ۱۹۴۵ء، حیدرآباد
پتہ: بی/۲۸۷۔ نیو ملک پیٹ۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۳۶
تعلیم: ایم اے۔ آٹو موبائل انجینئرنگ ڈپلوما
مشاغل، ملازمت: ناشر و مالک شالیمار پبلیکیشنز
تصانیف:
(۱) قیمتِ عرضِ ہنر ۱۹۷۰ء
(۲) ٹیپو سلطان ۱۹۷۴ء
(۳) اثر لکھنوی۔ حیات اور کارنامے ۱۹۷۷ء
(۴) خوش حال خاندان ۱۹۷۸ء

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب
اعزازات، انعامات: اثر لکھنوی پر، بہار اردو اکادمی، یوپی اردو اکادمی اور آندھرا پردیش اردو اکادمی سے اور ٹیپو سلطان اور خوش حال خاندان پر این سی ای آر ٹی (نئی دہلی) سے انعامات ملے۔

✿ (محمد) خضر برنی

والد کا نام: سیّد محمد علی برنی
تاریخِ پیدائش: ۱۵ جولائی ۱۹۱۸ء، بلند شہر (وفات: ۳ مارچ ۱۹۸۹ء جامعہ نگر، نئی دہلی)

پتہ: ایڈیٹر پندرہ روزہ لہریں جامعہ نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: منشی، ادیب کامل، سدھانت شاستری

مشاغل، ملازمت: وظیفہ بحیثیت مجاہدِ آزادی

تصانیف: (۱) تذکرۂ شعرائے بلند شہر (بہ اشتراک سید حامد) ۱۹۴۶ء

(۲) قوس قزح (بہ اشتراک سید حامد) ۱۹۴۶ء

(۳) تصویرِ حیات (پہلا مجموعۂ کلام) ۱۹۵۶ء

(۴) تصویرِ کائنات (ہندی دوہوں کا منظوم ترجمہ) ۱۹۵۹ء

(۵) گل و سنگ (مجموعۂ جمال) ۱۹۶۲ء

(۶) عکسِ جمال (مجموعۂ نعت) ۱۹۶۴ء

(۷) یہ ہے میرا ہندوستان (مجموعۂ نظم و غزل) ۱۹۷۲ء

(۸) حدیثِ عشق (مجموعۂ نعت) ۱۹۷۳ء

(۹) رقصِ لہو (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۶ء

(۱۰) عطرِ گل (" ") ۱۹۷۷ء

(۱۱) چھلکتے جام (ہندی زبان میں) ۱۹۷۸ء

(۱۲) مُلّا کی دوڑ (بچوں کے لیے کہانیاں) ۱۹۷۹ء

(۱۳) شمع ہدایت اور پروانے (نظم و نثر/ترتیب) ۱۹۸۰ء

(۱۴) میلادِ خضر (نظم اور نثر میں بیانِ میلاد) ۱۹۸۲ء

(۱۵) مدینہ کا چاند (مجموعۂ نعت) ۱۹۸۲ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان (لاہور اور کراچی)

اعزازات، انعامات: امتیازِ میر (۱۹۸۱) اور ساہتیہ کلا پریشد دہلی کی جانب سے اعزاز

خلش بڑودوی (محمود میاں)

والد کا نام: بچو میاں ملک صاحب

تاریخ پیدائش: ۲۲ر اپریل ۱۹۲۴ء، بڑودہ (گجرات)

پتہ: چوڑیوالی گلی۔ یاقوت پورہ۔ بڑودہ ۳۹۰۰۰۶

تعلیم: اردو، ہندی، انگریزی (ڈگری کوئی نہیں)

مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری اور ملازمت

تصانیف:

(۱) قطارِ شیشہ (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۶۳ء

(۲) گجرات کی اردو غزلیں (تحقیق) ۱۹۶۶ء
(اردو زبان گجراتی رسم الخط میں)

(۳) شراب بندی۔ شراب کے خلاف تین سو ۱۹۶۹ء
قطعات کا مجموعہ اردو زبان گجراتی رسم الخط میں

(۴) سورج کے تماشائی (بڑودہ کے مختلف شعرا کی ۱۹۸۰ء
غزلوں کا مجموعہ)

(۵) ایک آواز (قومی یک جہتی پر تین سو قطعات کا ۱۹۸۲ء
مجموعہ۔ ہندی اردو دونوں زبانوں میں)

(۶) شبنم (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

(۷) جہیز ایک لعنت (جہیز کی رسم کے خلاف زیرِ طبع
دو سو قطعات کا مجموعہ)

اعزازات، انعامات: "ایک آواز" پر گجرات سرکار کی طرف سے انعام ملا۔

(ڈاکٹر) خلیق انجم

والد کا نام: محمد احمد

تاریخ پیدائش: ۲۲ جنوری ۱۹۲۳ء، دہلی

پتہ: انجم لاج۔ کلاں محل۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۲

تعلیم: ایم اے (اردو) پی ایچ ڈی۔ ڈپلوما لسانیات۔ ڈپلوما لائبریری سائنس۔

مشاغل، ملازمت: سکریٹری انجمن ترقیِ اردو (ہند) اور ہفتہ وار ہماری زبان، سہ ماہی اردو ادب کی ادارت۔

تصانیف:

(۱) معراج العاشقین	(مرتبہ)	۱۹۵۷ء
(۲) غالب کی نادر تحریریں	(مرتبہ)	۱۹۶۱ء
(۳) مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط	(ترجمہ و ترتیب)	۱۹۶۲ء
(۴) مرزا محمد رفیع سودا		۱۹۶۵ء
(۵) متنی تنقید		۱۹۶۷ء
(۶) کربل کتھا کا لسانی مطالعہ	(خلیق اور نارنگ)	۱۹۷۰ء
(۷) افاداتِ سلیم (مصنفہ مولانا وحید الدین سلیم)	(مرتبہ)	۱۹۷۲ء
(۸) غالب اور شاہانِ تیموریہ		۱۹۷۴ء
(۹) ضبط شدہ نظمیں	(خلیق اور مجتبیٰ حسین)	۱۹۷۵ء
(۱۰) غالب کے خطوط (مرتبہ) جلد اوّل		۱۹۸۴ء
وجلد دوم		۱۹۸۵ء
(۱۱) فیض احمد فیض	(ترتیب)	۱۹۸۵ء
(۱۲) مشفق خواجہ	″	۱۹۸۵ء

(۱۳) سید سلیمان ندوی (ترتیب)	۱۹۸۶ء
(۱۴) رسوم دہلی (از سید احمد دہلوی/ترتیب)	۱۹۸۶ء
(۱۵) مولانا ابوالکلام آزاد (ترتیب)	۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان کے مختلف شہروں میں لکچر دینے کے لیے سفر کیا اور اسی مقصد کے لیے تین دفعہ پاکستان کا سفر کیا۔

اعزازات، انعامات: حکومتِ اتر پردیش اور یوپی اردو اکادمی (لکھنؤ) سے ۱۹۷۰ء اور ۱۹۷۴ء میں، بہار اردو اکادمی سے ۱۹۸۵ء میں اور اسی سال مغربی بنگال اکادمی سے مجموعی خدمات پر انعامات ملے۔

خلیل الرب

والد کا نام: فضل الرب

تاریخِ پیدائش: ۹ر فروری ۱۹۱۵ء، ضلع الہ آباد (یوپی)

پتہ: گل کدہ۔ پھول پور۔ ضلع الہ آباد (یوپی)

تعلیم: ایم اے (اردو اور تاریخ) علیگ

مشاغل، ملازمت: محکمۂ تعلیمات یوپی سے بحیثیت پی۔ ای۔ سی ریٹائر۔

تصانیف:

(۱) مبادیاتِ تنقید	۱۹۴۵ء
(۲) ادبی شیرازے (برائے انٹر میجیٹ)	۱۹۴۷ء
(۳) ہماری کتاب (برائے ہائی اسکول)	۱۹۵۴ء
(۴) ادبی سی پارے (برائے انٹر میجیٹ)	۱۹۵۴ء
(۵) تعلیم کے مقاصد اور وسائل (ترجمہ)	۱۹۸۶ء
(۶) تدریسی تاریخ (ترجمہ)	زیرِ طبع

(ڈاکٹر) خلیل اللہ خاں

والد کا نام: حمید اللہ خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۷ء
پتہ: لکچرر گورنمنٹ پالی ٹکنیک۔ ۲۵ سوداگر محلہ (بسنت پور) گورکھپور (یوپی)
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (۱۹۷۲ء) گورکھپور یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: لکچرر پالی ٹکنیک
تصانیف: (۱) ریاض خیر آبادی۔ حیات و ادبی خدمات ۱۹۷۴ء (تحقیقی مقالہ)

خواجہ شوق (خواجہ حسین شریف)

والد کا نام: محمد اسماعیل
تاریخِ پیدائش: ۱۸ جولائی ۱۹۲۵ء (۲۶ ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ) حیدرآباد دکن
پتہ: مکان ۲۷۱۔ ۹۔ ۱۷ مسجد یکخانہ چھاؤنی نادر علی بیگ۔ یاقوت پورہ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۳
تعلیم: میٹرک۔ منشی فاضل
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری
تصانیف: (۱) چشمِ نگراں (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات: آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

خواجہ عمر

والد کا نام: لعل محمد
تاریخِ پیدائش: ۲۳ر جنوری ۱۹۳۹ء، منمدّہ (ضلع نلگنڈہ اے پی)
پتہ: مکان ۱/۶-۵-۱ نیوٹاؤن محبوب نگر (آندھرا پردیش)
تعلیم: ایم ایس سی (عثمانیہ) ایم۔ ایڈ (پونا)
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ طبیعیات، مترجم حکومتی نصابی کتبِ مدارس
تصانیف: (۱) رہبرِ طلبہ ۱۹۸۳ء

خورشید عالم خاں

والد کا نام: محمد سمیع اللہ خاں
تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۵۷ء، دیوریا (اترپردیش)
پتہ: ۶/۴۴ سمیع ہاؤس، مالویا روڈ، دیوریا۔ ۲۷۴۰۰۱۔ یوپی
تعلیم: ایم اے، (اردو)
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر، شعبۂ اردو گورکھپور یونیورسٹی
تصانیف: (۱) آدھے ادھورے (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۲) وہی بات (ناولٹ ہندی سے ترجمہ) ۱۹۸۵ء
(۳) تمہارے لیے ″ ″ زیرِ طبع
(۴) بیگم حضرت محل ″ ″ ″
اعزازات، انعامات: 'آدھے ادھورے' پر اترپردیش اردو اکادمی کا انعام ملا۔

رشید احمد ملک

نام: آس محمد ملک
پیدائش: ۵ر اکتوبر ۱۹۴۲ء، شاہجہاں پور (یوپی)
تارین ٹکلی۔ شاہجہاں پور (یوپی)
بی ایس سی۔ ایم اے (انگریزی۔ معاشیات) بی ایڈ (علیگ)
ملازمت: افسانہ نگاری/ انگریزی سے ترجمہ کرنا۔
ف: (۱) جہانِ افسانہ (مرتبہ) ۱۹۸۵ء
(۲) چور پکڑا گیا (ترجمہ/ بچوں کے لیے کہانیاں) ۱۹۸۶ء
(۳) دونوں کا غصہ ٹھنڈا ہوا " ( ) ۱۹۸۶ء
(۴) رشتوں کا بوجھ (افسانوں کا مجموعہ) زیرِ طبع

خوش دل خانپوری (عبدالحکیم قریشی)

نام: عبدالرحیم قریشی
پیدائش: ۱۵ر اپریل ۱۹۳۰ء، خانپور (بلندشہر یوپی)
قصبہ خانپور ضلع بلندشہر (یوپی)
ا: ادیب ماہر
مل، ملازمت: تجارت، ٹھیکیداری، سماجی خدمت
نیف: (۱) مہنگائی نامہ (طنزیہ) ۱۹۷۰ء
(۲) ہیرا لعل ہیرا (مجموعۂ کلام/ مرتبہ) ۱۹۶۲ء
(۳) طمانچے (طنزیہ کلام کا مجموعہ)

خیال، فیض الحسن

والد کا نام: مولوی محمد حسین قادری
تاریخِ پیدائش: ۲۴ر دسمبر ۳۲ ۱۹ء قلعہ گولکنڈہ۔ حیدرآباد (اے پی)
پتہ: ۲۳۰/۱-۴-۲۰ موتی گلی حیدرآباد
تعلیم: میٹرک۔ ادیب کامل (علیگ)
مشاغل، ملازمت: فرصت کے اوقات میں ادبی سرگرمیاں مشاعروں اور جلسوں میں شرکت
تصانیف: (۱) موجِ صبا ۱۹۶۵ء
(۲) صبح کا سورج ۱۹۷۲ء
(۳) کانچ کا شہر ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی کی طرف سے انعامات ملے۔

خیرات ندیم (میر خیرات علی ندیم)

والد کا نام: میر طالب علی
تاریخِ پیدائش: ۲۵ر اگست ۲۲ ۱۹ء حیدرآباد (اے پی)
پتہ: ۲۲۲-۶-۱۶۔ عثمان پورہ۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۴
تعلیم: ادیب کامل (جامعہ اردو) منشی فاضل (پنجاب) انٹرمیجیٹ (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: محکمۂ تعلیمات سے وظیفہ یاب
تصانیف: (۱) صفِ مژگاں ۱۹۷۷ء
(۲) موبافِ سحر ۱۹۷۸ء
اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر آندھرا پردیش اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی نے اور دوسری کتاب پر یوپی اردو اکادمی اور حکومتِ آندھرا پردیش نے انعامات دیے۔

د

دانش، امام علی رائے پوری

والد کا نام: فقیر محمد انصاری رائے پوری

تاریخِ پیدائش: ۸ر جولائی ۱۹۴۳ء رائے پور گھنسی (لکھیم پور کھیری۔ یوپی)

پتہ: ادارہ محمودیہ، قصبہ محمدی۔ ضلع لکھیم پور کھیری (یوپی)

تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند

مشاغل، ملازمت: درس وتدریس اور تصنیف وتالیف

تصانیف:

(۱) آئینۂ عبرت (اصلاحی نظم) ۱۹۶۶ء

(۲) پھول ہی پھول (مجموعۂ حمد ونعت) ۱۹۷۲ء

(۳) حق پر کون ہے؟ (فنِ مناظرۂ مذہبی) ۱۹۷۴ء

(۴) گلدستۂ نعت (ترجمۂ احادیث) ۱۹۷۵ء

(۵) جغرافیہ ضلع کھیری ۱۹۷۵ء

(۶) اصلاحی تقریریں (مواعظ) ۱۹۸۰ء

(۷) مختصر سیرتِ پاک ۱۹۸۰ء

(۸) انوارِ سنت (مجموعۂ اشعارِ اصلاحی) ۱۹۸۱ء

(۹) توحید (اصلاحِ عقائد) ۱۹۸۴ء

(۱۰) فیصلہ کن مباحثہ ۱۹۸۴ء

(۱۱) قرآنی تقریریں ۱۹۸۶ء

دانش، میر علی احمد زیدی

والد کا نام: میر محمد ہادی لائقؔ
تاریخِ پیدائش: ۱۴ر دسمبر ۱۹۴۶ء محل سرائے میر انیس
پتہ: ۱۲۴ / ۳۲۷ - میر انیس ہاؤس - چوبدار محلہ - چوک - لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: عربی اور نویں کلاس تک انگریزی
مشاغل، ملازمت: خوش نویسی
تصانیف: (۱) عکس زار (تحقیقی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

(ڈاکٹر) دبیر احمد

والد کا نام: حکیم محمد تقی
تاریخِ پیدائش: ۲۵ر اپریل ۱۹۲۶ء، ٹانڈہ (ضلع فیض آباد) یوپی
پتہ: محلہ سکٹھان ڈاکخانہ ٹانڈہ ضلع فیض آباد (یوپی) ۲۲۴۱۹۰
تعلیم: ڈی۔ ایم۔ ایس۔ ایچ (کلکتہ)
مشاغل، ملازمت: میڈیکل پریکٹشنر
تصانیف: (۱) جدید ضابطۂ علاج بالمثل (طب) ۱۹۷۸ء
(۲) شہرِ اولیاء (تاریخ) ۱۹۸۲ء
(۳) روزنامچہ مسافرت 〃 ۱۹۸۶ء
(۴) وقائع عالم شاہی 〃 زیرِ طبع

دلکش آفریدی (رفیق جاوید)

والد کا نام: محمد موسیٰ سیٹھ
تاریخ پیدائش: ۳ر اپریل ۱۹۳۰ء، مراد آباد
پتہ: تمباکو اسٹریٹ، مراد آباد۔ (یوپی) ۲۴۴۰۰۱
تعلیم: پری یونیورسٹی۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: شاعری
تصانیف: (۱) فروغِ دلکش ۱۹۵۸ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

دلکش بدایونی (علاء الدین)

والد کا نام: شمس الدین
تاریخ پیدائش: ۱۴ر جنوری ۱۹۴۶ء، موضع لوہا ٹھیر (بدایوں۔ یوپی)
پتہ: محلہ سرائے نو بدایوں (یوپی) ۲۴۳۶۰۱
تعلیم: بی۔ اے۔ شونراتن داس پوسٹ گریجویٹ کالج بدایوں
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت نیز کاشتکاری
تصانیف:

(۱) سماج واد کی آواز	(مجموعۂ کلام)	۱۹۷۲ء
(۲) نغمات	" "	۱۹۷۷ء
(۳) یادگارِ جگر	(ترتیب)	۱۹۸۰ء
(۴) یادِ فانی	"	۱۹۸۱ء
(۵) غمِ احباب پیام	"	۱۹۸۲ء
(۶) یادِ احباب	"	۱۹۸۳ء

(۷) سماج کا آپریشن (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۲ء

(۸) تبسم کی لکیریں " " ۱۹۸۵ء

دور آفریدی (نفیس علی خاں)

والد کا نام: محمد علی خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۱؍ جولائی ۱۹۳۰ء، رام پور

پتہ: گھیر عثمان خاں، رام پور ۲۴۴۹۰۱۔ یوپی

تعلیم: آٹھویں کلاس تک باقاعدہ تعلیم حاصل، اس کے بعد نجی طور پر۔

مشاغل، ملازمت: پندرہ روزہ "اقتدار" کی ادارت

تصانیف:

(۱) نذرِ وطن (شعری انتخاب) ۱۹۶۲ء

(۲) ویرانیاں (شعری مجموعہ) ۱۹۷۰ء

(۳) شخصیتیں (شخصی خاکے) ۱۹۷۲ء

(۴) ادبی اقدار (مجموعۂ مضامین) ۱۹۷۳ء

(۵) نظام رام پوری — زندگی، فن اور انتخابِ کلیات ۱۹۷۵ء

(۶) نہرو نامہ (شعری انتخاب) ۱۹۷۶ء

(۷) رومانیات (رومانی شعری انتخاب) ۱۹۷۶ء

(۸) مکاتیبِ معاصرین (ترتیب) ۱۹۷۸ء

(۹) اسلامیات (مضامین) ۱۹۸۲ء

(۱۰) آزادی کی تینتیس سالہ تاریخ (۱۹۴۷ء تا ۱۹۸۰ء) ۱۹۸۵ء

(۱۱) اشاریہ سردارانِ روہیلکھنڈ و رام پور ۱۹۸۵ء

(۱۲) تاریخِ روہیلکھنڈ (۱۵۰۰ ق م تا ۱۹۸۵ء) ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: ۱۹۷۱ء میں "ویرانیاں" پر یوپی اردو اکادمی سے انعام ملا۔

دیپک شکوہ آبادی (محمد حسین)

والد کا نام: حاجی محمد یونس

تاریخِ پیدائش: یکم مئی ۱۹۳۴ء، علی گڑھ (یوپی)

پتہ: ہاتھی ڈوبا دُود پور سول لائن علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱

تعلیم: ایم۔ اے۔ علیگ (اردو)

مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر

تصانیف: (۱) مجازؔ۔ سوانح، شخصیت اور شاعری ۱۹۸۰ء

دیش چترکار (ایس پی ملہوترا)

والد کا نام: سنت رام ملہوترا

تاریخِ پیدائش: ۱۸ر نومبر ۱۹۲۳ء، کوہاٹ (پاکستان)

پتہ: اِندرو وِلا، ای۔ اے ۶۷، اِندرپوری، نئی دہلی ۱۱۰۰۱۲

تعلیم: بی۔ اے۔ آنرز (ہندی)

مشاغل، ملازمت: سینٹرل انفارمیشن سروس سے ریٹائر ۱۹۸۲ء، مصوری

تصانیف: (۱) شمشیر و سناں اوّل (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۶ء

(۲) عورت ایک، روپ انیک (دوسرے مرتبین شریک کار)

(۳) مٹی کے دیے (قومی یک جہتی پر اردو، ہندی، تیلگو زبانوں میں)

دیوندر اِسّر

والد کا نام: شری ناتھ اِسّر
تاریخِ پیدائش: ۱۴/اگست ۱۹۲۸ء کیمبل پور (پاکستان)
پتہ: بی-۳/۱۵۳ جنک پوری نئی دلی۔ ۱۱۰۰۵۸
تعلیم: ایم۔اے (معاشیات) الٰہ آباد یونیورسٹی۔ بی۔ ایڈ۔ دلی یونیورسٹی
ایم۔پی۔ ایس۔ کارنل یونیورسٹی (امریکہ)

مشاغل/ملازمت:

تصانیف:

(۱) گیت اور انگارے	(افسانے)	۱۹۵۲ء
(۲) شیشوں کا مسیحا	〃	۱۹۵۵ء
(۳) فکر اور ادب	(تنقید)	۱۹۵۸ء
(۴) ادب اور نفسیات	〃	۱۹۶۶ء
(۵) ادب اور جدید ذہن	〃	۱۹۶۸ء
(۶) کینوس کا صحرا	(افسانے)	۱۹۸۳ء
(۷) مستقبل کے روبرو	(تنقید)	۱۹۸۶ء

اس کے علاوہ ہندی، پنجابی اور انگریزی میں
۲۵ سے زائد کتابیں شائع ہوئیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ، کینڈا، اٹلی، انگلینڈ، مغربی جرمنی، فرانس، ڈنمارک
ایران اور سوئزرلینڈ۔

اعزازات/انعامات: "کینوس کا صحرا" پر دہلی اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی، یوپی
اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

دیوندر ستیارتھی

والد کا نام: لالہ دھالی رام بتہ
تاریخِ پیدائش: ۲۸ رمئی ۱۹۰۸ء، بھدوڑ (ریاست پٹیالہ)
پتہ: ۵۔سی/۴۶۔نیو رہتک روڈ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۵
تعلیم: بی اے (۱۹۲۷ء)
مشاغل، ملازمت:
تصانیف: (۱) میں ہوں خانہ بدوش (افسانوی مجموعہ) ۱۹۴۱ء
(۲) نئے دیوتا (افسانے) ۱۹۴۲ء
(۳) اور بنسری بجتی رہی (افسانے) ۱۹۴۵ء
(۴) گائے جا ہندوستان (لوک بان)

ذ

ذاکر، کشمیری لال

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۷ر اپریل ۱۹۲۰ء کنجاہ ضلع گجرات (پاکستان)
پتہ: چیرمین ساہتیہ اکادمی۔ چنڈی گڈھ۔ نیز ۲۶۔سیکٹر ۱۵ اے چنڈی گڈھ
تعلیم: ایم اے (انگریزی)
مشاغل، ملازمت: سکریٹری ہریانہ اردو اکادمی، چنڈی گڑھ۔
تصانیف: (۱) ہم سایہ (قومی یک جہتی پر ایک ایکٹ کا ڈرامہ)

(۲) چھوٹی سی بات (خواتین کے مرثیے پر نظموں کا مجموعہ)
(۳) میرا گاؤں، میری زندگی (ناولٹ)
(۴) ایک کرن روشنی کی (مختصر افسانوں کا مجموعہ)
(۵) مجھے جینے کا حق مل گیا ہے (خاندانی بہبود پر ایک ناولٹ)
(۶) جب کشمیر جل رہا تھا (مختصر افسانوں کا مجموعہ)
(۷) سندور کی راکھ (سوانحی ناول)
(۸) ذاکر کی تین کہانیاں (تین طویل مختصر افسانوں کا مجموعہ)
(۹) دھرتی سدا سہاگن (تحریکِ بھودان پر ایک ناول)
(۱۰) ایک لڑکی بھٹکی ہوئی (جدید دور کے نوجوانوں کے مسائل کے بارے میں)
(۱۱) انگوٹھے کا نشان (بندھوا مزدور پر ایک ناول)
(۱۲) خون پھر خون ہے (ایک تاریخی ناول)
(۱۳) کھجوراہو کی ایک رات (تاریخی ناول)
(۱۴) اداس شام کے آخری لمحے (مختصر افسانوں کا مجموعہ)
(۱۵) اک شہر، ایک محبوبہ (چنڈی گڑھ پر ایک ناول)

ان کے علاوہ کم از کم پانچ ناول اور ایک ناولٹ اور ہیں۔
نیز ہندی اور پنجابی میں بھی متعدد کتابیں ہیں۔

اعزازات، انعامات: حکومتِ ہریانہ، حکومت پنجاب اور یوپی اور مغربی بنگال اردو اکادمیوں سے کھجوراہو کی ایک رات، ذاکر کی تین کہانیاں، انگوٹھے کا نشان اور اداس شام کے آخری لمحے وغیرہ پر انعامات ملے۔

ذکی تال گانوی (ذکاراللہ صدیقی)

والد کا نام: ضیاراللہ صدیقی
تاریخِ پیدائش: ۲۹ر اپریل ۱۹۲۴ء مطابق ۲۴ر رمضان المبارک ۱۳۴۳ھ (تال گاؤں)
پتہ: ذکی منزل محلہ سوتھا بدایوں (یوپی) ۲۴۳۶۰۱
تعلیم: اسکول کی سطح تک
مشاغل، ملازمت: ریٹائر ہونے کے بعد اب صرف تصنیف وتالیف مقصد زندگی ہے۔
تصانیف: (۱) نقوشِ ہستی (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۲) چند یادگار مشاعرے ۱۹۸۶ء

ذکی طارق

والد کا نام: متین طارق باغپتی
تاریخِ پیدائش: ۳۰ر دسمبر ۱۹۵۲ء، باغپت (میرٹھ۔ یوپی)
پتہ: ۱۹۔ جی، ٹی روڈ۔ چودھری تھیٹر۔ غازی آباد (یوپی)
تعلیم: ایم۔ اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس
تصانیف: (۱) احساس کی دھوپ (شعری مجموعہ)
(۲) قومی ایکتا (مضامین)

ذکی کاکوروی (ڈاکٹر محمد ذکی احمد)

والد کا نام: ڈاکٹر محمد تقی احمد
تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۳۸ء، کاکوری (لکھنؤ۔ یوپی)

پتہ: ۱۳۷۔ شاہ گنج۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۳

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو) ۱۹۷۸ء

مشاغل/ملازمت: سول انجینئر

تصانیف:

(۱) دھڑکنیں	۱۹۶۱ء
(۲) سازِ دل	۱۹۶۳ء
(۳) نسرین و نسترن	۱۹۶۹ء
(۴) تجلّیات	۱۹۷۵ء
(۵) واجد علی شاہ	۱۹۷۳ء
(۶) تلخیص تاریخِ اودھ (جلد اوّل)	۱۹۷۶ء
(۷) فسانۂ عبرت	۱۹۷۷ء
(۸) جلیل مانکپوری۔ حیات و کارنامے	۱۹۷۸ء
(۹) تلخیص تاریخ اودھ (جلد دوم)	۱۹۷۹ء
(۱۰) رخسانہ	۱۹۷۹ء
(۱۱) غزلیں اور گیت	۱۹۷۹ء
(۱۲) جا بجا دل	۱۹۸۱ء
(۱۳) جلیل حسن جلیل مانکپوری	۱۹۸۴ء
(۱۴) مرقّعِ خسروی	۱۹۸۵ء
(۱۵) انگریزی ادب کی مختصر تاریخ (مرتبہ) وغیرہ	۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ، کناڈا، انگلستان، کویت، دبئی، ایمسٹرڈم۔

اعزازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۷۳ء میں نسرین و نسترن پر، ۱۹۷۹ء میں جلیل مانکپوری حیات اور کارنامے پر، ۱۹۸۲ء میں جا بجا دل پر، بنگال اکادمی سے ۱۹۸۰ء میں فسانۂ عبرت پر اور میرا اکادمی سے ۱۹۸۱ء اور ۱۹۸۵ء میں انعامات ملے۔

ر

راحت، اوم کرشن

والد کا نام: مہاراج کرشن
تاریخِ پیدائش: ۲۶ر جنوری ۱۹۲۵ء، لدھیانہ (پنجاب)
پتہ: ۱۵۲/ ۵۲ فرید آباد ٹاؤن شپ۔ ۱۲۱۰۰۱
تعلیم: بی۔ اے
مشاغل، ملازمت: ہریانہ الیکٹریسٹی بورڈ سے بطور سپرنٹینڈینٹ ریٹائرمنٹ
تصانیف: (۱) شفق زار (شعری مجموعہ)
(۲) ایک آنکھ والا ہرن (اردو افسانے)
(۳) مُکے دُکھاں دی چھاں (شعری مجموعہ پنجابی)
اعزازات، انعامات: ۱۹۸۲ء میں شفق زار، پر یوپی اردو اکادمی سے، ۱۹۸۳ء میں 'ایک آنکھ والا ہرن'، پر اور اسی کتاب پر ۱۹۸۴ء میں ہریانہ ساہتیہ اکادمی سے انعامات ملے۔

راز، راج نرائن

والد کا نام: لالہ بشو رام
تاریخِ پیدائش: ۲۷ر اکتوبر ۱۹۳۰ء لورالائی (بلوچستان۔ پاکستان)
پتہ: ۲۹/۳۰ ایسٹ پٹیل نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۸
تعلیم: ایم اے (اردو) دلّی یونیورسٹی، ۱۹۵۶ء

مشاغل، ملازمت: ماہنامہ "آجکل" (نئی دہلی) کی ادارت

تصانیف:	(۱) عزمِ جواں (ناول۔ترجمہ)	۱۹۵۷ء
	(۲) چاندنی اساڑھ کی (شعری مجموعہ)	۱۹۶۷ء
	(۳) لذت لفظوں کی 〃	۱۹۶۷ء
	(۴) ۱۹۶۷ء کی منتخب شاعری (ترتیب)	۱۹۶۸ء
	(۵) ۱۹۶۸ء کی منتخب شاعری 〃	۱۹۶۹ء
	(۶) ایٹم کی کہانی (ترجمہ)	۱۹۷۰ء
	(۷) منوّر لکھنوی۔شخصیت اور شاعری	۱۹۷۰ء
	(۸) لہروں کی آواز (ناول۔ترجمہ)	۱۹۷۵ء
	(۹) فٹ بال کی کہانی (بچوں کے لیے)	۱۹۷۷ء

اعزازات، انعامات: یوپی اور مغربی بنگال اکادمیوں سے کتابوں پر اور بہار اردو اکادمی سے مجموعی خدمات پر انعامات ملے۔

راز، ڈاکٹر رام آسرا چھنبی

والد کا نام: بنتا رام چھنبی

تاریخ پیدائش: یکم مارچ ۱۹۳۲ء، ضلع لائل پور (پاکستان)

پتہ: فلیٹ ۲۹۳ سیکٹر ۱ ٹائپ ۱ صادق نگر۔ نئی دہلی۔۱۱۰۰۴۹

تعلیم: ادیب فاضل۔ منشی فاضل۔ ایم اے (اردو) دہلی یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی۔ بنارس یونیورسٹی

مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ ڈائرکٹر ترقی اردو بورڈ۔ نئی دہلی

تصانیف:	(۱) اردو ہندی کا لسانیاتی رشتہ	۱۹۷۵ء
	(۲) قصۂ پنجاب (ترجمہ)	۱۹۷۶ء

(۳) اردو شاعری میں قومی یک جہتی کی روایت ۱۹۷۷ء
(۴) آنکھیں میری باقی ان کا ۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ سے 'اردو شاعری میں قومی یک جہتی کی روایت' پر انعام ملا۔

راز عابدی (میر محمد علی عابدی)

والد کا نام: میر ثابت علی
تاریخ پیدائش: ۸ر مارچ ۱۹۲۳ء
پتہ: خلوت مبارک۔ بگی خانہ ۷/۴/۱۵۵-۴-۲۰ حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۱
تعلیم: منشی فاضل
مشاغل، ملازمت: انسپکٹر بلدیہ سے موظف
تصانیف: (۱) شعلۂ نم (مجموعۂ غزلیات)

راز لائل پوری (دھنپت رائے تھاپر)

والد کا نام: جیٹھو رام تھاپر
تاریخ پیدائش: ۱۴ر جولائی ۱۹۲۰ء، لائل پور (پاکستان)
پتہ: کیو۔ ۱۸ ملکہ گنج۔ دہلی ۱۱۰۰۰۷
تعلیم: میٹرک۔ ادیب
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: (۱) نورِ صداقت (نظموں کا مجموعہ ہندی رسم الخط میں) ۱۹۷۹ء

(۲) آئینۂ راز (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۳) رازو نیاز 〃 ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: 'رازو نیاز' پر یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۸۶ء میں انعام ملا۔

رام لعل (رام لعل چھابڑہ)

والد کا نام: لچھمن داس چھابڑہ
تاریخِ پیدائش: ۳ مارچ ۱۹۲۳ء، میانوالی (پاکستان)
پتہ: ڈی۔ ۲۲۹۰۰۔ اندرانگر۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۱۶
تعلیم: ہائی اسکول مکنیکل ٹریننگ۔ کمرشل ٹریننگ۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے۔ لاہور
مشاغل، ملازمت: ریلوے کے محکمے کی ملازمت سے سبکدوشی (۱۹۸۱ء)
افسانہ نگاری

تصانیف:
(۱) آئینے (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۴۵ء
(۲) انقلاب آنے تک 〃 ۱۹۴۹ء
(۳) نئی دھرتی پرانے گیت 〃 ۱۹۵۸ء
(۴) گلی گلی 〃 ۱۹۶۰ء
(۵) آواز تو پہچانو 〃 ۱۹۶۳ء
(۶) اکھڑے ہوئے لوگ 〃 ۱۹۷۲ء
(۷) گذرتے لمحوں کی چاپ 〃 ۱۹۷۴ء
(۸) معصوم آنکھوں کا بھرم 〃 ۱۹۷۸ء
(۹) نیل دھارا (فرانسیسی ناول کا ترجمہ مع ترمیم و اضافہ) ۱۹۸۰ء

(۱۰) زرد پتّوں کی بہار (سفرنامۂ پاکستان) ۱۹۸۲ء
(۱۱) خواب خواب سفر (سفرنامۂ یورپ) ۱۹۸۳ء
(۱۲) رام لعل کے منتخب افسانے ۱۹۸۴ء
(افسانوں کا مجموعہ)
(۱۳) سورج جیسی رات (ناول) ۱۹۸۴ء
(۱۴) اردو افسانے کی نئی تخلیقی فضا (تنقید) ۱۹۸۵ء
(۱۵) سدا بہار چاندنی (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

کل کتابوں کی تعداد ۲۳ ہے جن میں دو بچوں کی کہانیاں ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: ڈنمارک، انگلینڈ، جرمنی، سوئٹزر لینڈ، فرانس، روس، پاکستان۔

اعزازات، انعامات: نئی دھرتی پرانے گیت، گلی گلی، آواز تو پہچانو، نیل دھارا، اکھڑے ہوئے لوگ، گذرتے لمحوں کی چاپ اور معصوم آنکھوں کا بھرم پر حکومتِ یوپی اور یوپی اردو اکادمی سے اور اکھڑے ہوئے لوگ پر میرا اکادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

❋ رام لعل نابھوی

والد کا نام: حکیم ہری داس صابر
تاریخ پیدائش: ۱۲ر ستمبر ۱۹۱۸ء، نابھا (پٹیالہ) (وفات: ۱۶ر مارچ ۱۹۹۵ء، سندر نگر)
پتہ: محلہ دیوان۔ نابھا (پنجاب)۔ ۱۴۷۲۰۱
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت (ریٹائرڈ) صحافت
تصانیف: (۱) تبسّم (مزاحیہ خاکوں کا مجموعہ) ۱۹۷۹ء
(۲) آم کے آم (انشائیوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء

اعزازات انعامات: بہار اردو اکادمی، آندھرا پردیش اردو اکادمی، ہریانہ ساہتیہ اکادمی، محکمۂ السنہ پنجاب کے انعامات۔

رانا گنوری (رانا پرتاپ سنگھ)

والد کا نام: جے منی لعل بھوٹانی
تاریخِ پیدائش: ۳ جون ۱۹۳۸ء، جہان پور مظفر گڑھ (پاکستان)
پتہ: ۵، پروفیسرز کالونی کیتھل ضلع کوروکشیتر (ہریانہ) ۳۲۰۲۷-۱۳
تعلیم: ایم. اے (اردو، ہندی، سنسکرت)، پی. ایچ ڈی (ہندی)
مشاغل، ملازمت: لکچرار (ہندی وبھاگ. آر. کے. ایس. ڈی. کالج. کیتھل
تصانیف:

(۱) ترنگیں	۱۹۶۴ء
(۲) رشمیاں	۱۹۶۹ء
(۳) میگھ دُوت	۱۹۷۰ء
(۴) فانوسِ خیال	۱۹۷۴ء
(۵) رعنائیِ خیال	۱۹۸۱ء
(۶) کرانتی دُوت مہرشی دیانند	۱۹۷۶ء
(۷) تذکرۂ شعرائے ہریانہ	۱۹۸۳ء

اعزازات انعامات: ' فانوسِ خیال' پر بھاشا وبھاگ ہریانہ سے ۱۹۷۴ء میں، 'رعنائیِ خیال' پر اردو اکادمی اتر پردیش سے ۸۲-۱۹۸۱ء 'تذکرۂ شعرائے ہریانہ' ساہتیہ اکادمی ہریانہ، اردو اکادمی اتر پردیش، اردو اکادمی مغربی بنگال اور اردو اکادمی بہار سے انعامات ملے۔

راہی قریشی (ڈاکٹر برکت الحق قریشی)

والد کا نام : مقصود علی قریشی
تاریخِ پیدائش : ۲۰ راگست ۱۹۳۴ء اورنگ آباد دکن (مہاراشٹر)
پتہ : شعبۂ اردو۔ گلبرگہ یونیورسٹی، گلبرگہ ۵۸۵۱۰۶ (کرناٹک)
تعلیم : بی۔ اے (عثمانیہ) ۱۹۵۴ء ایم۔اے (عثمانیہ) ۱۹۵۶ء
پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کرناٹک یونیورسٹی دھارواڑ ۱۹۸۲ء
مشاغل، ملازمت : ریڈر شعبۂ اردو گلبرگہ یونیورسٹی
تصانیف : (۱) صحرا کا سفر (شعری مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۲) ضمیرِ شب 〃 ۱۹۸۰ء
(۳) دیدۂ بے خواب 〃 ۱۹۸۳ء
(۴) کالی داس گپتا رضاؔ۔ حیات اور ادبی خدمات زیرِ طبع
اعزازات، انعامات : دیدۂ بے خواب پر کرناٹک اردو اکادمی سے انعام ملا۔

راہی، ڈاکٹر علی الدین احمد

والد کا نام : حکیم وجہی الدین احمد
تاریخِ پیدائش : ۵ رمئی ۱۹۴۵ء، حیدرآباد (اے پی)
پتہ : ریزیڈنٹ کلینک مغل پورہ کمان حیدرآباد۔ ۵۰۰۰۰۲ (اے پی)
تعلیم : بی اے۔ ایم ایس۔
مشاغل، ملازمت : خانگی میڈیکل پراکٹیشنر
تصانیف : (۱) دستک (شعری مجموعہ) ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعامات : ۱۹۸۲ء میں آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

* راہی، ڈاکٹر معصوم رضا

والد کا نام: سید بشیر حسن عابدی
تاریخ پیدائش: یکم اگست ۱۹۲۷ء، غازی پور۔(وفات: ۱۵ مارچ ۱۹۹۲ء بمبئی)
پتہ: ۱۰۔ دیوودت بنیڈ اسٹینڈ۔ باندرا۔ بمبئی ۴۰۰۰۵۰
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (مسلم یونیورسٹی علی گڈھ۔ یو پی)
مشاغل ملازمت: فلم کے لیے کہانی کار
تصانیف: (۱) محبت کے سوا (ناول)
(۲) رقصِ مے (مجموعۂ کلام)
(۳) اجنبی شہر، اجنبی راستے
(۴) یاس یگانہ چنگیزی
(۵) طلسم ہوش ربا۔ ایک مطالعہ
(۶) ۱۸۵۷ء (رزمیہ)
ان کے علاوہ آٹھ ناول اور ایک شعری مجموعہ "میں ایک پھیری والا"
ہندی میں ہیں۔
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، ماریشس، ہانگ کانگ، امریکہ۔

رحمٰن ربانی (عبدالرحمٰن)

والد کا نام: عبدالقدیر
تاریخ پیدائش: ۵ راگست ۱۹۴۲ء، مین پوری (یو پی)
پتہ: نگہبان پبلیکیشن۔ کالپی (یو پی) ۲۸۵۲۰۴
تعلیم: ایم۔اے (اردو)

مشاغل/ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: (۱) کاوش (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء

(۲) متاعِ خواب 〃 ۱۹۷۷ء

(۳) آئینہ 〃 ۱۹۷۸ء

(۴) متاعِ یقین (مجموعۂ حمد ونعت) ۱۹۸۰ء

(۵) متاعِ فکر (شعری مجموعہ) زیرِطبع

رزّاق فاروقی (ڈاکٹر محمد عبدالرزاق فاروقی)

والد کا نام: ڈاکٹر محمد تراب علی فاروقی

تاریخ پیدائش: ۱۰/ستمبر ۱۹۳۱ء (مطابق ۲/جمادی الاوّل ۱۳۵۰ھ) گلبرگہ شریف،

پتہ: گنج بخش۔ ایورگرین روڈ۔ مغل پورہ حیدرآباد (اے پی)

تعلیم: ایم اے (اردو) عثمانیہ۔ ایم ایڈ (عثمانیہ) ڈپلوما ان پبلک ایڈمنسٹریشن (حیدرآباد) فارمسٹ ڈپلوما۔ پی ایچ ڈی (تروپتی)

مشاغل/ملازمت: ریڈر وصدر شعبۂ اردو وفارسی۔ گلبرگہ یونیورسٹی (کرناٹک)

تصانیف: (۱) اردو طریقۂ تعلیم (برائے بی ایڈ) ۱۹۶۰ء

(۲) اردو تعلیم کے مسائل 〃 ۱۹۶۰ء

(۳) چکبست۔ حیات اور ادبی خدمات (تحقیق) ۱۹۶۴ء

(۴) اردو پنچ کی ادبی خدمات (تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی) ۱۹۸۳ء

(۵) مولانا ابوالکلام آزاد کے تعلیمی تصورات ۱۹۸۵ء (مقالہ برائے ایم ایڈ انگریزی اور اردو دونوں میں)

اعزازات/انعامات: ۱۹۸۵ء میں کرناٹک اردو اکادمی اور آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

رستوگی، ڈاکٹر تاراچرن

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۱۹ء، بریلی (یوپی)

پتہ: بیرو باری۔ گوہاٹی (آسام)۔ ۷۸۱۰۱۶

تعلیم: ایم اے (انگریزی تاریخ اور معاشیات) پی ایچ ڈی (انگریزی) گوہاٹی یونیورسٹی۔ ایم او ایل (فارسی) ڈپلوما (نفسیات تعلیم)

مشاغل/ملازمت: درس و تدریس۔ صدر شعبۂ انگریزی

تصانیف: (۱) حسنِ کلام (علمِ عروض اور حسنِ خطابت وغیرہ) ۱۹۳۹ء

(۲) حدیثِ دل (شعری مجموعہ) ۱۹۶۱ء

(۳) اسامیہ۔ شعر و ادب (آسامی ادب) ۱۹۷۷ء

کل ۹ کتابیں ہیں

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۵۱۲)

رشید الدین (قاضی محمد رشید الدین)

والد کا نام: قاضی محمد حسن الدین

تاریخِ پیدائش: ۸ر دسمبر ۱۹۳۷ء ضلع اورنگ آباد (مہاراشٹر)

پتہ: ۱۹۱/۱/۱۷-۳-۱۰ ہمایوں نگر۔ حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۸

تعلیم: ایم اے (عثمانیہ)

مشاغل/ملازمت: اردو مترجم محکمۂ ترجمہ، حیدر آباد

تصانیف: (۱) علامہ حیرت بدایونی ـــ حیات اور ادبی خدمات ۱۹۷۹ء

(۴) خواہ مخواہ (مزاحیہ مضامین) ۱۹۸۰ء

اعزازات انعامات: پہلی کتاب پر بہار اردو اکادمی نے اور دوسری کتاب پر مغربی بنگال اردو اکادمی اور آندھرا پردیش اردو اکادمی نے انعامات دیے۔

رشید انجم (عبدالرشید خاں)

والد کا نام: عبدالرحیم خاں
تاریخ پیدائش: ۲ فروری ۱۹۴۱ء بھوپال (مدھیہ پردیش)
پتہ: ۷/۴۔ کاشانہ۔ اسلام پورہ، اتوارہ۔ بھوپال (مدھیہ پردیش) ۴۶۲۰۰۱
تعلیم: بی اے
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) ٹھنڈی موت (ترجمہ) ۱۹۷۴ء
(۲) سرد خون ۱۹۷۶ء
(۳) صدا بہ صحرا ۱۹۷۸ء
(۴) موت کے جواری ۱۹۷۹ء
(۵) بوڑھا سمندر ۱۹۸۵ء
(۶) صلیب زندہ ہے (ڈرامہ) ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، افغانستان، ایران، سعودی عرب، کویت، عمان وغیرہ۔

(ڈاکٹر) رشید الوحیدی (رشید نعمانی)

والد کا نام: وحید احمد

تاریخ پیدائش: مارچ ۱۹۳۴ء (ٹانڈہ ضلع فیض آباد)
پتہ: ۱۰ ذاکر نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند۔ ایم اے، پی ایچ ڈی (دہلی یونیورسٹی)
مشاغل ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) خلافت بنی امیہ ۱۹۵۵ء
(۲) اسلام کی اخلاقی تعلیمات (ترجمہ و تلخیص) ۱۹۶۸ء
(۳) کالی مسجد سے تہاڑ جیل تک ۱۹۸۳ء
(۴) ہندوستان میں دینی تعلیم کی تاریخ ۱۹۸۵ء
(۵) شیخ الہند۔ ایک عظیم مجاہد ۱۹۸۵ء
(۶) سلامیہ و عصامہ (بچوں کے لیے کہانیاں) ″
(۷) بابا ناصح ″ ″
اعزازات انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔

✻ رشید نعمانی

والد کا نام: عبدالوحید نعمانی
تاریخ پیدائش: جولائی ۱۹۱۵ء، ردولی (ضلع بارہ بنکی) (وفات ہوگئی)
پتہ: نسیم باغ۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: میٹرک
مشاغل ملازمت: ریٹائرڈ
تصانیف: (۱) شرابِ کہنہ

رضا احمد

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲ نومبر ۱۹۰۴ء، چکنیدی (فتحپور۔ یوپی)
پتہ: شیش محل۔ لکھنؤ۔ ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: بی ایس سی (الہ آباد) ۱۹۲۵ء، ایل ایل بی (علی گڑھ) ۱۹۲۷ء
مشاغل، ملازمت: جج (۱۹۴۸ - ۶۱ء) کے عہدے سے ریٹائر ہوئے
تصانیف: (۱) فلسفۂ غالب ۱۹۷۳ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، صفحہ ۵۲۵)

رضا کھنڈوی (سید صفدر رضا)

والد کا نام: سید حیدر علی
تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۳۹ء، کھنڈوہ (ایم پی)
پتہ: ۹/۱، املی پورہ، نزد امام باڑہ، کھنڈوہ۔ ۴۵۰۰۰۱ (ایم پی)
تعلیم: ایم اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: (۱) لال دروازہ (بچوں کے لیے) ۱۹۶۰ء
(۲) یادوں کے پدچنھ (ہندی شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۳) موجوں کا سفر (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء

رضوان احمد خاں

والد کا نام: حکیم مشتاق احمد خاں غبار بکٹی
تاریخِ پیدائش: ۹ر ستمبر ۱۹۴۷ء، موئی (بارہ بنکی۔ یوپی)
پتہ: روزنامہ عظیم آباد اکسپریس۔ پٹنہ (بہار) ۸۰۰۰۰۴
تعلیم: ایم اے (پٹنہ یونیورسٹی)
مشاغل ملازمت: صحافت
تصانیف: (۱) مسدود راہوں کے مسافر (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۷ء
(۲) بادل چھٹ گئے (اڑیہ ناول کا ترجمہ)
(۳) مجھے بولنے دو (اداریوں کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۴) فصیلِ شب (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۳ء
بیرونی ممالک کا سفر: وزیر اعظم کی پریس پارٹی کے ساتھ ۱۹۸۰ء میں بنگلہ دیش کا دورہ۔
اعزازات/انعامات: چاروں کتابوں پر یوپی اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی اور آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

رضوی، ڈاکٹر سید فضل امام

والد کا نام: سید مشتاق حسین رضوی
تاریخِ پیدائش: ۷ر اگست ۱۹۴۰ء، پائندہ پور (اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ: ریڈر شعبۂ اردو۔ الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد (یوپی)
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو و فارسی) ڈی لٹ (اردو) ساہتیہ رتن (ہندی)
مشاغل ملازمت: درس و تدریس

تصانیف:

(۱) بھوج پوری ادب کا تعارف	۱۹۷۴ء
(۲) امیراللہ تسلیم۔ حیات اور شاعری	۱۹۷۴ء
(۳) مثنوی سحرِ عشق۔ تسلیم	۱۹۷۴ء
(۴) جدید ہندی شاعری۔ سمت و رفتار	۱۹۷۵ء
(۵) مثنوی نغمۂ مسلسل یا گوہر انتخاب۔ تسلیم	۱۹۷۶ء
(۶) افکار و نظریات	۱۹۷۷ء
(۷) دیوانِ درد کا نقشِ اوّل	۱۹۷۹ء
(۸) راجستھانی زبان و ادب	۱۹۸۱ء
(۹) انیس شناسی	۱۹۸۱ء
(۱۰) موازنہ انیس و دبیر۔ مرتبہ مع مقدمہ	۱۹۸۱ء
(۱۱) شاعر آخرالزماں جوش ملیح آبادی	۱۹۸۲ء
(۱۲) انیس۔ شخصیت اور فن	۱۹۸۴ء

ان کے علاوہ تین کتابیں ہندی اور انگریزی میں بھی ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: رنگون، برطانیہ، پیرس اور روم۔

اعزازات، انعامات: اترپردیش اکادمی، بہار اردو اکادمی، مغربی بنگال اردو اکادمی اور میر اکادمی نے انعامات اور اعزازات سے نوازا۔

رضوی، پروفیسر سید محمد عقیل

والد کا نام: سید اکبر حسین رضوی

تاریخِ پیدائش: ۳۰/ اکتوبر ۱۹۳۲ء، موضع ایدلپور (ضلع الہ آباد)

پتہ: پائن ویو۔ محمود منزل دریا باد۔ الہ آباد (یوپی)

تعلیم: ایم۔ اے۔ ڈی۔ فل

مشاغل ملازمت: صدر شعبۂ اردو الہ آباد یونیورسٹی الہ آباد

تصانیف: (۱) نئی فکریں

(۲) کیک اور شراب (ناول کا ترجمہ)

(۳) اردو مثنوی کا ارتقا (شمالی ہند میں)

(۴) انتخاب داغ

(۵) نئی علامت نگاری

(۶) تنقید اور عصری آگہی

(۷) سماجی تنقید اور تنقیدی عمل

(۸) انتخاب افسانہ

(۹) مختصر تاریخ ادب اردو

(۱۰) لندن۔ او۔ لندن (سفرنامہ)

(۱۱) تنقید کی نئی جہات

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان اور فرانس۔

اعزازات انعامات: اتر پردیش حکومت اتر پردیش اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی اور میر اکادمی لکھنؤ سے کئی انعامات ملے۔

رضوی۔ ڈاکٹر محمود الحسن

والد کا نام۔

تاریخ پیدائش۔

پیشہ:

تعلیم: ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی

مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو لکھنؤ یونیورسٹی
تصانیف: (۱) اردو لسانیات کا خاکہ

(پروفیسر) رضی الدین احمد

والد کا نام: محمد ظہیر الدین
تاریخِ پیدائش: ۲۰ رمئی ۱۹۲۴ء، میرٹھ شہر
پتہ: ۴۳ - ایس وی یونیورسٹی کیمپس تروپتی۔
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (۱۹۵۶ء) ڈی لٹ (۱۹۶۴)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر و صدر شعبۂ اردو (ریٹائرڈ)
تصانیف: (۱) منتخب اردو افسانے ۱۹۶۵ء
(۲) نقدِ ابوالکلام ۱۹۶۹ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی یوپی، اسٹیٹ ایوارڈ آندھرا پردیش سے انعامات ملے۔

رضیہ حامد

والد کا نام: سید فتح علی
تاریخِ پیدائش: یکم ستمبر ۱۹۴۷ء، بھوپال (مدھیہ پردیش)
پتہ: ۶۵ بی۔ ایچ بلاک، سیکٹر ۲۲۔ نوائیڈہ۔ ۲۰۱۳۰۱
تعلیم: ایم۔ اے (عربی) ایم اے (اردو) پی۔ ایچ۔ ڈی (عربی)
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف۔ مدیرہ۔ "فکر و آگہی" سہ ماہی دہلی
تصانیف: (۱) نواب صدیق حسن خاں ۱۹۸۳ء

(۲) لمحوں کا سفر ۱۹۸۴ء

(۳) معاون حج ۱۹۸۵ء

اعزازات/انعامات: نواب صدیق حسن خاں پر مغربی بنگال اردو اکادمی، یوپی اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

رفعت سروش (سید شوکت علی)

والد کا نام: سید محمد علی

تاریخ پیدائش: ۲ر جنوری ۱۹۲۶ء، نگینہ (بجنور۔ یوپی)

پتہ: ڈی ۲۰/ اے منیرکا۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۶۷

تعلیم:

مشاغل/ملازمت: ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد کتابوں کی طباعت واشاعت کا کارو

تصانیف:

(۱) وادیِ گل (نظمیں) ۱۹۶۳ء

(۲) ذکر اس پری وش کا (غزلیں اور گیت) ۱۹۶۶ء

(۳) عروجِ آدم (منظوم ڈرامے) ۱۹۶۷ء

(۴) جہاں آرا (اوپیرا) ۱۹۷۳ء

(۵) روشنی کا سفر (قومی نظمیں) ۱۹۷۴ء

(۶) نقشِ صدا (نظمیں) ۱۹۷۷ء

(۷) دیمک (بنگالی سے ہندی ترجمے کا اردو ترجمہ) ۱۹۷۷ء

(۸) شاہجہاں کا خواب (اوپیرا) ۱۹۸۰ء

(۹) وادیِ غزل (غزلیں) ۱۹۸۱ء

(۱۰) نقوشِ رفتہ (مضامین) ۱۹۸۳ء

(۱۱) تاریخ کے آنچل میں (ڈانس ڈرامے) ۱۹۸۴ء

(۱۲) میری صدا کا غبار (نظمیں) ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۷۳ء میں سوویت یونین اور ۱۹۸۲ء میں پاکستان کا سفر۔

اعزازات، انعامات: سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ کا اعزاز ملا، نیز یوپی اردو اکادمی، مغربی بنگال اردو اکادمی، میرا کادمی لکھنؤ اور دہلی اردو اکادمی سے متعدد انعامات ملے۔

رفیعہ منظور الامین

والد کا نام: محمد عبد الحمید

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۴ء، حیدر آباد

پتہ: ۱۵۶۔ ای، رمیش مارگ، سی اسکیم۔ جے پور (راجستھان)

تعلیم: بی ایس سی

مشاغل، ملازمت: خانہ داری

تصانیف: (۱) سائنسی زاویے (سائنسی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۶۹ء

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی اور میرا کادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

رفیق پیلی بھیتی (عبد الرفیق)

والد کا نام: شیخ عبد اللطیف نازؔ

تاریخِ پیدائش: ۱۴؍ جون ۱۹۳۳ء

پتہ: ۴/۲/۴۱۔ دودھ پور۔ علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱

تعلیم: ایم اے (اردو)، بی ایس سی (انجینئرنگ۔ میکانیکل)

مشاغل، ملازمت: اکزکیٹیو انجنیئر یو پی۔ اری گیشن

تصانیف: (۱) جہاں نما ۱۹۸۵ء

رفیق، سید داؤد

والد کا نام: سید موسیٰ

تاریخ پیدائش: ۱۰ر جنوری ۱۹۴۴ء، حیدر آباد

پتہ: ۹۔ ۱۲۔ ۲۔ ۱۷ یاقوت پورہ۔ حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۳

تعلیم: بی ایس سی (عثمانیہ) ایم اے (نامکمل)

مشاغل، ملازمت: تجارت

تصانیف: (۱) بڑھتی ہوئی آبادی۔ ایک آفت ۱۹۸۶ء

رفیق راہی (محمد رفیق)

والد کا نام: چودھری علی محمد خاں

تاریخ پیدائش: ۳۰ر جولائی ۱۹۴۳ء، سنبھل (مراد آباد۔ یوپی)

پتہ: محلہ میاں سرائے۔ سنبھل۔ ضلع مراد آباد (یوپی)

تعلیم: بی۔ اے

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: سخنورانِ سنبھل ۱۹۸۶ء

رنجور کاشمیری (عبدالستار)

والد کا نام: محمد خلیل ڈار
تاریخ پیدائش: ۱۲ اکتوبر ۱۹۱۷ء
پتہ: کیگام ڈاکخانہ ہوال تحصیل شوپیان کشمیر
تعلیم: مڈل
مشاغل، ملازمت: صحافت
تصانیف: (۱) بانگِ انقلاب (شعری مجموعہ) ۱۹۵۱ء
(۲) صدائے کارواں 〃 ۱۹۷۵ء
(۳) کشمیر اور وسطی ایشیا کے تہذیبی تعلقات کی تاریخ ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: سوویت یونین ۱۹۷۰ء و ۱۹۷۳ء

رونق نعیم (شیخ محمد ابوالقاسم صدیقی)

والد کا نام: شیخ محمد ہاشم صدیقی
تاریخ پیدائش: اپریل ۱۹۳۳ء سیٹوری (بیربھوم مغربی بنگال)
پتہ: جواہر لال نہرو روڈ۔ ڈاکخانہ رانی گنج ضلع بردوان (مغربی بنگال) ۷۱۳۳۴۷
تعلیم: درجہ نہم تک
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) دائرہ در دائرہ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء
(اردو اور دیوناگری رسم الخط میں)

رہبر، راجندر ناتھ

والد کا نام: پنڈت ترلوک چند
تاریخِ پیدائش: ۵ر نومبر ۱۹۳۱ء، شکر گڑھ (پاکستان)
پتہ: ۱۰۸۵۔ سرائے محلہ۔ پٹھانکوٹ (پنجاب) ۱۴۵۰۰۱
تعلیم: ایم اے ایل ایل بی
مشاغل/ملازمت: ایڈوکیٹ
تصانیف: (۱) آغوشِ گل (تذکرۂ شعرائے شملہ) ۱۹۶۱ء
(۲) کلس (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۲ء
(۳) ملہار (مجموعہ کلام بحروف دیوناگری) ۱۹۷۵ء
(۴) اور شام ڈھل گئی (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۸ء
اعزازات/انعامات: بہار اردو اکادمی کی جانب سے انعام ملا۔

رؤف جاوید (عبد الرؤف خاں)

والد کا نام: عبد الحمید خاں
تاریخِ پیدائش: یکم ستمبر ۱۹۴۵ء، گوالیار
پتہ:
تعلیم: ادیب کامل۔ بی۔ اے۔ جیواجی یونیورسٹی گوالیار
مشاغل/ملازمت: ملازمت
تصانیف: سوالوں کی بوچھار (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۶ء

رؤف خلش

لدکا نام: سید داؤد
یخ پیدائش: ۴؍ جنوری ۱۹۴۱ء، حیدرآباد (اے پی)
: داؤد منزل، ۵۴۴-۸-۱۶، جدید ملک پیٹ، حیدرآباد۔
یم: ڈپلوما ان آرکٹکچر
شاغل، ملازمت: ۱۹۸۱ء سے جدّہ (سعودی عرب) میں عارضی طور پر مقیم اور وہاں کی ایک کمپنی میں بطور آرکٹکچرل اسسٹنٹ۔
مانیف: (۱) نئی رُتوں کا سفر (شعری مجموعہ) ۱۹۷۹ء
زازات، انعامات: اردو اکادمی آندھراپردیش سے ۱۹۸۰ء میں انعام ملا

رؤف خیر (محمد عبدالرؤف)

الدکا نام: محمد ابوبکر
ریخ پیدائش: ۵؍ نومبر ۱۹۴۸ء، حیدرآباد دکن
تہ: بیت الخیر، ۱۹/۲-۲۰۲-۱۰- ۹ رسالہ بازار گولکنڈہ حیدرآباد-۵۰۰۰۰۸
لیم: ایم۔ اے (ریسرچ اسکالر)
شاغل، ملازمت: لکچرر (اردو) گورنمنٹ جونیر کالج ہنمکنڈہ ورنگل۔ آندھراپردیش۔
صانیف: (۱) اِقرأ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۷ء
(۲) ایلاف (نظمیں غزلیں) ۱۹۸۲ء
(۳) کلمات (مضامین) زیر طبع
عزازات، انعامات: اِقرأ اور ایلاف دونوں شعری مجموعوں پر اردو اکادمی آندھراپردیش نے انعام واعزاز سے نوازا۔

(محمد) رئیس انصاری

والد کا نام: عبدالمقتدر
تاریخِ پیدائش: ۱۹۵۱ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ۳۸ دریائی ٹولہ۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: مدرسے کی تعلیم
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) تجربوں کی دھوپ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی نے 'تجربوں کی دھوپ' پر انعام دیا اور آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ نے امتیازِ میر کی سند دی۔

ریاست علی تاج (ابو محمد ریاست علی صدیقی)

والد کا نام: محمد رحمت علی صدیقی
تاریخِ پیدائش: ۷ر فروری ۱۹۳۰ء، کریم نگر
پتہ: ۱۵۲-۴-۳ کوٹلہ شیخان۔ کریم نگر (اے پی) ۵۰۵۰۰۱
تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس / ریسرچ اسکالر (عثمانیہ)
تصانیف: (۱) اردو قاعدہ ۱۹۵۶ء
(۲) تلگو سیکھیے ۱۹۵۸ء
(۳) نگارِ حیات ۱۹۶۷ء
(۴) سید نجیب اشرف ندوی۔ شخصیت اور کارنامے ۱۹۸۱ء

اعزازات'انعامات: مغربی بنگال اردو اکادمی'بہار اردو اکادمی'یوپی اردو اکادمی اور آندھرا پردیش اردو اکادمی سے سبھی کتابوں پر انعامات ملے۔ نیز ۱۹۷۶ء میں اردو تدریس پر آندھرا پردیش حکومت سے ریاستی ایوارڈ ملا۔

ریاض احمد خاں

والد کا نام: ولی محمد خاں

تاریخِ پیدائش: ۲۵ ستمبر ۱۹۳۰ء' کھنڈوہ (ایم پی)

پتہ: ۴۲/۲ ۔ ۴۰ حبیب ولا۔ لورنسبت روڈ مجگاؤں۔ بمبئی ۴۰۰۰۳۲

تعلیم: بی اے (آنرز) ڈی۔ جے۔ پی۔ آر

مشاغل'ملازمت: ایڈیٹر' قومی راج' سینیر اسسٹنٹ ڈائرکٹر جنرل آف انفارمیشن اینڈ پبلک ریلشنز۔ حکومت مہاراشٹر۔ بمبئی۔

تصانیف:
(۱) جی دارا اور ننھا فرشتہ
(۲) میگھ نگر کا راجا
(۳) زمیندار کی حویلی
(۴) شیش ناگ
(۵) ہار کی تلاش
(۶) خطرناک سفر

اس کے علاوہ ساٹھ کتابوں پر تبصرے شائع ہو چکے ہیں۔

اعزازات'انعامات: اپنی تصانیف پر آندھرا پردیش' اترپردیش' مغربی بنگال' مہاراشٹر پردیش اکادمیوں سے انعامات ملے اور ۱۹۷۶ء میں مہاراشٹر اردو اکادمی کی طرف سے صحافتی ایوارڈ ملا ہے۔

ز

زاہد قریشی (آغا محمد مجاہد علی قریشی)

والد کا نام: آغا محمد داؤد علی قریشی

تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۵۴ء، حیدرآباد (اے پی)

پتہ: ۴-۳۴۶.۶.۲۰ روپ لال بازار شاہ علی بنڈہ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۲۶۵

تعلیم: میٹرک

مشاغل، ملازمت: کمرشل آرٹسٹ / تجارت

تصانیف: احساس (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

زاہدہ زیدی

والد کا نام: سید مستحسن زیدی

تاریخِ پیدائش: ۴ر جنوری ۱۹۳۰ء

پتہ: ۲۲۔ ذاکر باغ۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱

تعلیم: ایم اے (انگریزی) ۱۹۵۲ء میں علی گڑھ سے اور ۱۹۵۸ء میں کیمبرج یونیورسٹی سے۔

مشاغل، ملازمت: تدریس اور شاعری

تصانیف: (۱) زہرِ حیات ۱۹۷۰ء

(۲) دھرتی کا لمس ۱۹۷۵ء

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے ۱۹۷۲ء میں انعام ملا۔

زرینہ عقیل احمد

والد کا نام: رئیس احمد خاں
تاریخ پیدائش: ۳ر اپریل ۱۹۴۳ء
پتہ: بی/ ۵۱۸ جی ٹی بی نگر (کریلی) الہ آباد (یوپی) ۲۱۱۰۰۳
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو الہ آباد یونیورسٹی
تصانیف: (۱) ادبی نقوش ۱۹۸۲ء
(۲) عہد جدید کے ممتاز شعراء ۱۹۸۳ء
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

زہرہ جبیں (زہرہ فدا حسینی)

والد کا نام: فدا حسین
تاریخ پیدائش: ۱۴ر اپریل ۱۹۲۱ء
پتہ: بی ۲۶۱ شنکر نگر۔ ناگپور (مہاراشٹر)
تعلیم: ایم۔ اے (اردو، فارسی)
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) مشکل راہ (ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۷۰ء
(۲) صبح کے پھول " ۱۹۷۷ء
(۳) نشیب و فراز (افسانے) ۱۹۷۷ء
(۴) نوبہار (ناول) ۱۹۸۰ء
(۵) پیش و پس (ڈرامے) ۱۹۸۳ء

زور آغائی (محمد علی زور آغائی ابو العلائی)

والد کا نام: محمد اعظم
تاریخِ پیدائش: ۲۶ ستمبر ۱۹۲۶ء، حیدر آباد (اے پی)
پتہ: کمان ساجدہ بیگم مغل پورہ متصل مسجد ۵۔۲۰۔۲۳ حیدر آباد (اے پی)
تعلیم: منشی فاضل۔ وکالت درجۂ اوّل
مشاغل/ملازمت: وظیفہ یاب/ شعر و شاعری
تصانیف: زورِ سخن (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۲ء
اعزازات/انعامات: آندھرا پردیش اردو اکادمی اور اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

زیدی، سید رضا حسین

والد کا نام: سید کاظم حسین زیدی
تاریخِ پیدائش: ۴؍ فروری ۱۹۲۷ء، دہلی
پتہ: مصطفیٰ لاج جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: پوسٹ گریجویٹ۔ ڈپلوما اِن فائن آرٹس۔ دہلی۔ ہالینڈ
مشاغل/ملازمت: ریڈر شعبۂ فائن آرٹس انسٹی ٹیوٹ جامعہ ملیہ اسلامیہ
تصانیف: تلاشِ فن (سفرنامۂ یورپ) ۱۹۷۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: ہالینڈ، لندن، جرمنی، پیرس، بلجیم، ایران، سعودی عرب، پاکستان۔

زیدی، چودھری سیّد علی محمد

والد کا نام: سیّد محمد حسین زیدی
تاریخِ پیدائش: ۵ر دسمبر ۱۹۱۴ء، مونکپور (بارہ بنکی)
پتہ: ارشاد منزل، ردولی ضلع بارہ بنکی۔ ۲۲۵۴۱۱
تعلیم: ہائی اسکول
مشاغل، ملازمت: سابق تعلقدار
تصانیف: (۱) مصباح الزائرین۔ (سفر نامہ عراق، شام و ایران) ۱۹۵۲ء
(۲) العزاء (عزاداری) ۱۹۶۷ء
(۳) اپنی یادیں ردولی کی باتیں (تاریخ قصبۂ ردولی) ۱۹۷۷ء
(۴) مولوی سیّد ابن حسن نونہروی طاب ثراہ اور ردولی (حیات اور شخصیت) ۱۹۸۱ء
(۵) بارہ بنکی (تاریخ ضلع بارہ بنکی) ۱۹۸۴ء
(۶) ردولی چھیتر کے چناؤ (۱۹۵۲ء سے ۱۹۷۸ء تک) ۱۹۸۵ء

* زیدی، کرنل بشیر حسین

والد کا نام: سیّد شوکت حسین
تاریخِ پیدائش: ۳۰ر جولائی ۱۸۹۸ء، در دہلی۔ (وفات: ۲۹ر مارچ ۱۹۹۲ء جامعہ نگر نئی دہلی)
پتہ: زیدی ولا۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۲۵-۱۱۰۰

تعلیم: بی اے آنرز (کیمبرج) بیرسٹرایٹ لا لنکنز ان۔ لندن

مشاغل/ملازمت: ریٹائر ہونے سے قبل ریاست رام پور کے چیف منسٹر، مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر، جامعہ ملیّہ کے خازن اور لوک سبھا و راجیہ سبھا کے ممبر رہ چکے ہیں۔

تصانیف: قدسیہ زیدی (مرتبہ) ۱۹۸۲ء

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان، آئرلینڈ، فرانس، بلجیم، ہالینڈ، جرمنی، آسٹریلیا، بلغاریہ، یوگوسلاویا، ترکی، افغانستان، ایران، عراق، لبنان، جارڈن، مصر، لیبیا، سیریا، سوڈان، کینیا، تنزینیا۔

اعزازات/انعامات: ڈی لٹ (اعزازی) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی و کانپور یونیورسٹی، پدما وی بھوشن۔ سابق ممبر لوک سبھا و راجیہ سبھا۔

س

ساتر، ڈاکٹر رحمان

والد کا نام: ڈاکٹر ایم اے ستار

تاریخ پیدائش: ۱۲/ اکتوبر ۱۹۵۴ء

پتہ: ایڈیٹر، رہنمائے تلنگانہ ویکلی۔ ملک پیٹ۔ ججز کالونی ۱۴-۲-۶۲/۴- حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۳۶

تعلیم: بی ایس سی۔ ایم ڈی

مشاغل/ملازمت: میڈیکل پریکٹس

تصانیف: (۱) سمندر کا خواب (افسانے) ۱۹۸۰ء

(۲) مائی ڈیر سلطانہ (ناول) ۱۹۸۰ء

(۳) یہ ماجو بک گئی (افسانے) ۱۹۸۳ء

(۴) رہنمائے معالجین (طب) ۱۹۸۴ء

اعزازات' انعامات: ۱۹۸۰ء میں آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

ساجد رضوی (میر رضا علی رضوی المشہدی)

والد کا نام: سید بہادر حسین رضوی المشہدی

تاریخِ پیدائش: ۱۲ر جنوری ۱۹۳۷ء' حیدر آباد (اے پی)

پتہ: ۱-۹۱۳-۲۲' سلطان پورہ حیدر آباد ۵۰۰۰۲۴

تعلیم: اردو' فارسی' عربی' انگریزی (منشی فاضل)

مشاغل' ملازمت: شعر و شاعری

تصانیف:

(۱) تجلّیاں	(مجموعۂ کلام)	۱۹۶۵ء
(۲) سجدے	"	۱۹۶۶ء
(۳) شمعِ حرم	"	۱۹۶۷ء
(۴) جلوے	"	۱۹۷۵ء
(۵) سجدۂ اخلاص	"	۱۹۸۲ء
(۶) جانِ غزل	"	۱۹۸۲ء

ساجدہ زیدی

والد کا نام: سید مستحسن زیدی

تاریخِ پیدائش: ۱۸ر مئی ۱۹۲۶ء' (میرٹھ)

پتہ: گل برگ۔ دودھ پور۔ علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱

تعلیم: ایم ایڈ (مسلم یونیورسٹی)، ایم فل (لندن یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: تدریس و شاعری
تصانیف: (۱) جوئے نغمہ (شعری مجموعہ) ۱۹۶۲ء
(۲) آتشِ سیّال 〃 ۱۹۷۲ء
(۳) سیلِ وجود 〃 ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے ۱۹۷۲ء میں انعام ملا۔
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، دہلی صفحہ ۴۰۸)

ساحر ہاشمی (سیّد محمد رشید ہاشمی)

والد کا نام: سیّد امان اللہ ہاشمی
تاریخِ پیدائش: عمر اٹھاون سال، بانس منڈی (کانپور)
پتہ: ۴۵ہ/۸۸ ہمایوں باغ۔ کانپور (یوپی) ۲۰۸۰۰۱
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: الکٹریکل انجینئر الگن ملز۔ کانپور
تصانیف: نقیبِ خودی (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۱ء

* ساحر ہوشیارپوری (رام پرکاش)

والد کا نام: مکھی رام
تاریخِ پیدائش: ۱۰ فروری ۱۹۱۳ء (سرٹیفکٹ کے مطابق: ۵ مارچ ۱۹۱۳ء) (وفات: ۳۰ جنوری ۱۹۷۲ء کپورتھلہ)
پتہ: ۲۲۶۹۔ سیکٹر ۲۸۔ فریدآباد (ہریانہ) ۱۲۱۰۰۳
تعلیم: ایم اے (فارسی)، گورنمنٹ کالج لاہور، ۱۹۳۵ء

مشاغل/ملازمت : ذاتی کاروبار

تصانیف: (۱) مہاویر مہما (مسدس) ۱۹۳۹ء

(۲) سحرِ غزل ۱۹۵۹ء

(۳) سحرِ نغمہ ۱۹۷۰ء

(۴) بھکاری راجہ (ترجمہ) ۱۹۷۴ء

(۵) جل ترنگ (دیوناگری رسم الخط میں) ۱۹۷۵ء

(۶) سحرِ حرف ۱۹۸۲ء

(۷) پنچ تنتر کی کہانیاں (ترجمہ)

ساحل احمد

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۲۱ راپریل ۱۹۳۸ء

پتہ: صدر شعبۂ اردو۔ ایونگ کرسچین کالج الہ آباد (یوپی)

تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ

مشاغل/ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: (۱) اقبال ایک تجزیاتی مطالعہ ۱۹۷۴ء

(۲) غزل پس منظر پیش منظر ۱۹۷۶ء

(۳) یازدہ (گیارہ غزل گویوں کا تذکرہ وتنقیدی مطالعہ) ۱۹۷۸ء

(۴) شعری ادب ۱۹۷۷ء ۱۹۷۸ء

(۵) ولی۔فن وشخصیت اور کلام ۱۹۷۹ء

(۶) اقبال کی نظموں کا تجزیاتی مطالعہ (مرتبہ) ۱۹۸۲ء

(۷) اکبر الہ آبادی کی شاعری ۱۹۸۲ء

(۸) فانی بدایونی (مرتبہ) ۱۹۸۳ء
(۹) مطالعۂ مومن (") ۱۹۸۵ء
(۱۰) اردو کی چند مشہور کتابیں (۱) (مرتبہ) ۱۹۸۵ء
(۱۱) اقبال اور غزل ۱۹۸۶ء
(۱۲) یگانہ (مرتبہ) ۱۹۸۶ء
(۱۳) اردو کی چند مشہور کتابیں (۲) (مرتبہ) "

ساحل، ڈاکٹر محمد شرف الدین

والد کا نام: محمد یاسین
تاریخِ پیدائش: ۲ر اگست ۱۹۴۹ء، ناگپور (مہاراشٹر)
پتہ: حیدری مسجد روڈ، مومن پورہ، ناگپور ۴۴۰۰۱۸
تعلیم: ایم اے اردو (۱۹۷۴ء) ایم اے فارسی (۱۹۷۶ء) ایم اے عربی (۱۹۸۰ء) پی ایچ ڈی (۱۹۷۷ء) بی ایڈ (۱۹۸۱ء) پی ایچ ڈی (۱۹۸۶ء)
مشاغل ملازمت: شعر و شاعری
تصانیف: (۱) ملتِ اسلامیہ کا سفر ۱۹۸۰ء
(۲) بیان میرٹھی۔ حیات و شاعری ۱۹۸۰ء
(۳) کامٹی کی ادبی تاریخ ۱۹۸۲ء
(۴) تاریخ ناگپور ۱۹۸۳ء
(۵) دستِ کوہکن ۱۹۸۳ء
(۶) شرارِ جستہ ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی سے کتابوں پر چار بار انعامات ملے۔

ساز، جیالال

والد کا نام: رام رتن مانک ٹالہ
تاریخِ پیدائش: ۳ر فروری ۱۹۲۷ء، باغبان پورہ (پاکستان)
پتہ: ۱۴۱۔ شِوالک اپارٹمنٹس کالکاجی۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۹
تعلیم: ایم اے (انگریزی)۔ ڈپلوما اِن جرنلزم
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت سے ریٹائر۔ فوٹوگرافی
تصانیف: موت پر فتح (ڈرامہ) ۱۹۶۲ء
اعزازات، انعامات: محکمہ لسانیات حکومتِ پنجاب کی طرف سے 'موت پر فتح' پر انعام ملا

ساغر بارہ بنکوی (ہرگووند دیال سریواستو)

والد کا نام: رام نرائن لعل سریواستو
تاریخِ پیدائش: ۷ر جنوری ۱۹۳۱ء، بارہ بنکی (یوپی)
پتہ: ۳/۷۵/۱۷/۱۴ کنگھی ٹولہ، نواز گنج۔ لکھنؤ۔ ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: انٹر میڈیٹ
مشاغل، ملازمت: کلرک نارتھ ایسٹرن ریلوے لکھنؤ
تصانیف: متاعِ غم ۱۹۸۳ء
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔

ساغر شفائی (کمل جیت شرما/ کمل جیت عاجز)

والد کا نام: پنڈت ہرنام داس

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۷ء
پتہ: ۹۔سی۔ راجپورہ روڈ کالونی پٹیالہ
تعلیم: بی۔اے۔ ادیب فاضل
مشاغل/ملازمت: کیٹلاگر۔ پنجاب سٹیٹ آرکائیوز۔ پٹیالہ۔
تصانیف: (۱) انجم کدہ (تذکرہ) ۱۹۶۳ء
(۲) نہر و زنجیر سے تعمیر تک ۱۹۶۴ء
(۳) لہو ترنگ ۱۹۶۶ء
(۴) ارمغانِ تاشقند ۱۹۶۷ء
(۵) لہو پکارے گا آستیں کا ۱۹۷۳ء
(۶) عملِ صحرائی ۱۹۷۳ء

ساغر مہدی (سید ساغر مہدی زیدی)

والد کا نام: سید خورشید حسن زیدی
تاریخِ پیدائش: جولائی ۱۹۳۸ء
پتہ: احسان منزل۔ سید واڑہ۔ بہرائچ (اتر پردیش)
تعلیم: بی اے۔ (علیگ)
مشاغل/ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) دیوانگی (شعری مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۲) میزان (تنقیدی مضامین) زیرِ طبع
اعزازات/انعامات: دیوانگی پر ۱۹۷۳ء میں اردو اکادمی اتر پردیش سے ایوارڈ۔

ساقی، موتی لال رازداں

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۵ ستمبر ۱۹۳۶ء بدیپار بالا (سری نگر)
پتہ: جہانور۔ ڈاکخانہ رینگر۔ چدورا تحصیل۔ ضلع سری نگر (جموں وکشمیر)
تعلیم: بی اے (جموں وکشمیر یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ ایڈیٹر ڈکشنری پروجکٹ جموں وکشمیر اکادمی
تصانیف: کشمیر میں سیکولرزم ۱۹۶۶ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، صفحہ ۵۲۵)

سالک لکھنوی (شوکت ریاض کپور)

والد کا نام: طارق ریاض کپور عرف محمد احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۶ دسمبر ۱۹۱۳ء، لکھنؤ
پتہ: ۲ سوترکن اسٹریٹ، کلکتہ ۔ ۷۲
تعلیم: بی کام (لکھنؤ یونیورسٹی) دبیر کامل (۱۹۳۸ء)
مشاغل، ملازمت: سماجی، سیاسی اور کاروباری
تصانیف: (۱) عذرا اور دیگر افسانے (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۴۱ء
(۲) پسِ شعر (کلاسیکی اردو شعراء کے ۲۸ اشعار کے نئے اسلوب کی تشریح) ۱۹۸۱ء
(۳) بے سروپا (طنزیہ اور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۴) میں اور کمیونسٹ پارٹی (انگریزی اور بنگلہ سے ترجمہ) ۱۹۸۴ء
(۵) غزلوں اور نظموں کا مجموعہ زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: مغربی بنگال اردو اکادمی سے ۱۹۸۳ء میں انعام ملا۔

سبھاش سلوجہ

والد کا نام: اندرجیت لال

تاریخِ پیدائش: ۱۷ مارچ ۱۹۵۰ء، دہلی

پتہ: ۴۱۔ ڈی گل مہر پارک نئی دہلی ۱۱۰۰۴۹

تعلیم: بی ایس سی (دہلی یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: صحافت

تصانیف: ذرّے سے آفتاب ۱۹۷۷ء

اعزازات، انعامات: حکومتِ ہند سے 'ذرے سے آفتاب' پر انعام ملا۔

* ستیش بترا

والد کا نام: رگھوناتھ لعل بترا

تاریخِ پیدائش: ۱۹ مارچ ۱۹۳۶ء، پنڈدادنخان، جہلم۔ (وفات: ۱۸ جنوری ۱۹۸۸ء فرید آباد)

پتہ: ۵۲۰/ اے ۱۶۔ فرید آباد ۱۲۱۰۰۲

تعلیم: ایم اے (انگریزی ادبیات)

مشاغل، ملازمت: ملازمت

تصانیف:

(۱) ویران بہاریں (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۰ء

(۲) بوند بوند ساگر " ۱۹۶۲ء

(۳) پرچھائیوں کے دیس میں (ناول) ۱۹۷۱ء

(۴) آڑی ترچھی لکیریں (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۸ء

(۵) اڑتے لمحے " ۱۹۸۲ء

(۶) بکھر گئے تنکے (ہندی افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۲ء

(۷) دی کیسٹ (انگریزی افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۷ء

افسانوں کا ایک مجموعہ "بے لباس لمحے" اور ایک سفرنامہ "سمٹتے فاصلے" پریس میں ہیں، امید ہے کہ یہ دونوں کتابیں ۱۹۸۷ء میں مارچ اور اپریل تک چھپ جائیں گی۔

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ و کناڈا (۱۹۷۶ء) برطانیہ، ناروے، ڈنمارک، سویڈن وغیرہ (۱۹۸۴ء) نیپال۔ بھوٹان (۱۹۸۵ء)

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی، مغربی بنگال اردو اکادمی اور میر اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

سحر، محمد ابوالفیض

والد کا نام: شیخ عبداللہ

تاریخِ پیدائش: ۱۹ فروری ۱۹۳۷ء، نارائن پیٹ ضلع محبوب نگر (حیدرآباد)

پتہ: آئی۔ ۲۲۳ ۔ سروجنی نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۳

تعلیم: ایم اے عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدرآباد

مشاغل، ملازمت سرکاری ملازمت۔

تصانیف: (۱) تیشۂ نظر (تنقیدی مضامین کا مجموعہ)

(۲) خسرو شناسی (تحقیقی مقالوں کا مجموعہ)

(۳) دودِ چراغِ محفل (تلگو ناول کا ترجمہ)

(۴) اردو ہندی لغت (ترتیب)

(۵) خلائی پہلا ہندوستانی

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۸۶ء پاکستان (ہندوستانی ادیبوں کے وفد کے رکن کی حیثیت سے)

اعزازات، انعامات: دہلی اردو اکادمی، اترپردیش اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی سے کتابوں پر انعامات ملے۔

سحر شاہجہاں پوری (سید احمد)

والد کا نام: سید محمد اسحاق میاں، عرف میاں جان
تاریخ پیدائش: ۱۹۳۵ء، شاہجہاں پور
پتہ: محلّہ خلیل غربی شاہجہاں پور (یوپی)
تعلیم: ایم اے
مشاغل/ملازمت: ٹیکس سپرنٹنڈنٹ میونسپل بورڈ شاہ جہاں پور
تصانیف: (۱) آئینۂ سحر (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۲) سحر رنگ (شعری مجموعہ) زیر طبع
اعزازات/انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

* سحر، کنور مہندر سنگھ بیدی

والد کا نام: بابا ہردت سنگھ بیدی
تاریخ پیدائش: ۹ مارچ ۱۹۰۹ء (ساہیوال۔ پاکستان) (وفات: ۷ جولائی ۱۹۹۲ء دہلی)
پتہ: ڈبلو۔ ۵۷۔ گریٹر کیلاش۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۴۸
تعلیم: بی اے (گورنمنٹ کالج لاہور)
مشاغل، ملازمت: سول سروس سے ریٹائرڈ۔ شعر و شاعری، اور ادیبوں شاعروں کی رفاقت۔
تصانیف: (۱) طلوعِ سحر ۱۹۶۰ء
(۲) سونشتر ۱۹۶۵ء
(۳) یادوں کا جشن (پاکستانی ایڈیشن) ۱۹۸۴ء
(۴) یادوں کا جشن (ہندوستانی ایڈیشن) ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ، کناڈا، پاکستان، لنکا، انگلینڈ، جرمنی، فرانس،

سوئزرلینڈ، اٹلی۔

اعزازات، انعامات: شیرومنی ساہتیکار ایوارڈ، حکومتِ پنجاب

* سراج انور (سید محمد سراج الدین)

والد کا نام: سید جلال الدین

تاریخِ پیدائش: فروری ۱۹۳۳ء، دہلی (وفات: ۴ مارچ ۱۹۹۱ء دہلی)

پتہ: ایشیا فوٹو اسٹوڈیو اردو بازار۔ جامع مسجد۔ دہلی-۱۱۰۰۰۶

تعلیم: دہلی پالی ٹیکنیک کا امتحان دیا۔

مشاغل، ملازمت: فوٹوگرافی اور تصنیف و تالیف

تصانیف:

(۱) خوفناک جزیرہ	(ناول)	۱۹۵۹ء
(۲) کالی دنیا	//	۱۹۶۲ء
(۳) نیلی دنیا	//	۱۹۶۷ء
(۴) دس کہانیاں	(مرتبہ)	۱۹۷۹ء
(۵) حضرت نظام الدین اولیا		۱۹۸۰ء
(۶) ٹوٹا ہوا پر	(ترجمہ)	۱۹۸۳ء
(۷) کوئی بات نہیں	(مزاحیہ ڈرامے)	۱۹۸۵ء
(۸) دوڑتا جنگل	(ناول)	۱۹۸۶ء

بچوں کے لیے کہانیاں

(۹) جادو کا دروازہ	۱۹۵۱ء
(۱۰) خونی کتاب	۱۹۵۲ء
(۱۱) شیخ چلی کی شامت	۱۹۸۳ء
(۱۲) سونے کا شہر	۱۹۸۳ء

(۱۳) تجوری کا راز ۱۹۸۳ء

(۱۴) گنجا ڈاکو ۱۹۸۳ء

(۱۵) تیس مار خاں ۱۹۷۶ء

تیس سے زاید کتابیں ڈھائی سو کے لگ بھگ کہانیاں اور ۱۲۰ ڈرامے ان کے علاوہ ہیں۔

سرپٹ حیدر آبادی (محمد اسد حسن انصاری)

والد کا نام: محمد احمد حسن انصاری

تاریخِ پیدائش: ۱۴ر جنوری ۱۹۰۵ء، حیدر آباد (اے پی)

پتہ: ۵۹/۲۸۵-۸-۱۶ کالا ڈیرہ کالونی ملک پیٹ۔ حیدر آباد (اے پی) ۳۶

تعلیم: فاضل حدیث (از مدرسہ عالیہ نظامیہ فرنگی محل لکھنؤ)، مولوی، عالم، فاضل دبیر کامل (از لکھنؤ یونیورسٹی)، ایم ڈی ایچ (از امریکن ہومیوپیتھک کالج لکھنؤ) فاضل (از طبیہ کالج لکھنؤ)

مشاغل، ملازمت: طبابت۔ کتابت۔ شعر و شاعری

تصانیف: دھر گھسیٹ (مزاحیہ مجموعۂ کلام) ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: دھر گھسیٹ پر اردو اکادمی آندھرا پردیش سے انعام ملا۔

سردار جعفری (علی سردار جعفری)

والد کا نام: سید جعفر طیار جعفری

تاریخِ پیدائش: ۲۹ر نومبر ۱۹۱۳ء، بلرام پور ضلع گونڈہ

پتہ: ۱۰ ستیا محل۔ بومن جی پیٹٹ روڈ: بمبئی۔ ۴۰۰۰۳۶

تعلیم: بی اے۔ اینگلو عربک کالج۔ دہلی۔
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری، دستاویزی فلم سازی۔ ادارت
تصانیف: (۱) نئی دنیا کو سلام ۱۹۴۸ء
(۲) خون کی لکیر ۱۹۴۹ء
(۳) امن کا ستارہ ۱۹۵۰ء
(۴) ایشیا جاگ اٹھا ۱۹۵۲ء
(۵) پتھر کی دیوار ۱۹۵۳ء
(۶) ترقی پسند ادب ۱۹۵۳ء
(۷) ایک خواب اور ۱۹۶۵ء
(۸) اقبال شناسی ۱۹۷۰ء
(۹) لکھنؤ کی پانچ راتیں ۱۹۷۲ء
(۱۰) لہو پکارتا ہے ۱۹۷۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: سوویت یونین، چیکوسلواکیہ، فرانس، سوئزرلینڈ، بلغاریہ، سویڈن، فن لینڈ۔ ناروے، انگلینڈ، کنیڈا، امریکہ، عراق، مصر، پاکستان۔
اعزازات، انعامات: پدم شری ۱۹۶۷ء انعامات اردو اکیڈمی لکھنؤ۔ مخدوم ایوارڈ حیدر آباد۔ میر تقی میر ایوارڈ۔ بھوپال کمارن آشن ایوارڈ۔ ملیالی زبان تری ونڈرم۔ تمغہ اقبال۔ پاکستان۔ اقبال اعزاز بھوپال۔ ڈی۔ لٹ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔

سرفراز افسر (سرفراز احمد)

والد کا نام: محمد اسماعیل
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۳۳ء، مالیگاؤں (ضلع ناسک۔ مہاراشٹر)

پتہ: ۶۲۸ - اسلام پورہ مالیگاؤں (ضلع ناسک (مہاراشٹر)

تعلیم: آٹھویں جماعت تک

مشاغل، ملازمت: پاور لوم. سائیکل شاپ - پرنٹنگ پریس

تصانیف: (۱) یوم مئی (کتابچہ) ۱۹۶۵ء

(۲) آتش پارے (شعری مجموعہ) ۱۹۶۷ء

(۳) مزدور انقلاب (نثر) ۱۹۷۱ء

(۴) حالاتِ زندگی " ۱۹۷۵ء

سرفراز دانش (سرفراز بیگ)

والد کا نام: رحمٰن بیگ

تاریخ پیدائش: ۲، دسمبر ۴۲ ۱۹ء (برہانپور)

پتہ: سعیدیہ اسکول روڈ اتوارہ بھوپال (ایم پی)

تعلیم: ہائر سیکنڈری

مشاغل، ملازمت: ٹیکٹ اکزامیز مدھیہ پردیش روڈ ویز ٹرانسپورٹ بھوپال۔

تصانیف: ذائقۂ سنگ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۵ء

سرور، پروفیسر آل احمد

والد کا نام: کرم احمد

تاریخ پیدائش: ۹، ستمبر ۱۹۱۱ء، بدایوں (یوپی)

پتہ: سرسید نگر. پور. علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱

مشاغل، ملازمت: ڈائرکٹر اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی (سری نگر)

تصانیف: (۱) سلسبیل (شعری مجموعہ) ۱۹۳۵ء
(۲) تنقیدی اشارے (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۴۲ء
(۳) نئے اور پرانے چراغ 〃 ۱۹۴۶ء
(۴) تنقید کیا ہے؟ 〃 ۱۹۴۷ء
(۵) ادب اور نظریہ 〃 ۱۹۵۴ء
(۶) ذوقِ جنوں (شعری مجموعہ) ۱۹۵۵ء
(۷) جدیدیت اور ادب (مجموعۂ مقالات سیمنار) ۱۹۶۹ء
(۸) نظر اور نظریے (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۹) حسرت سے بصیرت تک 〃 ۱۹۷۴ء
(۱۰) اقبال اور ان کا فلسفہ 〃 ۱۹۷۷ء
(۱۱) اقبال کے مطالعے کے تناظرات 〃 ۱۹۷۷ء
(۱۲) اقبال کا نظریہ اور شاعری 〃 ۱۹۷۹ء
(۱۳) اقبال اور تصوّف (مجموعۂ مقالات سیمنار) ۱۹۸۰ء
(۱۴) دانش وری کی روایت (یادگاری خطبہ) ۱۹۸۱ء
(۱۵) ہندوستان کدھر؟ 〃 ۱۹۸۳ء

ان کے علاوہ تنقیدی مضامین کے اور متعدد مجموعے ہیں، نیز اقبالیات کے موضوع پر متعدد مرتبہ کتابیں۔

اعزازات/انعامات: ۱۹۷۴ء میں ساہتیہ اکادمی ایوارڈ، ۱۹۷۸ء میں اقبالیات کے سلسلے میں پاکستان سے صدر پاکستان طلائی تمغہ اور ۱۹۸۲ء میں غالب انسٹی ٹیوٹ (نئی دہلی) سے غالب مودی ایوارڈ ملا۔ نیز ۱۹۷۸ء میں اترپردیش اردو اکادمی (لکھنؤ) سے انعام ملا۔

٭ سرورتونسوی (ودّیاپرکاش)

والد کا نام: لالہ گنیش داس
تاریخِ پیدائش: ۲۱ جنوری ۱۹۱۵ء، جھنگ براینچ لائل پور۔ (وفات: ۲۲ مئی ۱۹۹۲ء دہلی)
پتہ: ایڈیٹر: ماہنامہ شانِ ہند۔ فلیٹ نمبر ۸۔ انصاری مارکیٹ دریا گنج۔
نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۲
تعلیم: ورناکیولر مڈل
مشاغل/ملازمت: ادارت ماہنامہ شانِ ہند
تصانیف: بہ کوئے یار بہ اندازِ محرمانہ گزر (آپ بیتی) ۲۱ جنوری ۱۹۸۷ء
اعزازات/انعامات: ۱۹۸۲ء میں اردو اکادمی (دہلی) نے بہترین پبلیشر کا ایوارڈ دیا۔

سرورجمال (سرور داؤد)

والد کا نام: محمد داؤد
تاریخِ پیدائش: یکم دسمبر ۱۹۳۸ء، سیوان (بہار)
پتہ: نشاط افزا۔ تل ہٹا۔ سیوان (بہار) ۸۴۱۲۲۶
تعلیم: ایم اے
مشاغل/ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو۔ مہلا مہاودّیالہ۔ سیوان
تصانیف:
(۱) راجہ بنسی کی کہانی (بچوں کے لیے) ۱۹۷۰ء
(۲) کابلی والا (ٹیگور کی کہانی کا ترجمہ) ۱۹۷۱ء
(۳) حکیم منقیٰ (بچوں کے لیے) ۱۹۷۲ء
(۴) تیس مار خاں " ۱۹۷۳ء
(۵) مشقِ ستم (طنزیہ و مزاحیہ مضامین) ۱۹۷۴ء

(۶) بن ماتا (ہندی میں) ۱۹۷۶ء

(۷) مفت کے مشورے (طنزیہ ومزاحیہ مضامین) ۱۹۸۱ء

(۸) بنیادی قواعد۔ حصہ اوّل (تیسرے اور چوتھے درجے کے لیے) ۱۹۸۲ء

(۹) بنیادی قواعد۔ " دوم (پانچویں اور چھٹے درجے کے لیے) ۱۹۸۲ء

(۱۰) " " " سوم (ساتویں اور آٹھویں درجے کے لیے) ۱۹۸۲ء

(۱۱) میری کتاب۔ پہلا حصہ (درسی کتاب) ۱۹۸۳ء

(۱۲) " دوسرا حصہ " ۱۹۸۶ء

سرور عثمانی (سرور جاوید)

والد کا نام: عبدالقیوم اثر

تاریخ پیدائش: ۱۹۴۶ء، گیا (بہار)

پتہ: "العصر" کریم گنج، گیا (بہار) ۸۲۳۰۰۱ -

تعلیم: ایم اے

مشاغل، ملازمت: آفیسر، یونین بینک آف انڈیا، رانچی

تصانیف: (۱) کاروانِ سحر (شعری مجموعہ) ۱۹۶۸ء

(۲) ۱۹۷۷ء کی منتخب غزلیں (مرتبہ) ۱۹۷۸ء

(۳) ۱۹۷۸ء کی " " ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: بہار اردو اکادمی سے ۱۹۷۷ء کی منتخب غزلوں پر انعام ملا۔

سروش یزدانی (محمد نور اللہ)

والد کا نام: محمد غلام نبی
تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۲۳ء، امڑاپور (مہاراشٹر)
پتہ: امڑاپور۔ تعلقہ چکلی ضلع بلڈانہ (مہاراشٹر) ۴۴۴۲۰۱
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) انوارِ حیات (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۰ء
(۲) آنچل و پرچم " زیرِ طبع

سطوت رسول

والد کا نام: عبد الستار
تاریخ پیدائش: یکم اپریل ۱۹۳۸ء، ردولی (بارہ بنکی یوپی)
پتہ: ۹۱۔ ڈی کوارٹرز۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ جامعہ نگر نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: (۱) کھیل سنسار (بچوں کے لیے) ۱۹۸۰ء
(۲) کٹھ پتلی ایک تماشہ " ۱۹۸۳ء
(۳) ٹوٹے کھلونے " ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی لکھنؤ سے پہلی دونوں کتابوں پر انعامات ملے۔

سعادت نظیر (محمد سعادت اللہ خاں)

والد کا نام: ابوالمحاسن محمد محسن خاں متین

تاریخِ پیدائش: ۲۶ر مارچ ۱۹۲۶ء حیدر آباد

پتہ: بلاک ۱ فلیٹ ۵۔ چندو لال بیلا کالونی۔ حیدر آباد (اے پی)
۵۰۰۲۶۵

تعلیم: ایم اے (اردو) بی ایڈ (عثمانیہ)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: (۱) آب و تاب (نظموں اور غزلوں کا انتخاب) ۱۹۵۸ء
(۲) پھول کلیاں (طلبہ کے لیے نظمیں) ۱۹۵۹ء
(۳) نویدِ گل (امن کے بارے میں نظمیں) ۱۹۵۹ء
(۴) آثار (عماراتِ دکن و ہند پر نظمیں) ۱۹۷۲ء
(۵) پھول مالا (بچوں کے لیے نظمیں) ۱۹۷۶ء
(۶) تصویریں (نظمیں) ۱۹۷۶ء
(۷) شعر و شاعر (ترتیب/ غزل اور غزل گو شعراء پر تاثراتی تنقید) ۱۹۷۶ء
(۸) پھول ہی پھول (نظمیں) ۱۹۸۳ء
(۹) تاثرات (نظمیں اور غزلیں) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: محکمۂ بالغاں حکومتِ ہند وزارتِ تعلیمات، آندھرا پردیش اردو اکادمی اور اتر پردیش اردو اکادمی سے مختلف کتابوں پر انعامات ملے۔

سعید گورکھپوری (ڈاکٹر سعید احمد)

والد کا نام: محمود احمد
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر جون ۱۹۶۲ء، پرتاپ گڑھ (یوپی)
پتہ: ۷۱۰/۱۸۴/سی ترکمانپور۔ گورکھپور۔
تعلیم: ایم بی ای ایچ۔ ایم ڈی
مشاغل، ملازمت: ڈسپینسری
تصانیف: (۱) آئینۂ جنس ۱۹۸۲ء
(۲) شمعِ تصور ۱۹۸۷ء

سعیدہ خورشید

والد کا نام: ڈاکٹر ذاکر حسین
تاریخِ پیدائش: ۶ر اگست ۱۹۲۷ء، قایم گنج (فرخ آباد، یوپی)
پتہ: ۲۔ موتی لال نہرو پلیس۔ نئی دہلی۔
تعلیم: بی۔ اے
مشاغل، ملازمت: سوشل ورک
تصانیف: (۱) ذاکر صاحب کی کہانی (بچوں کے لیے) ۱۹۷۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: عرب، انگلینڈ، فرانس، جرمنی، یوگوسلاویا۔

سکینہ، ویریندر پرشاد

والد کا نام: منشی روپ نرائن

تاریخ پیدائش: ستمبر ۱۹۲۰ء، بدایوں (یوپی)
پتہ: نئی سرائے۔ بدایوں۔ (یوپی)
تعلیم: انٹرمیجیٹ
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) ادبی زائچے ۱۹۸۵ء
(۲) چند تحقیقی مقالے زیرِ طبع

سلام سندیلوی (ڈاکٹر عبدالسلام)

والد کا نام: منشی بختاور علی
تاریخ پیدائش: ۲۵ فروری ۱۹۱۹ء، سندیلہ (ہردوئی۔ یوپی)
پتہ: امام باڑہ۔ پورب پھاٹک۔ محلّہ میاں بازار۔ گورکھپور (یوپی)
تعلیم: ایل ایل بی (۱۹۴۸ء) ایم اے (اردو ۱۹۴۹ء۔ تاریخ ۱۹۵۲ء،
فارسی ۱۹۵۹ء) پی ایچ ڈی (۱۹۵۷ء) ڈی لٹ (۱۹۶۴ء)
مشاغل، ملازمت: گورکھپور یونیورسٹی سے سبکدوشی۔ تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) ساغر و مینا (نظموں اور غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۴۹ء
(۲) ادب کا تنقیدی مطالعہ ۱۹۵۹ء
(۳) شام و شفق (مجموعۂ رباعیات) ۱۹۶۰ء
(۴) ادبی اشارے (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۶۱ء
(۵) اردو رباعیات (پی ایچ ڈی کا مقالہ) ۱۹۶۳ء
(۶) اردو شاعری میں منظر نگاری ۱۹۶۸ء
(ڈی لٹ کا مقالہ)
(۷) غالب کی شاعری کا نفسیاتی مطالعہ ۱۹۶۹ء

(۸) مراثیِ انیس میں جذباتی تاویل ۱۹۷۱ء

(۹) گورکھپور کی تاریخ (فارسی سے ترجمہ) ۱۹۷۲ء

(۱۰) رقص ورم (ریڈیائی گیتوں کا مجموعہ) ۱۹۷۳ء

(۱۱) اردو شاعری میں نرگسیت ۱۹۷۴ء

(۱۲) تصوف اور اصغر گونڈوی ۱۹۷۸ء

(۱۳) تاریخ ادبیاتِ گورکھپور ۱۹۸۲ء

(۱۴) خواب وخمار (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۸۴ء

(۱۵) نفسیاتی تنقید کے اجالے ۱۹۸۵ء

وغیرہ وغیرہ

اعزازات، انعامات: ۱۹۷۰ء میں حکومت یوپی سے ۱۹۷۳ء، ۱۹۷۵ء اور ۱۹۷۹ء میں اترپردیش اردو اکادمی سے اور ۱۹۷۷ء اور ۱۹۸۱ء میں میرا کادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

(ڈاکٹر) سلامت اللہ

والد کا نام: عباد اللہ

تاریخِ پیدائش: ۴؍ اگست ۱۹۱۳ء، موضع سہایلی (اٹاوہ۔ یوپی)

پتہ: ۱۲۳۔ ذاکر نگر نئی دہلی۔ ۲۵۔۔۱۱

تعلیم: ایم۔ ایس سی، بی۔ ٹی (علیگ)، ای ڈی (کولمبیا)

مشاغل، ملازمت: سابق پرنسپل، ٹیچرس کالج، جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی (تا ۱۹۷۲ء)

تصانیف: (۱) ہم کیسے پڑھائیں؟ ۱۹۴۲ء

(۲) بنیادی استاد کے لیے ۱۹۵۷ء

(۳) تعلیم، فلسفہ اور سماج ۱۹۷۴ء

(۴) تعلیم اور اس کا سماجی پس منظر ۱۹۷۸ء

(۵) تعلیم میں نفسیات کی اہمیت (ترجمہ) ۱۹۷۸ء

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ، کینیڈا۔ انگلستان، فرانس، سویزرلینڈ، جرمن ڈیموکریٹک ری پبلک افغانستان، اٹلی۔

اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

سلطان، صوفی شطّاری (عادل آبادی)

والد کا نام: صوفی محمد عبدالمنّان کشورؔ (نرملی)

تاریخِ پیدائش: ۱۵؍ اگست ۱۹۴۲ء، نرمل (عادل آباد اے پی)

پتہ: ۲۳۴-۷-۱۶، اقبال کاٹیج، قادری گلی، اعظم پورہ حیدرآباد۔۲۴

تعلیم: بی اے

مشاغل، ملازمت: گورنمنٹ کنٹریکٹر

تصانیف: (۱) متاعِ نجات (نعتیہ مجموعۂ کلام) ۱۹۸۵ء

(۲) خامۂ دل (مجموعۂ غزلیات) زیرِ طبع

سلطان گورکھپوری (سلطان احمد صدّیقی)

والد کا نام: محمد عبداللہ صدّیقی

تاریخِ پیدائش: یکم جون ۱۹۲۰ء، علی گڈھ (یوپی)

پتہ:

تعلیم: ادیب کامل (جامعہ اردو علی گڈھ) ایم اے (اردو) ایل ایل بی (علیگ)

مشاغل، ملازمت: انسپکٹر میونسپل کارپوریشن۔ اجین

تصانیف: (۱) دورِ ساغر (ترتیب کلام ساغر چشتی اُجینی) ۱۹۷۲ء

(۲) کلامِ مونس (ترتیب کلام پنڈت چاند نارائن رازداں مونس) ۱۹۸۱ء

(۳) گل پوش (ترتیب کلام محمود احمد سحر) ۱۹۸۲ء

(۴) اشعار نادر اشہر (ترتیب/ کلام پربھو دیال اشہر) ۱۹۸۳ء

(۵) گیتا منظوم (ترتیب/ ہیرا لال بھٹناگر وکیل اجینی) زیرِ طبع

سلمان، ڈاکٹر محمد سلمان عبّاسی

والد کا نام: محمد نعمان عبّاسی

تاریخِ پیدائش: ۲۰ر نومبر ۱۹۴۴ء (گڈھی بھلول۔ بارہ بنکی)

پتہ: ۷۵۔ ڈاکٹر موتی لعل بوس روڈ۔ لکھنؤ۔ ۲۲۶۰۰۱،

تعلیم: ایم اے (اردو و فارسی) پی ایچ ڈی (فارسی)

مشاغل، ملازمت: ریسرچ ایسوسی ایٹ، شعبۂ فارسی۔ لکھنؤ یونیورسٹی

تصانیف: (۱) یادگارِ آزادی (ترتیب/ مجموعۂ منظومات) ۱۹۶۹ء

(۲) شش جہت (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۷۱ء

(۳) یادوں کے گلاب (" منظومات) ۱۹۷۳ء

(۴) بدیسی کہانیاں (افسانوی مجموعہ) ترجمہ ۱۹۷۶ء

(۵) لمحوں کا سفر (سفرنامۂ ایران) ۱۹۷۷ء

(۶) غزالی مشہدی (مقالہ پی ایچ ڈی) ۱۹۷۸ء

(۷) دس بجے رات کے بعد (مجموعۂ قطعات) ۱۹۷۹ء

(۸) نوشتے (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے اور میر اکادمی لکھنؤ سے امتیاز میر کا سرٹیفکٹ مع انعام۔

سلیم تمنائی (سیّد قادر پاشاہ قادری)

والد کا نام: سیّد شاہ زین العابدین قادری

تاریخِ پیدائش: یکم جون ۱۹۲۸ء، میسور

پتہ: دودھ، پیر مکاں، عیدگاہ، میسور ۵۷۰۰۲۱

تعلیم: بی اے، بی ایڈ، وِدوان (ہندی سنسکرت)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس / تصنیف و تالیف۔

تصانیف: (۱) حیاتِ مقدسہ
(۲) ایک ہستی ایک انجمن
(۳) دانائے رازِ دیارِ دکن میں
(۴) قومی یکجہتی اور دکن دیس
(۵) ظریف اقبال
(۶) کہانی اور پردہ

اعزازات، انعامات: کرناٹک اردو اکادمی اتر پردیش اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

سلیمان آصف (سلیمان حسن خاں)

والد کا نام: محمد حسن خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۲ر ستمبر ۱۹۳۰ء، موضع۔ سی آر۔ بلتھرا روڈ (ضلع بلیا۔ یوپی)
پتہ: ۴۳۔ زیر گولر۔ وارانسی۔ یوپی۔
تعلیم: ہائی اسکول۔ ادیب۔ ایچ۔ ایم۔ ڈی (ہومیوپیتھ)
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) سوزِ دروں (انتخابِ کلام) ۱۹۶۲ء
(۲) سنگھرش (چند قومی نظموں کا انتخاب بخط ناگری) ۱۹۶۲ء

(ڈاکٹر سید) سلیمان حسین

والد کا نام: سید بادشاہ حسین رضوی
تاریخِ پیدائش: جولائی ۱۹۳۸ء
پتہ: شعبۂ اردو۔ لکھنؤ یونیورسٹی۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۷
تعلیم: ایم۔ اے (اردو) پی ایچ ڈی۔ ڈی لٹ (لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: لکچرار شعبۂ اردو۔ لکھنؤ یونیورسٹی۔
تصانیف: (۱) تلخیص تذکرۂ سراپا سخن (محسن علی محسنؔ)
(۲) لکھنؤ کے چند نامور شعرا (جلد اوّل)
(۳) رانی کیتکی کی کہانی (انشاء اللہ خاں انشاؔ) (تدوین)
(۴) فسانۂ عجائب (تدوین)
(۵) انتخاب کلام ہوسؔ لکھنوی

(۶) انتخابِ کلام مصحفی
(۷) گلشنِ نوبہار (مہجور لکھنوی) (تدوین)
(۸) مثنویاتِ دبستانِ لکھنؤ (پی. ایچ. ڈی مقالہ) زیر طبع

اعزازات/انعامات: دوسری کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

سنتوش کمار

والد کا نام: پنڈت بال کرشن گورٹو
تاریخِ پیدائش: ۲۳ جون ۱۹۲۷ء، لاہور
پتہ: جے ۲۲، بی۔ کے۔ دت کالونی، جور باغ روڈ، نئی دہلی
تعلیم: میٹرک
مشاغل/ملازمت: صحافت، نیوز ایڈیٹر پرتاپ، نئی دہلی
تصانیف: (۱) دلّی سے برلن (ہندی میں) ۱۹۶۶ء
(۲) دلّی ٹو برلن (انگریزی میں) ۱۹۶۶ء
(۳) لاہور نامہ (اردو میں) ۱۹۷۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: افغانستان، عراق، سوویت یونین، فن لینڈ، جرمن ڈیموکریٹک ری پبلک، چیکوسلاواکیہ، ہنگری، یوگوسلاویہ، بلغاریہ، کیوبا، نکاراگوا۔

سوز، ہیرانند

والد کا نام: ٹیک چند
تاریخِ پیدائش: ۱۹ مئی ۱۹۲۲ء، میانوالی (پاکستان)
پتہ: ۲۷۱۔ سیکٹر ۷۔ اے، فرید آباد۔ (ہریانہ) ۱۲۱۰۰۶

تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: چیف بکنگ سپروائزر ریلوے سے ۱۹۸۰ء میں سبکدوشی/ شاعری، افسانہ نگاری
تصانیف: (۱) کاغذ کی دیوار (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۲ء
(۲) ساحل، سمندر اور سیپ (افسانوی مجموعہ)

سہگل، رادھا کرشن

والد کا نام: رائے زادہ چیلارام سہگل
تاریخِ پیدائش: ۲۹ر ستمبر ۱۹۰۹ء، کوٹ کپورہ (پنجاب)
پتہ: جے ۱۲/۵ راجوری گارڈن، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۷
تعلیم: ایف اے
مشاغل، ملازمت: انڈین ریلوے ٹریفک سروس ریٹائرڈ ۱۹۶۸ء
تصانیف: (۱) خراشیں (غزلوں، نظموں اور قطعات کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۲) نشاطِ کرب (مجموعۂ کلام) زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: خراشیں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

سہیل جامعی (سہیل احمد)

والد کا نام: محمد عثمان
تاریخِ پیدائش: ۲ر جولائی ۱۹۵۷ء، دربھنگہ (بہار)
پتہ: ایچ ۱/۴۸، اردو بازار، دربھنگہ (بہار) ۸۴۶۰۰۴
تعلیم: بی۔ اے (آنرس) (جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵)

مشاغل، ملازمت : تجارت

تصانیف: (۱) بچوں کی پرورش ۱۹۸۶ء

(۲) لکیر (افسانوں کا مجموعہ)

سید حامد

والد کا نام: حافظ سید مہدی حسن

تاریخِ پیدائش: ۲۰ مارچ ۱۹۲۰ء، فیض آباد (اتر پردیش)

پتہ: ہمدرد نگر نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۶۲

تعلیم: ایم اے (انگریزی۔ ۱۹۴۱ء) ایم اے فارسی (۱۹۴۷ء)
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

مشاغل، ملازمت: انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس یوپی اور مرکز میں مختلف حیثیتوں سے مامور رہے۔
ملازمت سے جون ۱۹۸۰ء میں سبکدوش ہوئے ۱۹۸۰ء سے ۱۹۸۵ء
تک وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔ اب تعلیمی خدمت۔

تصانیف: (۱) نگار خانۂ رقصاں (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، افغانستان، ایران، تھائی لینڈ ، ہانگ کانگ، سری لنکا،
جاپان، مصر، لبنان، سعودی عرب، انگلستان، فرانس، جرمنی (مغرب و مشرق)
اطالیہ، کنیڈا، امریکہ، پولینڈ، روس، ہنگری، چیکوسلواکیہ۔

اعزازات، انعامات: اردو اکادمی یوپی نے نگار خانۂ رقصاں کو انعام۔

(پروفیسر) سیدہ جعفر

والد کا نام: سید جعفر علی

تاریخِ پیدائش: ۵ / اپریل ۱۹۳۴ء

پتہ: ۲۴/۱ - ۱ - ۹ - لنگر حوض۔ حیدرآباد ۸ ...۵۰۰۰ (اے پی)

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: پروفیسر شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدرآباد۔

تصانیف: (۱) ماسٹر رام چندر اور اردو نثر کے ارتقا میں ان کا حصّہ ۱۹۶۰ء

(۲) من سمجھاون ۱۹۶۴ء

(۳) فن کی جانچ ۱۹۶۵ء

(۴) دکنی رباعیاں ۱۹۶۶ء

(۵) تنقید اور اندازِ نظر ۱۹۶۷ء

(۶) اردو مضمون کا ارتقار ۱۹۶۷ء

(۷) من سمجھاون (ہندی) ۱۹۶۷ء

(۸) سکھ انجن ۱۹۶۸ء

(۹) یادگار ہندی ۱۹۶۹ء

(۱۰) چندربدن و مہیار (ہندی) ۱۹۸۳ء

(۱۱) دکنی نثر کا انتخاب

(۱۲) ڈاکٹر زور

(۱۳) کلیاتِ محمد قلی قطب شاہ ۱۹۸۴ء

(۱۴) یوسف زلیخا ۱۹۸۴ء

(۱۵) مثنوی ماہ پیکر ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: گیارہ انعامات۔ تحقیق کا ایوارڈ۔

* سیفی پریمی، ڈاکٹر خلیل الرحمٰن

والد کا نام: حکیم حبیب الرحمٰن عارف

تاریخِ پیدائش: ۲ر جنوری ۱۹۱۳ء، کنوڑ بدایوں۔ (وفات: ۲۹ر نومبر ۱۹۹۵ء ہولی فیملی، نئی دہلی)[۲۵]

پتہ: نگارستان۔ ذاکر نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم اے، ایم ایڈ (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) پی ایچ ڈی۔ (دلی یونیورسٹی)

مشاغل/ملازمت: تدریس سے ریٹائر، تصنیف و تالیف

تصانیف:
(۱) خلش (شعری مجموعہ) ۱۹۶۴ء
(۲) ہمارے محاورے ۱۹۷۲ء
(۳) جگر بریلوی۔ شخصیت اور فن (مالک رام اور سیفی پریمی) ۱۹۷۳ء
(۴) حیات اسماعیل میرٹھی ۱۹۷۴ء
(۵) منزلیں پیار کی (ناول) ۱۹۷۶ء
(۶) کہاوت اور کہانی ۱۹۷۷ء
(۷) آدھی گھڑی (ملیالم ناول/ہندی سے ترجمہ) ۱۹۷۸ء
(۸) اصولِ تعلیم اور عملِ تعلیم ۱۹۸۱ء
(۹) پہیلیاں (بچوں کے لیے) ۱۹۸۲ء

اعزازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے چوتھی اور آخری کتاب پر انعام ملا۔

سیفی، مرزا احمد حسین بیگ

والد کا نام: حافظ عبد الرؤف بیگ، رؤف امروہوی

تاریخ پیدائش: ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۰ء امروہہ (یوپی)
پتہ: محلہ صدتو۔ امروہہ ۔ ضلع مراد آباد (یوپی)
تعلیم: ہائی اسکول تک ۔ ہومیوپیتھی میں ایم ڈی ایچ ۔ ایم بی ایس
مشاغل/ملازمت: شعر و شاعری اور ہومیوپیتھی پریکٹس
تصانیف: (۱) لہو رنگ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۰ء
بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۸۳ء میں پاکستان کا سفر
اعزازات/انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(ڈاکٹر) ش۔ اختر

والد کا نام:
تاریخ پیدائش: ۲۵ر دسمبر ۱۹۳۸ء گیا (بہار)
پتہ: شعبۂ پوسٹ گریجویٹ اردو۔ رانچی یونیورسٹی (بہار)
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی
مشاغل/ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو رانچی یونیورسٹی
تصانیف: (۱) زنداں کی ایک رات (افسانوی مجموعہ)
(۲) خوں بہا (ناولٹ)
(۳) عدسہ (تحقیق و تنقید)
(۴) اردو افسانوں میں سنیزم (تنقید)
(۵) سوفوکلیز۔ ایک تنقیدی مطالعہ
(۶) شناخت (تنقید)

اعزازات، انعامات؛ اترپردیش اردو اکادمی سے سوفوکلیز پر ۱۹۸۰ء میں انعام ملا۔
(دستاویز صفحہ ۱۷۱)

شاد، غلام محمد

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش ۱۹۳۹ء
پتہ: گوری وان (ویسٹ) ڈاکخانہ بیج بہارا (کشمیر) ۱۹۲۱۲۴
تعلیم: ایم اے (تاریخ)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر تاریخ۔ گورنمنٹ ڈگری کالج آننت ناگ (کشمیر)
تصانیف: (۱) تنویرِ فاراں (شعری مجموعہ) ۱۹۵۶ء
(۲) کلیاتِ ناظم (عبدالاحد ناظم کا کلام) ۱۹۷۶ء
(۳) اِش اوپنشد (سنسکرت سے ترجمہ) ۱۹۷۶ء
(۴) لوک ادب اور تاریخ کا باہمی ربط ۱۹۷۶ء
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۱۹۴)

شاد فیض آبادی (عبدالجبار)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: (غالباً) ۱۹۱۷ء، فیض آباد (یو۔پی)
پتہ: احاطہ اٹل خاں۔ فیض آباد (〃)
تعلیم: ہائی اسکول
مشاغل، ملازمت: اردو زبان اور شعر و ادب کی خدمت

تصانیف: شہرِغزل (اپنے کلام کا انتخاب) ۱۹۸۰ء
اعزازات انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔
(دستاویز، صفحات ۱۷۲۔ ۱۷۳)

شاد قادری (محمد صالح قادری)

والد کا نام: کلیم الدین
تاریخِ پیدائش: یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء، قصبہ لکھرالہ ضلع بدایوں
پتہ: محلہ سوتھ۔ بدایوں (یوپی)
تعلیم: جونیر ہائی اسکول
مشاغل، ملازمت: شعروشاعری
تصانیف: (۱) رازِ حیات (شعری مجموعہ) ۱۹۵۰ء
(۲) آئینۂ جذبات " ۱۹۸۳ء
(۳) گنجینۂ نعت ومنافت ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے آئینۂ جذبات پر انعام ملا۔

شارب ردولوی (ڈاکٹر مسیّب عبّاس)

والد کا نام: حکیم حسن عبّاس
تاریخِ پیدائش: یکم ستمبر ۱۹۳۵ء، ردولی دبارہ بنکی۔ یوپی)
پتہ: ڈی ۵/۱۸، ماڈل ٹاؤن دہلی۔ ۱۱۰۰۰۹
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: سینئر لکچرر، دیال سنگھ کالج، دہلی یونیورسٹی۔

تصانیف: (۱) مراثی انیسؔ میں ڈرامائی عناصر ۱۹۵۹ء
(۲) گل صد رنگ (غزل گو شعراء کا انتخاب) ۱۹۶۰ء
(۳) جگرؔ: فن اور شخصیت ۱۹۶۱ء
(۴) افکارِ سوداؔ ۱۹۶۱ء
(۵) جدید اردو تنقید: اصول و نظریات ۱۹۶۸ء
(۶) مطالعۂ ولیؔ ۱۹۷۲ء
(۷) تنقیدی مطالعے ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۶۹ء میں عراق، شام، لبنان، مصر، کویت ۱۹۸۵ء میں کینیڈا، امریکہ، انگلینڈ، ۱۹۸۶ء میں پاکستان (پی ڈبلو اے گولڈن جوبلی کانفرنس میں شرکت کے لیے)

اعزازات انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ اور اردو اکادمی دہلی سے انعامات ملے۔

* شارق، محمد مشتاق

والد کا نام: فضل احمد
تاریخ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۲۰ء، میرٹھ (وفات: ۲۳ مئی ۱۹۹۲ء میرٹھ، یوپی)
پتہ: ۵۶۔ کوٹلہ۔ میرٹھ
تعلیم: ایم۔اے (جغرافیہ، اقتصادیات، اردو)۔ بی۔ ٹی
مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ پرنسپل (رحمانیہ انٹر کالج۔ مودہا۔ ہمیر پور) شاعری، مضمون نگاری
تصانیف: (۱) اردو شاعری کی روایات (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۵۶ء
(۲) بادہ و جام (شعری مجموعہ) ۱۹۶۳ء
(۳) جغرافیہ ہمیر پور (ہندی رسم الخط میں) ۱۹۶۸ء

(۴) حرفِ شوق (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۰ء

(۵) کھجراؤ (طویل نظم۔ ہندی رسم الخط میں) ۱۹۸۰ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے ۲ کتابوں پر انعام ملا۔

شاکر کریمی (امتیاز احمد کریمی)

والد کا نام: محمد عنایت کریم برتر آروی

تاریخ پیدائش: ۱۰ مارچ ۱۹۴۲ء، بتیا (بہار)

پتہ: محلہ گنج نمبر ۱۔ پوسٹ، بتیا۔ ضلع، مغربی چمپارن (بہار)

تعلیم: میٹرک

مشاغل، ملازمت: تجارت

تصانیف: (۱) پردے جب اٹھ گئے (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۴ء

(۲) اپنی آگ 〃 ۱۹۷۹ء

(۳) ریزۂ مینا 〃 ۱۹۸۵ء

(۴) غم آشنا 〃 زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: آل انڈیا ہندی اردو سنگم لکھنؤ سے اعزاز ملا۔

شاکر، محمد شعیب

والد کا نام: منشی عبدالاحد انصاری

تاریخ پیدائش: ۲۸ اپریل ۱۹۳۶ء، سکندر آباد (بلند شہر۔ یوپی)

پتہ:

تعلیم: نجی طور پر تعلیم حاصل کی۔

تصانیف: (۱) پیامِ بندگی (منظوم) ۱۹۷۰ء
(۲) عکسِ تخیل (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۳) برکاتِ صیام (منظوم) ۱۹۸۶ء

ڈاکٹر شاہ عبدالسلام

والد کا نام: شاہ ابوالقاسم فاروقی
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۷ء بکری آباد (غازی پور۔ یوپی)
پتہ: ۱۹۔ کے احاطہ سنگی بیگ۔ شاہ گنج لکھنؤ ۲۲۶۰۰۳۔
تعلیم: ایم اے (اردو۔ عربی۔ عرب کلچر) پی ایچ ڈی۔ لسانیات میں ڈپلوما
مشاغل/ملازمت: لکچرر شعبۂ عربی۔ لکھنؤ یونیورسٹی۔ لکھنؤ
تصانیف: (۱) دبستانِ آتش ۱۹۷۷ء
(۲) کلیاتِ نواب مرزا شوق ۱۹۷۸ء
(۳) کلیات شہزادہ سلیمان شکوہ ۱۹۸۲ء
(۴) کلام نصیرالدین حیدر بادشاہ ۱۹۸۳ء
(۵) زہرِ عشق کا انگریزی میں ترجمہ ۱۹۸۳ء
(۶) تذکرہ شوکت نادری ۱۹۸۵ء

اعزازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ نے تین کتابوں پر ۱۹۷۷ء ۱۹۸۲ء اور ۱۹۸۵ء میں اور مغربی بنگال اردو اکادمی نے ۱۹۸۲ء میں "کلیات شہزادہ سلیمان شکوہ" پر اور ۱۹۸۵ء میں کتاب "تذکرہ شوکت نادری" پر انعامات دیے۔

شاہ مقبول احمد

والد کا نام: حاجی شاہ مختار احمد
تاریخ پیدائش: یکم جون ۱۹۱۶ء، پچنہ ضلع مونگیر (بہار)
پتہ: ۱۶ر حاجی محمد محسن اسکوائر، کلکتہ۔ ۷۰۰۰۱۶
تعلیم: ایم اے۔ کلکتہ یونیورسٹی
مشاغل/ملازمت: سابق صدر شعبۂ اردو مولانا آزاد کالج کلکتہ
تصانیف: (۱) چند ادبی مسائل (مجموعۂ مقالات) ۱۹۶۴ء
(۲) پانچ افسانے اور انشائیہ ۱۹۸۰ء
(۳) تصریحات و اشارات (مجموعۂ مقالات) ۱۹۸۶ء
اعزازات/انعامات: پانچ افسانے اور انشائیہ پر مغربی بنگال اردو اکادمی کلکتہ کی جانب سے انعام ملا۔

شاہ میر راہی

والد کا نام:
تاریخ پیدائش: ۳ر اگست ۱۹۲۸ء
پتہ: معرفت اصغر علی خاں، میونسپل کوارٹرز نمبر ۲۔ گنوری روڈ۔ بھوپال (ایم پی)
تعلیم: بی اے۔ بی ٹی
مشاغل/ملازمت: اسسٹنٹ انسپکٹر آف اسکول
تصانیف: نئے راستے (مختصر کہانیاں) ۱۹۵۳ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۵۷۴)

شاہد انصاری (عبدالرؤف)

والد کا نام: شیخ احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۰ر جولائی ۱۹۱۸ء' بالاپور (اکولہ۔ مہاراشٹر)
پتہ: عطار گلی۔ مومن پورہ۔ اکولہ (مہاراشٹر)
تعلیم: درجہ ہفتم تک
مشاغل' ملازمت:
تصانیف: (۱) پھول بھی تلوار بھی (رزمیہ نظموں کا مجموعہ ہندی رسم الخط میں) ۱۹۶۶ء
(۲) مشاہدات (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۳) جلتا ہوا ساون (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۴) " " (ہندی رسم الخط میں) ۱۹۸۳ء
(۵) یادگار (قومی نظموں کا مجموعہ (ناگری رسم خط) ۱۹۸۶ء
اعزازات' انعامات: جلتا ہوا ساون (ہندی رسم الخط) پر مرکزی حکومت کے شعبۂ تعلیم و ثقافت سے انعام اور توصیفی سند ملی۔

شاہد ساگری

والد کا نام: محمد ابراہیم
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۸ء' ساگر (ایم پی)
پتہ: ندیم اسٹورس ۱۱۔ قاضی کیمپ بھوپال۔ ۴۶۲۰۱۸
تعلیم: بی اے
مشاغل' ملازمت: تجارت

تصانیف: (۱) عکسِ کہکشاں (مرتبہ) ۱۹۷۹ء
(۲) نکہتِ غزل 〃 ۱۹۸۲ء
(۳) عکس در عکس ۱۹۸۶ء

شاہد ماہلی (شاہد حسین رضوی)

والد کا نام: سید امیر حسن
تاریخِ پیدائش: یکم مارچ ۱۹۴۳ء
پتہ: کے۔ ۲۰ سی شیخ سرائے فیز ۲ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۷
تعلیم: ایم اے (اردو) بی۔ ایڈ، ادیب کامل
مشاغل، ملازمت: انچارج پبلی کیشنز ایڈیٹر" غالب نامہ" غالب انسٹی ٹیوٹ ایوان غالب
تصانیف: (۱) منظر پس منظر (شعری مجموعہ) ۱۹۷۷ء
(۲) نئی نظم نئے دستخط (شعری انتخاب) ۱۹۸۰ء
(۳) پاکستانی ادب اور کلچر کا مسئلہ ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۸ء میں منظر پس منظر پر انعام ملا۔

شاہد، مظہر الصمد

والد کا نام: محمود پاشا
تاریخِ پیدائش: ۷ ستمبر ۱۹۲۱ء، سندہ گنڈ (منڈیا۔ کرناٹک)
پتہ: ۲۷۳۱۔ ساڑے روڈ۔ منڈی محلہ۔ میسور (کرناٹک) ۵۷۰۰۲۱
تعلیم: ادیب کامل (جامعہ اردو علی گڈھ) ایم اے (اردو) مسلم یونیورسٹی علی گڈھ۔ بی ایڈ (میسور یونیورسٹی)

مشاغل،ملازمت : تدریس

تصانیف: (۱) آئینہ (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۱ء

شاہدی، عبدالستار

والد کا نام: عبدالرزاق

تاریخِ پیدائش: ۲؍جنوری ۱۹۴۲ء، کلکتہ

پتہ: کوئنس کورٹ ۲۰ میکلوڈاسٹریٹ کلکتہ ۷۰۰۰۱۷ (مغربی بنگال)

تعلیم: ایم اے (اردو) ۱۹۶۵ء (کلکتہ یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اردو مولانا آزاد کالج، کلکتہ

تصانیف: (۱) گلِ نغمہ (غالب پر مضامین کا مجموعہ) ۱۹۶۹ء

(۲) صہبائے بقاؔ (بقاؔ نظامی کی زندگی اور ان کے کلام کے مجموعہ کی ترتیب وحواشی) ۱۹۷۹ء

بیرونی ممالک کا سفر: نیپال

اعزازات، انعامات: صہبائے بقاؔ پر مغربی بنگال اردو اکادمی سے ۱۹۷۹ء میں انعام ملا۔

❋ شاہین (امیر اللہ خاں، ڈاکٹر)

والد کا نام: بشیر اللہ خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۵؍جون ۱۹۳۹ء، میرٹھ (وفات: ۲۸؍دسمبر ۱۹۸۹ء میرٹھ، بہ حوالہ تذکرہ ماہ وسال (صفحہ ۵۱) اسی کے ساتھ 'ہماری زبان' کی تاریخ وفات: ۸؍جنوری ۱۹۹۰ء بھی درج ہے)

پتہ: ۴۲ رو کاس پوری، لساڑی گیٹ، میرٹھ۔

تعلیم: ایم۔اے (معاشیات اور اردو) پی۔ایچ۔ڈی۔

مشاغل، ملازمت: صدر شعبۂ اردو، میرٹھ کالج، میرٹھ یونی ورسٹی۔

تصانیف: (۱) جدید اردو لسانیات ۱۹۷۳ء
(۲) فنِ سوانح نگاری ۱۹۷۳ء
(۳) سیر المصنفین ۱۹۷۴ء
(۴) اردو اسالیبِ نثر ۱۹۷۷ء
(۵) تخلیق و تنقید ۱۹۸۶ء

اعزازات‘ انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی کے انعامات اردو اسالیبِ نثر اور فنِ سوانح نگاری پر

شایان رام پوری (عطاء اللہ خاں)

والد کا نام: فصیح اللہ خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۰ء‘ رام پور
پتہ: کرامت بٹن ہاؤس۔ نظیر آباد۔ لکھنؤ
تعلیم: گھر پر اردو فارسی کی تعلیم حاصل کی
مشاغل‘ ملازمت: شعر و شاعری
تصانیف: (۱) خواب زار (شعری مجموعہ) ۱۹۷۴ء
اعزازات‘ انعامات: ۱۹۷۵ء میں یو پی اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔
(دستاویز صفحہ ۱۸۳)

شایاں‘ ڈاکٹر ذکاء الدین

والد کا نام: محمد وصال الدین
تاریخِ پیدائش: ۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء‘ ڈھکیا (پیلی بھیت (یو پی)
پتہ: نزد اولڈ سٹی۔ ڈاکخانہ پکھریا۔ پیلی بھیت (یو پی) ۲۶۲۰۰۱

تعلیم: ایم۔ اے، پی ایچ ڈی (علیگ) اردو
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: ریگِ سیاہ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء
اعزازات، انعامات: ریگِ سیاہ پر اترپردیش اردو اکادمی کی جانب سے انعام ملا۔

شبیر احمد ندوی

والد کا نام: محب اللہ
تاریخِ پیدائش: ۲۵ ستمبر ۱۹۴۸ء، قادر آباد بستی (یوپی)
پتہ: شعبۂ عربی۔ لکھنؤ یونیورسٹی۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۷
تعلیم: عالم (ندوۃ العلماء) ایم اے (عربی)۔ پی ایچ ڈی (لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ عربی لکھنؤ یونیورسٹی
تصانیف: عربی زبان و ادب عہدِ مغلیہ میں

شبیر حکیم (شبیر احمد)

والد کا نام: حاجی عبدالرحیم حکیم
تاریخِ پیدائش: ۲۸ فروری ۱۹۲۸ء، مالیگاؤں
پتہ: ۳۶۶۔ نیو وارڈ۔ مالیگاؤں (ضلع ناسک) مہاراشٹر۔
تعلیم: انٹر سائنس کے بعد قانون کے آخری سال میں تعلیم منقطع ہوگئی۔
مشاغل، ملازمت: کاشتکاری
تصانیف: (۱) شوخیاں (مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۱ء
(۲) ماجرائے وطن (مالیگاؤں ضلع ناسک کی تاریخ) ۱۹۷۶ء

(۳) رابن ہڈ (بچوں کے لیے) ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۸۱ء میں پاکستان گیا۔

شجاع خاور (شجاع الدین ساجد خاں)

والد کا نام: امیر حسین

تاریخِ پیدائش: ۲۴ر دسمبر ۱۹۴۸ء، فراشخانہ دہلی ۶۔

پتہ: ۱۷۲۲۔ محلہ رودگراں بازار لال کنواں۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶

فلیٹ ۲۔ وی ٹائپ فلیٹس۔ ڈی۔سی۔پی آفس۔ تھانہ دریاگنج نئی دہلی ۲

تعلیم: ایم۔ اے (انگریزی)

مشاغل/ملازمت: ممبر انڈین پولس سروس (آئی۔ پی۔ ایس)

تصانیف: (۱) اردو شاعری میں تاج محل (ترتیب و تالیف) ۱۹۶۸ء

(۲) دوسرا شجر (طویل نظم) ۱۹۷۰ء

(۳) داوین (غزلیں اور نظمیں) ۱۹۸۲ء

(۴) مصرعِ ثانی (غزلیات)

شرما، ہمت رائے

والد کا نام: پنڈت آر۔ آر شرما

تاریخِ پیدائش: ۲۳ر نومبر ۱۹۱۹ء، نارووال (سیالکوٹ۔ پاکستان)

پتہ: سٹی زن، فلیٹ نمبر ۲۰ - ۲۰۶ کیڈل روڈ۔ ماہم بمبئی ۴۰۰۰۱۶

تعلیم: ایم اے (تواریخ) نامکمل

مشاغل/ملازمت: ڈائرکٹر، مصنف، شاعر، موسیقار۔

تصانیف: (۱) ہندو مسلمان (قومی یکجہتی پر افسانے) ۱۹۸۰ء
(۲) نکاتِ زباندانی ۱۹۸۲ء
(۳) شہابِ ثاقب ۱۹۸۴ء
(۴) اونسیاں (پنجابی) (اردو، ہندی، فارسی کلام کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: ہندو مسلمان اور نکاتِ زباں دانی پر یوپی اردو اکادمی سے اور شہابِ ثاقب پر مہاراشٹر اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

شریف احمد خاں

والد کا نام: شفیع احمد خاں
تاریخِ پیدائش: ۲۴ ستمبر ۱۹۱۶ء، مصطفےٰ آباد (رام پور)
پتہ: ۳۰۱/۲۲- اے ذاکر نگر نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: جی۔ بی۔ وی۔ سی (پٹنہ)
مشاغل، ملازمت: یوپی گورنمنٹ کی ملازمت سے ۱۹۴۸ء میں مستعفی اردو سے انگریزی اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ۔
تصانیف: (۱) اسلام ایک روشن حقیقت (ترجمہ) ۱۹۸۲ء
(۲) نظریۂ ارتقا پر ایک تحقیقی نظر 〃 ۱۹۸۴ء
(۳) جراثیم 〃 ۱۹۸۴ء

شریف ارشد (محمد شریف)

والد کا نام: عبدالشکور

تاریخِ پیدائش: ۴ر فروری ۱۹۳۹ء

پتہ: ٹیگور منزل، محلہ رحمت نگر نزد مسجد نمبر ۲، پوسٹ انڈال ضلع بردوان۔ (مغربی بنگال)

تعلیم: منشی فاضل (پنجاب یونیورسٹی) فاضل (مدرسہ عالیہ کلکتہ) ایم اے فارسی (علی گڈھ مسلم یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: استاد اردو فارسی رحمانیہ ہائر سکنڈری اسکول (اردو میڈیم) آسنسول (مغربی بنگال)

تصانیف: (۱) معیارِ تغزل ۱۹۶۲ء

(۲) خشتِ معنی ۱۹۷۴ء

(ڈاکٹر) شریف حسین قاسمی

والد کا نام: مولانا اخلاق حسین قاسمی دہلوی

تاریخِ پیدائش: یکم مارچ ۴۴ ۱۹ء، دہلی

پتہ: ۱۸۳۸ کٹرہ شیخ چاند لال کنواں دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (فارسی)

مشاغل، ملازمت: تدریس۔ ریڈر۔ شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی

تصانیف: (۱) تذکرۂ اشارات بینش (فارسی شعرا کا تذکرہ از مرتضیٰ بینش) ۱۹۷۷ء

(۲) جدید فارسی شاعری۔ ایک مختصر تجزیہ ۱۹۷۹ء

(۳) فارسی نثر کی تاریخ ۱۹۸۱ء

(۴) سیر المنازل (ترتیب و ترجمہ) ۱۹۸۲ء

(۵) فیضان حسن رسول نما (ملفوظات کا ترجمہ) ۱۹۸۲ء

(۶) ہندوستانی فارسی ادب (انتخاب مقالات پروفیسر عابدی) ۱۹۸۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: ایران۔

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی اور میر اکادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

(پروفیسر) شعیب اعظمی

والد کا نام: حکیم محمد اسحاق

تاریخِ پیدائش: ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۲ء، اعظم گڈھ (اتر پردیش)

پتہ: ۳۳۷۔ سی/۲۳۔ ٹیلہ ہاؤس، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم۔ اے (اردو فارسی)، پی ایچ ڈی (فارسی)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس، پروفیسر فارسی جامعہ ملیہ اسلامیہ

تصانیف: (۱) پروانۂ چراغ مزار خودیم ما (تذکرۂ شعرائے اعظم گڈھ) ۱۹۷۶ء

(۲) صحبتِ یار آخر شد (سفرنامۂ ایران) ۱۹۷۷ء

(۳) فارسی ادب بعہد سلاطینِ تغلق (فارسی ادبیات) ۱۹۸۵ء

(۴) قصہ ہائی بہرنگ (فارسی کہانیوں کا ترجمہ) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: دہلی اردو اکادمی سے انعام ملا۔

شفا، حکیم محمد حسین خاں

والد کا نام: حکیم جان محمد خاں

تاریخِ پیدائش: ۸ر جولائی ۱۹۴۲ء

پتہ: دواخانہ جانِ شفا. جیل روڈ. رام پور (یوپی) ۲۴۴۹۰۱

تعلیم: اعلیٰ فاضل درس نظامی (رام پور)، فاضل حدیث، فاضل طب۔ ڈی یو ایم ایس (الٰہ آباد)، منشی کامل (الٰہ آباد) ادیب کامل، (جامعہ اردو علی گڑھ) ایم اے (روہیلکھنڈ یونیورسٹی، فاضل دینیات، (الٰہ آباد)

مشاغل، ملازمت: طبابت اور کیٹلاگر رضا لائبریری رام پور۔

تصانیف: (۱) فرمان دوایانِ رامپور — ۱۹۷۲ء

(۲) علامہ نجم الغنی خاں — ۱۹۷۲ء

(۳) تاریخ رضا لائبریری رامپور — ۱۹۷۵ء

(۴) رضا لائبریری میں میر علی الکاتبی السلطانی کی تحریریں — ۱۹۸۵ء

شفاعت فہیم (سید محمد شفاعت نقوی)

والد کا نام:

تاریخ پیدائش: ۲ راگست ۱۹۴۸ء، امروہہ (یوپی)

پتہ: محلہ شفاعت پوتا۔ امروہہ (")

تعلیم: بی یو ایم ایس (علیگ) ایم اے (اردو)

مشاغل، ملازمت: طبابت

تصانیف: بروقت (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء

شفقت اعظمی (حکیم سید خورشید احمد)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۴ر جولائی ۱۹۴۷ء، ہمئی پور (اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ: سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ فار یونانی میڈیسن۔ ۴-۶۲۵-۱۱۔ اے سی ڈرڈس۔ حیدر آباد (اے پی)
تعلیم: ادیب کامل (جامعہ اردو علی گڈھ) عالم۔ کامل (سر رشتۂ تعلیم۔ اترپردیش الہ آباد) بی اے (مسلم یونیورسٹی) ایف ایم بی ایس (الہ آباد)
مشاغل، ملازمت: طبِ یونانی میں ریسرچ
تصانیف: امراض النسار ۱۹۷۸ء
اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۹ء میں انعام ملا۔
(دستاویز، صفحات ۱۸۹۔۱۹۰)

شفقت علاء الدین

والد کا نام: مرزا علاء الدین بیگ
تاریخِ پیدائش: ۸ر اگست ۱۹۳۲ء، اعظم گڈھ
پتہ: روزہ غازی میاں۔ اعظم گڈھ ۲۷۶۰۰۱
تعلیم: انٹر میڈیٹ
مشاغل، ملازمت: سوشل ورکر
تصانیف: (۱) گلدستہ آل انڈیا مرزا احسان احمد میموریل مشاعرہ (مرتبہ) ۱۹۷۳ء
(۲) حسرت موہانی اور ان کی خدمات ۱۹۷۶ء

(۳) پیامِ زندگی (شعری مجموعہ مرزا احسان احمد/ترتیب) ۱۹۸۶ء

(۴) موجِ کوثر (از اقبال سہیل/ترتیب) زیرِ طبع

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب، کویت، بحرین، دوبئی، سنگاپور، ملیشیا، تھائی لینڈ، پاکستان۔ نیپال۔

شفیعہ قادری

والد کا نام: سید نور اللہ قادری

تاریخِ پیدائش: ۱۲ر اکتوبر ۱۹۵۸ء، بیدر (کرناٹک)

پتہ: ۲۰-۶-۱۸۶- سیّد علی چبوترہ، حیدر آباد۔ ۵۰۰۲۶۵

تعلیم: بی۔ایس۔سی۔ بی۔ایڈ۔ایم۔اے۔ ایم۔فل۔

مشاغل، ملازمت: لکچرار اردو ویمنس کالج (جامعہ عثمانیہ)۔ ریسرچ اسکالر

تصانیف: (۱) حیدر آباد کے علمی وادبی ادارے ۱۹۸۳ء

(۲) تعارف (ادبی وتنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

شفیقہ فرحت

والد کا نام: محمد رستم خاں

تاریخِ پیدائش: ۲۶ر اگست ۱۹۳۱ء، ناگپور (مہاراشٹر)

پتہ: ۱۸۶/۲ ودیا وہار۔ بھوپال (ایم پی)

تعلیم: ایم اے (اردو۔ فارسی) ڈپلوما ان جرنلزم۔ پی۔ ایچ۔ ڈی

مشاغل، ملازمت: پروفیسر وصدر شعبۂ اردو۔ حمیدیہ کالج بھوپال۔

تصانیف: (۱) بال بھارتی (ترتیب برائے درجہ ششم) ۱۹۷۸ء
(۲) لو آج ہم بھی (طنزیہ و مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۳) رانگ نمبر " " "

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، ۱۹۸۱ء میں۔ لندن، ۱۹۸۵ء

شکیب، شبّر علی خاں

والد کا نام: باقر علی خاں
تاریخ پیدائش: ۱۵ر جولائی ۱۹۲۳ء، رامپور۔ (یوپی)
پتہ: بنگلہ آزاد خاں۔ رام پور (یوپی)
تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی (علیگ)
مشاغل، ملازمت: وکالت
تصانیف: (۱) موسمِ گل کے آنے تک (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۵ء
(۲) رامپور کا دبستانِ شاعری

(ڈاکٹر) شکیل احمد

والد کا نام: مولانا عبدالحیٔ قاسمی
تاریخ پیدائش: ۶ر جنوری ۱۹۵۳ء، مئوناتھ بھنجن (ضلع اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ: قاسمی منزل۔ ڈومن پور۔ مئوناتھ بھنجن ۲۷۵۱۰۱ " "
تعلیم: ایم اے (اردو) پی ایچ ڈی۔
مشاغل، ملازمت: تلاشِ معاش۔

تصانیف: (۱) اردو افسانوں میں سماجی مسائل کی عکاسی ۱۹۸۴ء
۱۹۴۷ءتک (تحقیقی مقالہ)

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

شکیل اعجاز

والد کا نام: غنی اعجاز
تاریخ پیدائش: ۴ر جولائی ۱۹۵۴ء، اکولہ
پتہ: مومن پورہ۔ اکولہ ۴۴۴۰۰۱
تعلیم: ایم۔ اے۔ بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس / ریسرچ اسکالر
تصانیف: (۱) سورج کی تلاش (ترتیب/تذکرہ نثر نگارانِ اکولہ) ۱۹۷۸ء
(۲) دراصل (مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء

شکیل جمالی

والد کا نام: سید حسین حیدر
تاریخ پیدائش: ۳۱ر جولائی ۱۹۲۸ء، الہ آباد (یوپی)
پتہ: بمرہ کلہن ٹولہ۔ الہ آباد (یوپی)
تعلیم:
مشاغل، ملازمت:
تصانیف: (۱) جھکے (ناول) ۱۹۵۲ء
(۲) زیبا // ۱۹۷۴ء

اعزازات، انعامات: 'زیبا' پر یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۷۵ء میں انعام ملا۔
(دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۱۹۱)

شکیل، ڈاکٹر عبدالغفار

والد کا نام: محمد اکبر علی
تاریخِ پیدائش: ۱۷ر مئی ۱۹۲۹ء، بنوّر (میسور۔ کرناٹک)
پتہ: شعبۂ لسانیات، علی گڈھ مسلم یونیورسٹی
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (اردو) علی گڈھ
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) زبان و مسائلِ زبان
(۲) لسانی و تحقیقی مطالعے
(۳) نوادرِ ابوالکلام
(۴) ابوالکلام کے افسانے
(۵) اقبال کے نثری افکار
(۶) بکٹ کہانی کا مصنف اور اس کا وطن
(۷) سرسیّد کی اوّلین غیر مطبوعہ 'اردو صرف ونحو'
(۸) بنیادی ہندی اردو
اعزازات، انعامات: زبان و مسائلِ زبان پر اترپردیش اردو اکادمی کا انعام۔

شمامہ بلال

والد کا نام: مولانا عبدالسّلام قدوائی ندوی

تاریخِ پیدائش: ۶ر مئی ۱۹۵۴ء، لکھنؤ
پتہ: ۱۰۰۔ ذاکر نگر۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۲۵ ۱۱۰۰
تعلیم: ایم اے (اردو) و سرٹیفکٹ کورس برائے تعلیمِ اطفال جو ذہنی طور پر معذور ہوں
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی
تصانیف: مثنویاتِ میرؔ کا تہذیبی مطالعہ ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب

* (سید) شمس الزّماں

والد کا نام: حافظ سیّد محمد صدیق چشتی
تاریخِ پیدائش: ۱۰ر اکتوبر ۱۹۴۲ء، بھاگلپور (بہار) (وفات ہوگئی)
پتہ: ۳۹۴۔ ذاکر نگر۔ جامعہ نگر، نئی دہلی ۲۵ ۱۱۰۰
تعلیم: ایم اے (معاشیات)
مشاغل، ملازمت: صحافت
تصانیف: (۱) پیغامِ عمل ۱۹۷۱ء
(۲) ہوپ (انگریزی میں نئی اردو شاعری کا انتخاب) ۱۹۷۲ء
(۳) دیش بندھو چترنجن داس (حیات اور کارنامے) ۱۹۷۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: بنگلہ دیش، روس۔

شمس بدایونی (احمد میاں)

والد کا نام: الحاج محمد روشن

تاریخِ پیدائش: یکم جون ۱۹۶۱ء، بدایوں (یوپی)
پتہ: روشن محل، محلہ سوتھا، بدایوں (یوپی)
تعلیم: ایم اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر
تصانیف: (۱) دید و دریافت ۱۹۸۱ء
(۲) شعری ضرب الامثال ۱۹۸۴ء
(۳) از خاکِ بدایوں ۱۹۸۵ء
(۴) حقائق و بصائر ۱۹۸۶ء
(۵) مکاتیبِ شمیم (خطوط موہن لال ماتھر شمیم بریلوی) ۱۹۸۷
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی سے دید و دریافت پر انعام ملا۔

شمس فرخ آبادی (شمشاد احمد خاں)

والد کا نام: محمد ابراہیم خاں
تاریخِ پیدائش: ۷ر جولائی ۱۹۳۶ء
پتہ: سحر و منزل۔ گولہ گنج۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: (۱) جلتے کنول (شعری مجموعہ) ۱۹۶۵ء
(۲) چاند کا زخم (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۳) نیند ادھوری بکھرے خواب (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۴ء
(۴) ملن کی آس (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: 'ملن کی آس' پر اترپردیش اردو اکادمی سے ۱۹۸۲ء میں انعام ملا۔

شمسی، خالد جاوید

والد کا نام: ذوالفقار احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۲ر ستمبر ۴۲ ۱۹ء
پتہ: تکمیل الطب کالج۔ تکمیل الطب اسٹریٹ۔ عبدالعزیز روڈ۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: ایم اے (عربی) لکھنؤ یونیورسٹی
مشاغل/ملازمت: تصنیف وتالیف بابتِ طب
تصانیف: (۱) ادبیاتِ دکن (دکنی اردو ادب کی تاریخ) ۱۹۶۳ء
(۲) روزمرہ کی دوائیں ۱۹۷۹ء
اعزازات/انعامات: آخری کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۸۰ء میں انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۱۹۸)

شمع نیازی (محمد یاسین ابو شمع)

والد کا نام: امام الدین خاں
تاریخِ پیدائش: ۵ر اپریل ۱۹۱۷ء
پتہ: پورہ جہانگیر خاں موضع و پوسٹ ہر دھر مئو تھانہ کٹرا بازار ضلع گونڈہ (یوپی) ۲۷۱۱۲۵
تعلیم: مڈل کلاس
مشاغل ملازمت: کاشتکاری
تصانیف: (۱) ریاکار صوفی و حاجی ۱۹۵۵ء
(۲) تفرقۂ اسلام (۷۲ فرقے) ۱۹۵۶ء
(۳) تعزیہ کی حقیقت ۱۹۵۷ء

(۴) میلاد کی حقیقت ۱۹۵۷ء

(۵) کعبہ کی حقیقت ۱۹۵۸ء

(۶) صوفی نیازی جھنڈے ۱۹۷۲ء

شمیم امروہوی (سیّد شمیم حیدر نقوی)

والد کا نام: سیّد علی حسین نقوی

تاریخِ پیدائش: ۱۴ر مئی ۱۹۴۱ء، امروہہ (یوپی)

پتہ: قاضی زادہ۔ امروہہ (//)

تعلیم: بی اے۔ منشی کامل

مشاغل، ملازمت: مدرّسی

تصانیف: (۱) انتسابِ فضہ (مرثیہ) ۱۹۷۸ء

(۲) انیس سو بیاسی (تاریخ) ۱۹۸۲ء

(۳) رحل جزا (نعت و منقبت) ۱۹۸۲ء

(۴) ریاضِ فکر (مجموعۂ مسدّس) ۱۹۸۴ء

اعزازات، انعامات: انیس سو بیاسی، پر اردو اکادمی یوپی سے انعام ملا۔

(ڈاکٹر) شمیم انور

والد کا نام: ڈاکٹر ایم، اے، شکور

تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۸ء، مٹیا برج، کلکتہ (مغربی بنگال)

پتہ: ۱۔ ۲۰۳ پہاڑ پور روڈ۔ کلکتہ۔ ۷۰۰۰۲۴

تعلیم: ایم اے، کلکتہ یونیورسٹی ۱۹۷۹ء، پی ایچ ڈی ۱۹۸۰ء

مشاغل/ملازمت: لکچرر، شعبۂ اردو، کلکتہ یونیورسٹی
تصانیف: اجنبی خدا (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۴ء
اعزازات/انعامات: بہار اردو اکادمی نے اجنبی خدا پر انعام دیا۔

شمیم بارہ بنکوی (محمد شمیم خاں)

والد کا نام: محمد نذیر خاں
تاریخِ پیدائش: ۸ر اگست ۱۹۳۲ء، ببیاپور
پتہ: موضع ببیاپور۔ پوسٹ نہنہہ۔ ضلع بارہ بنکی (یوپی)
تعلیم: مڈل اردو۔ ہندی۔ فارسی (ایچ ٹی۔ سی)
مشاغل/ملازمت: درس وتدریس
تصانیف: (۱) لالہ وگل (شعری مجموعہ) ۱۹۷۹ء
(۲) فکر گل افشاں " ۱۹۸۴ء
اعزازات/انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ سے دونوں کتابوں پر انعامات ملے۔

شمیم حنفی (پروفیسر محمد شمیم حنفی)

والد کا نام: محمد یٰسین حنفی
تاریخِ پیدائش: ۱۷ر مئی ۱۹۳۹ء، سلطان پور (یوپی)
پتہ: ۱۱۴۔ بی ذاکر باغ، اوکھلا روڈ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے (تاریخ ۱۹۶۰ء) ایم اے (اردو ۱۹۶۲ء) ڈی فل (۱۹۶۷ء الہ آباد یونیورسٹی) ڈی۔ لٹ (۱۹۷۱ء علی گڑھ مسلم یونیورسٹی)
مشاغل/ملازمت: پروفیسر، شعبۂ اردو جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔

تصانیف: (۱) جدیدیت کی فلسفیانہ اساس
(۲) نئی شعری روایت
(۳) غزل کا نیا منظر نامہ
(۴) فراق، شاعر و شخص (مرتبہ)
(۵) کہانی کے پانچ رنگ
(۶) مٹی کا بلاوا (ڈرامے)
(۷) مجھے گھر یاد آتا ہے (ڈرامے)
(۸) قومی یک جہتی اور سیکولرزم (ڈاکٹر تاراچند۔ترجمہ)
(۹) شہرِ خوں آشام (بنگالی شعرا کے تراجم)
(۱۰) یادوں کا اجالا (بھگوان سنگھ) ترجمہ ۱۹۸۶ء
(۱۱) مرزا غالب (بچوں کے لیے)
(۱۲) جواہر لال نہرو "
(۱۳) بھوتوں کا جہاز "
(۱۴) اندرا گاندھی کی کہانی "
(۱۵) کٹا ہوا ہاتھ " ۱۹۸۶ء

شمیم، سیّد احمد

والد کا نام: شمس عظیم آبادی
تاریخِ پیدائش: ۱۲ر دسمبر ۱۹۴۸ء، نیورا (ضلع پٹنہ۔بہار)
پتہ: ۳-۱ اے/حنیفہ بائی بلڈنگ، وانجہ واڑی۔ ماہم بمبئی۔ ۴۰۰۰۱۶

تعلیم: بی اے (پٹنہ کالج، پٹنہ (بہار)
تصانیف: تلسی داس، مرتبہ دیوندر سنگھ (ترجمہ)

(ڈاکٹر) شمیم نکہت

والد کا نام: محمد وسیم
تاریخِ پیدائش: ۱۲؍ اکتوبر ۱۹۳۵ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ڈی۔ ۵/۱۸ ماڈل ٹاؤن۔ دہلی ۱۱۰۰۰۹ء
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی
تصانیف: (۱) پریم چند کے ناولوں میں نسوانی کردار ۱۹۷۵ء
(۲) بچوں کی صحت (ترجمہ) ۱۹۷۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۶۹ء میں، عراق، شام، لبنان، مصر، کویت۔ ۱۹۸۵ء میں پاکستان پی ڈبلو اے گولڈن جوبلی کانفرنس میں شرکت کے لیے۔
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے پہلی کتاب پر انعام ملا۔

شورش صدیقی (یعقوب علی صدیقی)

والد کا نام: محبوب علی صدیقی
تاریخِ پیدائش: ۱۹؍ مارچ ۱۹۲۲ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ڈی۔ ۱/۱۶۔ پیپر مل کالونی۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: بی اے (لکھنؤ یونیورسٹی)، اعلیٰ قابلیت
مشاغل، ملازمت: لائف انشورنس کارپوریشن کے سیکشن انچارج سے ۱۹۸۲ء میں سبکدوش ہوا۔

تصانیف: (۱) کمپیوٹر۔ ایک نیا جادو ۱۹۸۵ء
(۲) شاخ بہ شاخ (نظموں اور غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء
(۳) قدرتی انتخاب۔ ڈارون کا نظریۂ انتخاب) زیرِ طبع
اعزازات' انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی' مغربی بنگال اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی نے انعامات دیے۔

شوق ماہری (عبدالمجید خاں)

والد کا نام: محمد حیات خاں
تاریخ پیدائش یکم جنوری ۱۹۲۰ء' کھنڈوہ (مدھیہ پردیش)
پتہ: زینت منزل۔ موگھٹ روڈ۔ کھنڈوہ (مدھیہ پردیش)
تعلیم: دسویں تک
مشاغل' ملازمت: کاشتکاری
تصانیف: اذانِ بتکدہ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

شوق، محمد ابراہیم خاں

والد کا نام: عبدالتمیز خاں
تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۴۹ء' آکوٹ (ضلع اکولہ۔ مہاراشٹر)
پتہ: شہسوار پورہ۔ آکوٹ۔ ۴۴۴۱۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو۔ عربی) بی۔ ایڈ
مشاغل' ملازمت: درس وتدریس
تصانیف: تم شوق سے کالج میں پڑھو (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۲ء

شوق، محمد یامین خاں

والد کا نام: جنگ باز خاں
تاریخِ پیدائش: ۲ ر اگست ۱۹۰۲ء، کرتپور
پتہ: محلہ چاہ ٹھیری جنوبی (رانگھیڑان) یوپی۔
تعلیم: ہائی اسکول
مشاغل، ملازمت: تجارت پارچہ
تصانیف: (۱) دستاویز (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ سے ۱۹۸۶ء میں انعام ملا۔

شوق، مومن خاں

والد کا نام: منوّر خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۵ ر جون ۱۹۴۱ء، حیدرآباد (اے پی)
پتہ: اشرف وِلا، ۲۲-۷-۳-۱۱، ملے پلی حیدرآباد۔ ۵۰۰۰۰۱
تعلیم: بی کام، ایف ایس، اے اے (انڈیا)
مشاغل، ملازمت: سپرنٹنڈنٹ، زرعی یونیورسٹی، راجندر نگر، حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۳۰
تصانیف: (۱) بدلتے موسم (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۲) چاندنی کے پھول " زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

شہاب عظیم آبادی (سید شہاب الدین دسنوی)

والد کا نام: سیّد ادارت حسین

تاریخِ پیدائش: ۶ر جولائی ۱۹۱۳ء، دسنہ (نالندہ بہار)

پتہ: تاج منزل، ٹی۔ این بنرجی روڈ۔ پٹنہ - ۸۰۰۰۰۱

تعلیم: بی ایس سی۔ بی ٹی

مشاغل، ملازمت: پرنسپل محمد حاجی صابو صدیق پالی ٹیکنک سے سبکدوشی۔ تصنیف و تالیف

تصانیف:

(۱) محمد علی جناح ۱۹۷۰ء

(۲) ہمارا دین (حصّہ اوّل) ۱۹۷۱ء

(۳) 〃 〃 (حصّہ دوم) ۱۹۷۲ء

(۴) کیمیا کی کہانی ۱۹۸۱ء

(۵) ہمارا دین (حصّہ سوم) ۱۹۸۲ء

(۶) پہلو بہ پہلو (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۳ء

(۷) انجمن اسلام کے سو سال ۱۹۸۶ء

(۸) شبلی (معاندانہ تنقید کی روشنی میں) ۱۹۸۷ء

اعزازات، انعامات: ۱۔ نیشنل ایوارڈ (ٹیچرس) وزارت تعلیم، حکومت ہند ۲۔ قابلِ قدر خدمات ایوارڈ منجانب انجمن اسلام (بمبئی) ۳۔ پہلو بہ پہلو اور کیمیا کی کہانی پر بہار اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

شہریار (ڈاکٹر کنور اخلاق محمد خاں)

والد کا نام: ابو محمد خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۶ر جون ۱۹۳۶ء آنولہ (بریلی۔ یوپی)

پتہ : پروفیسر شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ (یوپی)
تعلیم : ایم اے، پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس اور شعروشاعری
تصانیف : (۱) اسمِ اعظم ۱۹۶۵ء
(۲) ساتواں در ۱۹۷۰ء
(۳) ہجر کے موسم ۱۹۷۸ء
(۴) ن م راشد۔ فن وشخصیت (بہ اشتراک) ۱۹۸۳ء
(۵) خواب کا در بند ہے ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: ساتواں در پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔ خواب کا در بند ہے پر ساہتیہ اکادمی نے ایوارڈ دیا۔

شہزاد سلیم

والد کا نام: محمد گل
تاریخِ پیدائش : ۱۵ر اگست ۱۹۳۹ء
پتہ: ۱۴ بی گوراچاند روڈ۔ کلکتہ ۷۰۰۰۱۴ (مغربی بنگال)
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: صحافت۔ کاروبار
تصانیف: (۱) ہند و پاک جنگ (۱۹۶۵ء)
(۲) میناکماری کی موت یا قتل ؟

شہناز انجم

والد کا نام: پروفیسر مشیر الحق

تاریخ پیدائش: ۲؍جنوری ۱۹۵۲ء، بحری آباد (غازی پور۔ یوپی)
پتہ: ۱۹۔ احاطہ سنگی بیگ، شاہ گنج لکھنؤ۔ ۳ ۰۰ ۲۲۶
تعلیم: ایم اے (عربی ادب) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: گھر گرہستی کی ذمہ داریاں اور فرصت میں تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) متنبیؒ ایک شاعر ثعالبی کی نظر میں ۱۹۸۳ء
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی اتر پردیش نے ۱۹۸۳ء میں انعام دیا۔

شہناز رشید (عبدالرشید بجار)

والد کا نام: خواجہ غلام محی الدین بجار
تاریخ پیدائش: ۲۷؍جون ۱۹۵۴ء، نوپورہ کلاں (کشمیر)
پتہ: نوپورہ کلاں، سوپور کشمیر ضلع بارہمولہ۔ ۱۹۳۲۰۱
تعلیم: ایم اے کا طالب علم
تصانیف: (۱) زخمی پنچھی (سماجی ناول) ۱۹۸۳ء
(۲) منزل (ناول) زیرِ طبع

* شہنشاہ مرزا

والد کا نام: بہادر مرزا
تاریخ پیدائش: ۲۷؍جون ۱۹۴۲ء، لکھنؤ۔ (وفات: ۲۲؍جنوری ۱۹۸۸ء لکھنؤ، یوپی)
پتہ: ۸۲۔ وکٹوریہ اسٹریٹ۔ لکھنؤ (یوپی) ۰۰۳ ۲۲۶
تعلیم: ایم اے (لکھنؤ یونیورسٹی) ۱۹۶۸ء
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: (۱) سنگِ لرزاں (شعری مجموعہ) ۱۹۷۸ء
(۲) آگ کا دریا۔ ایک تجزیہ (تحقیق و تنقید) زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۸۰ء میں سنگِ لرزاں پر انعام ملا۔
(دستاویز صفحات ۲۰۱ - ۲۰۲)

شہیدی، عبدالستار

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲ر جنوری ۱۹۴۲ء، کلکتہ
پتہ: کوئینس منشن، سوٹ نمبر ۲۔ ۲۰۔ میکلوڈ اسٹریٹ۔ کلکتہ۔ ۷۰۰۰۱۷
تعلیم: ایم اے (اردو) کلکتہ یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: تدریس شعبۂ اردو و فارسی ہگلی محسن کالج
تصانیف: (۱) گلِ نغمہ (مرتبہ) ۱۹۶۹ء
(۲) صہبائے بقا (بنگال کے ایک صوفی کے کلام کو مرتب کیا ہے) ۱۹۷۷ء
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۵۷۵)

(ڈاکٹر) شیخ رحمٰن اکولوی

والد کا نام: شیخ منیر
تاریخِ پیدائش:
پتہ: دریپک چوک، متصل ہارون چال۔ اکولہ (مہاراشٹر) ۴۴۴۰۰۱
تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ۔ پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: معلّم عثمان آزاد اردو ہائی اسکول۔ اکولہ
تصانیف: (۱) عکسِ شعور (ملی افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۷۸ء
(۲) بلا عنوان (طنزیہ اور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۳) سات سمندر پار سے (بچوں کے لیے غیر ملکی کہانیوں کا ترجمہ) ۱۹۸۳ء
(۴) الف سے قطب مینار (طنزیہ اور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء
اعزازات انعامات: مہاراشٹر اور بہار اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

شیخ سلیم احمد

والد کا نام: حاجی بشیر احمد
تاریخِ پیدائش: ۳ر مارچ ۱۹۳۶ء، راج پور (سہارنپور۔ یوپی)
پتہ: ۱۵۰۔ بستی حضرت نظام الدین نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۳
تعلیم: ایم اے (تاریخ) جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی (۱۹۶۵ء)
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت/ اسسٹنٹ ڈائرکٹر ترقی اردو بورڈ
تصانیف: (۱) دلّی جو ایک شہر تھا (خاکے اور انشائیے) ۱۹۷۳ء
(۲) امیر خسرو (مقالات کا مجموعہ) ترتیب۔ ۱۹۷۶ء
(۳) " " (بچوں کے لیے اردو ہندی دونوں میں)
(۴) زندہ دل روحیں (ڈرامہ) ۱۹۸۰ء
(۵) شعلۂ کاہن (ناول/ ترجمہ) ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

ص

صابر ابوہری، سردارارام

والد کا نام: چودھری سُورجا رام

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر ستمبر ۱۹۱۹ء، موضع دھرم پورہ، نزد ابوہر (فیروز پور پنجاب)

پتہ:

تعلیم: ایم اے (انگریزی) منشی فاضل۔

مشاغل، ملازمت: لکچرر انگریزی، ایس۔ این۔ داس گپتا کالج نئی دہلی۔ ریٹائرڈ۔

تصانیف: (۱) نوائے جنوں (شعری مجموعہ) ۱۹۷۸ء

(۲) نوائے شوق (〃) ۱۹۸۶ء

(۳) گیتا کے ۱۵۱ شلوکوں کا منظوم ترجمہ

اعزازات، انعامات: نوائے جنوں پر، بہار اردو اکادمی کی طرف سے انعام ملا۔

صابر کریمی (مشتاق احمد کریمی)

والد کا نام: محمد عنایت کریم برتر آروی

تاریخِ پیدائش: ۳ر جنوری ۱۹۲۷ء، بتیا (بہار)

پتہ: محلہ گنج نمبرا پوسٹ بتیا۔ ضلع مغربی چمپارن (بہار)

تعلیم: آئی، اے (انٹرمیڈیٹ

مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت سے ریٹائرڈ۔ شاعری و کتب بینی

تصانیف: نالۂ نیم شبی (شعری مجموعہ) ۱۹۸۵ء

صابر کوسگوی (سید فریداللہ حسینی)

والد کا نام: سید عبداللہ حسینی
تاریخِ پیدائش: ۷؍ دسمبر ۱۹۱۴ء قصبہ کوسگی (محبوب نگر۔ اے پی)
پتہ: محلہ چنچل گوڑہ مکان ۴۔۶۶۹۔۱۶ حیدرآباد (اے پی)
تعلیم: فارغ امتحاناتِ علوم شرقیہ
مشاغل، ملازمت: موظف حکومت کرناٹک۔ شعر وسخن
تصانیف: (۱) آبشار، جوئے بار (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۳۸ء
(۲) گناہ کے آنسو (ناول) ۱۹۳۹ء
(۳) ٹوٹ گئیں زنجیریں

صادق (سید صادق علی)

والد کا نام: سید پیر علی
تاریخِ پیدائش: ۱۰؍ اپریل ۱۹۴۳ء اجین (مدھیہ پردیش)
پتہ: AG-1/47C، وکاس پوری۔ نئی دہلی 110018
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس فی الوقت، سکریٹری اردو اکادمی دہلی
تصانیف: (۱) دستخط (شعری مجموعہ) ۱۹۷۳ء
(۲) سلسلہ 〃 ۱۹۷۶ء
(۳) ترقی پسند تحریک اور اردو افسانہ (تنقید) ۱۹۸۱ء
(۴) نئی مراٹھی شاعری (ترجمہ) ۱۹۸۱ء
(۵) نئی ہندی شاعری 〃 ۱۹۸۴ء

(۶) مالوے کی لوک کہانیاں (کہانیاں) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: (۱) غالب ایوارڈ (مدھیہ پردیش شاسن ساہتیہ پریشد)
(۲) کلاشری سمان (اتر پردیش، لکھنؤ)
(۳) مہاراشٹر اور مغربی بنگال اردو اکادمیوں سے مختلف کتابوں پر انعامات ملے۔

(ڈاکٹر) صادقہ ذکی

والد کا نام: مفتی محمود احمد صدیقی
تاریخ پیدائش: ۱۳؍جنوری ۱۹۳۹ء
پتہ: ۲۷۷ فیاض منزل جامعہ نگر نئی دہلی۔ ۲۵-۱۱۰۰
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (اردو) جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس، لکچرر شعبۂ اردو " " "
تصانیف: (۱) پروفیسر محمد مجیب۔ حیات اور اردو خدمات۔ ۱۹۸۲ء (تحقیقی مقالہ)
(۲) عقلمند اور چالاک (انگریزی کہانیوں کا اردو ترجمہ) ۱۹۸۴

اعزازات، انعامات: پروفیسر محمد مجیب۔ حیات اور اردو خدمات پر دہلی اردو اکادمی سے انعام ملا۔

* صالحہ عابد حسین (مصداق فاطمہ)

والد کا نام: خواجہ غلام الثقلین
تاریخ پیدائش: ۱۸؍اگست ۱۹۱۳ء، پانی پت (وفات: ۸؍جنوری ۱۹۸۸ء جامعہ نگر نئی دہلی ۲۵)

پتہ: عابد ولا۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: میٹرک (صرف انگریزی) آنرز ان اردو (ادیب کامل) پنجاب یونیورسٹی۔

مشاغل، ملازمت: خاندان کی ذمّہ داریاں۔ مطالعہ اور تصنیف وتالیف

تصانیف: (۱) عذرا (ناول)

(۲) نقش اوّل	(افسانوی مجموعہ)	۱۹۳۹ء
(۳) سازِ ہستی	"	۱۹۴۶ء
(۴) عفّت	(ڈرامہ)	۱۹۴۶ء
(۵) بات چیت	(ریڈیائی تقریریں)	۱۹۴۶ء
(۶) نراس ہیں آس	(افسانوی مجموعہ)	۱۹۴۸ء
(۷) آتشِ خاموش	(ناول)	۱۹۴۹ء
(۸) قطرے سے گہر ہونے تک	"	۱۹۵۷ء
(۹) زندگی کے کھیل	(ڈرامہ)	۱۹۵۷ء
(۱۰) پریم اور سیوا کی جیت	(طویل مختصر کہانی)	۱۹۵۸ء
(۱۱) یادگار حالی	(سوانح)	۱۹۵۹ء
(۱۲) ادبی جھلکیاں	(تنقید)	۱۹۵۹ء
(۱۳) یادوں کے چراغ	(ناول)	۱۹۶۶ء
(۱۴) اپنی اپنی صلیب	"	۱۹۷۲ء
(۱۵) ابھی دور	"	۱۹۷۲ء

وغیرہ

ان کے علاوہ متعدد کتابیں بچوں کے لیے بھی ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: عراق (دوبار)۔ ایران، مکہ معظمہ ومدینہ منورہ کی زیارت، پاکستان، انگلستان، جرمنی، اٹلی، سوئٹزرلینڈ، فرانس، امریکہ، کینیڈا۔

اعزازات انعامات : پدم شری۔ ساہتیہ کلا پریشد سے ایوارڈ و اعزاز۔ میر اکادمی سے افتخارِ میر۔ متعدد اکادمیوں سے انعامات ملے۔

* سید صباح الدین عبدالرحمٰن

والد کا نام: سید محی الدین
تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۱ء ، دسنہ (ضلع نالندہ۔ بہار) (وفات: ۱۸ نومبر ۱۹۸۷ء لکھنؤ یوپی)
پتہ: دار المصنفین۔ شبلی منزل۔ اعظم گڑھ (یوپی) ۲۷۶۰۰۱
تعلیم: ایم اے (فارسی و اردو)
مشاغل/ملازمت: دار المصنفین کی نظامت اور تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) بزمِ صوفیہ (تصوف) ۱۹۴۹ء
(۲) دیوان اشرف علی فغاں (تحقیق و تنقید) ۱۹۵۰ء
(۳) بزمِ مملوکیہ (تاریخ) ۱۹۵۴ء
(۴) ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کی ایک جھلک (تاریخ) ۱۹۵۸ء
(۵) ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کا فوجی نظام (تاریخ) ۱۹۶۰ء
(۶) ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے تمدنی جلوے ۱۹۶۳ء
(۷) ہندوستان کے سلاطین، علماء و مشائخ کے تعلقات پر ایک نظر ۱۹۶۴ء
(۸) عہدِ مغلیہ مسلمان و ہندو مورخین کی نظر میں ۱۹۶۷ء
(۹) ہندوستان کے عہدِ ماضی میں مسلمان حکمرانوں کی مذہبی رواداری (حصہ اول) ۱۹۷۵ء

(۱۰) امیر خسرو کی صوفیانہ شاعری ۱۹۷۸ء
(۱۱) امیر خسرو حیات اور شاعری ۱۹۷۹ء
(۱۲) بزمِ تیموریہ (دو حصّے) ۱۹۸۰ء ۱۹۸۱ء
(۱۳) ہندوستان کے عہدِ ماضی میں مسلمان ۱۹۸۳ء
حکمرانوں کی مذہبی رواداری (حصہ دوم)
(۱۴) " " " " (" ") ۱۹۸۵ء
(۱۵) شبلی پر ایک نظر ۱۹۸۵ء
وغیرہ وغیرہ

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، انگلینڈ، سعودی عرب۔

اعزازات/انعامات: اردو اکادمی اتر پردیش اور بہار اردو اکادمی سے متعدد انعامات ملے۔ ان کے علاوہ غالب ایوارڈ۔ پریسیڈنٹ ایوارڈ اور بہار اردو اکادمی سے مجموعی خدمات پر انعام۔

(ڈاکٹر) صبیحہ انور

والد کا نام: وجاہت علی سندیلوی
تاریخِ پیدائش: ۳۰ دسمبر ۱۹۴۸ء، سندیلہ (ہردوئی۔ یوپی)
پتہ: صدر شعبۂ اردو، کرامت حسین مسلم گرلز ڈگری کالج۔ لکھنؤ۔
تعلیم: ایم اے (گورکھپور یونیورسٹی)، پی ایچ ڈی (لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل/ملازمت: تدریس
تصانیف: (۱) ورق ورق (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۲) اردو میں خود نوشت سوانح حیات ۱۹۸۱ء
(تحقیقی مقالہ)

(۳) باقی سوالات (مجموعۂ مضامین)

اعزازات/انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے دونوں کتابوں پر انعامات ملے۔

صدیقی، ڈاکٹر مسز افتخار بیگم

والد کا نام: اقبال احمد

تاریخِ پیدائش: ۱۲/جون ۱۹۳۷ء، بدایوں (یوپی)

پتہ: سی ۸ (۳۱-۲۹) پررون روڈ۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۷

تعلیم: ایم اے (اردو) دہلی یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی (اردو) مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

مشاغل/ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو ذاکر حسین کالج (دہلی یونیورسٹی) دہلی

تصانیف: (۱) بڑوں کا بچپن ۱۹۸۳ء

(۲) ارشاداتِ قرآنی

(۳) شرح دیوان خافی ۱۹۸۴ء

اعزازات/انعامات: پہلی کتاب پر اردو اکادمی دہلی سے اور تیسری کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

* صدیقی، ڈاکٹر سعادت علی

والد کا نام: (ڈاکٹر) شجاعت علی سندیلوی

تاریخِ پیدائش: ۱۵/مارچ ۱۹۴۵ء، لکھنؤ۔ (وفات: ۱۴/فروری ۱۹۹۴ء لکھنؤ، یوپی)

پتہ: شعبۂ اردو مہاتما گاندھی کالج سنبھل ۲۴۴۳۰۲

تعلیم: ایم اے (اردو) لکھنؤ یونیورسٹی ۱۹۶۵ء، ایم لٹ (اردو) دہلی یونیورسٹی ۱۹۶۸ء، پی ایچ ڈی (اردو) لکھنؤ یونیورسٹی ۱۹۸۳ء

موضوع: ۱۹ ویں صدی میں اردو کا زندانی ادب نگراں پروفیسر نورالحسن ہاشمی

مشاغل، ملازمت: ۱۹۷۱ء سے اردو لکچرر (روہیل کھنڈ یونیورسٹی) درس وتدریس تصنیف وتالیف

تصانیف: (۱) آئینۂ نثر اردو ۱۹۶۵ء

(۲) شرح ادب پارے نثر برائے انٹرمیڈیٹ ۱۹۶۶ء

(۳) بچوں کی لوک کہانیاں ۱۹۷۰ء

(۴) جسیہ غالب ۱۹۷۱ء

(۵) ادبی جائزے ۱۹۷۵ء

(۶) حدیث محبت ۱۹۸۳ء

(۷) ادبی آئینے (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۴ء

(۸) چند ممتاز شعرائے سنبھل (جلد اوّل) ۱۹۸۴ء

(۹) وہ جب یاد آئے (خاکے) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: تین کتابوں پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

صدیقی، ڈاکٹر شبّیر احمد (ایس اے صدیقی)

والد کا نام:

تاریخ پیدائش: ۱۹ ستمبر ۱۹۳۹ء، بلند شہر (یوپی)

پتہ: انچارج پرنسپل اردو ٹیچنگ اینڈ ریسرچ سنٹر۔ سولن۔ شملہ

تعلیم: ایم اے (اردو) ۱۹۶۲ء، پی ایچ ڈی، ۱۹۷۰ء

مشاغل، ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: (۱) ادب اور لسانیات ۱۹۷۶ء

(۲) مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۰ء

اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر بہار اردو اکادمی سے اور دوسری کتاب پر اترپردیش

اردو اکادمی سے ۱۹۸۱ء میں انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۰۸)

صدیقی، ڈاکٹر ظفر احمد

والد کا نام: مولانا وقار احمد
تاریخِ پیدائش: ۹ فروری ۱۹۵۳ء، قصبہ گھوسی، ضلع اعظم گڈھ (یوپی)
پتہ: شعبۂ اردو۔ بنارس ہندو یونیورسٹی۔ وارانسی (یوپی) ۲۲۱۰۰۵
تعلیم: مدرسہ مظاہر علوم، سہارنپور (دورۂ حدیث ۱۹۷۲ء) دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ (تخصصِ ادب عربی ۱۹۷۴ء) بنارس ہندو یونیورسٹی، بنارس (ایم اے اردو ۱۹۷۸ء۔ پی ایچ ڈی ۱۹۸۱ء) علی گڈھ مسلم یونیورسٹی۔ پرائیویٹ (ایم اے عربی ۱۹۸۴ء)
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو، بنارس ہندو یونیورسٹی۔
تصانیف: (۱) تنقیدی معروضات (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۲) انتخابِ مومن ۱۹۹۰ء

صدیقی، پروفیسر ظہیر احمد

والد کا نام: ضیاء احمد بدایونی
تاریخِ پیدائش: ۱۰ جولائی ۱۹۲۹ء
پتہ: شعبۂ اردو۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی ۱۱۰۰۰۷
تعلیم: ایم اے (اردو۔ فارسی) مسلم یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی۔ دہلی یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: پروفیسر شعبۂ اردو۔ دہلی یونیورسٹی

تصانیف:

(۱) مثنوی سحرالبیان (ترتیب اور تنقیدی مقدمہ)	۱۹۵۴ء
(۲) مثنوی گلزارِ نسیم 〃 〃	۱۹۵۵ء
(۳) دیوانِ درد 〃 〃	۱۹۵۶ء
(۴) انتخاب دیوانِ مومن (ترتیب وحواشی اور مقدمہ)	۱۹۵۸ء
(۵) قصائدِ مومن 〃 〃	۱۹۶۰ء
(۶) دلّی کا دبستانِ شاعری (دہلی کالج میگزین کا خصوصی شمارہ)	۱۹۶۱ء
(۷) جذباتِ رضی (ترتیب اور تنقیدی مقدمہ)	۱۹۶۵ء
(۸) فانی کی شاعری (تنقیدی مطالعہ)	۱۹۶۹ء
(۹) نقش ہائے رنگ رنگ (غالب کی فارسی غزلوں اور مثنویوں کا انتخاب وترجمہ)	۱۹۷۰ء
(۱۰) مومن۔ شخصیت اور فن (ایک تنقیدی مطالعہ)	۱۹۷۲ء
(۱۱) فکری زاویے (تنقیدی مضامین کا مجموعہ)	۱۹۷۲ء
(۱۲) انشائے مومن (فارسی خطوط کا انتخاب وترجمہ)	۱۹۷۷ء
(۱۳) ادب میں جمالیاتی اقدار	۱۹۷۹ء
(۱۴) احساس و ادراک (تنقیدی اور ادبی مضامین کا مجموعہ)	۱۹۸۱ء
(۱۵) خواجہ میر درد (سوانحی مطالعہ)	۱۹۸۳ء

وغیرہ وغیرہ

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، سعودی عرب

اعزازات/انعامات: دس ویں، گیارہویں اور بارہویں کتابوں پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

صدیقی، ڈاکٹر ظہیر علی

والد کا نام: ذوالفقار حسین صدیقی
تاریخِ پیدائش: ۳ر اپریل ۱۹۴۵ء مولد رام پور
پتہ: بزریا ملا ظریف رام پور (یوپی) ۲۴۴۹۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو) پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: مولانا محمد علی جوہر کی ادبی زندگی کا تنقیدی جائزہ (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۲ء
بیرونی ممالک کا سفر: دوبئی، پاکستان۔

صدیقی، ڈاکٹر عظیم الشان

والد کا نام: حکیم بدرالدین صدیقی
تاریخِ پیدائش: ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۵ء، امروہہ
پتہ: ۲۰۰۲۔ قاسم جان اسٹریٹ۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی
تصانیف: افسانوی ادب (تحقیق و تجزیہ) ۱۹۸۴ء

صدیقی، قادر علی

والد کا نام: عیوض علی صدیقی

تاریخِ پیدائش: ۲۸ر اگست ۱۹۲۳ء لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ۸۰/۲۲۶ - باغ مولوی انوار۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: ایم اے۔ ایل ایل بی (لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: وکالت
تصانیف: (۱) سنگم (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۹ء
(۲) ابرِ معنی " ۱۹۷۷ء
(۳) نکہتِ الفاظ " زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: دونوں کتابوں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔
(دستاویز، صفحہ ۲۱۱)

صدیقی، کمال احمد

والد کا نام: ڈاکٹر محمد احمد صدیقی
تاریخِ پیدائش: ۱۷ر فروری ۱۹۲۶ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ۲۰۷۔ راؤز ایونیو، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲
تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: ڈپٹی چیف پروڈیوسر (اردو سروسز اور یووانی سروسز)، ڈائرکٹوریٹ جنرل، آل انڈیا ریڈیو (ریٹائرڈ)
تصانیف: (۱) بادبان (نظمیں) ۱۹۴۸ء
(۲) ایران قدیم وجدید ۱۹۵۳ء
(۳) جواہرات ۱۹۶۴ء
(۴) کوہسار گاتے ہیں (نظمیں) ۱۹۶۵ء
(۵) انتخابِ کلام (کمال احمد صدیقی) ۱۹۶۵ء

(۶) بیاضِ غالب (تحقیقی جائزہ) ۱۹۷۱ء

(۷) خلوت سے انجمن تک (نظمیں) ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان۔ انگلستان۔

اعزازات/انعامات: جموں و کشمیر اکادمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز سے ۱۹۷۲ء میں اور اردو اکادمی اتر پردیش سے ۱۹۷۲ء میں انعامات ملے۔

* صدیقی، مبشر علی

والد کا نام: مظاہر علی

تاریخِ پیدائش: ۱۳ر جولائی ۱۹۱۳ء، بدایوں۔ (وفات: ۴ر جولائی ۱۹۸۷ء بدایوں، یوپی)

پتہ: گلی وحید بخش۔ محلہ سوتھ۔ بدایوں (یوپی) ۲۴۳۶۰۱

تعلیم: ایم اے (اردو) مسلم یونیورسٹی، ۱۹۴۰ء۔ بی ٹی (مسلم یونیورسٹی) ۱۹۴۱ء
ایم اے (فارسی) آگرہ یونیورسٹی، ۱۹۴۵ء۔

مشاغل/ملازمت: معلمی سے ریٹائر ہونے کے بعد بچوں اور بچیوں کی تعلیم کے لیے اسکول قائم کیا ہے۔

تصانیف:

(۱) ادبی مقالات (تحقیقی و تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۴۳ء

(۲) تعلیم کے نئے اصول اور دیگر مضامین ۱۹۴۴ء
(تعلیمی مضامین کا مجموعہ)

(۳) پنکھڑیاں (خطوط اور مختصر مضامین) ۱۹۴۹ء

(۴) تنقیدی آئینے (تحقیقی و تنقیدی مضامین) ۱۹۵۲ء

(۵) ادبی تجزیے " " ۱۹۵۷ء

(۶) ادبی مقالات (دوسرا ایڈیشن مع اضافہ) ۱۹۶۱ء

(۷) صحیفۂ بشارت (تحقیقی و تنقیدی مضامین) ۱۹۷۳ء

(۸) اردو اور تاریخ کیسے پڑھائیں (طریقۂ تعلیم) ۱۹۷۳ء
(۹) آئینے کے سامنے (تنقیدی مضامین و تبصرے) ۱۹۷۴ء
(۱۰) ایک معلم کی خود گذشت (تعلیمی) ۱۹۷۴ء
(۱۱) بدایوں کے چند ادبا و شعرا (تحقیقی و تنقیدی) ۱۹۷۵ء
(۱۲) نگارشاتِ نو (مضامین و خطوط) ۱۹۷۵ء
(۱۳) بکھرے ہوئے موتی (مضامین، خاکے اور تبصرے) ۱۹۷۷ء
(۱۴) مضامین و مکاتیب (مضامین و خطوط) ۱۹۷۸ء
(۱۵) معاصرین کے خطوط (خطوط) ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: اردو اور تاریخ کیسے پڑھائیں پر اردو اکادمی اترپردیش ۱۹۷۴ء میں اور ایک معلم کی خود گذشت پر 〃 〃 ۱۹۷۵ء میں اور معاصرین کے خطوط پر اردو اکادمی بہار نے ۱۹۸۰ء میں انعامات دیے۔

صدیقی، محمد اسحاق

والد کا نام: محمد شفیع
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر اکتوبر ۱۹۲۹ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ۵۔ اے۔ گوئن تالاب۔ امین آباد۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۱
تعلیم: انٹرمیجیٹ، ۱۹۵۴ء
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: چاند پر انسان ۱۹۷۴ء

اس کے علاوہ سائنس اور عام معلومات پر آسان زبان میں چھوٹی بڑی ۱۶ کتابیں شائع کروائیں، جن میں سے آٹھ کتابوں پر انعامات ملے

اعزازات، انعامات: "چاند پر انسان" کو اتر پردیش اردو اکادمی نے انعام دیا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۱۵)

٭ صدیقی، محمد اکبر الدین

والد کا نام: محمد اکرام الدین

تاریخِ پیدائش: ۵ر نومبر ۱۹۱۳ء، بھینسہ، عادل آباد۔ (وفات: ۲۱ر جنوری ۱۹۹۵ء حیدرآباد)

پتہ: چار قندیل آغاپورہ۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۱

مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی (موظف)

تصانیف:

(۱) مشاہیر قندھارِ دکن ۱۹۳۷ء

(۲) پریم چند اور ان کی افسانہ نگاری ۱۹۴۲ء

(۳) فہرست مطبوعات کتب خانہ ادارۂ ادبیاتِ اردو (جلد اوّل) ۱۹۵۶ء

(۴) کلام بے نظیر (وارثی) ۱۹۵۸ء

(۵) فہرست مطبوعات (جلد دوم) ۱۹۵۹ء

(۶) دیوانِ عشق (جمال اللہ) ۱۹۶۰ء

(۷) فہرستِ مطبوعات (جلد سوم) ۱۹۶۳ء

(۸) خطوطِ عبدالحق (مرتبہ) ۱۹۶۶ء

(۹) کلیاتِ ممنوں (قصائد) ۱۹۷۲ء

(۱۰) انتخاب کلیات محمد قلی قطب شاہ (مرتبہ) ۱۹۷۲ء

(۱۱) بجھتے چراغ (مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۵ء

(۱۲) نقش دل پذیر (دکنی شعرا کا کلام) ۱۹۷۷ء

(۱۳) شام غریباں (فارسی) ۱۹۷۷ء

(۱۴) پھول بن (ابن نشاطی) ۱۹۷۸ء

(۱۵) فہرست مخطوطات کتب خانہ ادارۂ ادبیات ۱۹۸۴ء

صدیقی، ڈاکٹر محمد یٰسین مظہر

والد کا نام: مولوی انعام علی

تاریخِ پیدائش: ۱۰ ؍ دسمبر ۱۹۴۴ء، گولاگوکرن ناتھ

پتہ: شعبۂ اسلامک اسٹڈیز مسلم یونیورسٹی۔ علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱

تعلیم: ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی (علی گڈھ)

مشاغل/ملازمت: درس و تدریس اور تصنیف و تحقیق

تصانیف: (۱) خلجی خاندان (انگریزی سے ترجمہ) ۱۹۸۰ء

(۲) عہدِ نبوی میں تنظیمِ ریاست و حکومت ۱۹۸۳ء

(۳) عہدِ نبوی کی ابتدائی مہمیں ـ محرکات، مسائل اور مقاصد ۱۹۸۴ء

(۴) نبوی غزوات و سرایا کی اقتصادی اہمیت ۱۹۸۴ء

اعزازات/انعامات: نقوش ایوارڈ (لاہور) سیرت) ۱۹۸۳ء

صغرا مہدی (ڈاکٹر امامت فاطمہ)

والد کا نام: سید علی مہدی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۹ء، بھوپال (مدھیہ پردیش)

پتہ: عابد ولا۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ بی ایڈ

مشاغل/ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو جامعہ ملیہ اسلامیہ

تصانیف: (۱) رسیلی کہانیاں (بچوں کے لیے) ۱۹۶۹ء
(۲) کوئی درد آشنا بھی نہیں (ناولٹ) ۱۹۷۰ء
(۳) پابہ جولاں (ناول) ۱۹۷۳ء
(۴) دُھند " ۱۹۷۵ء
(۵) پتھر کا شہزادہ (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۶) پُروائی (ناول) ۱۹۷۸ء
(۷) اکبر کی شاعری کا تنقیدی مطالعہ (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۰ء
(۸) ماحول کے ذریعے سائنس کی تعلیم (ترجمہ) ۱۹۸۰ء
(۹) ہندوستان میں عورت کی حیثیت " ۱۹۸۰ء
(۱۰) سخنِ دلنواز (ترتیب خطوط خواجہ غلام السیدین ۱۹۸۱ء
(۱۱) اکبر الہ آبادی (مختصر سوانح) ۱۹۸۲ء
(۱۲) حیاتِ عابد (ترتیب خود نوشت سوانح ڈاکٹر سید عابد حسین ۱۹۸۴ء
(۱۳) جو میرے وہ راجہ کے نہیں (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: لندن۔ امریکہ۔ کینیڈا۔

اعزازات/انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی اور دہلی اردو اکادمی سے مختلف کتابوں پر انعامات ملے۔

صفی الرحمٰن مبارکپوری/ ابوہشام اعظمی

والد کا نام: عبداللہ

تاریخِ پیدائش: ۱۹۴۲ء (سند کے مطابق: ۶ جون ۱۹۴۳ء) موضع حسین آباد مبارکپور ضلع اعظم گڈھ (یوپی)

پتہ: مستقل: حسین آباد۔ ڈاکخانہ گوجر پار۔ مبارکپور ضلع اعظم گڈھ (یوپی)

موجودہ: جامعہ سلفیہ۔ ریوڑی تالاب۔ وَرَناسی (یوپی) ۲۲۱۰۱۰

تعلیم: فاضل جامعہ اسلامیہ فیضِ عام مئوناتھ بھنجن۔ مولوی، عالم، فاضلِ ادب۔ فاضلِ دینیات۔ عربی و فارسی۔

مشاغل/ملازمت: درس و تدریس۔ ماہنامہ المحدث (وارانسی) کی ادارت

تصانیف:

(۱) مصابیح	۱۹۶۳ء
(۲) تذکرہ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب	۱۹۷۳ء
(۳) تاریخ آلِ سعود	۱۹۷۳ء
(۴) انکارِ حدیث کیوں؟	۱۹۷۷ء
(۵) انکارِ حدیث حق یا باطل؟	۱۹۷۸ء
(۶) رزمِ حق و باطل	۱۹۷۸ء
(۷) فتنۂ قادیانیت اور مولانا ثناءاللہ امرتسری	۱۹۷۹ء
(۸) قادیانیت اپنے آئینہ میں	۱۹۸۱ء
(۹) الرحیق المختوم (عربی میں سیرت صلعم پر)	۱۹۸۱ء
(۱۰) اسلام اور اہنسا	۱۹۸۴ء

ان کے علاوہ متعدد کتابیں عربی زبان میں بھی ہیں

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب (۱۹۷۹ء - ۱۹۸۰ء) امریکہ ۱۹۸۲ء، پاکستان ۱۹۸۵ء

اعزازات/انعامات: الرحیق المختوم (عربی) پر رابطۂ عالم اسلامی نے پچاس ہزار ریال کا انعام دیا۔

صلاح الدین پرویز

والد کا نام: محمد عبدالجبار

تاریخِ پیدائش: ۹ر فروری ۱۹۵۲ء، الہ آباد

پتہ: ۱ ۲۳۷ - بابا ہاؤس - ۲۷ ویں اسٹریٹ - باندرہ - بمبئی ۴۰۰۰۵۰

۲ سائیسورکس، صندوق البرید ۴۵۵۱ - ریاض سعودی عرب

۳ ۱۰۵۹۰ نارتھ ٹانٹایو - کیوپرٹینو - کیلی فورنیا - یو ایس اے -

تعلیم: ایم اے - نیز کمپیوٹر اور بزنس مینیجمنٹ سے متعلق دوسری ڈگریاں

مشاغل، ملازمت: نائب رئیس، سائی سوریکس (سعودی عرب)

تصانیف:

(۱) ثراثر	(طویل نظم)	۱۹۷۲ء
(۲) نیگیٹیو	(شعری مجموعہ)	۱۹۷۳ء
(۳) جنگل	"	۱۹۷۶ء
(۴) دھوپ سمندر سایہ	"	۱۹۷۸ء
(۵) نمرتا	(ناول)	۱۹۸۰ء
(۶) سارے دن کا تھکا ہوا پرش (ناول)		۱۹۸۱ء
(۷) محمدؐ	(نعتیہ شاعری)	۱۹۸۲ء
(۸) لوپوئمز	(شعری مجموعہ)	۱۹۸۳ء
(۹) ایک دن بیت گیا	(ناول)	۱۹۸۳ء
(۱۰) دھوپ سرائے	(شعری مجموعہ)	۱۹۸۵ء
(۱۱) لوریاں	"	۱۹۸۶ء
(۱۲) صلاح الدین پرویز کے خطوط		۱۹۸۸ء

بیرونی ممالک کا سفر: "پچھلے تیرہ برسوں سے مسلسل سفر میں ہوں، ہندوستان اور امریکہ تک اور ان کے درمیان جو بھی ممالک پڑتے ہیں، ان کو دیکھنے اور ان کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا ہے۔"

(ڈاکٹر) صلاح الدّین خاں

والد کا نام: اسلام الدّین خاں
تاریخِ پیدائش: یکم اکتوبر ۱۹۴۷ء دہلی
پتہ: ۲۷۶۱۔ گلی چاندی والی۔ پہاڑی بھوجلہ، دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: لکچرر
تصانیف: (۱) دہلی کے اردو مخطوطات (مرتبہ) ۱۹۷۵ء
(اردو۔ انگریزی)
(۲) دلّی والے (مرتبہ) ۱۹۸۶ء
(۳) دہلی کی آخری شمع " ۱۹۸۶ء
(۴) دلّی والے دوسری جلد "
(۵) شیفتہ، حیات، و تصنیفات (تحقیقی مقالہ)
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان ۱۹۷۷ء
اعزازات، انعامات: مرزا غالب ایوارڈ

صوفی، صغیر احمد خاں

والد کا نام: نصیر احمد خاں
تاریخِ پیدائش: ۲۳ جولائی ۱۹۲۳ء، چندولی (ضلع بنارس۔ یوپی)
پتہ: سی۔ بی۔ ۴۔ سی۔ ڈی ڈی اے فلیٹس منیرکا۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۶۷
تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی۔
مشاغل، ملازمت: وکالت

تصانیف: (۱) رقصِ دوام (شعری مجموعہ) ۱۹۵۲ء
(۲) گرمیِ اندیشہ " ۱۹۶۹ء
بیرونی ممالک کا سفر: انگلینڈ۔
اعزازات، انعامات: گرمیِ اندیشہ پر یوپی گورنمنٹ نے انعام دیا۔

ض

* ضامن مرادآبادی (ضامن علی خاں)

والد کا نام: حاجی صابر علی خاں
تاریخِ پیدائش: ۷؍ اگست ۱۹۴۴ء، مرادآباد۔ (وفات: ۲۲؍ اکتوبر ۱۹۸۸ء ذاکر نگر، نئی دہلی ۲۵)
پتہ: ۱۱۔ گلی نمبر ۱۸، قمر منزل۔ ذاکر نگر، جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۲۵..۱۱
تعلیم: ایم اے (انگریزی ادب) مرادآباد
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) مرادآباد کی چند ادبی شخصیات (مرتبہ) ۱۹۶۳ء
(۲) جگر مرادآبادی۔ ایک مطالعہ مع انتخاب کلام " ۱۹۸۴ء
(۳) ساغر نظامی۔ فن اور شخصیت (مرتبہ) ۱۹۸۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۶۴ء میں پاکستان۔
اعزازات، انعامات: جگر مرادآبادی ایک مطالعہ پر مرکزی وزیر محنت کے ہاتھوں سے انعام اور ۱۹۸۴ء میں ذوقی دہلوی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (دہلی) کی طرف سے ایوارڈ ملا۔

(سیّد) ضمیر حسن دہلوی

والد کا نام: سیّد نصیر حسن

تاریخِ پیدائش: ۴ / مارچ ۱۹۴۰ء دہلی۔

پتہ: ۱۷۶۴۔ گلی گھنٹے والی، پہاڑی بھوجلہ، دہلی ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: ایم اے (اردو)

مشاغل، ملازمت: لکچرر ڈاکٹر ذاکر حسین کالج۔ دہلی

تصانیف:
(۱) فسانۂ عجائب کا تنقیدی مطالعہ ۱۹۶۲ء
(۲) دلّی سے دلّی تک ۱۹۶۴ء
(۳) دلّی والے ۱۹۶۷ء
(۴) میر باقر علی داستان گو ۱۹۶۸ء
(۵) مکاتیب احمد سعید ۱۹۷۰ء
(۶) غالب کی دلّی ۱۹۷۲ء
(۷) فکرِ نو شاہجہاں آباد (ترتیب) ۱۹۷۸ء
(۸) دلّی کا آخری دیدار 〃 ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: غالب کی دلّی پر یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۷۲ء میں انعام ملا۔

(سیّد) ضیاء الحسن ندوی

والد کا نام: سیّد آل حسن

تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۴۴ء

پتہ: ۳۴۸۔ بٹلا ہاؤس، جامعہ نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم اے (عربی)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: عربی ادب دیار ۱۹۸۱ء

" (پاکستان میں) ۱۹۸۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: کویت، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب۔

(ڈاکٹر) ضیاء الدین

والد کا نام: خواجہ حضر الدین

تاریخ پیدائش: ۳۰ ستمبر ۱۹۵۶ء، جموں

پتہ: لکچرر کاریس پانڈنس ایجوکیشن۔ جموں یونیورسٹی۔ جموں (جے اینڈ کے)

تعلیم: ایم اے (اردو)، ایم فل، پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: (۱) خواجہ احمد عباس (تنقیدی جائزہ) جنوری ۱۹۸۷ء

(۲) گوپال متل کی شاعری

(مولانا) ضیاء الدین اصلاحی

والد کا نام: شیخ حاجی عبدالرحمٰن

تاریخ پیدائش: ۱۹۳۷ء، موضع جیراجپور (ضلع اعظم گڈھ)

پتہ: دارالمصنفین، شبلی اکادمی، اعظم گڈھ (یوپی) ۲۷۶۰۰۱

تعلیم: عالم (مدرستہ الاصلاح، سرائے میر، ضلع اعظم گڈھ)

مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف، رفیق دارالمصنفین۔ ایڈیٹر کی حیثیت سے

ماہنامہ معارف (اعظم گڈھ) کی ادارت

تصانیف: (۱) ہندوستان عربوں کی نظر میں (حصہ اول) ۱۹۶۰ء
(۲) " " (حصہ دوم) ۱۹۶۲ء
(۳) تذکرۃ المحدثین (حصہ اول) ۱۹۶۷ء
(۴) " " (" دوم) ۱۹۷۷ء
(۵) چند ارباب کمال (شخصیات) ۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: تذکرۃ المحدثین دوم اور چند اربابِ کمال پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

ضیاء الرحمٰن اعظمی

والد کا نام: مسعود الرحمٰن کلامؔ
تاریخ پیدائش: ۲۸ مئی ۱۹۴۰ء، جیراجپور اعظم گڈھ (یوپی)
پتہ: ۴۱۔ چکلا تکیہ۔ اعظم گڈھ (") ۲۷۶۰۰۱
تعلیم: بی اے، ایم ایڈ (علیگ)
مشاغل، ملازمت: لکچرر، شعبۂ تعلیمات، شبلی نیشنل پوسٹ گریجویٹ کالج۔ اعظم گڈھ
تصانیف: چمچہ نامہ (مزاحیہ شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

ضیا ایوبی شریف نگری (ضیاء الاسلام)

والد کا نام: ماسٹر مبارک حسین
تاریخ پیدائش: ۷ جون ۱۹۶۲ء، شریف نگر (یوپی)
پتہ: قصبہ شریف نگر۔ تحصیل ٹھاکر دوارہ۔ ضلع مراد آباد (یوپی)
تعلیم: ایم اے (اردو) ۱۹۸۴ء۔ معلّمِ اردو (جامعہ اردو علی گڈھ) ۱۹۸۵ء

مشاغل/ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: دستِ غزل ۱۹۸۵ء

ضیاء جبل پوری (محمد ضیاء الدین)

والد کا نام: حکیم محمد ناصر الدین سیوہاروی

تاریخِ پیدائش: یکم دسمبر ۱۹۳۲ء، مراد آباد (یوپی)

پتہ: اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر کاماریڈی۔ ضلع نظام آباد (اے پی) ۵۰۳۱۱۱

تعلیم: انٹرمیڈیٹ (اجمیر بورڈ)

مشاغل/ملازمت:

تصانیف: بیاضِ فکر (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۳ء

ط

* طالب چکوالی (منوہر لال کپور)

والد کا نام: لالہ بال مکند کپور

تاریخِ پیدائش: ۱۳ مئی ۱۹۰۰ء، چکوال، جہلم۔ (وفات: ۲۴ دسمبر ۱۹۸۸ء دہلی)

پتہ: جے ۳۲ لاجپت نگر ۳ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۴

تعلیم: بی اے (آنرس) ایل ایل بی

مشاغل/ملازمت: خدمتِ اردو ادب

تصانیف: (۱) انوارِ حقیقت (نظمیں اور مضامین) ۱۹۳۱ء

(۲) برگِ سبز (شعری مجموعہ) ۱۹۶۵ء

(۳) برگِ زرد (شعری مجموعہ) ۱۹۸۰ء

(۴) شردھا کے پشپ پتر (نظمیں بہ حرف دیوناگری) ۱۹۸۴ء

(۵) فوجی کی محبوبہ (ناول۔ بہ اقساط سینک سماچار (اردو) میں شائع ہوا تھا) ۱۹۸۵ء

(۶) میری یادیں ۱۹۸۶ء

(۷) مورپنکھ (مضامین) ۱۹۸۷ء

(۸) برگ صد برگ زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: آل انڈیا یونٹی لیگ شملہ کے کل ہند مشاعرہ میں "اتحاد" نظم پر اوّل انعام سونے کا تمغہ اور اعزازی سارٹیفکٹ، یوپی اردو اکادمی نے برگِ زرد پر انعام، دہلی اردو اکادمی سے چار سو روپیہ ماہوار کا وظیفہ۔

طالب شاہ آبادی (ڈاکٹر سیموئیل وکٹر بھجن)

والد کا نام: ٹموتھی بنجمن بھجن

تاریخِ پیدائش: ۱۴ر اکتوبر ۱۹۲۴ء، شاہ آباد (بہار)

پتہ: ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، چراغ علی لین، اسٹیشن روڈ، حیدرآباد ۵۰۰۰۰۱ (اے پی)

تعلیم: ایم اے (فارسی) اور ایم اوایل (فارسی) پنجاب یونیورسٹی۔ ایم اے (اسلامیات) ہارٹفرڈ (یو ایس اے)، بی ڈی (سیرامپور) مغربی بنگال، پی ایچ ڈی، دانشگاہ تہران، ایران۔

مشاغل، ملازمت: لکچرر اسلامیات ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ، جبلپور ایم پی

۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۶ء تک ۔ اسوسی ایٹ ڈائرکٹر، ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ لکھنؤ یوپی۔ ۱۹۶۶ تا ۱۹۶۸ء تک ۔ ڈائرکٹر، ہنر مارٹن انسٹی ٹیوٹ، حیدر آباد دکن ۷۰ ۱۹ تا حال (ٹیوٹر کلاسیکل پرشین، السال کالج آف ٹکنالوجی (انگلینڈ) ۱۹۷۶ ۔ ۱۹۷۷ء

تصانیف: (۱) بھولے کبوتر ہوشیار سانپ (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۷۰ء
(۲) اسلام- ایک پریچے (ہندی میں) ۱۹۷۴ء
(۳) اجالوں کے بادل (ڈرامے) ۱۹۷۴
(۴) سرچشمۂ قرآن پر ریویو (تنقید) ۱۹۸۰ء
(۵) فغانِ سنگ (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۰ء

اعزازات/انعامات: ہندی کتاب: اسلام - ایک پریچے پر ۱۹۷۵ء میں محکمۂ تعلیم اترپردیش سے میرٹ سرٹیفکٹ اور انعام ملا، فغانِ سنگ پر ۱۹۸۱ء میں آندھرا پردیش اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے، نیز ۱۹۸۵ء میں آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ سے امتیازِ میر اور انعام ملا۔

(پروفیسر سیّد) طاہر محمود

والد کا نام: سیّد محمود حسن
تاریخِ پیدائش: ۲ ستمبر ۱۹۴۱ء، لکھنؤ
پتہ: بی ۱۱۴- ایس ایف ایس ترے دنی شیخ سرائے - نئی دہلی ۱۱۰۰۱۷
تعلیم: قانون میں اعلیٰ ترین تعلیم (لکھنؤ، علی گڈھ، لندن)
مشاغل/ملازمت: پروفیسر، شعبۂ قانون، دہلی یونیورسٹی
تصانیف: (۱) مسلم پرسنل لا کے تحفظ کا مسئلہ ۱۹۷۲ء

(۲) حیاتِ محمود ۱۹۷۷ء

انگریزی میں اسلامی اور عائلی قوانین پر ۱۴ کتابیں جن میں سے کئی کتابوں کا اردو، بنگلہ اور ملیالم میں ترجمہ ہوا ہے۔

بیرونی ممالک کا سفر: جملہ ممالکِ اسلامیہ کے متعدد اسفار، علاوہ ازیں بیشتر یورپی اور امریکی ممالک کے سفر بھی۔

اعزازات، انعامات: جدہ، سعودی عرب کے بین الاقوامی اسلامی قانون اکادمی کی رکنیت جرمنی میں صدر مقام والی بین الاقوامی عائلی قانون کونسل کی مجلس عاملہ کی رکنیت۔

(ڈاکٹر) طیب ابدالی

والد کا نام: سید شاہ ایوب ابدالی نیّر اسلام پوری

تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۲۱ء

پتہ: ریڈر شعبۂ اردو۔ مگدھ یونیورسٹی، بودھ گیا (بہار) ۸۲۴۲۳۱

تعلیم: ایم اے (عربی) ۱۹۶۱ء مسلم یونیورسٹی۔ ایم اے (اردو و فارسی) ۱۹۶۲ء - ۶۳۔ بہار یونیورسٹی مظفر پور۔ پی ایچ ڈی۔ ۱۹۶۷ء

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: (۱) راحتِ روح اور وسیلۂ شرف و ذریعۂ دولت
مصنف: حضرت صوفی منیری (مرتبہ)

(۲) جادۂ عرفان (حصّہ اوّل) مصنفہ حضرت صوفی منیری (مرتبہ) ۱۹۷۸ء

(۳) اشرف ۱۹۷۹ء

(۴) حضرت صوفی منیری کے نثری کارنامے (تحقیقی مقالہ)

اعزازات، انعامات: دوسری کتاب پر بہار اردو اکادمی نے اور تیسری کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی نے انعامات دیے۔
(دستاویز، صفحہ ۲۲۶)

طیّب عثمانی (شاہ محمد طیّب عثمانی ندوی)

والد کا نام: شاہ محمد قاسم عثمانی
تاریخِ پیدائش: محرم الحرام ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۸ء، سملہ (اورنگ آباد۔ بہار)
پتہ: بیت الرّشاد، نیا کریم گنج۔ گیا (بہار) ۸۲۳۰۰۱
تعلیم: فاضل دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ ۵۳-۱۹۵۲ء
مشاغل، ملازمت: معلّم اردو فارسی، ہادی ہاشمی ہائی اسکول گیا
تصانیف: (۱) نقشِ دوام (ترتیب مجموعۂ مکاتیب) ۱۹۶۰ء
(۲) حدیثِ اقبال ۱۹۶۱ء
(۳) افکار و اقدار ۱۹۷۶ء
اعزازات، انعامات: آخری کتاب پر، بہار اردو اکادمی پٹنہ سے ۱۹۷۷ء میں انعام ملا۔

ظ

* ظ۔ انصاری

والد کا نام: محمد حسن
تاریخِ پیدائش: ۶ر فروری ۱۹۲۵ء (وفات: ۳۱ر جنوری ۱۹۹۱ء بمبئی)
پتہ: ۳۲۔ شیریں۔ نزد کولابا۔ بمبئی (مہاراشٹر) ۴۰۰۰۰۵

تعلیم: فاضل عربی۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: بمبئی یونیورسٹی سے ریٹائر ہونے کے بعد اردو صحافت
تصانیف: (۱)زبان و بیان (۲)ورق ورق (۳)جارج برنارڈ شا (۴)چپے خوف (۵)پوشکن۔ (۶)دستوئیفکی (۷)غالب شناسی (۸)کتاب شناسی وغیرہ کل ۱۴ کتابیں۔
تراجم از فارسی و انگریزی و روسی ۲۵ جلدیں۔ ۲ جلد لغات اردو روسی اور روسی اردو۔
بیرونی ممالک کا سفر: یورپ اور ایشیا کے بیشتر ممالک، خصوصاً سوویت یونین
اعزازات، انعامات: ماسکو پروگریس، اور اکادمی آف سائنسز اور ۱۹۷۸ء میں غالب ایوارڈ (غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی) اور دوسرے قومی و علمی اعزازات۔

ظفر اوگانوی، ڈاکٹر محی الدین

والد کا نام: سیّد فصیح احمد
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۳۹ء، اوگانواں ضلع نالندہ (پٹنہ)
پتہ: ۲۵/ اے شمس الہدیٰ روڈ۔ کلکتہ۔ ۷۰۰۰۱۷
تعلیم: ایم اے (اردو) شعبۂ اردو۔ پٹنہ یونیورسٹی۔ ۱۹۶۳ء پی ایچ ڈی۔
مشاغل، ملازمت: تدریس۔ شعبۂ اردو۔ کلکتہ یونیورسٹی
تصانیف: (۱) جلوۂ خضر (تلخیص و تنقید) تالیف ۱۹۷۳ء
(۲) صغیر بلگرامی۔ حیات اور کارنامے (تحقیق) ۱۹۷۶ء
(۳) بیچ کا ورق (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۷ء
(۴) صغیر بلگرامی بحیثیت غزل گو (تدوین و تجزیہ) ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان۔ ۱۹۶۵ء
اعزازات، انعامات: پہلی دو کتابوں پر بہار اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

* ظفر پیامی (دیوان بیریندر ناتھ)

والد کا نام: دیوان بدری داس
تاریخِ پیدائش: ۶ر جنوری ۱۹۳۲ء، کپورتھلہ (پنجاب) (وفات ۱۰؍دسمبر ۱۹۸۹ء نئی دہلی ۴۹)
پتہ: ۱۹۔ اے گل مہر پارک۔ نئی دہلی ۴۹ ۔۰۰ ۱۱
تعلیم: ایم اے (پولیٹیکل سائنس، الہ آباد یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: تخلیقِ ادب، صحافت، مبصر، ٹیلی ویژن و ریڈیو۔ مدیر اعلیٰ پریس ایشیا انٹرنیشنل (نیوز اینڈ فیچر ایجنسی) کالم نگار، تقریباً ۱۱۰ اخبارات ملکی و ۲۰ عربی۔

تصانیف:
(۱) جلتے چنار (رپورتاژ) ۱۹۵۵۔۵۶ء
(۲) دلّی سے باندونگ تک (عالمی سیاست پر مضامین) ۱۹۵۶ء
(۳) ستاروں کے قیدی (ناول) ۱۹۵۷ء
(۴) محبت کا مطلب (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۰ء
(۵) فرار (تقسیمِ ملک کے عبرت ناک حالات پر ناول) ۱۹۸۶ء
(۶) خونابۂ پنجاب (طویل کہانیوں کا مجموعہ)

ان کے علاوہ انگریزی میں مسئلۂ فلسطین۔ مغربی ایشیا کی سیاست۔ القدس۔ ہند پاک جنگ اور سیاستِ حاضرہ پر سات کتابیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان (۱۲ مرتبہ) خلیج عرب اور مغربی ایشیا کے تمام ممالک (دہلی)

یورپ کے دس ممالک (چار بار) سوویت یونین، جاپان، امریکہ انڈونیشیا، سنگاپور، ملائشیا، بنگلہ دیش، برما، سری لنکا، افغانستان، ایران، لبنان، مصر، الجزائر، تیونس، اردن، سوڈان، مراقش، کینیا، لیبیا وغیرہ۔

اعزازات انعامات: وزٹینگ پروفیسر انڈین انسٹی ٹیوٹ ایڈوانسڈ اسٹڈی شملہ (۱۹۶۸ تا ۱۹۷۰ء) تمغۂ اعزاز ارض فلسطین یاسر عرفات کے ہاتھوں ۱۹۷۵ء (بیروت) لبنان۔

ظفر صہبائی (محمد یونس خاں)

والد کا نام: محمد یوسف خاں

تاریخ پیدائش: ۱۴ر جون ۱۹۴۶ء، بھوپال

پتہ: معرفت صوفیہ ہاؤس موتیا پارک بھوپال ۴۶۲۰۰۱

تعلیم: ہائر سیکنڈری

مشاغل، ملازمت: صحافت اور پرائیوٹ ملازمت جو ہمیشہ عارضی رہتی ہے

تصانیف: (۱) دھوپ کے پھول (شعری مجموعہ) ۱۹۷۷ء

(۲) چاک چاک روشنی 〃 ۱۹۸۶ء

اعزازات انعامات: مدھیہ پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۸۰ء میں انعام ملا۔

ظفر گورکھپوری (ظفر الدین)

والد کا نام: انصاری رحم علی

تاریخ پیدائش: ۵ر مئی ۱۹۳۵ء، بیدولی بابو تحصیل بانس گاؤں ضلع گورکھپور (یوپی)

پتہ: ۲/۱۴ ایف نیو میونسپل کالونی، دیونار، بمبئی ۴۳ ۴۰۰۰

تعلیم: پری یونیورسٹی
مشاغل، ملازمت: بمبئی میونسپل کارپوریشن کے محکمۂ تعلیم میں ٹیچر کی حیثیت سے ملازم۔
تصانیف: (۱) تیشہ (شعری مجموعہ) ۱۹۶۲ء
(۲) وادی سنگ 〃 ۱۹۷۵ء
(۳) ناچ ری گڑیا (بچوں کی نظمیں) ۱۹۷۸ء
(۴) سچائیاں (بچوں کی کہانیاں) ۱۹۷۹ء
(۵) گوکھرو کے پھول (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات: (۱) وادیِ سنگ پر اترپردیش اور مہاراشٹر اردو اکادمیوں کے انعامات ملے۔ ۲ ناچ ری گڑیا پر مہاراشٹر اردو اکادمی سے ملا۔
۳۔ سچائیاں پر مہاراشٹر اور بہار اردو اکادمیوں کے انعامات ملے۔

(پروفیسر حکیم سید) ظل الرحمٰن

والد کا نام: حکیم سید فضل الرحمٰن
تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۴۰ء، بھوپال (ایم پی)
پتہ: تجارہ ہاؤس۔ دودھپور۔ علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱
۲ کالج: پروفیسر شعبۂ علم الادویہ۔ اجمل خاں طبیہ کالج۔ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ (یوپی)
تعلیم: عالمیت ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ بی یو ایم ایس۔ علی گڈھ
مشاغل، ملازمت: پروفیسر علم الادویہ (۱۹۸۳ء) صدر شعبۂ علم الادویہ (۱۹۷۸۔۱۹۸۵ء)
تصانیف: (۱) دورِ جدید اور طب ۱۹۶۳ء
(۲) تاریخ علم تشریح ۱۹۶۷ء
(۳) علم الامراض ۱۹۶۹ء
(۴) جود بہ ۱۹۷۱ء

(۵) تجدیدِ طب ۱۹۷۲ء
(۶) بیاضِ وحیدی ۱۹۷۴ء
(۷) مطب مرتعش ۱۹۷۶ء
(۸) تذکرۂ خاندانِ عزیزی ۱۹۷۸ء
(۹) کتاب المرکبات ۱۹۸۰ء
(۱۰) حیات کرم حسین ۱۹۸۳ء
(۱۱) صفوی عہد میں علمِ تشریح کا مطالعہ ۱۹۸۳ء
(۱۲) خاندان ابن سینا اور اس کے شارحین و مترجمین ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی اور طبی اکادمی حکومت اتر پردیش کی طرف سے کتابوں پر انعامات ملے۔

(ڈاکٹر) ظہور الدین

والد کا نام: خواجہ خضر الدین
تاریخِ پیدائش: ۲۷ مئی ۱۹۴۲ء، جموں توی
پتہ: شعبۂ اردو جموں یونیورسٹی جموں و کشمیر۔ جموں
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو) ایم اے (انگریزی) ڈی لٹ
مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو جموں یونیورسٹی۔
تصانیف: (۱) تلافی (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۶۴ء
(۲) تفکرات (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۳) محروم کی شاعری (تنقید) ۱۹۷۶ء
(۴) اوڈی سوز (طویل افسانہ) ۱۹۷۸ء
(۵) بیسویں صدی کے اردو ادب میں انگریزی کے ادبی رجحانات) ۱۹۷۸ء

(۶) گینی بگز (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء

(۷) حقیقت نگاری اور اردو (تنقید) ۱۹۸۴ء

(۸) علاقائی بجوں میں اردو زبان وادب کا ارتقا ۱۹۸۵ء

(تاریخ وتنقید) انگریزی

اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی نے محروم کی شاعری، حقیقت نگاری و اردو ڈرامہ اور گینی بگز پر انعامات دیے۔

ظہیر ناشاد دربھنگوی (ڈاکٹر اے ظہیر)

والد کا نام: مولوی محمد یعقوب علی

تاریخ پیدائش: ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۳ء، سرجاپور دربھنگہ (شمالی بہار)

پتہ: سرجاپور۔ ڈاکخانہ ریام فیکٹری۔ ضلع دربھنگہ (بہار) ۸۴۷۲۳۷

۲۔ ۱۱۔ واٹ گنج اسٹریٹ۔ روم نمبر ۳۸۔ خضر پور، کلکتہ۔ ۷۰۰۰۲۳

تعلیم: ایم اے (اردو)، پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: کلکتہ ڈوک لیبر بورڈ میں چیف فورمین

تصانیف: (۱) دربھنگہ میں اردو ۱۹۷۷ء

(۲) نقوشِ افکار ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر بہار اردو اکادمی اور دوسری کتاب پر مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

ع

عابد پشاوری (پروفیسر شیام لال کالڑا)

والد کا نام: شری ایشور داس
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۷ء، ڈیرہ اسماعیل خاں (پاکستان)
پتہ: پروفیسر و صدر شعبۂ اردو۔ جموں یونیورسٹی۔ جموں۔ ۱۸۰۰۰۱
تعلیم: ایم اے۔ دلّی یونیورسٹی ۱۹۶۲ء پی ایچ ڈی۔ جموں یونیورسٹی ۱۹۷۶ء
مشاغل، ملازمت: پروفیسر و صدر شعبۂ اردو جموّں یونیورسٹی۔ جموّں
تصانیف: (۱) انشا کے حریف و حلیف ۱۹۸۰ء
(۲) نقطے اور شوشے ۱۹۸۰ء
(۳) انشاء اللہ خاں اِنشاؔ (پی ایچ ڈی کا مقالہ) ۱۹۸۵ء
(۴) متعلّقاتِ اِنشاؔ (مقالات کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

عابد سہیل (سیّد محمد عابد)

والد کا نام: سید ظفریاب حسن
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر نومبر ۱۹۳۲ء، اورئی ضلع جالون (اترّ پردیش)
پتہ: کپور مارکیٹ۔ وکٹوریہ اسٹریٹ۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: ایم اے (فلسفہ)
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف اور صحافت نگاری

تصانیف: (۱) سب سے چھوٹا غم (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۲) اردو کے ادبی رسالوں کے مسائل زیر طبع

اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی اور میرا کادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

❁ (میر) عابد علی خاں

والد کا نام: میر محمود علی خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۹ مارچ ۱۹۰۲ء، شہر حیدرآباد (وفات: ۱۲ نومبر ۱۹۹۲ء حیدرآباد)
پتہ: عابد منزل۔ ۱۳-۲-۶۔ لکڑی کا پُل حیدرآباد ۵۰۰۰۰۴
دفتر: روزنامہ سیاست۔ جواہر لال نہرو روڈ۔ حیدرآباد سا
تعلیم: بی اے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: روزنامہ "سیاست" (حیدرآباد) کی ادارت، ۱۹۷۹ء انجمن ترقیِ اردو (ہند) دہلی کے نائب صدر

تصانیف: (۱) جمہوریہ چین ۱۹۴۳ء
(۲) اجرت محنت اور سرمایہ ۱۹۳۴ء
(۳) مشاہیر چین ۱۹۴۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: فن لینڈ، روس، افغانستان، یوگوسلاویہ، ہنگری، جاپان وغیرہ
اعزازات، انعامات: (۱) ۱۹۸۱ء میں پدم شری (۲) جولائی ۱۹۸۴ء میں غالب ایوارڈ
(۳) ۱۹۸۵ء میں قومی یک جہتی کا ایوارڈ۔

عابدہ محبوب

والد کا نام: حکیم محبوب علی خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۰ر جولائی ۱۹۴۷ء حیدرآباد
پتہ: ۴۰/۱-۶-۳-۱۹۔ مصری گنج حیدرآباد ۵۰۰۲۵۳۔ (آندھراپردیش)
تعلیم: ایم اے، بی۔ایڈ (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: گورنمنٹ گرلز جونیر کالج۔ حسینی علم۔ حیدرآباد
تصانیف: درد کے پیوند ۱۹۸۵ء

(ڈاکٹر) عابدی، انیس اشفاق

والد کا نام: سیّد اشفاق علی
تاریخِ پیدائش: ۳۰ر جون ۱۹۵۰ء (لکھنؤ)
پتہ: شعبۂ اردو، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ۔
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: لکچرر، شعبۂ اردو لکھنؤ یونیورسٹی، شاعری، افسانہ نگاری، تنقید و تحقیق
تصانیف: (۱) انتخابِ قائم ۱۹۸۵ء
(۲) انتخابِ یگانہ

عابدی، پروفیسر سیّد امیر حسن

والد کا نام: سیّد شبیر حسن
تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۲۱ء، غازی پور (یوپی)
پتہ: شعبۂ فارسی۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی ۱۱۰۰۰۷
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ ڈی لٹ
مشاغل، ملازمت: پروفیسر امریٹس

تصانیف:
(۱) وکرم اُروشی (کالی داس کا ڈراما فارسی میں/تدوین) ۱۹۵۹ء
(۲) گلزارِ حال (پربودھ چندرادو بے کی تصنیف) ۱۹۶۱ء
(۳) مثنویاتِ فانی کشمیری (چار تاریخی مثنویوں کی تحقیق) ۱۹۶۴ء
(۴) جوگ بشست (داراشکوہ کی نگرانی میں فارسی ترجمہ) ۱۹۶۸ء
(۵) سوز و گداز (عہدِ اکبری میں ستی پر پابندی/ فارسی) ۱۹۷۰ء
(۶) منتخب اللغات (فارسی کا ایک نادر تذکرہ) ۱۹۷۱ء
(۷) داستان پدماوت (عہدِ جہانگیری میں پہلی بار فارسی میں ترجمہ) ۱۹۷۲ء
(۸) تاریخ سلاطینِ صفویہ (احمدنگر ہندوستان میں لکھی گئی) ۱۹۷۳ء
(۹) پنچاکیانہ (پنچ تنتر کا فارسی میں واحد نسخہ) ۱۹۷۳ء
(۱۰) ضمیمہ تغلق نامہ (عہدِ جہانگیری میں اصل مثنوی میں اضافہ) ۱۹۷۳ء
(۱۱) ہندوستانی فارسی ادب (مختلف مقالات کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۱۲) عصمت نامہ (عہدِ تغلق میں مولانا داؤد کی تصنیف) ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: ایران ۔ افغانستان ۔ پاکستان ۔ ترکی، عراق، لبنان، شام۔

اعزازات/انعامات: صدر ایوارڈ۔ یوپی اردو اکادمی ایوارڈ، غالب انسٹی ٹیوٹ ایوارڈ۔ دہلی اردو اکادمی ایوارڈ اور دہلی ساہتیہ کلا پریشد ایوارڈ۔

عابدی، محمد خالد

والد کا نام: محمد عابد

تاریخِ پیدائش: ۱۷ر اگست ۱۹۴۷ء، بھوپال (مدھیہ پردیش)

پتہ: آل انڈیا ریڈیو، مالوہ ہاؤس اندور (ایم پی) ۴۵۲۰۰۱

مستقل: ۵۳۔ ہوا محل روڈ بھوپال (ایم پی) ۴۶۲۰۰۱

مشاغل/ملازمت: آل انڈیا ریڈیو اندور میں بحیثیت پروڈکشن اسسٹینٹ۔

تصانیف: (۱) آوازنما (ریڈیو ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۷۵ء

(۲) باغِ فکر معروف بہ مقطعات نسّاخ ۱۹۷۷ء

(ترتیب وتدوین)

(۳) پیکرِ آواز (ریڈیو اور اسٹیج ڈرامے) ۱۹۸۳ء

(۴) زخموں کے دریچے (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

اعزازات/انعامات: آوازنما پر اترپردیش اردو اکادمی لکھنؤ نے انعام دیا۔

عابدی، سید صفدر حسین

والد کا نام: الیاس حسین عابدی

تاریخِ پیدائش: ۸ر جنوری ۱۹۴۱ء، قصبہ اترولہ (گونڈہ - یوپی)

پتہ: ۴۳ - بنگلہ پرانا - شہر سیتاپور (یوپی)

تعلیم: ایم اے (امائی سپیشل ۱۹۶۴ء) لکھنؤ یونیورسٹی۔ بی ایڈ

مشاغل/ملازمت: لکچرر گورنمنٹ انٹر کالج سیتاپور

تصانیف: بانی جائسی - حیات اور شاعری ۱۹۷۵ء

اعزازات/انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۶ء میں انعام ملا۔

(دستاویز، صفحہ ۲۳۴)

عاتق شاہ

والد کا نام: محمد عبدالحکیم شاہ نقشبندی

تاریخِ پیدائش: ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء، حیدرآباد (اے پی)

پتہ : پناہ گاہ ۲/اے/۱۲۶۔ ۲۔ ۱۲۔ مراد نگر۔ حیدرآباد (اے پی)

تعلیم: ایم اے (۱۹۶۵ء) عثمانیہ یونیورسٹی

مشاغل، ملازمت : لکچرر و صدر شعبۂ اردو۔ سردار پٹیل کالج۔ سکندرآباد

تصانیف : (۱) فٹ پاتھ کی شہزادی (کہانیوں کا مجموعہ) ۱۹۴۸ء

(۲) خالی ہاتھ (رپورتاژ) ۱۹۷۱ء

(۳) انڈین کا جو (طنزیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۹ء

ان کے علاوہ ایک وقت کا کھانا۔ اندھیری۔ مائی ڈیر شکنتلا۔ ہم جنم جنم کے ساتھی۔ راستے کی کہانی۔ دومنٹ کی خاموشی۔ چالیس قدم۔ عابد روڈ سے کمرشل اسٹریٹ تک۔ میں چیخوں گا (ناولٹ) راجندر سنگھ بیدی۔ شخصیت اور فن (ایم اے کا مونوگراف) کل ۱۳ کتابیں۔

اعزازات، انعامات: خالی ہاتھ پر اتر پردیش اردو اکادمی اور آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔ اور انڈین کا جو' پر آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

عاجز ماتوی (ہنومان پرشاد شرما)

والد کا نام : پنڈت رام پال

تاریخِ پیدائش : ۱۲ر نومبر ۱۹۳۵ء، موضع ماتی، تحصیل نواب گنج (بارہ بنکی)

پتہ : جے ولا، نزد قدیم ہنومان جی مندر۔ چودھری ٹولہ علی گنج لکھنؤ

تعلیم: انٹرمیڈیٹ

مشاغل، ملازمت : یو۔ پی۔ ٹرانسپورٹ کارپوریشن۔ لکھنؤ

تصانیف : ہنستی شبنم روتے پھول (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

عارف، سید اخلاق حسین رضوی

والد کا نام: محمد عابد
تاریخِ پیدائش: ۱۶ر نومبر ۱۹۱۴ء
پتہ: ۱۵۔ بارود خانہ۔ شام نگر۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر
تصانیف: (۱) ایک گلاب دو بھنورے ۱۹۷۳ء
(۲) ذوقِ طلب و جستجو ۱۹۷۶ء
(۳) غالب اور فنِ تنقید ۱۹۷۸ء
(۴) فرقتؔ کاکوروی۔ حیات اور کارنامے ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: مذکورہ بالا کتابوں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(دستاویز، صفحہ ۲۳۸)

* عارف، محمد عثمان نقشبندی

والد کا نام: محمد عبداللہ بیدل
تاریخِ پیدائش: ۵ر اپریل ۱۹۲۳ء، بیکانیر (وفات: ۲۱ر اگست ۱۹۹۵ء بیکانیر)
پتہ: عارف منزل، تیلی واڑہ، بیکانیر (راجستھان) //
تعلیم: ایم اے، ایل ایل بی (علیگ)
مشاغل، ملازمت: گورنر اتر پردیش۔ لکھنؤ۔
تصانیف: (۱) نذرِ وطن ۱۹۷۶ء
(۲) عقیدت کے پھول (نعتوں کا مجموعہ) ۱۹۸۰ء

(۳) قلم کی کاشت (مجموعۂ غزل) ۱۹۸۱ء

(۴) نورِ زندگی (مجموعۂ قطعات و رباعیات) ۱۹۸۲ء

(۵) لمحوں کی دھڑکنیں (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

(۶) ذکرِ محبوب (تصوّف اور بیکانیر کے چشتیہ سلسلے کے بزرگ حضرت پیر محبوب بخش کے حالاتِ زندگی)

(۷) فکر و احساس (نظموں کا مجموعہ) زیرِ طبع

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۷۱ء اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ۲۶ ویں اجلاس کے ہندوستانی وفد کے ممبر کی حیثیت سے نیویارک کا سفر کیا۔

۱۹۷۴ء اے اے پی ایس او کی کونسل کے ۱۱ ویں اجلاس میں شرکت کے لیے بغداد اور ماسکو کا سفر کیا۔

۱۹۷۶ء اور ۱۹۸۰ء میں ہندوستانی حاجیوں کے خیر سگالی وفد کے ممبر کی حیثیت سے سعودی عرب گئے۔

۱۹۸۴ء میں تیسری بار حاجیوں کے خیر سگالی وفد کے لیڈر کی حیثیت سے سعودی عرب گئے۔

اعزازات، انعامات: نذرِ وطن کو راجستھان ساہتیہ اکادمی نے انعام دیا۔ نورِ زندگی، اردو اکادمی راجستھان سے انعام یافتہ، قلم کی کاشت، میرا کادمی لکھنؤ سے انعام اور سند، افتخارِ میر، حاصل ہوئی۔

عارف، ڈاکٹر مرزا محمد امین

والد کا نام: مرزا محمد عباس

تاریخ پیدائش: ۱۹ اگست ۱۹۰۹ء، لکھنؤ۔

پتہ: ۱۲۷۔ گنگا اسٹریٹ۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: منشی۔ منشی کامل (الہ آباد بورڈ۔ ۱۹۳۵ء-۱۹۳۶ء) انٹرمیڈیٹ (الہ آباد بورڈ۔ ۱۹۳۱ء) ایل ایم ایف (ایلوپیتھک) ایم ڈی ایچ (ہومیوپیتھک) بی آئی ایم (طب یونانی)
مشاغل/ملازمت: میڈیکل پریکٹیشنر
تصانیف: (۱) اردو میڈیکل کورس (نبض۔ قارورہ۔ خون وغیرہ) ۱۹۴۶ء
(۲) آئینۂ ہومیوپیتھی (حصۂ اوّل و دوم) ۱۹۷۵ء
(۳) رہنمائے میٹریا میڈیکا (ادویات کے خواص) زیرِ طبع
اعزازات/انعامات: دوسری کتاب پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۳۹)

عاصم بریلوی (شکیل احمد)

والد کا نام: محمد جمیل احمد
تاریخِ پیدائش: ۲۴ر اپریل ۱۹۴۰ء، بریلی (یوپی)
پتہ:
تعلیم: ایم کام، ۱۹۶۰ء۔ بی ٹی، ۱۹۶۲ء
مشاغل/ملازمت: لکچرر کامرس، مسلم انٹر کالج کرتپور (یوپی)
تصانیف: (۱) صہبائے خیال (شعری مجموعہ) ۱۹۷۴ء
(۲) مخزن المعلومات ۱۹۷۶ء
اعزازات/انعامات: "مخزن المعلومات" پر یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۷۷ء میں انعام ملا۔
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صد ۵۷۶۔ دستاویز، صفحہ ۲۴۰)

عاصی سعید (سعید احمد)

والد کا نام: نذیر احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۰/ اگست ۱۹۲۲ء، عمری کلاں ضلع مراد آباد (یوپی)
پتہ: قصبہ وڈاکخانہ عمری کلاں ضلع مراد آباد (اتر پردیش) ۲۴۴۵۰۱
تعلیم: ایم اے ایل ایل بی
مشاغل/ملازمت: کاشتکاری اور ڈاکٹری
تصانیف: چٹخارے (مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب برائے حج ۱۹۷۴ء

عاصی فائقی (شیخ عبدالبصیر)

والد کا نام: شیخ عبدالعزیز
تاریخِ پیدائش: ۸/ اگست ۱۹۳۰ء، برہان پور (ایم پی)
پتہ: حریم نور۔ قاضی پورہ۔ کھنڈوہ (ایم پی) ۴۵۰۰۰۱
تعلیم:
مشاغل/ملازمت: سرکاری ملازمت۔ اکاؤنٹنسی
تصانیف: (۱) طاقِ نسیاں (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۲) طاقِ حرم (حمد نعت وسلام کا مجموعہ) ۱۹۸۷ء
(۳) قلم۔ قرطاس۔ قندیل (شعری مجموعہ) زیرِ طبع

عاصی کانپوری (جمال اختر)

والد کا نام: چودھری اختر حسین اختر شاکری کانپوری
تاریخِ پیدائش: ۳ر جون ۱۹۴۲ء، کانپور (یوپی)
پتہ: ۹۹/۷۷ چودھری اختر حسین روڈ۔ قلی بازار۔ کانپور (یوپی)
تعلیم: ایم اے (اردو) اودھ یونیورسٹی۔ فیض آباد (یوپی)
مشاغل/ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) صہبائے حیات (شعری مجموعہ) ۱۹۶۷ء
(۲) رعنائیِ جمال " ۱۹۸۴ء
(۳) کاروانِ غزل " ۱۹۸۵ء
(۴) فراقِ محبوب " ۱۹۸۶ء

عاقل، دھرم پال

والد کا نام: لوڑیند چند
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر نومبر ۱۹۳۲ء، لاہور چھاؤنی (پاکستان)
پتہ: پائن۔ ۸، گورنمنٹ کوارٹرز۔ شملہ ۲۔ ۱۷۱۰۰
تعلیم: ایم اے (اردو) پنجاب یونیورسٹی چنڈی گڑھ۔ ۱۹۵۸ء۔ بی ٹی، ویش کالج روہتک ۱۹۵۹ء ڈپلوما سنٹر بیورو آف ایجوکیشنل اینڈ ووکیشنل گائیڈنس۔ دہلی ۱۹۶۶ء۔ ایم ایڈ۔ ہماچل پردیش یونیورسٹی شملہ
مشاغل/ملازمت: ادارت اردو ماہنامہ فکروفن (شملہ)
تصانیف: (۱) خونِ جگر (مجموعہ کلام) ۱۹۷۲ء
(۲) آبشار (مرتبہ)

اعزازات، انعامات: "خونِ جگر" پر اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ اور ہماچل اکادمی آف آرٹ اینڈ لینگویجز۔ شملہ سے انعامات ملے۔

عائشہ مسرور

والد کا نام: رحمت اللہ
تاریخِ پیدائش: ۸ ستمبر ۱۹۴۹ء، بمبئی
پتہ: کیڈل روڈ۔ ساگر ترنگ بلڈنگ۔ بلاک اے ۸ چوتھی منزل۔ ماہم بمبئی۔ ۴۰۰۰۱۶
تعلیم: ایس ایس سی
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری اور افسانہ نگاری
تصانیف: تنہائیاں ۱۹۷۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: بحرین

عباس دانا

والد کا نام: محمد شاکر نقاش
تاریخِ پیدائش: ۷ جنوری ۱۹۴۲ء، بڑودہ
پتہ: ۵۔ فتح منزل۔ عقب ستیہ دیو کیمیکل پرتاپ نگر روڈ۔ بڑودہ۔ ۳۹۰۰۰۴
تعلیم: ایس۔ ایس سی
مشاغل، ملازمت: بلڈنگ پینٹنگ کنٹراکٹر
تصانیف: خوشبو (شعری مجموعہ) ۱۹۸۵ء

عباسی، ریحان احمد

والد کا نام: حافظ اشفاق احمد عباسی

تاریخ پیدائش: ۸ مارچ ۱۹۲۲ء، امروہہ (مراد آباد۔ یوپی)

پتہ: ۳۳۳ سی بٹلہ ہاؤس۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: انٹرمیڈیٹ، ادیب فاضل

مشاغل، ملازمت: ملازمت ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی، نیز (پارٹ ٹائم) کالم نگار ہفتہ وار بلٹز اردو بمبئی۔

تصانیف: (۱) جنگل کے رہنے والے ۱۹۵۶ء
(۲) شکار بیتی ۱۹۷۰ء
(۳) ننھا جھبرو ۱۹۸۴ء
(۴) جنگل کی ایک رات ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان ۱۹۷۹ء

اعزازات، انعامات: ننھا جھبرو، کتاب پر اردو اکادمی اتر پردیش کا انعام۔

(ڈاکٹر) عبدالاحد

والد کا نام: عبدالصمد

تاریخ پیدائش: ۵ فروری ۱۹۲۲ء، شیوگا (کرناٹک)

پتہ: ۶۲۔ III کراس، خلاصی پالیم ایکس ٹنشن۔ بنگلور۔ ۵۶۰۰۰۲

تعلیم: ایم اے، ایم فل ایچ، پی ایچ ڈی (علیگ)

مشاغل، ملازمت: صدر شعبۂ اردو، بنگلور یونیورسٹی۔ بنگلور۔

تصانیف: (۱) قومی تعمیر کی دستاویز

(۲) قومی یک جہتی ۔ ایک مطالعہ

اعزازات انعامات: یو پی اردو اکادمی نے قومی تعمیر کی دستاویز پر انعام دیا۔

(ڈاکٹر) عبدالحق

والد کا نام: تصوّر حسین

تاریخِ پیدائش: ۲۹ر مارچ ۱۹۳۹ء، مچھلی شہر (جون پور۔ یوپی)

پتہ: ریڈر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۷

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (اردو)

مشاغل، ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: (۱) اقبال کے ابتدائی افکار ۱۹۶۹ء

(۲) بکھرے خیالات (اقبال کی ڈائری کا ترجمہ) ۱۹۷۵ء

(۳) تنقیدِ اقبال ۱۹۷۶ء

(۴) انتخابِ حاتم ۱۹۷۷ء

(۵) متاعِ سخن ۱۹۷۸ء

(۶) عصری ملیالم کہانیاں (ہندی سے ترجمہ) ۱۹۸۳ء

اعزازات انعامات: یو پی سرکار ایوارڈ ۱۹۶۴ء، ۱۹۶۵ء، اقبال کے ابتدائی افکار پر یوپی گورنمنٹ ایوارڈ ۱۹۶۹ء

عبدالحق خاں

والد کا نام: عبدالقدیر خاں

تاریخِ پیدائش: ۲۵ر جون ۱۹۲۸ء، جلال پور (ضلع بلند شہر۔ یوپی)

پتہ، اے/۱۰۷ جامعہ اینکلیو۔جامعہ نگر نئی دہلی - ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم۔اے (جغرافیہ) ایل ایل بی (علی گڑھ) ڈی۔ای (لیڈس یونیورسٹی) انگلینڈ۔ ایم اے (ایجوکیشن) ایوا یونیورسٹی) امریکا

مشاغل، ملازمت: کنٹولر آف اکزامینیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ

تصانیف: نقشِ ذاکر (مرتبہ) فروری ۱۹۸۷ء

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان، امریکہ، سعودی عرب، سنگاپور وغیرہ۔

(پروفیسر) عبدالحلیم ندوی

والد کا نام: عبدالعلیم

تاریخِ پیدائش: ۱۲ مارچ ۱۹۲۶ء، قصبہ صاحب گنج (دیوریا۔یوپی)

پتہ: اے/۷۶۔ اوکھلا۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: عالم/ فاضل (ندوہ) ایم اے (عربی) پی ایچ ڈی (علیگ)

مشاغل، ملازمت: ویزٹینگ پروفیسر عربی۔ جواہر لال نہرو یونیورسٹی۔ نئی دہلی۔

تصانیف: (۱) مراکز المسلمین التعلیمہ والثقافیہ والدینیہ فی الہند (عربی) ۱۹۶۶ء

(۲) عربی ادب کی تاریخ (جلد اول) ۱۹۷۹ء

بیرونی ممالک کا سفر: قاہرہ، سعودی عرب، عدن، لیبیا، شام، لبنان۔

اعزازات، انعامات: "عربی ادب کی تاریخ" پر ۱۹۸۰ء میں اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا اور ۱۹۸۶ء میں سندِ اعزاز صدرِ جمہوریہ عطا کیا گیا۔

عبدالحمید ہومیوپیتھ

والد کا نام: شیخ الگنون
تاریخِ پیدائش: ۸ اپریل ۱۴، ۱۹۱۴ء، مانجن پور (ضلع بارہ بنکی۔ یوپی)
پتہ: اشرفیہ ہومیو ہال۔ مقام وڈاکخانہ مانجن پور (مؤئی) ضلع بارہ بنکی (یوپی)
تعلیم: اعلیٰ قابلیت۔ منشی۔ وی ٹی سی (تھیوری) طریقۂ تعلیم۔ سی ایچ پی (میٹریا میڈیکا) نیز ہندی اور انگریزی کے کئی امتحانات۔
مشاغل، ملازمت: سررشتۂ تعلیم سے سبکدوشی کے بعد علاج معالجہ
تصانیف: (۱) سلفر ۷۶ ۱۹ء
(۲) اشرف الادویہ ہومیوپیتھی (حصۂ اوّل) زیرِ طبع
بیرونی ممالک کا سفر: ۷۶ ۱۹ء میں بہ سلسلہ حج سعودی عرب کا سفر کیا
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(ڈاکٹر) عبدالخالق

والد کا نام: محمد نظیر الدین
تاریخِ پیدائش: ۴۲ ۱۹ء، گوربیاری (ضلع پٹنہ (بہار)
پتہ: پروگرام ایگزکیٹیو۔ آل انڈیا ریڈیو۔ گورکھپور (یوپی)
تعلیم: ایم اے (اردو فارسی)، پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) مقالات سلطان احمد (مرتبہ) ۱۹۷۵ء
(۲) آثار و افکار (تحقیقی و تنقیدی مضامین) ۱۹۷۹ء

اعزازات،انعامات: پہلی کتاب پر بہار اردو اکادمی نے اور دوسری کتاب پر اتر پردیش
اردو اکادمی نے ۱۹۸۰ء میں انعام دیا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۴۸)

عبدالرحمٰن ناصر اصلاحی (عبدالرحمٰن خاں)

والد کا نام: حافظ عبدالشکور خاں
تاریخِ پیدائش: اوائل ۱۹۱۶ء، موضع سیدھا سلطان پور (ضلع اعظم گڑھ) یوپی)
پتہ: کاشانۂ ناصر۔ سیدھا سلطان پور۔ بینا پارہ۔ اعظم گڑھ ")
تعلیم: فاضل مدرستہ الاصلاح۔ سرائے میر۔ بی اے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ
مشاغل، ملازمت: ناظم دائرۂ حمیدیہ۔ سرائے میر۔ اعظم گڑھ۔
تصانیف: (۱) حیاتِ حمید ۱۹۷۳ء
(۲) مکتوبات ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اعظمی ۱۹۸۰ء
(۳) تعارف مکتوبات خلیل الرحمٰن اعظمی ۱۹۸۳ء

(ڈاکٹر) عبدالرؤف

والد کا نام: ولی محمد
تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۶ء، موضع اسری چپرہ (تحصیل گھوسی ضلع اعظم گڑھ)
پتہ: شعبۂ اردو، کلکتہ یونیورسٹی۔ کلکتہ (مغربی بنگال)
تعلیم: ایم اے، ڈی لٹ
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: (۱) والٹ وہٹ مین کی ۲۱ نظمیں ۱۹۷۴ء

(۲) والٹ وہٹ مین کی ۳۱ نظمیں ۱۹۷۶ء
(۳) تلاش معیار (تحقیقی مضامین) ۱۹۷۸ء
(۴) مخلص مرادآبادی (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۳ء
(۵) اسرارِ تصوف زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: ۱۹۸۵ء میں میرا کادمی لکھنؤ سے امتیازِ میر ملا۔

* (حکیم) عبدالقوی دریاآبادی

والد کا نام: عبدالمجید
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۱۳ء، لکھنؤ (یوپی) (وفات: ۱۷ر اکتوبر ۱۹۹۲ء لکھنؤ)
پتہ: ہفتہ وار صدق جدید۔ ۸ - کچہری روڈ۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۱۸
(گھر) خاتون منزل۔ گولہ گنج۔ حیدر مرزا روڈ لکھنؤ
تعلیم: فاضل الطب والجراحت
مشاغل، ملازمت: صحافت وطبابت
تصانیف: (۱) اقبال اور فلسفۂ اقبال
(۲) شرح انتخابِ فارسی
(۳) شرح سلکِ گہر
(۴) شرح رباعیاتِ عمر خیام
(۵) ذکر مجید (والد مرحوم کی سوانح حیات) ۱۹۶۱ء
(۶) وفیات ماجدی یا نثری مرثیے (مرتبہ)
(۷) تغزل ماجدی 〃
(۸) ہدیہ زوجین یا خطباتِ نکاح
(۹) سیاحت ماجدی یا گیارہ سفر

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب (بہ سلسلۂ حج) ۱۹۶۳ء۔ پاکستان پانچ بار۔

(پروفیسر سیّد) عبد القوی دسنوی

والد کا نام: سیّد سعید رضا

تاریخِ پیدائش: یکم نومبر ۱۹۳۰ء، دسنہ (ضلع نالندہ۔ بہار)

پتہ: شعبۂ اردو، سیفیہ کالج بھوپال (مدھیہ پردیش)

تعلیم: ایم اے (سینٹ زیویرس کالج بمبئی۔

مشاغل، ملازمت: پروفیسر اردو

تصانیف:

(۱) ایک اور مشرقی کتب خانہ	(تحقیق و تنقید)	۱۹۵۴ء
(۲) حسرت کی سیاسی زندگی	″	۱۹۵۶ء
(۳) علامہ اقبال بھوپال میں	″	۱۹۶۷ء
(۴) بھوپال اور غالب	″	۱۹۶۹ء
(۵) نسخۂ بھوپال و نسخۂ بھوپال ثانی	″	۱۹۷۰ء
(۶) ایک شہر اور پانچ مشاہیر	″	۱۹۷۳ء
(۷) مطالعۂ خطوطِ غالب	″	۱۹۷۵ء
(۸) سات تحریریں	″	۱۹۷۵ء
(۹) تلاش و تاثر	″	۱۹۷۶ء
(۱۰) مہدی حسن افادی	″	۱۹۷۷ء
(۱۱) اقبال انیسویں صدی میں	″	۱۹۷۷ء
(۱۲) اقبال اور دلّی	″	۱۹۷۸ء
(۱۳) مطالعۂ خطوطِ غالب مع اضافہ	″	۱۹۷۹ء
(۱۴) مطالعۂ غبارِ خاطر	″	۱۹۸۱ء

(۱۵) اقبالیات کی تلاش (تحقیق وتنقید) ۱۹۸۴ء

ان کے علاوہ ۸ کتابیں ترتیب وتدوین کی اور اشاریے ہیں۔ کل تعداد ۲۸۔

اعزازات/انعامات: کتاب نمبر آٹھ پر یوپی اردو اکادمی سے، کتاب نمبر گیارہ، نمبر تیرہ اور نمبر چودہ پر بہار اردو اکادمی سے اور اشاریے کی ایک کتاب: یادگار سلیمان، پہ مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(سید) عبدالکریم

والد کا نام: سید منور

تاریخ پیدائش: ۸ر دسمبر ۱۹۲۸ء، شاہی پیٹ، کڑپہ

پتہ: ۸۰۶-۲-۱۶، چنچل گوڑہ حیدرآباد۔ (اے پی)

تعلیم: منشی، فاضل، ایس جی بی ٹی

مشاغل/ملازمت: صدر مدرس

تصانیف: (۱) سیرت صدیق اکبر ۱۹۸۰ء

(۲) 〃 شاہ یعقوب ۱۹۸۱ء

(۳) 〃 سید خوندمیر ۱۹۸۱ء

(۴) 〃 شاہ نصرت ۱۹۸۲ء

(۵) 〃 سید زین العابدین ۱۹۸۲ء

(۶) 〃 سید یداللہ ۱۹۸۲ء

عبداللطیف اعظمی

والد کا نام: عبدالصمد

تاریخِ پیدائش: یکم مارچ ۱۹۱۷ء، موضع پندری کلاں (ضلع اعظم گڈھ۔ یوپی)

پتہ: ۳۴۹۔ ذاکر نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: عالم (عربی و اسلامیات) دارالعلوم ندوۃ العلما (لکھنؤ) بی اے (جامعہ ملیہ) ایم اے (عربی) نامکمل۔ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ۔ ایم اے (اردو) جامعہ ملیہ اسلامیہ

مشاغل، ملازمت: جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ریٹائر ہونے کے بعد تصنیف و تالیف اور مضمون نگاری۔

تصانیف:

(۱) سوشلزم (سوشلزم کیا ہے کیا نہیں، سوشلزم اور اسلام) مرتبہ ۱۹۴۱ء

(۲) شبلی کا مرتبہ اردو ادب میں (بی اے کا مقالہ) ۱۹۴۵ء

(۳) امریکی عدالتِ عالیہ کے شاندار کارنامے (ترجمہ) ۱۹۵۸ء

(۴) بھارت۔ آج اور کل (جواہر لال نہرو کی کتاب کا ترجمہ) ۱۹۶۲ء

(۵) بابائے اردو مولوی عبدالحق (حالات و خدمات) مرتبہ ۱۹۶۲ء

(۶) ڈاکٹر ذاکر حسین۔ سیرت و شخصیت " ۱۹۶۷ء

(۷) جواہر لال نہرو۔ ایک مطالعہ " ۱۹۶۸ء

(۸) گاندھی جی اور ان کے خیالات " ۱۹۷۰ء

(۹) سرسید احمد خاں اور ان کی معنویت موجودہ دور میں " ۱۹۷۲ء

(۱۰) مشاہیر کے خطوط اور ان کے مختصر حالات " ۱۹۷۵ء

(۱۱) اقبال۔ دانائے راز (معاصر تحریروں کی روشنی میں) تالیف و تصنیف ۱۹۷۸ء

(۱۲) مولانا محمد علی۔ ایک مطالعہ مرتبہ ۱۹۸۰ء

(۱۳) تیسرے راشٹرپتی ڈاکٹر ذاکر حسین ۱۹۸۰ء
(بالغوں کے لیے۔ تالیف)

(۱۴) ڈاکٹر راجندر پرشاد۔ عظیم رہنما اور پہلے ۱۹۸۵ء
راشٹرپتی (بالغوں کے لیے)

ان کے علاوہ ایک کتاب: "لڑائی کے ہتھیار" بچّوں کے لیے اور دو کتابیں: "تین سوال" اور "سویڈین کے عوامی کالج" نوخواندہ بالغوں کے لیے ہیں۔

اعزازات انعامات: حکومتِ اترپردیش (لکھنؤ) سے ۱۹۷۴ء میں "گاندھی جی اور ان کے خیالات" پر اترپردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۹ء میں "اقبال۔ دانائے راز" پر، ۱۹۷۹ء میں مرکزی حکومت کے شعبۂ بالغاں وزارتِ تعلیمات نئی دہلی سے "تیسرے راشٹرپتی ڈاکٹر ذاکر حسین" کے مسودے پر ۱۹۸۱ء میں مغربی بنگال اردو اکادمی سے "مولانا محمد علی۔ ایک مطالعہ" پر اور ۱۹۸۵ء میں آل انڈیا میر اکادمی (لکھنؤ) سے "اقبال دانائے راز" پر انعامات ملے۔

عبدالمجیب سہالوی

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۶ء، قصبہ سہالی۔ ضلع بارہ بنکی (یوپی)

پتہ: معرفت دانش محل۔ امین الدولہ پارک۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۱۸

تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی (لکھنؤ یونیورسٹی)

مشاغل ملازمت: روزنامہ قومی آواز (لکھنؤ) کی تیس سالہ خدمت سے فروری ۱۹۷۶ء میں

ریٹائر ہونے کے بعد ایک اسکول کی انتظامی و مالی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔

تصانیف: (۱) الکشنیات (مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۱ء
(۲) ایک ٹکٹ میں تین تماشے " ۱۹۷۵ء
(۳) بہت بے آبرو ہوکر " ۱۹۷۷ء
(۴) مرزا میلے گئے " ۱۹۸۰ء
ان کے علاوہ اسی قسم کے دو مجموعے اور ہیں۔

اعزازات/انعامات: ایک کے سوا باقی سبھی پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(دستاویز، صفحہ ۲۵۰)

(مولوی) عبدالمجید اصلاحی

والد کا نام: حکیم عبدالحمید

تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۳۲ء، جیراجپور۔ (اعظم گڈھ۔یوپی)

پتہ: دارالفکر الاسلامی، موضع و ڈاکخانہ: جیراجپور ضلع اعظم گڈھ (یوپی)

تعلیم: فضیلت از مدرسۃ الاصلاح۔ سرائے میر اعظم گڈھ و ایف۔ ایم بی ایس از تکمیل الطب کالج لکھنؤ۔

مشاغل/ملازمت: تصنیف و تالیف و ترجمہ۔

تصانیف: (۱) روزے کی باتیں ۱۹۵۹ء
(۲) زکوٰۃ ۱۹۷۰ء
(۳) دینی تحریکوں میں بناؤ بگاڑ کا مفہوم (ترجمہ از عربی) ۱۹۷۵ء
(۴) رہبر کامل صلی اللہ علیہ وسلم ۱۹۸۰ء
(۵) نصیحتیں اور وصیتیں ۱۹۸۳ء
(۶) اسلامی سماج اور اس کی تعبیر (ترجمہ از عربی) ۱۹۸۴ء

عبدالمغنی (پروفیسر ابوالبشر (سیّد عبدالمغنی)

والد کا نام: سیّد عبدالرؤف

تاریخِ پیدائش: ۴ جنوری ۱۹۳۶ء، اورنگ آباد (بہار)

پتہ: وارثی کنج، عالم گنج، پٹنہ ۸۰۰۰۰۷

تعلیم: بی اے آنرز، ایم اے، پی ایچ ڈی (انگریزی) نیز عالم (عربی و اسلامیات)

مشاغل/ملازمت: پروفیسر آف انگلش پٹنہ یونیورسٹی، بی این کالج، پٹنہ، صدر انجمن ترقیٔ اردو (بہار)

تصانیف:

(۱) سلور کنگ آغا حشر	(ترتیب)	۱۹۶۴ء
(۲) نقطۂ نظر (تنقیدی مضامین کا مجموعہ)		۱۹۶۵ء
(۳) جادۂ اعتدال	(ترتیب)	۱۹۷۲ء
(۴) تشکیلِ جدید	″	۱۹۷۶ء
(۵) اختر اورینوی کے افسانے (تالیف)		۱۹۷۷ء
(۶) معیار و اقدار	(ترتیب)	۱۹۸۱ء
(۷) اقبال اور عالمی ادب (تصنیف)		۱۹۸۲ء
(۸) اقبال کا نظامِ فن	″	۱۹۸۴ء
(۹) قرۃ العین حیدر کا فن	″	۱۹۸۵ء
(۱۰) تنقیدِ مشرق	(ترتیب)	۱۹۸۶ء
(۱۱) تصوّرات	″	۱۹۸۶ء
(۱۲) ٹی سی الیٹ اینڈ کنسپٹ آف کلچر (انگریزی)		۱۹۸۶ء

اعزازات/انعامات: بہار اردو اکادمی نے اردو زبان و ادب کی مجموعی و عمومی خدمات کے لیے ایوارڈ دیا۔ دو کتابوں "جادۂ اعتدال" اور "اقبال کا نظامِ فن" کو مختلف برسوں میں انعامات دیے گئے۔

(ڈاکٹر) عبدالواسع

والد کا نام: عبدالرشید
تاریخِ پیدائش: ۱۹۴۱ء، موضع کوند (ضلع نالندہ۔ بہار)
پتہ: ریڈر شعبۂ اردو۔ بہار یونیورسٹی۔ مظفر پور (بہار) ۸۴۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (۱۹۶۹ء)
مشاغل/ملازمت: درس وتدریس
تصانیف: (۱) بہار میں اردو سوانح نگاری
(۲) فنِ سوانح نگاری ۱۹۷۹ء
اعزازات/انعامات: دوسری کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۸۰ء میں انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۵۱)

عبدالوہاب مرتضیٰ پوری

والد کا نام: عبدالغنی
تاریخِ پیدائش: یکم اپریل ۱۹۱۵ء، مقام مرتضیٰ پور اکولہ (مہاراشٹر)
پتہ: ملّاجی ہاؤس کھڑکی پورہ، جونا شہر، اکولہ (مہاراشٹر) ۴۴۴۰۰۲
تعلیم: تھرڈ ایر ٹرینڈ (مڈل گریڈ ٹرینڈ ٹیچر)
مشاغل/ملازمت: ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر اکولہ۔ اردو اکادمی ریاست مہاراشٹر کے مالی تعاون سے، پبلک ویلفیر ایسوسی ایشن کے نوجوان کارکنان کے زیرِ اہتمام فری اردو کوچنگ کلاس کو پڑھانا۔
تصانیف: اردو رہنمائے تعلیم ۱۹۸۱ء
(تعلیم یافتہ غیر اردو داں حضرات کے لیے بغیر استاد کے ہندی سے اردو زبان

سیکھنے کا آسان قاعدہ)

اعزازات٬ انعامات: اردو اکادمی ریاست مہاراشٹر بمبئی٬ اور اردو اکادمی ریاست بہار پٹنہ سے انعامات ملے۔

عبیدالحق

والد کا نام: ارشادالحق

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۲۴ء٬ ردولی (ضلع بارہ بنکی۔ یوپی)

پتہ: ا۔ غفار منزل ایکسٹنشن۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: بی اے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ ڈپلوما آرٹ۔ جے جے اسکول آف آرٹ بمبئی۔ بی ایس سی آڈیو وژول ایجوکیشن۔ انڈیانا۔ امریکہ۔

مشاغل٬ ملازمت:

تصانیف: (۱) ہندوستانی مصوری عہدِ مغلیہ میں (ترجمہ) ۱۹۷۶ء
(۲) بچوں کا آرٹ اور اس کی تدریس ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ٬ کناڈا٬ جرمنی٬ فرانس٬ اٹلی٬ انگلستان۔

اعزازات٬ انعامات: بچوں کا آرٹ اور اس کی تدریس پر ۱۹۸۴ء میں اردو اکادمی دہلی نے انعام دیا۔

(مولوی محمد) عبیداللہ کوٹی ندوی

والد کا نام: مولانا محمد ریاست علی خاں

تاریخِ پیدائش: ۲۳ر مارچ ۱۹۴۲ء٬ جبل پور (ایم پی)

پتہ: ا۔ رفیق دارالمصنفین اعظم گڈھ (یوپی)

پتہ : ۴۔ کوٹ ضلع فتح پور (یوپی)
تعلیم: عالم اور فاضل (دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ)
مشاغل/ملازمت: رفیق دارالمصنفین، اعظم گڈھ، یوپی۔
تصانیف: (۱) مسلم پرسنل لاء علم اور عقل کی روشنی میں) ۱۹۷۳ء
(۲) سرسیّد احمد خاں اور مستشرقین ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: عراق، اردن، سعودی عربیہ

عثمان احمد

والد کا نام: مولانا سعید احمد
تاریخ پیدائش: ۷ مارچ ۱۹۳۵ء، موضع پسری ضلع جونپور
پتہ: سکریٹری فیضِ جمیل لائبریری شاہ گنج ضلع جونپور (یوپی) ۲۲۳۱۰۱
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند
مشاغل/ملازمت: تدریس اور تجارت
تصانیف: (۱) ذکرِ جمیل (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۴ء
(۲) حیاتِ شیخ الاسلام ایک نظر میں ۱۹۶۹ء
(۳) فکرِ جمیل ۱۹۷۴ء
(۴) تاریخ مدرسہ بدرالاسلام (شاہ گنج) ۱۹۷۴ء
(۵) سب کے نبیؐ ۱۹۷۶ء
(۶) ہدیۂ عثمانی ۱۹۸۴ء

عثمانی، ڈاکٹر شاہ رشاد

والد کا نام: شاہ محمد طیب عثمانی ندوی
تاریخ پیدائش: ۲۵ مارچ ۱۹۵۹ء، کریم گنج۔ گیا (بہار)
پتہ: بیت الرشاد، نیا کریم گنج۔ گیا (بہار) ۸۲۳۰۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو) پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: مضمون نگاری اور مزید تعلیم
تصانیف: (۱) روشن تہذیب ۱۹۸۲ء
(۲) روشن حیات ۱۹۸۵ء
(۳) نظریہ، ادب اور ادیب ۱۹۸۵ء

عثمانی، شاہ محمد

والد کا نام: شرف الدین
تاریخ، پیدائش: ۱۹۱۵ء، قریہ سملہ ضلع گیا (بہار)
پتہ: بی۔ ۱۲۱۔ ذاکر باغ اوکھلا روڈ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
(حال قیام مکہ معظمہ)
تعلیم: بی ایس سی
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) مبادیِ سیاسیاتِ اسلامی ۱۹۸۱ء
(۲) میلاد کی کتاب ۱۹۸۴ء
(۳) ٹوٹے ہوئے تارے (شخصیات) ۱۹۸۵ء
(۴) محبت کا پیغام ۱۹۸۵ء

(۵) اشارے منزل کی طرف ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب، شام، لبنان۔

عثمانی، ڈاکٹر شمس الحق

والد کا نام: امدادالحق عثمانی

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر فروری ۱۹۴۸ء، دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

پتہ: مکان نمبر ۱۱۸۶ بلیماران۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: ایم اے (۱۹۷۸ء) پی ایچ ڈی (۱۹۸۴ء) جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی۔

مشاغل، ملازمت: سینیر سیکنڈری اسکول جامعہ ملیہ اسلامیہ میں درس و تدریس۔

تصانیف: (۱) نظیر نامہ (ترتیب) ۱۹۷۹ء

(۲) بیدی نامہ ۱۹۸۶ء

عرفان بارہ بنکوی (ڈاکٹر محمد عرفان علی)

والد کا نام: محمد اکرام علی

تاریخِ پیدائش: ۶ر دسمبر ۱۹۴۶ء، قانونگویان بارہ بنکی (یوپی)

پتہ: فیضی کلینک سٹی بازار بارہ بنکی (یوپی)

تعلیم: بی۔یو۔ایم۔ایس (لکھنؤ)

مشاغل، ملازمت: پرائیوٹ میڈیکل پریکٹس

تصانیف: گردِ سفر (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

عرفان پربھنوی (محمد عثمان خاں)

والد کا نام: حاجی غلام یٰسین خاں جمعدار
تاریخِ پیدائش: ۲۶ر اکتوبر ۱۹۲۶ء مقام مستقر ضلع پربھنی (مہاراشٹر)
پتہ: بھوئی گلی مستقر ضلع پربھنی (مہاراشٹر) ۴۳۱۴۰۱
تعلیم: میٹرک (اردو، فارسی، عربی، مراٹھی، ہندی، انگریزی زبانوں سے بھی اچھی طرح واقفیت)
مشاغل/ملازمت: وظیفہ یاب ملازم سرکار
تصانیف: (۱) آبگینے (بچوں کی نظمیں) ۱۹۸۴ء
(۲) شعاعیں (غزلیات) ۱۹۸۶ء

عرفی آفاقی (اختر حسین)

والد کا نام: محمد زکی
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۶ء، موضع کوہنڈہ ضلع اعظم گڈھ
پتہ: ۲۔ سی/۱۰، ریلوے کالونی بادشاہ نگر لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: انٹرمیڈیٹ
مشاغل/ملازمت: ملازمت
تصانیف: سمندر پھر بلاتا ہے (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء
اعزازات/انعامات: سمندر پھر بلاتا ہے، پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

عروج، سخاوت اللہ سلونی

والد کا نام: احمد اللہ

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۱ء، سلون ضلع رائے بریلی (یوپی)

پتہ: قصبہ وڈاکخانہ سلون ضلع رائے بریلی (یوپی)

تعلیم: اردو، فارسی، عربی

مشاغل، ملازمت: تجارت

تصانیف: عروجِ سخن ۱۹۶۱ء

عزیز اندوری (عبدالعزیز خاں)

والد کا نام: عبدالحمید خاں

تاریخِ پیدائش: ۲۲ر جولائی ۱۹۳۲ء، اندور

پتہ: ۱۷۷۔ آشیانہ۔ جونا رسالہ۔ اسٹریٹ نمبر۲۔ اندور (ایم پی) ۴۵۲۰۰۶

تعلیم: ایم اے (اردو) وکرم یونیورسٹی اوجین

مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو اسلامیہ کریمیہ کالج اندور

تصانیف: (۱) مکتی (ترجمہ)

(۲) دھنک (انشائیوں کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء

(۳) تنقیدی تحریریں ۱۹۸۳ء

(۴) کہرا (نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

(۵) ریڈیائی ڈرامے زیرِ طبع

عزیز بارہ بنکوی (عبدالعزیز)

والد کا نام: عبدالصمد
تاریخِ پیدائش: جولائی ۱۹۱۰ء، باندہ (ضلع بارہ بنکی۔یوپی)
پتہ: قصبہ وڈاکخانہ رسولی ضلع " "
تعلیم: مڈل
مشاغل/ملازمت: وثیقہ نویسی نیز خدمتِ علم وادب
تصانیف: ۱۔ کیفِ غم (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء
اعزازات/انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ نے ۱۹۸۳ء میں انعام دیا۔

عزیز بھارتی (سید عزیز الحسین)

والد کا نام: مولوی نور الحسین
تاریخِ پیدائش: ۸ مئی ۱۹۳۹ء گدوال تعلقہ محبوب نگر
پتہ: ۱۰۱/ ۲۲-۹-۱-۱۲، آصف نگر حیدر آباد ۵۰۰۰۲۸
تعلیم: ساہتیہ رتن سینئر ہندی پنڈت ٹریننگ کورس
مشاغل/ملازمت: سینئر ہندی ٹیچر انوار العلوم جونیئر کالج نامپلی
تصانیف: (۱) لمحہ لمحہ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۸ء
(۲) پتے پھٹے ہوئے (ہندی غزلوں کا مجموعہ) زیرِ طبع

عزیز ربانی عزیز

والد کا نام: حافظ محمد یعقوب

تاریخِ پیدائش: ۱۳۴۳ھ جونپور (یوپی)
پتہ: مدیر، ہفتہ وار نئی دنیا۔ جونپور (یوپی) ۲۲۲۰۰۱
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری
تصانیف: (۱) بادۂ نورس (مجموعۂ کلام) ۱۹۴۴ء
(۲) ہلالِ عید (مجموعۂ نظم و نثر)
(۳) نے (ترتیب کلام شفیق جونپوری) ۱۹۶۲ء
(۴) شانہ ۱۹۶۴ء
(۵) نوائے صحرا (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۸ء

عزیز مرادآبادی (عزیز احمد صدیقی)

والد کا نام: شریف احمد صدّیقی
تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۴۲ء، موضع رونڈہ، ضلع مرادآباد (یوپی)
پتہ: محلہ قاضیان ڈاکخانہ بسی کرتپور ضلع بجنور (یوپی) ۲۴۶۷۳۱
تعلیم: ایم اے (تاریخ و سیاسیات)، بی ایڈ، ادیب کامل، آئی جی ڈی بمبئی۔
مشاغل، ملازمت: معلّم (ملازمت)
تصانیف: (۱) کالا انگریز (ناول) ۱۹۷۶ء
(۲) بھوت کا ڈر (ناول بچوں کے لیے) ۱۹۷۶ء
(۳) چٹکتی کلیاں (نظموں کا مجموعہ، بچوں کے لیے) ۱۹۷۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان۔

* عزیز وارثی (چودھری عزیز احمد خاں)

والد کا نام: چودھری نظیر احمد خاں
تاریخِ پیدائش: اگست ۱۹۲۱ء بچھرایوں، اترپردیش۔ (وفات: ۲۹ر جولائی ۱۹۸۹ء دہلی[۶])
پتہ: انجمن اتحادِ وارثیہ۔ ۳۹ ۱۶ - ہمدرد مارگ۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: اردو کامل۔ اردو ادیب۔ ہندی رتن
مشاغل، ملازمت: صحافت اور شاعری
تصانیف: (۱) سفینہ و ساحل (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۵۰ء
(۲) محراب " ۱۹۷۶ء
(۳) جسارت (نظموں کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۴) تصرّف (غزلوں اور نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

عزیز الرحمٰن علیم

والد کا نام: علیم الدّین
تاریخِ پیدائش: ۲۸ر جولائی ۱۹۵۶ء، پھلوار، گوپال گنج (بہار)
پتہ: پھلوار، گوپال گنج۔ بہار
موجودہ: دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
تعلیم: فاضل لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ۔ ایم اے (اردو۔ عربی) لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ
مشاغل، ملازمت: تدریس۔ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔
تصانیف: نور الحسن نیّر کاکوروی۔ حیات و خدمات ۱۹۸۶ء

عشرت قادری (سیّد مخیر احمد)

والد کا نام: پیر سیّد سعید احمد قادری
تاریخ پیدائش: ۱۹۲۶ء
پتہ: مرکزِ ادب ایم۔ ایل۔ بی کالج روڈ بھوپال ۴۶۲۰۰۱
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: ملازمت ڈاکٹر امبیڈکر لائبریری میونسپل کارپوریشن بھوپال۔
تصانیف: سحر نما (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

عشرت کرتپوری (مزمّل حسین)

والد کا نام: مقبول حسین
تاریخ پیدائش: جنوری ۱۹۲۴ء، محلہ محلسرائے کرتپور (ضلع بجنور۔ یوپی)
پتہ: دفتر ۱۰ اسی ہمدرد ڈسٹری بیوشن آفس ۳۸/ڈی میرٹھ روڈ غازی آباد (یوپی)
گھر چیریٹی ہسپتال ۲۱۶ کیلہ روڈ عقب لالٹین فیکٹری بٹہ ابو تخان غازی آباد
تعلیم: اردو۔ ہندی مڈل۔ ادیب۔ ادیب ماہر۔ ادیب فاضل
مشاغل، ملازمت: ملازمت ہمدرد دواخانہ (وقف)
تصانیف: (۱) بھرم (ناول) ۱۹۵۷ء
(۲) کاکلِ صبح (شعری مجموعہ) ۱۹۶۰ء
(۳) پاک زمین ناپاک قدم (قومی نظمیں) ۱۹۶۲ء
(۴) نذرانہ " مرتبہ ۱۹۶۲ء
(۵) صبح بنارس (تقریباً دو سو سال کا انتخاب ۱۹۶۳ء
ایک طویل تاریخی دیباچہ)

(۷) شاخِ برہنہ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء

اعزازات، انعامات: شاخِ برہنہ پر اترپردیش اردو اکادمی نے انعام سے نوازا۔

* عصمت چغتائی

والد کا نام: مرزا قسیم بیگ چغتائی

تاریخِ پیدائش: ۲۱ر اگست ۱۹۱۴ء، بدایوں۔ (وفات: ۲۴ر اکتوبر ۱۹۹۱ء بمبئی)

پتہ: ۲۔ انڈس کورٹ۔ اے روڈ۔ چرچ گیٹ۔ بمبئی ۴۰۰۰۲۰

تعلیم: بی اے (لکھنؤ یونیورسٹی) بی ایڈ

مشاغل، ملازمت: فلم پروڈیوسر اور کہانی کار

تصانیف: (۱) ضدّی (ناول) ۱۹۴۱ء

(۲) ایک بات (مختصر کہانی) ۱۹۴۲ء

(۳) ٹیڑھی لکیر (ناول) ۱۹۴۳ء

(۴) دو ہاتھ (مختصر کہانی) ۱۹۵۵ء

(۵) جنگلی کبوتر (ناول) ۱۹۶۸ء

(۶) ایک قطرۂ خوں (میر انیس کے مرثیوں اور کلام پر تنقیدی نظر) ۱۹۷۵ء

کل کتابوں کی تعداد ۱۷ سے زیادہ ہے

اعزازات، انعامات: پدم شری (۱۹۷۵ء) ہم سب غالب ایوارڈ، ۱۹۷۵ء

عصمت ملیح آبادی (ڈاکٹر محمد عصمت خاں)

والد کا نام: عبدالواحد خاں، مائل ملیح آبادی

تاریخِ پیدائش : ۱۷ر دسمبر ۱۹۴۶ء، ملیح آباد
پتہ : مرزا گنج۔ ملیح آباد۔ لکھنؤ
تعلیم : ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت : درس وتدریس۔ ٹیچر اور ماہنامہ "ایکتا اور اقلیت" کی ادارت
تصانیف : (۱) جوشؔ کی رومانی رباعیاں ۱۹۷۹ء
(۲) جوشؔ کی انقلابی نظمیں ۱۹۸۲ء
(۳) رومانی شاعری میں جوشؔ کی خدمات (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۴ء
(۴) انتخابِ جوشؔ ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات : اترپردیش اردو اکادمی سے 'جوشؔ کی انقلابی نظمیں' اور تحقیقی مقالے پر انعام، مغربی بنگال اردو اکادمی سے 'رومانی شاعری میں جوشؔ کی خدمات' پر انعام ملا۔

عصیم، سیّد محمد

والد کا نام : سیّد محمد صابر
تاریخ پیدائش : ۱۰ر مئی ۱۹۵۴ء، امیٹھی سلطان پور (یوپی)
پتہ : ۱۸۲۳ ترکمان گیٹ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم : ایم اے، ایم فل، پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما ان اردو ٹرانسلیشن۔

مشاغل، ملازمت : ریسرچ اسسٹنٹ (حکومت ہند) ترقیِ اردو بیورو، ویسٹ بلاک ۸ آر کے پورم نئی دہلی ۱۱۰۰۶۶
تصانیف : پریم چند کا فنی و فکری مطالعہ ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات : مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعام ملا۔

عطا کاکوی (پروفیسر سیّد شاہ عطار الرحمٰن)

والد کا نام: سیّد شاہ غفور الرحمٰن حمد کاکوی
تاریخِ پیدائش: ۶ر صفر ۱۳۲۲ھ (۱۹۰۴ء) تاریخی نام: شاہ رضوی
پتہ: عطا منزل۔ سلطان گنج۔ پٹنہ (بہار) ۸۰۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے (اردو۔ فارسی) پٹنہ یونیورسٹی۔
مشاغل، ملازمت: پروفیسر کے عہدے سے سبکدوشی، تصنیف و تالیف و شاعری
تصانیف:

(۱) ساقی نامہ	(شعری مجموعہ)	۱۹۵۳ء
(۲) میخانۂ تغزل	(تنقید)	۱۹۵۴ء
(۳) حیرتِ زار	(سوانح بیدلؔ)	۱۹۵۶ء
(۴) تنقیدی مطالعے		۱۹۵۷ء
(۵) تحقیقی مطالعے		۱۹۶۵ء
(۶) تقابلی مطالعے	(تنقید)	۱۹۶۶ء
(۷) مطالعۂ حسرتؔ	〃	۱۹۶۶ء
(۸) مطالعۂ شادؔ	〃	۱۹۶۶ء
(۹) نذرِ غالبؔ	(شعری مجموعہ)	۱۹۶۹ء
(۱۰) گلہائے رنگ رنگ	〃	۱۹۷۰ء
(۱۱) جمالِ غزل	〃	۱۹۷۰ء
(۱۲) کمالِ غزل	〃	۱۹۷۱ء
(۱۳) کاروانِ خیال	〃	۱۹۷۱ء
(۱۴) غلطیہائے مضامین	(تحقیق)	۱۹۸۱ء
(۱۵) آثارِ کاکو	(تاریخ)	۱۹۸۶ء

ان کے علاوہ۔ تقریباً پچاسی کتابیں اور ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۷۹ء میں پاکستان
اعزازات انعامات: صدر مملکتِ ہند سے سند اعزاز اور تاحیات وظیفہ۔ سندِ اعزاز من جانب کل ہند اساتذۂ فارسی، ۱۹۸۷ء

(مولانا) عطاء الرحمٰن قاسمی

والد کا نام: شیخ نجیب اللہ
تاریخِ پیدائش: ۱۹۶۴ء
پتہ: جامعہ رحیمیہ، مہندیان۔ میر درد روڈ، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند۔ تکمیل افتاء، تکمیل عربی ادب۔
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: دنیائے اسلام کی چند عظیم شخصیتیں ۱۹۸۷ء

(سیّد) عطاء اللہ پالوی

والد کا نام: سیّد امین اللہ
تاریخِ پیدائش: ۲۶ رمئی ۱۹۱۳ء، موضع علی نگر پالی (ضلع گیا۔ بہار)
پتہ: علی نگر پالی۔ براستہ کاکو۔ ضلع گیا (بہار) ۸۰۴۴۱۸
مشاغل، ملازمت: ملازمت خدا بخش لائبریری۔ پٹنہ
تصانیف: (۱) انگبیں ۱۹۴۲ء
(۲) پیرویں ۱۹۴۴ء
(۳) نسرین ۱۹۴۷ء

(۴) تذکرۂ شوق ۱۹۵۶ء

(۵) رودادِ آشیانہ (سوانح مسٹر مظہر الحق) ۱۹۶۲ء

(۶) سوانح سر سید سلطان احمد ۱۹۶۳ء

(۷) مثنویاتِ شوق ۱۹۷۵ء

(۸) اردو کے ہندو مثنوی نگار ۱۹۸۲ء

(۹) تاریخ نیک فال ۱۹۸۳ء

(۱۰) گلہائے پژمردہ ۱۹۸۴ء

(۱۱) مشرقی بوڑے ۱۹۸۵ء

(۱۲) مہہ سپہر ۱۹۸۵ء

(۱۳) مشاطہ گانِ ادب ۱۹۸۶ء

(۱۴) محسنینِ وطن ۱۹۸۶ء

نیز دس مذہبی کتب بھی شائع کیں۔

(ڈاکٹر) عطیہ نشاط

والد کا نام:

تاریخ پیدائش: ۱۵ ستمبر ۱۹۴۵ء، الہ آباد (یوپی)

پتہ: لکچرر شعبۂ اردو۔ الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد (یوپی) ۲۱۱۰۰۲

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (۱۹۷۲ء)

مشاغل/ملازمت: درس وتدریس

تصانیف: اردو ڈرامہ، روایت اور تجربہ (تحقیقی مقالہ) ۱۹۷۳ء

اعزازات/انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۴ء میں انعام ملا۔

(دستاویز، صفحہ ۲۵۸)

عظیم اقبال (عزیز احمد)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲۴ر جولائی ۱۹۴۴ء، بتیا (بہار)
پتہ: گنج ۱ ، بتیا، مغربی چمپارن، بہار
تعلیم: بی اے آنرز (معاشیات) ایم، اے (معاشیات)
مشاغل، ملازمت: تدریس
تصانیف: (۱) اپنی آہٹیں (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۹ء
(۲) جو کہا نہیں جاتا // ۱۹۸۵ء

عظیم امروہوی (سید عظیم حیدر نقوی)

والد کا نام: سید نور الحسن نقوی
تاریخِ پیدائش: ۲۹ر اپریل ۱۹۴۵ء، امروہہ (یوپی)
پتہ: دربار شاہ ولایت۔ امروہہ (یوپی)
تعلیم: بی کام ۔ لکھنؤ یونیورسٹی ۔ ایم اے۔ آگرہ یونیورسٹی۔ ادیب کامل علی گڈھ ۔ دبیر فاضل۔ الہ آباد۔
مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ منیجر فوڈ کارپوریشن آف انڈیا۔ مرادآباد
تصانیف: (۱) حدیثِ غم (شعری مجموعہ) ۱۹۷۴ء
(۲) تحریک نینوا (نعت و منقبت) ۱۹۷۵ء
(۳) شرحِ غم (مرتبہ) ۱۹۷۵ء
(۴) حسینیت ایک آفاقی تحریک ۱۹۷۶ء
(۵) حسین اور زندگی (مرثیہ) ۱۹۷۶ء

(۶) مرثیۂ عظیم (مرثیہ) ۱۹۸۰ء
(۷) مرثیہ نگارانِ امروہہ ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: ایران ۱۹۵۶ء عراق ۱۹۵۶ء پاکستان ۱۹۵۶ء ۸۳-۸۲ء

عفت موہانی (سیدہ خورشید سلطانہ)

والد کا نام: سید ندیم الحسن رضوی، تاثیر موہانی
تاریخِ پیدائش: ۲۴ جولائی ۱۹۳۴ء
پتہ: مکان نمبر ۵۸۲/۹-۱۶ متصل مسجد قطب شاہی۔ قدیم ملک پیٹھ۔ حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۳۶
تعلیم: ایم اے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف
تصانیف: تقریباً ۶۵ ناول
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان
اعزازات انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے چھ ناولوں پر انعامات ملے۔

عقیل، عقیل الرحمٰن کوہ سوار

والد کا نام: وقار خلیل
تاریخِ پیدائش: ۲۹ مارچ ۱۹۶۰ء، شاہ پور گلبرگہ (کرناٹک)
پتہ: ۵۸۵-۳-۲۳ سلطان شاہی، حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۲۶۵
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: خوش نویس روزنامہ سیاست حیدرآباد (شاعری، مضمون نگاری)

تصانیف: نذر اقبال (اقبال اور شعرائے حیدر آباد کا نذرانۂ سخن) ۱۹۷۷ء

عقیل سنبھلی (عقیل احمد)

والد کا نام: سید فضل احمد
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۴۲ء، جگت سنبھل (مراد آباد)
پتہ: محلہ جگت سنبھل۔ ضلع مراد آباد (یوپی)
تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ
مشاغل/ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: جرسِ گل ۱۹۷۸ء

عقیل ہاشمی (ڈاکٹر سید حفیظ الدین حسین)

والد کا نام: سید بہار الدین حسین (تخلص حسنؔ)
تاریخِ پیدائش: ۱۰ مئی ۱۹۴۰ء، شہر حیدر آباد (اے پی)
پتہ: ۴/۱۸/۷۸۰-۵-۳۔ ایف، کنگ کوٹھی حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۲۹
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (عثمانیہ) پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما ان پیلو گرافی (مخطوطہ شناسی) (عثمانیہ)
مشاغل/ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ یونیورسٹی کالج آف آرٹس
تصانیف: (۱) موجِ نظر (رباعیات کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۲) ظہور قدسی (مثنوی بہ سلسلہ میلاد النبیؐ) ۱۹۷۷ء
(۳) پہلی خطا (مثنوی قصہ آدم و حوا سنسکرت کہانی سے ماخوذ) ۱۹۷۹ء

(۴) حضرت وطن ـ حیات اور کارنامے ۱۹۸۲ء

(۵) فرازِ نو (انتخاب کلام) ۱۹۸۶ء

(۷) دیپک پتنگ (مثنوی از سیّد محمد عشرتی عہدِ

قطب شاہیہ کا آخری شاعر) زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: موجِ نظر پر اتر پردیش اردو اکادمی کی جانب سے انعام ملا۔

علی رضا (علی رضا رضوی)

والد کا نام: سیّد علی صفدر

تاریخِ پیدائش: ۹ رجنوری ۱۹۲۳ء، لکھنؤ (یوپی)

پتہ: سمٹ ۸۔ ایس پی روڈ۔ ورلی۔ بمبئی۔ ۴۰۰۰۱۸

تعلیم:

مشاغل، ملازمت: فلمی ادیب۔ کہانی کار۔ مکالمہ نویس۔ ڈائرکٹر

تصانیف: رام محمد ڈیسوزا (مختصر ناول) ۱۹۵۸ء

(اس کتاب کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے ہیں)

بیرونی ممالک کا سفر: انگلینڈ۔ یورپ۔ مالٹا

اعزازات، انعامات: مختلف قسم کے فلمی ایوارڈ ملے۔

علقمہ شبلی (ابو علقمہ محمد شبلی نعمانی)

والد کا نام: مولانا عبد الجبار

تاریخِ پیدائش: یکم نومبر ۱۹۳۰ء، میر غیاث چک (ضلع نالندہ۔ بہار)

پتہ: ۸۹/۵ رپن اسٹریٹ، کلکتہ۔ ۷۰۰۰۱۶

تعلیم: ایم اے (فارسی) مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس۔ مدرسہ عالیہ کلکتہ
تصانیف: (۱) پھول اور کلیاں (درسی کتب) ۱۹۶۰ء
(۲) معاون جغرافیہ " ۱۹۶۵ء
(۳) ہائر سیکنڈری علم معاشیات " ۱۹۶۶ء
(۴) فارسی آموز (دو حصّے) " ۱۹۶۹ء
(۵) ہماری اردو (چار حصّے) " ۱۹۷۰ء
(۶) نئے حساب (چھ حصّے) " ۱۹۷۴ء
(۷) حرف و صوت (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۸) بے چہرہ لمحے " ۱۹۷۵ء
(۹) تارے زمین کے (بچّوں کی نظموں کا مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۱۰) پھول آنگن کے " ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: تصانیف نمبر ۷ تا ۱۰ پر اترپردیش اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

علوی، احمد ابراہیم

والد کا نام: مشیر احمد علوی ناظر
تاریخِ پیدائش: ۵ ر اگست ۱۹۴۵ء، فرنگی محل لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ۲۔ بیلیتھ اسکوائر۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۳
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: صحافت
تصانیف: (۱) بوجھل بوجھل پلکیں ۱۹۷۲ء

(۲) پھوٹتا لہو ۱۹۷۴ء

کل چھ کتابیں شائع ہوئی ہیں۔

اعزازات/انعامات: دونوں کتابوں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے حسبِ ترتیب ۱۹۷۳ء اور ۱۹۷۵ء میں انعامات ملے۔

(دستاویز، صفحہ ۲۶۱)

علوی، اشتیاق علی

والد کا نام: منشی احترام علی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۲ء، لکھنؤ (یوپی)

پتہ: کاکوری کوٹھی۔ خیالی گنج۔ لکھنؤ (یوپی)

تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی (مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)

مشاغل/ملازمت: شکار اور مضمون نگاری

تصانیف: (۱) بندوق (شکار کے واقعات) ۱۹۷۹ء

(۲) شکار زیرِ طبع

اعزازات/انعامات: بندوق پر ۱۹۸۰ء میں اتر پردیش اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(دستاویز، صفحہ ۲۶۲)

علوی، پنڈت محمد شفیع کاکوروی

والد کا نام: ڈاکٹر حافظ محمد کریم علوی۔ کریمؔ کاکوروی

تاریخِ پیدائش: ۴/اپریل ۱۹۴۰ء

پتہ: معرفت آمنہ ہاسپٹل چلولتلہ بی بی گنج لکھنؤ ۳
۴۷/۲۶۶ بغیہ حبیب بیگ بھدیواں لکھنؤ ۴

تعلیم: ایم اے (سنسکرت) ایم اے (ہندی) ایم اے (جغرافیہ)
ساہتیہ این دواکر، بھا شااچاریہ، ادیب ماہر۔

مشاغل، ملازمت: سنسکرت استاد سنی انٹر کالج لکھنؤ۔

تصانیف: مسلمان حکمرانوں کی ہندی قدردانی ۱۹۸۶ء
ان کے علاوہ ہندی میں متعدد کتابیں ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: برائے حج بیت اللہ شریف ۱۹۸۲ء

اعزازات، انعامات: دکھشن بھارت سنسکرت پر بودھنی سبھا پونا سے ۱۹۸۳ء میں
انعام ملا۔

علوی، ڈاکٹر تنویر احمد

والد کا نام: حکیم صدیق احمد علوی

تاریخ پیدائش: ۱۶ر جولائی ۱۹۲۳ء، کیرانہ ضلع مظفر نگر (یوپی)

پتہ: علوی منزل محلہ زیر انصاریان کیرانہ ضلع مظفر نگر یوپی

موجودہ: ۲۷۲۶ خلیق منزل چوڑی والان دہلی ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی، ڈی لٹ (علیگ)

مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبۂ اردو دہلی یونیورسٹی سے ریٹائر۔

تصانیف:
(۱) نگارشات ۱۹۶۰ء
(۲) انتخاب قصائدِ اردو ۱۹۶۰ء
(۳) منتخبات مثنویاتِ اردو ۱۹۶۱ء
(۴) ذوق۔ سوانح اور انتقاد ۱۹۶۳ء

(۵) تحائفِ معرفت ۱۹۶۶ء
(۶) رسالۂ تذکرۂ شعراء ۱۹۶۶ء
(۷) کلّیاتِ ذوق (دو جلدیں) ۱۹۶۷ء
(۸) تاریخِ محمودی ۱۹۷۰ء
(۹) کلیات شاہ نصیر (چار جلدیں) ۱۹۷۱-۷۶ء
(۱۰) صحیفۂ ابرار ۱۹۷۴ء
(۱۱) اصولِ تحقیق و ترتیبِ متن ۱۹۷۸ء
(۱۲) مکتوباتِ عالیہ ۱۹۸۴ء
(۱۳) ترجمہ مجمع البحرین ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے متعدّد انعامات ملے۔

علوی، حافظ تقی انور کاکوروی

والد کا نام: حافظ شاہ مجتبیٰ حیدر
تاریخِ پیدائش: ۱۹۵۰ء، کاکوری
پتہ: محل، تکیہ شریف کاکوری۔ ضلع لکھنؤ
تعلیم: درسِ نظامی و فاضل نصاب خانقاہ قلندریہ کاظمیہ کاکوری
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس۔ تصنیف و تالیف۔
تصانیف: تذکرۂ گلشن کرم (تذکرہ حضرت خواجہ عبیداللہ احرار نقشبندیؒ) ۱۹۸۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

علوی، محمد مظہرالحق

والد کا نام: جمیل
تاریخِ پیدائش: ۸ر ستمبر ۱۹۴۶ء، احمد آباد (گجرات)
پتہ: خانپور سیدواڑہ۔ احمد آباد (")
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ لائبریرین
تصانیف: (۱) گنج سلیمان (رائیڈر ہیگرڈ کے ناول کا ترجمہ) ۱۹۵۵ء
(۲) اندھے سویرے (ایک ناول کا ترجمہ) ۱۹۷۶ء
اب تک تقریباً ۵۵ ناول شائع ہو چکے ہیں
اعزازات، انعامات: اندھے سویرے، پر اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۷ء میں انعام ملا ہے۔

(دستاویز، صفحہ ۲۶۴)

علوی، مسعود انور کاکوروی

والد کا نام: حافظ شاہ مجتبیٰ حیدر
تاریخِ پیدائش: ۱۷ر ستمبر ۱۹۶۱ء، کاکوری ضلع لکھنؤ
پتہ: محل، تکیہ شریف۔ کاکوری " "
تعلیم: ایم اے عربی، پی ایچ ڈی (مقالہ پیش کر دیا ہے)
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ عربی (عارضی)، مسلم یونیورسٹی۔ علی گڈھ
تصانیف: (۱) مقالاتِ انور ۱۹۸۳ء
(۲) ابونواس اور متنبی (عہد عباسی کے دو شہرۂ آفاق شاعر) ۱۹۸۴ء

(۳) انتخاب کلام خسروؔ کاکوروی ۱۹۸۴ء

(۴) رشحاتِ قیصری ۱۹۸۵ء

(۵) کواکب

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

اعزازات؍انعامات: 'مقالاتِ انور' اور 'رشحاتِ قیصری' پر اتر پردیش اردو اکادمی کے انعامات ملے۔

علی جواد زیدی (صابر محمد آبادی/ابن امجاد)

والد کا نام: سیّد علی امجاد

تاریخِ پیدائش: ۱۰ر مارچ ۱۹۱۶ء، کرماں ضلع اعظم گڈھ (یو پی)

پتہ: مستقل: محلہ سیّدواڑہ، قصبہ محمد آباد گہنہ ضلع اعظم گڈھ (یو پی)

موجودہ: ۶/۲ ڈالی باغ کالونی، لکھنؤ ۲۲۶۰۰۱

تعلیم: بی اے، ایل ایل بی (لکھنؤ یونیورسٹی)

مشاغل؍ملازمت: حکومت سے وظیفہ یاب

تصانیف:

(۱) رگِ سنگ (مجموعۂ کلام) ۱۹۴۴ء

(۲) اردو میں قومی شاعری کے سو سال (تنقید و تحقیق) ۱۹۵۷ء

(۳) میری غزلیں (شعری مجموعہ) ۱۹۵۹ء

(۴) تعمیری ادب (تنقید و تحقیق) ۱۹۵۹ء

(۵) دیارِ سحر (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۰ء

(۶) دیوان غنی کشمیری (تحشیہ و مقدمہ) ۱۹۶۴ء

(۷) دو ادبی اسکول (تنقید و تحقیق) ۱۹۷۰ء

(۸) تاریخ ادبِ اردو کی تدوین (تنقید و تحقیق) ۱۹۷۰ء
(۹) انتخاب علی جواد زیدی (شعری مجموعہ) ۱۹۷۱ء
(۱۰) ہندوستان میں علومِ اسلامی کے مراکز ۱۹۷۲ء
(تنقید و تحقیق)
(۱۱) قصیدہ نگارانِ اتر پردیش (تنقید و تحقیق) ۱۹۷۴ء
(۱۲) فکر و ریاض 〃 ۱۹۷۵ء
(۱۳) نسیم دشت آرزو (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۲ء
(۱۴) تیشۂ آواز 〃 ۱۹۸۵ء
(۱۵) دہلوی مرثیہ گو (جلد اوّل) 〃 ۱۹۸۶ء

ان کے علاوہ متعدد کتابیں شعری انتخابات، تدوین اور خاکے وغیرہ سے متعلق ہیں، نیز انگریزی میں بھی ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: (۱) امریکہ (۲) برطانیہ (۳) فرانس (۴) جزیرۂ ہوائی (۵) جاپان (۶) ہانگ کانگ (۷) کنیڈا (۸) ایران (۹) افغانستان (۱۰) کویت (۱۱) پاکستان (۱۲) قطر (۱۳) عمّان (۱۴) شمالی یمن (۱۵) امارتہائے متحدہ عربیہ (یو اے ای) (دبئ، ابوظبی) وغیرہ۔

اعزازات، انعامات: ۱۹۸۸ء میں پدم شری کا خطاب ملا۔

علی حضرمی (علی بن عبدالمجیب)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۶ راکتوبر ۱۹۰۹ء، نرمل (ضلع عادل آباد (اے پی)
پتہ: حضرمی منزل۔ جمعرات پیٹھ۔ نرمل۔ ضلع عادل آباد (اے پی)
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: علمی و ادبی اور سماجی خدمت

تصانیف: (۱) بادیٔ ورزش (مدارس کے لیے) ۱۹۳۵ء
(۲) سچ کا جادو (ڈرامہ) ۱۹۴۲ء
(۳) پھولوں کی خوشبو (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۵ء
(۴) تاریخ نرمل ۱۹۷۸ء

(سیّد) علی ظہیر

والد کا نام: سیّد محمد حسین
تاریخِ پیدائش ۱۹ر فروری ۱۹۴۷ء، حیدرآباد (اے پی)
پتہ: ۶-۳-۲/۳/۲۴۹ اے۔ ساز اپارٹمنٹس روڈ نمبرا بنجارہ ہلز۔
حیدرآباد۔ ۳۴ ... ۵
تعلیم: بی ای (اور ڈپلوما اِن ہاؤزنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ)
مشاغل/ملازمت: آرکی ٹیکٹ۔ خانگی۔
تصانیف: (۱) رات کے ہزار ہاتھ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۲) انگلیوں سے خون 〃 ۱۹۸۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: ۔ ایران۔ مغربِ ایشیا کے بیشتر ممالک۔ پیرس، ایمسٹرڈیم وغیرہ

علیم جہانگیر (سیّد علیم الدین حسینی)

والد کا نام: سیّد قمرالدین حسینی
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر دسمبر ۱۹۴۲ء، تعلقہ محبوب آباد۔ ضلع ورنگل (اے پی)
پتہ: آسرا ۵-۴-۲۲، قاضی واڑہ، اورنگ آباد ۱..۴۳۱
تعلیم: بی اے، بی او ایل (عثمانیہ)

مشاغل، ملازمت: سینیر اسسٹنٹ، مرہٹواڑہ یونیورسٹی اورنگ آباد - ۴۳۱۰۰۲

تصانیف: (۱) تنقیدی شہ پارے (تنقیدی مضامین) ۱۹۷۹ء

(۲) لن ترانی (انشائیے) ۱۹۸۵ء

(۳) کاغذی حکم (شعری مجموعہ) زیرِ طبع

علیم شہادوی (محمد رفیق)

والد کا نام: حاجی عثمان

تاریخِ پیدائش: ۳۰ر اپریل ۱۹۴۳ء، شہادہ (ضلع دھولیہ۔ مہاراشٹر)

پتہ: محلہ گلکڑیل۔ شہادہ۔ ضلع دھولیہ (مہاراشٹر) ۴۲۵۴۰۷

تعلیم: جماعت ہفتم

مشاغل، ملازمت: شعروشاعری اور گھر کی دیکھ بھال

تصانیف: خاکِ آرزو (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء

علیم صبا نویدی (سید علیم الدین حسینی)

والد کا نام: سید عبدالعظیم

تاریخِ پیدائش: ۲۸ر فروری ۱۹۴۲ء، امبور (شمالی آرکاٹ) مدراس

تعلیم: بی اے، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

مشاغل، ملازمت: اسٹورس سپروائزر، مدراس پورٹ ٹرسٹ، مدراس ۶۰۰۰۰۱

تصانیف: (۱) روشنی کے بھنور (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۷ء

(۲) طرحِ نو (غزلیں) ۱۹۷۴ء

(۳) لمسِ اوّل (ٹیپ بند نظمیں) ۱۹۷۸ء

(۴) ردِّ کفر (آزاد غزلیں) ۱۹۷۹ء

(۵) شگاف در شگاف (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۰ء

(۶) فکر بر (غزلیں) ۱۹۸۱ء

(۷) قید شکن (آزاد غزلوں کا انتخاب) ۱۹۸۲ء

(۸) شناخت کی حدوں میں (آزاد غزل پر مضامین) ۱۹۸۳ء

(۹) نقش گیر (غزلیں) ۱۹۸۴ء

(۱۰) بھارت جوتی (قومی نظمیں) ۱۹۸۵ء

(۱۱) ترسیلے (ہائیکو ") ۱۹۸۶ء

(۱۲) شعاعِ شرق " " زیر طبع

اعزازات/انعامات: دوسری، چھٹی اور نویں کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے اور پانچویں کتاب پر مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(محمد) عمر انصاری

والد کا نام: الحاج محمد اسحاق سوداگر

تاریخِ پیدائش: ۲۳ ستمبر ۱۹۱۲ء، لکھنؤ

پتہ: ۲۰/امین آباد پارک۔ لکھنؤ (یو.پی)

تعلیم: بی اے۔ آنرز (لکھنؤ یونیورسٹی۔ لکھنؤ)

مشاغل/ملازمت: تاجر۔ فلم ساز جرنلسٹ پروپرائٹر مکتبۂ فردوس ادب۔ لکھنؤ۔

تصانیف: (۱) جرسِ کارواں (قومی نظمیں) ۱۹۳۸ء

(۲) بازگشت (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۴۵ء

(۳) سازِ بیخودی (مجموعۂ نظمیات، قطعات و رباعیات) ۱۹۶۵ء

(۴) صنم کدہ (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۷۳ء

(۵) ترانۂ نعت (نعتیہ کلام) ۱۹۷۵ء

(۶) حرفِ ناتمام (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۷۸ء

(۷) نقشِ دوام (مجموعۂ نظمیات، غزلیات، رباعیات ومثنوی) ۱۹۸۲ء

(۸) کشیدِ جاں (مجموعۂ غزلیات وقصیدۂ نعت) ۱۹۸۷ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، اور خلیجی ممالک

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی اور آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ نے مختلف کتابوں پر متعدد انعامات دیے اور ۱۹۸۵ء میں اتر پردیش اردو اکادمی نے مجموعی خدمات کے اعتراف میں اپنا سب سے بڑا انعام دیا۔

❋ عمیق حنفی (عبدالعزیز حنفی)

والد کا نام: محمد عبدالبصیر حنفی

تاریخِ پیدائش: ۳ر نومبر ۱۹۲۹ء مہو چھاونی۔ (وفات: ۱۳ر اگست ۱۹۸۵ء دہلی)

پتہ: اے۔ ۲۲۳ پنڈارا روڈ فلیٹس نئی دہلی-۱۱۰۰۰۳

تعلیم: ایم اے (سیاست) ایم اے (تاریخ)

مشاغل، ملازمت: ڈائرکٹر (پروگرام پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ) آل انڈیا ریڈیو نئی دہلی۔

تصانیف: (۱) سانسوں کا سنگیت (شعری مجموعہ) ۱۹۵۶ء

(۲) سنگِ پیرہن ۱۹۵۸ء

(۳) شب گشت ۱۹۶۹ء

(۴) صلصلۃ الجرس ۱۹۷۴ء

(۵) شجر صدا ۱۹۷۵ء
(۶) آئینے کا کورس (ہندی ڈرامے) ۱۹۷۹ء
(۷) استاد رجب علی خاں (" - سوانح) ۱۹۸۰ء
(۸) شعر چیزے دیگر است ۱۹۸۳ء

بیرونی ممالک کا سفر: کوالالمپور (ملیشیا)
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ، یوپی ہندی سنستھان لکھنؤ سہا مجددی اعزاز، ایم پی اردو اکادمی بھوپال

عنوان چشتی (پروفیسر افتخار الحسن)

والد کا نام: پیرزادہ شاہ سید انوار الحسن انوار منگلوری
تاریخِ پیدائش: ۵ رفروری ۱۹۳۷ء، قصبہ منگلور (ضلع سہارن پور، یوپی)
پتہ: شعبۂ اردو۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے (جغرافیہ) ایم اے، پی ایچ ڈی (اردو)
مشاغل، ملازمت: تدریس

تصانیف:
(۱) ذوقِ جمال (شعری مجموعہ) ۱۹۶۶ء
(۲) عکس و شخص (شخصیات) ۱۹۶۸ء
(۳) نیم باز (شعری مجموعہ) ۱۹۶۸ء
(۴) تنقیدی پیرائے ۱۹۶۹ء
(۵) تنقید سے تحقیق تک ۱۹۷۴ء
(۶) اردو شاعری میں ہیئت کے تجربے ۱۹۷۵ء
(۷) اردو شاعری میں جدیدیت کی روایت ۱۹۷۷ء
(۸) مکاتیبِ احسن (مقدمہ و حواشی، جلد اوّل ۱۹۷۷ء

(۹) منارِ صدا ۱۹۸۱ء

(۱۰) مکاتیبِ احسن (مقدمہ وحواشی) جلد دوم ۱۹۸۳ء

(۱۱) معنویت کی تلاش ۱۹۸۳ء

(۱۲) عروضی اور فنی مسائل ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

اعزازات، انعامات: صوبائی اردو اکادمیوں سے متعدد کتابوں پر ایوارڈ

عوض سعید (عوض بن سعید)

والد کا نام: سعید

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۲ء، حیدر آباد

پتہ:

تعلیم: انٹر میڈیٹ

مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ منیجر فوڈ کارپوریشن آف انڈیا (ریٹائرڈ)

تصانیف: (۱) سائے کا سفر ۱۹۶۹ء

(۲) تیسرا مجسمہ ۱۹۷۳ء

(۳) رات والا اجنبی ۱۹۷۷ء

(۴) کوہِ ندا ۱۹۷۹ء

(۵) خاکے ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی، آندھرا پردیش اردو اکادمی اور میر اکادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

معین الحق بلیاوی

والد کا نام: عبداللہ انصاری

تاریخِ پیدائش: ۲ر دسمبر ۱۹۳۹ء، بلیا (یوپی)

پتہ: محلہ قاضی پورہ۔ شہر بلیا (یوپی) ۲۷۷۰۰۱

تعلیم: بی اے (انگریزی ادب) آئی جی ڈی (بمبئی ڈرائنگ)

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف: سناٹوں کا زہر (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۴ء

ف

فاروق بخشی (ڈاکٹر محمد فاروق)

والد کا نام: بنیاد علی

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جولائی ۱۹۵۷ء (میرٹھ۔ یوپی)

پتہ: ایوانِ اردو۔ حبیب کمپاؤنڈ۔ جسئی پورہ۔ غازی آباد (یوپی)

تعلیم: ایم اے (اردو) پی ایچ ڈی۔

مشاغل، ملازمت: اردو لکچرر۔ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج۔ کوٹہ (راج)

تصانیف: (۱) پلکوں کے سایے (شعری مجموعہ) ۱۹۷۹ء

(۲) اداس لمحوں کے موسم (") ۱۹۸۶ء

فاروقی، پروفیسر خواجہ احمد

والد کا نام: مولوی حسن احمد
تاریخِ پیدائش: ۳۰ اکتوبر ۱۹۱۷ء، بچھرایوں (ضلع مراد آباد۔ یوپی)
پتہ: ۶/۷ یونیورسٹی روڈ۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی ۔ ۱۱۰۰۰۷
تعلیم: ایم اے (اردو و فارسی)، پی ایچ ڈی (دتی یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر آف امریٹس
تصانیف:
(۱) مرزا شوق (تنقید و تحقیق) ۱۹۵۰ء
(۲) میر تقی میر۔ حیات اور شاعری (تنقید و تحقیق) ۱۹۵۴ء
(۳) ذوق و جستجو 〃 ۱۹۶۷ء
(۴) یادِ یارِ مہرباں (قلمی خاکے) ۱۹۷۵ء
اعزازات، انعامات: ۱۹۵۷ء میں ساہتیہ اکادمی (نئی دہلی) کا ایوارڈ ملا۔ اس کے علاوہ حکومتِ یوپی، یوپی اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی اور میر اکادمی (لکھنؤ) سے انعامات ملے۔

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، صفحہ ۱۷۷)

فاروقی، شکیل اختر

والد کا نام: اختر حسن فاروقی
تاریخِ پیدائش: ۱۱ اگست ۱۹۳۵ء، لکھنؤ۔
پتہ: اختر منزل، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے (اردو)، بی ایڈ

مشاغل، ملازمت: تدریس

تصانیف: (۱) گاندھی جی کے مختلف روپ (ترجمہ) ۱۹۷۴ء

(۲) آسان اردو ۱۹۸۴ء

فاروقی، شمس الرحمٰن

والد کا نام: محمد خلیل الرحمٰن فاروقی

تاریخِ پیدائش: ۳۰ ستمبر ۱۹۳۵ء، پرتاپ گڈھ۔ اودھ

پتہ: ڈی۔ II / ۸۵۔ کاکا نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۳

تعلیم: ایم اے (انگریزی)

مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت

تصانیف: (۱) نئے نام (نئی شاعری کا انتخاب۔ شریک مرتب حامد حسین حامد) ۱۹۶۷ء

(۲) فاروقی کے تبصرے (تبصرہ نما مضامین) ۱۹۶۸ء

(۳) لفظ و معنی (تنقیدی مضامین) ۱۹۶۸ء

(۴) گنجِ سوختہ (مجموعۂ کلام) ۱۹۶۹ء

(۵) شعر غیر شعر اور نثر (تنقیدی مضامین) ۱۹۷۳ء

(۶) سبز اندر سبز (مجموعۂ مضامین) ۱۹۷۴ء

(۷) چار سمت کا دریا (رباعیاں) ۱۹۷۷ء

(۸) عروض آہنگ اور بیان (عروض علمِ بیان اور ان سے متعلق بحث) ۱۹۷۷ء

(۹) شعریات (ارسطو کی پوئٹکس کا ترجمہ) ۱۹۷۸ء

(۱۰) درسِ بلاغت ۔ علم بیان پر درسی کتاب ۱۹۸۱ء
(ترتیب اور نصف حصّہ تصنیف)
(۱۱) دی سیکریٹ میرر (اردو شاعری پر ۱۹۸۱ء
انگریزی میں مضامین)
(۱۲) افسانے کی حمایت میں (مجموعۂ مضامین) ۱۹۸۲ء
(۱۳) تنقیدی افکار (تنقید سے متعلق مضامین) ۱۹۸۴ء
(۱۴) تحفتہ السرور (پروفیسر آل احمد سرور کے ۱۹۸۵ء
کے اعزاز میں مضامین) ترتیب

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان ۔ انگلستان ۔ تھائی لینڈ ۔ کناڈا ۔ امریکہ (دوبار)
سوویت روس ۔

اعزازات انعامات: ۱۹۸۶ء میں ساہتیہ اکادمی (نئی دہلی) کا ایوارڈ ۔ اس کے
علاوہ متعدد اکادمیوں کی طرف سے مختلف اعزازات ۔

فاروقی، پروفیسر نثار احمد

والد کا نام: تسلیم احمد فاروقی
تاریخ پیدائش: ۲۹ر جون ۱۹۳۴ء، امروہہ (ضلع مراد آباد ۔ یوپی)
پتہ: ۸۳۷ ۔ بٹلہ ہاؤس ۔ جامعہ نگر ۔ نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے ۔ پی ایچ ڈی (عربی)
مشاغل ملازمت: درس و تدریس ۔ تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) میر کی آپ بیتی (ترجمہ) ۱۹۵۷ء
(۲) دید و دریافت (مضامین) ۱۹۶۴ء
(۳) تین تذکرے (تلخیص)

(۴) تذکرہ طبقات الشعرار

(۵) کلیاتِ مصحفی (دو حصے)

(۶) مقالات الشعرار ۱۹۶۸ء

(۷) غالب کی آپ بیتی ۱۹۶۹ء

(۸) تلاشِ غالب ۱۹۶۹ء

(۹) تذکرہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا

(۱۰) چشتی تعلیمات اور عصرِ حاضر میں ان کی معنویت

(۱۱) سیرۃ نبوی کی اولین کتابیں اور ان کے مولفین

(۱۲) تاریخ طبری کے ماخذ

(۱۳) مرقومات امدادیہ ۱۹۸۴ء

(۱۴) مقاصد العارفین ۱۹۸۴ء

(۱۵) میر تقی میر

وغیرہ وغیرہ

اعزازات، انعامات: (۱) صدر جمہوریۂ ہند سے سند اعزاز (عربی) ۱۹۸۵ء
(۲) اردو اکادمی ایوارڈ، ۱۹۸۳ء (۳) یوپی اردو اکادمی
سے متعدد انعامات (۴) میر اکادمی لکھنؤ سے امتیازِ میر
اور افتخارِ میر۔

فاطمی، ڈاکٹر علی احمد

والد کا نام: اے۔ ایس۔ فاطمی
تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۵۴ء، الہ آباد
پتہ: ۶۸ مرزا غالب روڈ۔ الہ آباد (یوپی)

دفتر کا پتہ: شعبۂ اردو ۔ الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد (یوپی)
تعلیم: ایم اے ۔ ڈی فل
مشاغل/ملازمت: درس وتدریس الہ آباد یونیورسٹی
تصانیف: (۱) بیس نئی کہانیاں ۱۹۷۸ء
(۲) سوزِ وطن ۱۹۸۰ء
(۳) تاریخی ناول فن اور اصول ۱۹۸۰ء
(۴) فراقؔ گورکھپوری ۱۹۸۵ء
(۵) نظیر اکبر آبادی ۱۹۸۵ء
(۶) سفر ہے شرط ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: برطانیہ ۔ یورپ ۱۹۸۵ء
اعزازات/انعامات: اردو اکادمی سے متعدد انعامات

(ڈاکٹر سید) فرحت حسین

والد کا نام: سید صدیق حسن
تاریخِ پیدائش: ۵ر مارچ ۱۹۳۴ء، دیوبند (ضلع سہارنپور)
پتہ: انسٹرکٹر انچارج، شعبۂ خط وکتابت اردو کورس، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی ۔ ۲۵-۱۱۰۰
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند ۔ پی ایچ ڈی (جامعہ ملیہ اسلامیہ)
مشاغل/ملازمت: انسٹرکٹر انچارج شعبہ خط وکتابت اردو کورس، جامعہ ملیہ
تصانیف: (۱) ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں اردو تحقیق۔ ۱۹۷۶ء
(۲) خواجہ غلام السیدین ۔ حیات اور ۱۹۸۳ء

کارنامے (تحقیقی مقالہ)

(۳) تاراشنکر بندوپادھیائے (انگریزی سے ترجمہ) ۱۹۸۳ء

(۴) دنیا میرا گاؤں (سفرنامہ سیّدین) مرتبہ ۱۹۸۵ء

اعزازات/انعامات: خواجہ غلام السیّدین، حیات اور کارنامے پر دہلی اردو اکادمی سے انعام ملا۔

فریدی، شاہ نصیر الدّین محمد

والد کا نام: شاہ ابوالحیات محی الدّین حسین فریدی

تاریخِ پیدائش: ۲۳ اپریل ۱۹۲۹ء، غازی پور۔ (یوپی)

پتہ: اسٹاف کوارٹرز۔ شعیب محمدیہ کالج۔ آگرہ یوپی

(مستقل) آستانہ حضرت آسی۔ محلہ نورالدّین پورہ۔ غازی پور (یوپی)

تعلیم: ایم اے (انگریزی۔ معاشیات۔ سماجیات)

مشاغل/ملازمت: لکچرر۔ تصنیف و تالیف

تصانیف: (۱) تنویر (ناول) ۱۹۵۴ء

(۲) طنزیاتی خاکے (ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۷۲ء

فریدی، مولانا مفتی محمّد ابراہیم

والد کا نام: محمّد جعفر علی فریدی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۰۸ء سمستی پور (بہار)

پتہ: محلہ کمان گران۔ بدایوں (یوپی)

تعلیم: فاضل دینیات (الہ آباد) فاضل درسِ نظامی (مدرسہ منظر اسلام بریلی ۱۹۳۲ء)

مشاغل، ملازمت: درس وتدریس۔ فتویٰ نویسی۔ تاریخی۔ علمی۔ فقہی مضامین نویسی۔ مفتی شہر ضلع بدایوں۔

تصانیف: (۱) احکام نکاح ۱۹۴۰ء
(۲) تذکارِ مطیب ۱۹۶۳ء
(۳) رسالہ مفید الطالب ۱۹۶۳ء
(۴) معمارِ انسانیت ۱۹۷۲ء
(۵) مکتوباتِ عالیہ ۱۹۸۵ء
(۶) تذکرۂ نایاب ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

فریدی، مغیث الدین

والد کا نام: عظیم الدین فریدی
تاریخِ پیدائش: یکم مئی ۱۹۲۶ء، فتحپور سیکری (ضلع آگرہ)
پتہ: ریڈر شعبۂ اردو۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی ۱۱۰۰۰۷
(بی۔۱۳، ریڈرس لائنس۔ یونیورسٹی کیمپس۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی)
تعلیم: ایم اے (اردو) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ۱۹۴۸ء
مشاغل، ملازمت:

تصانیف: (۱) انتخاب دیوانِ غالب مع شرح و مقدمہ ۱۹۵۴ء
(۲) انتخاب مثنویاتِ اردو ۱۹۵۵ء
(۳) 〃 قصائدِ اردو ۱۹۵۷ء
(۴) 〃 غزلیات حافظ (بیان و بدیع اور عروضی تشریح کے ساتھ) ۱۹۷۶ء
(۵) شعری مجموعہ (کفرِ تمنا) ۱۹۸۷ء

* فریدی، مولانا مفتی نسیم احمد امروہی

والد کا نام: مولوی حسین احمد فریدی

تاریخِ پیدائش: (غالباً ستمبر) ۱۹۱۱ء مقام امروہہ۔ (وفات: ۱۸ر اکتوبر ۱۹۸۸ء بہ مقام امروہہ، یوپی)

پتہ: محلہ جھنڈا شہید۔ امروہہ (ضلع مراد آباد۔ یوپی)

تعلیم: مڈل (اردو، انگریزی) اعلیٰ قابل، منشی، منشی کامل، مولوی (الہ آباد) مدرسہ اسلامیہ جامع مسجد امروہہ۔ دارالعلوم دیوبند، لاہور

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس، تالیف و تدوین

تصانیف: (۱) تذکرہ خواجہ باقی باللہ دہلوی

(۲) تجلیاتِ ربّانی (دو جلد۔ تلخیص و ترجمہ مکتوبات مجدد الف ثانی رح)

(۳) تلخیص و ترجمہ مکتوبات معصومیہ (خواجہ محمد معصوم سرہندی کے تین مجموعۂ مکاتیب کا خلاصہ و ترجمہ)

(۴) ترجمہ و تلخیص سفر نامۂ حرمین (مؤلفہ نواب حاجی رفیع الدین فاروقی مراد آبادی)

(۵) ترجمہ و تلخیص وصایا ــ شیخ شہاب الدین سہروردی

(۶) تذکرہ شاہ محمد اسماعیل شہید دہلوی

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب برائے حج و زیارت

اعزازات، انعامات: ۱۹۸۱ء میں صدر جمہوریۂ ہند سے سند اعزاز ملی۔

فضا ابن فیضی (فیض الحسن)

والد کا نام: منظور حسن

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۳ء، مئو ناتھ بھنجن (اعظم گڑھ۔ یوپی)
پتہ: محلہ جمال پور۔ مئو ناتھ بھنجن۔ ضلع اعظم گڑھ (یوپی)
تعلیم: فاضل مدرسہ فیض عام مئو ناتھ بھنجن۔ عربی فارسی الہ آباد بورڈ۔
مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری
تصانیف: (۱) سفینۂ زرِ گل (غزلیات و رباعیات) ۱۹۷۳ء
(۲) شعلۂ نیم سوز (منظومات) ۱۹۷۸ء
اعزازات، انعامات: دونوں کتابوں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔
(دستاویز، صفحات ۲۷۲-۲۷۴)

✿ (پروفیسر) فضل الحق

والد کا نام: عبارت حسین
تاریخِ پیدائش: ۱۴؍اپریل ۱۹۳۶ء (وفات: ۲۶؍اور ۲۷؍اگست ۱۹۹۴ء کی درمیانی شب)
پتہ:
تعلیم: ایم اے (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) پی ایچ ڈی (گورکھپور یونیورسٹی۔ گورکھپور)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر و صدر، شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی۔ ۱۱۰۰۰۷
تصانیف: (۱) دیوان شاکر ناجی
(۲) میر حسن۔ حیات اور ادبی خدمات
(۳) اردو لسانیات نمبر (مرتبہ)
(۴) فنِ خطاطی و مخطوطہ شناسی نمبر (مرتبہ)

* (ڈاکٹر محمد) فضل الرحمٰن ندوی

والد کا نام: مولانا محمد جمیل
تاریخِ پیدائش: ۱۳ر نومبر ۱۹۲۹ء، موضع پہاڑپور بازار۔ سیوان (بہار) (وفات ہوگئی)
پتہ: الحنا، سرسید نگر علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (عربی)، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) بلگرام، مثنوی مظہر البرکات چہار صد ابرار
(۲) داعیانِ حق کے اوصاف (ترجمہ) ۱۹۸۴ء
(۳) تاریخ نقد ادب (ترجمہ، تحقیق و تعلیق) ۱۹۸۵ء

* فکر تونسوی (نارائن)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۷ر اکتوبر ۱۹۱۸ء، تونسہ، ڈیرہ غازی خاں۔ (وفات: ۱۲ر ستمبر ۱۹۸۷ء نئی دہلی[۴۹])
پتہ: ڈی۔ ۵۰ گلمہر پارک۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۴۹
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: مزاحیہ نگاری اور کالم نویسی
تصانیف: (۱) ہیولا (شعری مجموعہ) ۱۹۴۷ء
(۲) چھٹا دریا ۱۹۴۹ء
(۳) خدوخال ۱۹۵۰ء
(۴) ساتواں شاستر ۱۹۵۰ء
(۵) پیاز کے چھلکے ۱۹۶۱ء

(۶) چوپٹ راجہ ۱۹۷۰ء

(۷) بدنام کتاب ۱۹۷۵ء

(۸) فکرنامہ (طنزیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۷ء

(۹) فکریات ۱۹۸۲ء

(۱۰) بات ہیں گھات ۱۹۸۳ء

(۱۱) چھلکے ہی چھلکے ۱۹۸۴ء

اعزازات، انعامات: ۱۹۷۰ء میں حکومتِ پنجاب نے ایوارڈ سے نوازا۔ ۱۹۷۳ء میں 'چوپٹ راجہ' پر، ۱۹۷۷ء میں 'فکرنامہ' پر اور ۱۹۸۰ء میں 'آخری کتاب' پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔
۱۹۷۹ء میں سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ ملا۔

فیروز ظفر (محمد فیروز)

والد کا نام: محمد سَرور فرشوری

تاریخِ پیدائش: ۳ر دسمبر ۱۹۵۰ء، بدایوں (یوپی)

پتہ: ۱۳۔ فرشوری ٹولہ۔ بدایوں "

تعلیم: ایم اے (اردو) ۱۹۷۷ء، ایل ایل بی ۱۹۸۰ء (روہیلکھنڈ یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: مطالعہ اور تصنیف۔ سرکاری ملازم (کلکٹریٹ، بدایوں۔ یوپی)

تصانیف: (۱) شہرِ گل (شعری مجموعہ) ۱۹۷۰ء

(۲) کانٹوں کی خوشبو (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء

(۳) گل تہہِ خاک " زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: کانٹوں کی خوشبو پر اردو اکادمی اتر پردیش نے انعام دیا۔

فیروز عابد (محمد فیروز الدّین)

والد کا نام: محمد قاسم
تاریخِ پیدائش: ۴ر دسمبر ۱۹۴۳ء، کلکتہ مغربی بنگال
پتہ: بیت القاسم ۱/ایچ ۳/۱۲ پٹوار بگان لین کلکتہ ۷۰۰۰۰۹
تعلیم: بی اے آنرز۔ ایم اے، بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: مدرس اعلیٰ اُڈ برن گورنمنٹ اسکول
تصانیف: (۱) اندھی گلی میں جسم (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۲) نقش برآب " ۱۹۸۵ء

فیض سرحدی (بلونت سنگھ)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲ر جنوری ۱۹۲۴ء پہاڑپور (ڈیرہ اسماعیل خاں۔ پاکستان)
پتہ: ۲۱۷۱۔ سیکٹر ڈی۔ ۲۷۔ چنڈی گڈھ
تعلیم: ایم اے (ہندی و پنجابی) صحافت میں ڈپلوما اور فارسی میں منشی فاضل۔ ہندی میں پربھاکر اور پنجابی میں گیانی۔
مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ ڈائرکٹر، شعبۂ لسانیات (حکومتِ پنجاب)
تصانیف: حمدِ نانک (نظم) ۱۹۷۱ء
اعزازات، انعامات: ۱۹۷۱ء میں حکومتِ پنجاب سے ادبی انعام ملا۔
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۴۳)

فیضی (محمد اشرف الدّین فاروقی)

والد کا نام: محمد عظیم الدّین فاروقی
تاریخِ پیدائش: ۲۵ جمادی الثانی ۱۳۲۵ ھ، قلعہ دھارور (فتح آباد)
پتہ: روبرو تحصیل آفس۔ مستقر ضلع بیڑ (مہاراشٹر) ۴۳۱۱۲۲
تعلیم: منشی فاضل (پنجاب) ادیب کامل (آگرہ) اردو فاضل (حیدرآباد)
ہندی و مراہٹی امتحانات پاس کیے۔
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) دکن کے تاریخی قصّے ۱۳۵۱ ھ
(۲) تاریخی حکایات ۱۳۵۲ ھ
(۳) گلشنِ اخلاق (نظموں کا مجموعہ) ۱۳۵۵ ھ
(۴) مخدوم اولیا ۱۹۶۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب حج بیت اللہ

ق

قادری، ڈاکٹر سیّد احمد

والد کا نام: بدرؔ اورنگ آبادی
تاریخِ پیدائش: ۱۱ ستمبر ۱۹۵۴ء، اورنگ آباد (بہار)
پتہ: مدیر ہفتہ وار "بودھ دھرتی" نیو کریم گنج۔ گیا (بہار) ۸۲۳۰۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو)، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: لکچرر، اردو ڈپارٹمنٹ۔ مدیر اعزازی ہفتہ وار بودھ دھرتی۔

تصانیف: (۱) معرکۂ بے چہرہ لمحے (ادبی معرکہ) ۱۹۸۰ء
(۲) ریزہ ریزہ خواب (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۵ء
(۳) فن اور فنکار (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء
(۴) بہار کا اردو ادب زیرِ طبع
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان (۱۹۸۲ء) نیپال (۱۹۸۳ء)
اعزازات/انعامات: بہار اردو اکادمی سے انعام ملا۔

قادری، عبداللہ ولی بخش

والد کا نام: محمد قوی بخش
تاریخِ پیدائش: ۸ رجون ۱۹۲۷ء، بدایوں (یوپی)
پتہ: اے ۴۴۔ اوکھلا۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۲۵۔۔ ۱۱
تعلیم: ایم اے (فلسفہ) ایم ایڈ۔ ایل ٹی
مشاغل/ملازمت: درس وتدریس (ریڈر، ٹیچرس کالج جامعہ ملیّہ اسلامیہ)
تصانیف: (۱) حسرت کی یاد میں (مرتبہ) ۱۹۵۲ء
(۲) اردو درسی کتب برائے ریاست بمبئی (دوم تا ہفتم) ۱۹۵۸ء
(۳) اردو درسی کتب برائے ریاست میسور (۶ تا ہشتم) ۱۹۶۱ء
(۴) موجودہ تعلیمی مسائل ۱۹۶۵ء
(۵) اردو کی پہلی کتاب (ہندی جاننے والوں کے لیے) ۱۹۸۰ء
(۶) تعلیمی افکار و مسائل ۱۹۸۱ء
(۷) تعلیم کی نفسیاتی اساس (ترجمہ) ۱۹۸۵ء
(۸) نفسیاتِ طفلی " ۱۹۸۵ء
(۹) بچوں کے ذاکر صاحب (مرتبہ) فروری ۱۹۸۷ء

اعزازات، انعامات: تعلیمی افکار و مسائل پر اتر پردیش اردو اکادمی نے انعام دیا۔

قاضی اطہر مبارکپوری (مولانا عبدالحفیظ)

والد کا نام: محمد حسن
تاریخِ پیدائش: ۷ رمئی ۱۹۱۶ء، مبارکپور (ضلع اعظم گڑھ)
پتہ: قاضی منزل، مبارک پور، اعظم گڑھ۔ (۲۷۶۴۰۴)
تعلیم: عالم، فاضل۔
مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف، اور صحافت۔
تصانیف:

(۱) علی و حسین ۱۹۶۰ء
(۲) عرب و ہند عہدِ رسالت میں ۱۹۶۵ء
(۳) مسلمان ۱۹۶۷ء
(۴) ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں ۱۹۶۷ء
(۵) اسلامی ہند کی عظمتِ رفتہ ۱۹۶۹ء
(۶) مآثر و معارف ۱۹۷۱ء
(۷) خلافتِ راشدہ اور ہندوستان ۱۹۷۲ء
(۸) تذکرۂ علمائے مبارکپور ۱۹۷۴ء
(۹) بناتِ اسلام کی علمی و دینی خدمات ۱۹۷۴ء
(۱۰) خلافت امویہ اور ہندوستان ۱۹۷۵ء
(۱۱) دیارِ یورپ میں علم اور علماء ۱۹۷۹ء
(۱۲) خلافتِ عباسیہ اور ہندوستان ۱۹۸۲ء

وغیرہ وغیرہ

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب (۵ بار)، کویت، اردن، شام، مصر، پاکستان (۴ بار)

گھانا (افریقہ) ٹوجو (افریقہ)

اعزازات، انعامات: ۱۹۸۴ء میں صدر جمہوریہ ہند کی طرف سے عربیت اور علمی شغف پر توصیفی سند

(ڈاکٹر) قاضی افضال حسین

والد کا نام: قاضی امداد حسین

تاریخِ پیدائش: ۱۲ر جون ۱۹۴۹ء (اعظم گڈھ)

پتہ: ریڈر شعبۂ اردو، مسلم یونیورسٹی، علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۲

تعلیم: ایم اے ۔ پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: لکچررشپ

تصانیف: (۱) میر کی شعری لسانیات ۱۹۸۳ء

(۲) انتخاب کلامِ میر

اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے انعام ملا۔

٭ (مولانا) قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی

والد کا نام: مولانا قاضی محمد بشیر الدین صدیقی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۰ء، میرٹھ (وفات: ۳۱ر مارچ ۱۹۹۱ء میرٹھ، یوپی)

پتہ: قاضی منزل۔ قاضی اسٹریٹ۔ میرٹھ (یوپی) ۲۵۰۰۰۱۔

تعلیم: فاضل دار العلوم۔ دیوبند۔ فاضل عربی۔ الہ آباد۔

مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف اور ماہنامہ الحرم (میرٹھ) کی ادارت

تصانیف: (۱) مفتاح النحو (نحو عربی پر ایک رسالہ) ۱۹۳۰ء

(۲) انتخاب صحاح ستہ (احادیث) ۱۹۳۵ء

(۳) موجِ نیل (ترجمہ مضامین منفلوطی مصری) ۱۹۴۰ء

(۴) نبیِ عربی (مختصر سیرت پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم) ۱۹۴۰ء

(۵) خلافتِ راشدہ (تاریخ اسلام) ۱۹۴۲ء

(۶) خلافت بنی امیہ // ۱۹۴۳ء

(۷) کلام عربی (حصہ اوّل و دوم) ۱۹۴۴ء

(۸) بیان اللسان (عربی۔اردو ڈکشنری) ۱۳۶۸ھ

(۹) قاموس القرآن (الفاظ قرآنی کی مختصر انسائیکلوپیڈیا) ۱۳۷۳ھ

(۱۰) سیرتِ طیبہ (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت) ۱۳۸۷ھ

(۱۱) اخلاقِ نبوی (اخلاقی حدیثیں معہ تشریح ضروری) ۱۳۹۷ھ

(۱۲) شہیدِ کربلا (تاریخ و مذہب کی روشنی میں) ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک: سعودی عرب، پاکستان

اعزازات انعامات: سند اعزازی برائے ممتاز فضلاء عربی از صدر جمہوریہ ہند (۱۹۸۰ء)

٭ (مولانا) قاضی سجّاد حسین

والد کا نام: قاضی حکیم شمشاد حسین

تاریخِ پیدائش: ۴ر نومبر ۱۹۱۰ء، کرت پور، بجنور۔ (وفات: ۲۴ر دسمبر ۱۹۹۰ء دہلی میں)

پتہ: ۲۱۱۵۔ احاطہ کالے صاحب۔ گلی قاسم جان۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: فاضل دیوبند۔ مولوی۔ عالم۔ فاضل ادب (الہ آباد بورڈ) مولوی فاضل و منشی فاضل (پنجاب یونیورسٹی)

مشاغل/ملازمت: تصنیف و تالیف

تصانیف: (۱) التوشیحات شرح سبع معلقات (ترجمہ) ۱۳۵۷ھ

(۲) گلستانِ سعدی "

(۳) بوستانِ سعدی "

(۴) اخلاقِ محسنی "

(۵) دیوانِ حافظ شیرازی "

(۶) مثنوی مولانا روم "

(۷) سراج البدایہ (مرتبہ)

(۸) ملفوظات مخدوم جہانیاں جہاں گشت (مرتبہ)

(۹) جامع العلوم (مرتبہ)

(۱۰) گلستان (فارسی/اردو میں حواشی) مرتبہ

(۱۱) بوستاں " "

(۱۲) مالا بدمنہ " "

(۱۳) پندنامہ " "

(۱۴) گلزار دبستاں " "

(۱۵) حمد باری " "

"فتاویٰ تاتارخاں" فقہ حنفی پر بین الاقوامی شہرت کی کتاب ہے، وزارت تعلیم حکومت ہند کے خرچ پر ترتیب دی جارہی ہے اب تک تین جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: حجاز (سعودی عرب) ایران۔ ترکی۔ مصر۔ عراق۔ پاکستان۔

اعزازات/انعامات: صدر جمہوریہ ہند کا اعزاز اور سرٹیفکٹ برائے فارسی۔

قاضی غلام صابر قدیری سندیلوی

والد کا نام: مولوی اعظم علی
تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۲۴ء، موضع سرسنڈ (ضلع ہردوئی۔یوپی)
پتہ: ۴۶۱/۸۷ رام گنج۔حسین آباد۔لکھنؤ ۔ ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: ایم اے (اردو) کامل (الہ آباد) ادیب کامل (جامعہ اردو) اردو ایڈوانس۔
مشاغل، ملازمت: ناردرن ریلوے پنشنر
تصانیف: (۱) سی پارۂ دل ۱۹۸۴ء
(۲) دامنِ محبوب ۱۹۸۶ء
(۳) سازِ سخن زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ سے ۱۹۸۴ء میں انعام ملا۔

قاضی فضل رب

والد کا نام: قاضی محمد مبین کنعانی
تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۲۴ء، موضع واسع درگاہ (ضلع بستی۔یوپی)
پتہ: مہتمم آستانہ فردوسیہ موضع وڈاکخانہ واسع درگاہ براہ بیارہ۔ ضلع بستی۔یوپی۔
تعلیم: اردو اعلیٰ قابلیت، گریجویٹ اِن آرٹ
مشاغل، ملازمت: معلمی گورنمنٹ انٹر کالج و ٹریننگ کالج
تصانیف: موتی کے دانے (کہانیوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء

قاضی محمد اطہر فاروقی

والد کا نام: قاضی محمد احمد
تاریخِ پیدائش: ۸ر جنوری ۱۹۶۷ء، آڑہہ (ضلع بلند شہر)
پتہ: ۲۷۱ رسالداران سکندر آباد ضلع بلند شہر (یوپی) ۲۰۳۲۰۵
تعلیم: ایم اے۔ ڈپلوما ان کمپیوٹر سائنس، ڈپلوما ان ماس میڈیا۔
مشاغل، ملازمت: صحافت
تصانیف: مخمور سعیدی — ایک مطالعہ ۱۹۸۶ء

قاضی محمد انیس الحق

والد کا نام: قاضی محمد عمر
تاریخِ پیدائش: ۳۰ر ستمبر ۱۹۴۴ء، ۱۱ر شوال ۱۳۶۳ھ، شہر بنگلور
پتہ: ۱/۵ ملّرس روڈ۔ بنگلور۔ ۵۶۰۰۴۶
تعلیم: ایم اے (اردو) وَن کیٹشور یونیورسٹی۔ ترو پتی
مشاغل، ملازمت: اسٹیشن ڈائرکٹر۔ آل انڈیا ریڈیو۔ شہر جودھپور۔ ۳۴۴۰۰۶ راجستھان۔
تصانیف: (۱) ڈاکٹر عابد حسین کے مضامین میں طنز و مزاح ۱۹۷۶ء
(۲) سب رس جدید اردو میں ۱۹۸۲ء
(۳) نفوسِ برگزیدہ زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: دونوں کتابوں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۷ء اور ۱۹۸۳ء میں انعامات ملے۔

قدوائی، ابرارالرحمٰن

والد کا نام: انوارالرحمٰن قدوائی
تاریخِ پیدائش: ۲۰ / اپریل ۱۹۲۴ء
پتہ: ۵۲۶ - مٹیا محل- ڈاکخانہ جامع مسجد دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے (معاشیات) . بی کام
مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر سیلس ٹیکس، دہلی انتظامیہ
تصانیف: (۱) نئے دھندھے (ڈرامے) ۱۹۵۷ء
(۲) تصویرِ خیال " ۱۹۶۸ء
(۳) الجھنیں آپ کی (طنزیہ خطوط) زیرِ طبع
بیرونی ممالک کا سفر: لندن، سوئزرلینڈ، پیرس، سعودی عرب، پاکستان۔

قدوائی، پروفیسر صدیق الرحمٰن

والد کا نام: شفیق الرحمٰن قدوائی
تاریخِ پیدائش: ۲۰ / ستمبر ۱۹۳۶ء
پتہ: ۲۷۱ - جامعہ نگر- نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے (اردو- سیاسیات) علیگ . پی ایچ ڈی (دہلی یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر سینٹر آف انڈین لینگویجیز- جواہرلال نہرو یونیورسٹی نئی دہلی۔
تصانیف: (۱) ماسٹر رام چندر ۱۹۶۱ء
(۲) مکاتیب مظہرالحق (ترتیب و پیش لفظ) ۱۹۶۵ء
(۳) انتخاب اکبر الٰہ آبادی (مرتبہ) ۱۹۷۰ء

(۴) فسانۂ مبتلا (ڈپٹی نذیر احمد/ مرتبہ) ۱۹۷۱ء
(۵) گل کرسٹ اینڈ دی لینگویج آف ہندستان ۱۹۷۲ء
(انگریزی)
(۶) اسکولوں میں نصاب کے مسائل (مرتبہ)
بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان، فرانس۔ مغربی جرمنی۔ ہالینڈ۔ سوئٹزرلینڈ۔ اٹلی

قدوائی، ڈاکٹر محمد سالم

والد کا نام: مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر نومبر ۱۹۳۸ء، لکھنؤ
پتہ: بیت الفرح، ثمینہ لاج۔ سرسید نگر۔ علی گڑھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۲
تعلیم: بی اے (جامعہ) ایم اے، پی ایچ ڈی (علیگ)
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس، ریڈر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
تصانیف: (۱) ہندوستانی مفسّرین اوران کی عربی تفسیریں ۱۹۷۳ء
(۲) علمِ حدیث اور چند اہم محدثین ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: دونوں کتابوں پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

قدوائی، محمد عامر

والد کا نام: مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی
تاریخِ پیدائش: ۱۹۵۰ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: محمد پور (تھولینڈی) ضلع رائے بریلی (یوپی)
تعلیم: بی اے۔

مشاغل؍ملازمت: ملازمت اتر پردیش کوآپریٹیو فیڈریشن۔ لکھنؤ
تصانیف: منظر منظر (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۶ء

قدوائی، ڈاکٹر محمد ہاشم

والد کا نام: عبدالمجید
تاریخِ پیدائش: ۳۱ر مارچ ۱۹۲۱ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: ۵۔ ونڈسر پلیس۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۱
تعلیم: ایم اے (سیاسیات) لکھنؤ یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی مسلم یونیورسٹی
مشاغل؍ملازمت: ممبر راجیہ سبھا (اپریل ۱۹۸۴ء سے)
تصانیف: (۱) جمہوریۂ ہند کا دستورِ اساسی ۱۹۶۹ء
(۲) دنیا کی حکومتیں ۱۹۶۱ء
(۳) تاریخ افکارِ سیاسی ۱۹۶۴ء
(۴) مبادی علم مدنیت
(۵) مبادی سیاسیات (تیسرا ایڈیشن) ۱۹۷۱ء
(۶) یورپ کے عظیم سیاسی مفکرین ۱۹۷۷ء
(۷) جدید سیاسی فکر (بہ اشتراک انوار الحق حقی) ۱۹۸۱ء
(۸) مکتوباتِ ماجدی جلد اول (مرتبہ) ۱۹۸۲ء
(۹) جدید ہندوستان کے سماجی افکار ۱۹۸۵ء
(۱۰) مکتوباتِ ماجدی جلد دوم (مرتبہ) زیرِ طبع
اعزازات؍انعامات: یورپ کے عظیم سیاسی مفکرین، پر اتر پردیش اردو اکادمی نے ۱۹۷۹ء میں انعام دیا۔

قدوائی، وسیم بانو

والد کا نام: آر۔ ایچ قدوائی

تاریخِ پیدائش: ۲ر فروری ۱۹۳۵ء، مقام بارہ بنکی (یوپی)

پتہ: گلی نمبر ۲۔ متصل سلطانیہ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول۔ خواص پورہ شاہجہاں آباد۔ بھوپال (مدھیہ پردیش)

تعلیم: بی اے (بی ایڈ)

مشاغل، ملازمت: ٹیچر کیمبرج ہائر سیکنڈری اسکول۔ بھوپال۔

تصانیف:

(۱) آنسو ہی ملے — ۱۹۶۶ء
(۲) کھوئی ہوئی جنّت — ۱۹۶۷ء
(۳) جگمگاتے اندھیرے — ۱۹۶۹ء
(۴) غبار کے پیچھے — ۱۹۷۰ء
(۵) سہانی آنچ — ۱۹۷۱ء
(۶) نفرت کی آندھی — ۱۹۷۱ء
(۷) معصوم گناہ — ۱۹۷۱ء
(۸) سیما — ۱۹۷۲ء
(۹) سنہرا سنگم — ۱۹۷۲ء
(۱۰) خاموش آہ — ۱۹۷۳ء
(۱۱) الجھی راہیں — ۱۹۷۴ء
(۱۲) احساس کی جھنکار — ۱۹۷۵ء
(۱۳) آندھی کا گیت — ۱۹۷۸ء
(۱۴) خرّم — زیرِ طبع

یہ سب کی سب ناول ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب (برائے حج)
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ سے "سنہرا سنگم" پر ۱۹۷۳ء میں انعام
اور راجیہ ساہتک کار ملا۔

قدیر امتیاز (محمد عبدالقدیر)

والد کا نام: حاجی محمد عبداللہ
تاریخِ پیدائش: یکم دسمبر ۱۹۴۲ء، موڑ تاڑ حیدرآباد (دکن)
پتہ: پروفیسر آف اردو گورنمنٹ کالج چکمگلور (کرناٹک) ۵۷۷۱۰۱
تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: پروفیسر گورنمنٹ کالج چکمگلور (کرناٹک) ۵۷۷۱۰۱
تصانیف: (۱) رعنا (ناول) ۱۹۷۱ء
(۲) اقبال اور عظمتِ آدم (ایک تقابلی مطالعہ) ۱۹۷۶ء
(۳) تقابل و تجزیہ (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۲ء
اعزازات، انعامات: "اقبال اور عظمت آدم" پر اتر پردیش اردو اکادمی اور آندھرا پردیش
اردو اکادمی سے انعامات ملے "تقابل اور تجزیہ" پر کرناٹک اردو
اکادمی نے ایوارڈ دیا۔

قدیر زماں (محمد عبدالقدیر)

والد کا نام: شیخ مدار
تاریخِ پیدائش: ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء، ضلع کریم نگر (حیدرآباد)
پتہ: ۱۶-۱۰-۴۹ ملک پیٹ۔ حیدرآباد (آندھرا پردیش) ۵۰۰۰۳۶

تعلیم: ایم کام، ایل ایل بی۔ ایچ۔ڈی سی
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) رات کا سفر (افسانے) ۱۹۷۶ء
(۲) پنجرہ کا آدمی (ڈرامے) ۱۹۸۱ء
(۳) ایڈی پیس (ترجمہ) ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: نیپال
اعزازات، انعامات: یوپی اردو اکادمی، آندھرا پردیش اردو اکادمی سے ان تینوں کتابوں پر انعامات ملے (یوپی سے صرف 'رات کا سفر' پر)۔

قریشی، ڈاکٹر حافظ محمد نسیم

والد کا نام: محمد اسحاق
تاریخِ پیدائش: ۱۲ مارچ ۱۹۴۴ء، ردولی
پتہ: ۱۳۴/۲۵۲ بشیرت گنج۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: ایم اے (انگریزی۔ عربی) پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: انگریزی لکچرر۔ امیرالدولہ اسلامیہ انٹر کالج۔ لکھنؤ۔
تصانیف: دنیا میں اسلام اور مسلمان ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: ۱۹۸۶ء میں اردو اکادمی اترپردیش سے انعام ملا۔

قمر رئیس (پروفیسر مصاحب علی خاں)

والد کا نام: عبدالعلی خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۲ جولائی ۱۹۳۲ء (شاہجہاں پور۔ یوپی)

پتہ: سی۔ ۱۴۴۔ وویک وہار۔ دہلی ۱۱۰۰۳۲

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (لکھنؤ یونیورسٹی و مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)

مشاغل/ملازمت: پروفیسر۔ دہلی یونیورسٹی

تصانیف: (۱) پریم چند کا تنقیدی مطالعہ بحیثیت ناول نگار ۱۹۵۹ء

(۲) مضامینِ پریم چند (مرتبہ مع مقدمہ) ۱۹۶۰ء

(۳) پریم چند — شخصیت اور کارنامے (مرتبہ مضامین)

(۴) تلاش و توازن (تنقیدی مضامین) ۱۹۶۸ء

(۵) ترجمہ کا فن اور روایت (مرتبہ مضامین اور مقدمہ) ۱۹۷۱ء

(۶) ہندوستانی ادب پر اکتوبر انقلاب کا اثر (انگریزی) مرتبہ ۱۹۷۸ء

(۷) تنقیدی تناظر (تنقیدی مضامین) ۱۹۸۰ء

(۸) رتن ناتھ سرشار (سوانح) ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: سوویت یونین، افغانستان، انگلینڈ، امریکہ، کناڈا وغیرہ،

اعزازات/انعامات: اردو اکادمیوں اور میر اکادمی لکھنؤ سے انعامات ملے۔

قمر مرادآبادی (سراج الحق)

والد کا نام: ضیاء الحق

تاریخِ پیدائش: ۵ راگست ۱۹۱۰ء، مراد آباد (یوپی)
پتہ: محلہ قاضی ٹولہ۔ مراد آباد (یوپی) ۲۴۴۰۰۱
تعلیم: اردو۔ فارسی
مشاغل، ملازمت: خدمتِ اردو ادب وزیبائشِ حسنِ غزل
تصانیف: (۱) ماہِ تمام (غزلوں اور نظموں کا مجموعہ) ۱۹۶۲ء
(۲) شعورِ غم 〃 〃 〃 ۱۹۷۱ء
(۳) کلیاتِ قمر 〃 〃 〃 ۱۹۷۳ء
(۴) معراجِ داغ (داغ دہلوی کی زندگی اور شاعری) ۱۹۷۶ء
(۵) روحِ اصغر (اصغر گونڈوی کی زندگی اور شاعری) ۱۹۷۷ء
(۶) آئینۂ سکندر (جگر مرادآبادی کی زندگی اور شاعری) ۱۹۷۹ء
(۷) شاخِ گل (غزلوں اور نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۸) گلستانِ غزل (منتخب غزلوں اور نظموں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

(ڈاکٹر) قیصر جہاں

پتہ: لکچرر شعبۂ اردو۔ ویمنس کالج۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے اردو (آگرہ یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی (۱۹۶۹ء) مسلم یونیورسٹی علی گڈھ
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو
تصانیف: اردو گیت (تحقیقی مقالہ) ۱۹۷۷ء
اعزازات، انعامات: ۱۹۷۸ء میں اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

* قیصر حیدری دہلوی (نور احمد)

والد کا نام: بشیر احمد
تاریخ پیدائش: ۱۷ جون ۱۹۲۸ء، محلہ شاہ گنج۔ دہلی (وفات: ۹ فروری ۱۹۹۲ء دہلی)
پتہ: ۱۵۳۴۔ گلی قاسم جان۔ دہلی ۶-۱۱۰۰۰ (نیو پبلک پریس)
خط و کتابت کا پتہ: ۲۴ ۲۲۔ بازار چتلی قبر دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: بارہویں کلاس۔
مشاغل، ملازمت: شاعری۔ پامسٹری (اب ملازمت کے قابل نہیں۔ پہلے کتابت میرا شغل ملازمت تھا)
تصانیف: (۱) موجیں (معرّیٰ شاعری) ۱۹۷۰ء
(۲) تلافی (مجموعۂ اشعار۔ انتخاب) ۱۹۷۴ء
(۳) خطِ غبار (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۸۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، ۱۹۸۵ء میں
اعزازات، انعامات: وظیفہ اردو اکادمی دہلی سے ۸۴/۱۹۸۳ — ۸۵/۱۹۸۴ء امتیاز میر
آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ ۱۹۸۵ء

قیصر زیدی تِسّوی (سید محمد قیصر زیدی)

والد کا نام: سید شبیہ الحسن
تاریخ پیدائش: ۳۱ مئی ۱۹۴۱ء، ہاپوڑ (میرٹھ)
پتہ: ۱۷ فرسٹ فلور چھتہ علی رضا میرٹھ شہر (یوپی) ۲۵۰۰۰۱
تعلیم: ہائی اسکول ۱۹۵۶ء الہ آباد بورڈ، ادیب ماہر و ادیب کامل جامعہ اردو علی گڑھ
بی ٹی سی
مشاغل، ملازمت: اردو معلّم

تصانیف : جادۂ غزل ۱۹۸۶ء

قیصر سرمست (سید قیصر صلاح الدین)

والد کا نام: تمکین سرمست

تاریخِ پیدائش: "صحیح طور پر معلوم نہیں اس لیے غلط لکھ کر دھوکا دینا نہیں چاہتا۔" حیدر آباد

پتہ: شوکت منشن، یاقوت پورہ، حیدر آباد - ۵۰۰۰۲۳

تعلیم: فائن آرٹس میں پانچ سالہ ڈپلوما - جی ڈی ایف اے

مشاغل/ملازمت: سرورق کے ڈیزائین بنانا، مضامین اور کتابیں لکھنا۔ ایک پرائیویٹ کمپنی میں ویثر و لائنرر کی حثیت سے کام کر رہا ہوں۔

تصانیف: (۱) سورج سے جراثیم تک (سائنسی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۰ء

(۲) جنگل کا سرمایہ (جانوروں پر ۱۳ مضامین) ۱۹۸۲ء

(۳) حیوانیات (بچوں کے لیے) ۱۹۸۴ء

(۴) سائنس پر مبنی چند سوال (سائنس پر سوال و جواب کی صورت میں مضامین) ۱۹۸۶ء

دیگر کتب:

(۱) اولین پرسش نماز بود

(۲) حضرت امیر خسرو

(۳) یادِ ماضی (شخصیات)

(۴) رینگنے والے جانور

(۵) انسانی جسم کا معجزاتی نظام

(۶) چند بڑے اور طاقتور جانور

(۷) چیزیں کیسے بنتی ہیں

اعزازات، انعامات: سورج سے جراثیم تک' پر یوپی اردو اکادمی اور اے پی اردو اکادمی نے 'جنگل کا سرمایہ' پر اردو اکادمی یوپی نے اور 'حیوانیات' پر بہار اردو اکادمی نے انعامات دیے۔

* قیصر زیدی (سید ابوالکاظم زیدی)

والد کا نام : سید ابن حسن زیدی

تاریخ پیدائش: ۱۳ر مارچ ۱۹۱۳ء (وفات: ۳۰ر جون ۱۹۸۷ء جامعہ نگر، نئی دہلی ۲۵)

پتہ: اولڈ بوائز لاج۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۲۵۔۔۱۱

تعلیم: ایم اے (اردو) آگرہ یونیورسٹی۔ ۱۹۴۵ء

مشاغل و ملازمت: جامعہ ملیہ اسلامیہ، مدرسہ ثانوی اکتوبر ۱۹۴۳ء استادوں کا مدرسہ ۱۹۴۶ء۔ کالج ۱۹۴۸ء۔ ریٹائرڈ ۱۶ر جولائی ۱۹۷۶ء

تصانیف: (۱) انٹی گونی : یونانِ قدیم کا عظیم ادب پارہ از سوفوکلیز (ترجمہ) ۱۹۸۴ء

(۲) انگبین (انتخابِ کلام/ تقدیم: عقیل الغروی) ۱۹۸۷ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۵۲ء اور ۱۹۵۹ء میں دو مرتبہ پاکستان کا سفر کیا۔

اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر دہلی، یوپی اور مغربی بنگال کی اردو اکادمیوں سے انعامات ملے۔

قیصر، ڈاکٹر سید مصباح الحسن

والد کا نام : سید شوکت علی

تاریخِ پیدائش: ۱۳ ؍ اکتوبر ۱۹۴۰ء، موضع منور (ضلع بریلی۔ یوپی)
پتہ: ۵/۲۳۔ بلوچ پورہ کالونی۔ لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: ایم اے (اردو) ۱۹۶۰ء بریلی کالج بریلی۔ پی ایچ ڈی (۱۹۷۶ء)
مسلم یونیورسٹی۔
مشاغل، ملازمت: لکچرر اردو
تصانیف: (۱) اردو طنز وظرافت اور منشی سجاد حسین ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۸۹)

قیصر قاسمی (حکیم مولانا محمد مصطفیٰ)

والد کا نام: حاجی حافظ قاری غلام رسول بلیاوی
تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۵ء، تیلنی پاڑہ، ہگلی (مغربی بنگال)
پتہ: حامی دواخانہ۔ تیلنی پاڑہ، ہگلی (مغربی بنگال)
تعلیم: تکمیل الطب (لکھنؤ) فاضل دارالعلوم دیوبند۔ ایم ایس پی (پنجاب)
مشاغل، ملازمت: تصنیف وتالیف، حکمت۔
تصانیف:
(۱) شہیدِ اعظم کا پیغام ۱۹۷۱ء
(۲) نعتِ مصطفیٰؐ ۱۹۷۳ء
(۳) عظمتِ رمضان ۱۹۷۵ء
(۴) شہیدِ کربلا ۱۹۷۸ء
(۵) خلفاءِ اربعہؓ (منظوم) ۱۹۷۸ء
(۶) وفات النبیؐ ۱۹۷۹ء
(۷) اصلی جہیز ۱۹۸۲ء

(۸) مجموعۂ چہل حدیث شریف ۱۹۸۶ء

قیوم صادق (ڈاکٹر شیخ محمد عبدالقیوم صادق)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۶ر جون ۱۹۴۷ء، تعلقہ احمد پور (ضلع عثمان آباد۔ مہاراشٹر)
پتہ: شعبۂ اردو و فارسی۔ گلبرگہ یونیورسٹی۔ گلبرگہ
تعلیم: ایم اے (اردو) مرہٹواڑہ یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی۔ (بمبئی یونیورسٹی)۔
مشاغل، ملازمت: اردو لکچرر
تصانیف: (۱) اردو ادب میں تنقید کی اہمیت
(۲) اردو زبان کا مذہبی ورثہ
(۳) دکنی غالب ملا وجہی
(۴) بیجاپور کی اردو مثنویاں ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: چوتھی کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی نے ۱۹۸۰ء میں انعام دیا۔
(دستاویز، صفحہ ۲۹۰)

ک

کاظم علی خاں (مرزا محمد کاظم علی خاں)

والد کا نام: نواب مرزا محمد زکی علی خاں زکیؔ
تاریخِ پیدائش: ۵ جولائی ۱۹۲۸ء (سرٹیفکٹ کے مطابق)
پتہ: ۲.۱ وکٹوریا اسٹریٹ لکھنؤ ۲۲۶۰۰۳
تعلیم: ایم اے، بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: ادبی مشاغل۔ لکچرر شعبۂ اردو شیعہ کالج لکھنؤ۔
تصانیف:
(۱) اردو مرثیہ اور مرزا دبیر ۱۹۶۵ء
(۲) انتخابِ نفیس ۱۹۶۵ء
(۳) تنقیدی تجزیے ۱۹۷۲ء
(۴) غزلیاتِ میرؔ کا تنقیدی جائزہ ۱۹۷۲ء
(۵) مطالعۂ تاریخ ادبِ ہندی ۱۹۷۳ء
(۶) مقدس نکلس (رائیڈر ہیگرڈ کے ناول کا ترجمہ) ۱۹۷۳ء
(۷) تلاشِ دبیر ۱۹۷۹ء
(۸) خطوطِ غالبؔ کا تحقیقی مطالعہ ۱۹۸۱ء
(۹) انتخابِ صباؔ ۱۹۸۲ء
(۱۰) انتخابِ جوشؔ تری ۱۹۸۳ء
(۱۱) ادبی مقالے ۱۹۸۳ء
(۱۲) سائنس اور سماج ۱۹۸۳ء

(۱۳) انتخاب غزلیاتِ ناسخ ۱۹۸۴ء

(۱۴) جوشؔ شناسی ۱۹۸۶ء

اعزازات انعامات: نمبر ۳ - ۵ - ۷ - ۸ - ۱۱ پر یوپی اردو اکادمی سے اور نمبر ۱۳ پر مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعامات ملے۔ ۱۹۸۵ء میں آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ سے اعزاز ملا۔

کاظمی، سیّد زائر حسین

والد کا نام: سیّد آلِ حسن کاظمی آسیؔ

تاریخِ پیدائش: ۲۲ اپریل ۱۹۳۱ء، تلگڈیا بزرگ۔ ضلع بستی۔ (یوپی)

پتہ: تلگڈیا بزرگ۔ ضلع بستی (یوپی)

تعلیم: بی اے

مشاغل، ملازمت: ایڈیشنل ڈسٹرکٹ کوآپریٹیو آفیسر

تصانیف: (۱) صحیفہ (یادگارِ صفیؔ) ۱۹۷۴ء

(۲) خطوطِ بیخودؔ ۱۹۷۷ء

(۳) منظوماتِ صفیؔ (حصّہ اوّل) ۱۹۷۷ء

(۴) انتخابِ صفیؔ ۱۹۸۳ء

(منثوراتِ صفیؔ (صفیؔ لکھنوی کا نثری مجموعہ) زیرِ طبع

* کامل قریشی (ڈاکٹر فضل حق قریشی)

والد کا نام: عبدالحق قریشی

تاریخِ پیدائش: ۹ اپریل ۱۹۳۵ء، دہلی (وفات ہوگئی)

پتہ: ۷۶۶۲ - گلی شیخ صاحب، قریش نگر، صدر بازار، دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی
مشاغل ملازمت: استاد، شعبۂ اردو، کروڑی مل کالج، دہلی یونیورسٹی، دہلی ۱۱۰۰۰۷
تصانیف: (۱) فراقؔ گورکھپوری (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۶۷ء
(۲) ماہِ کامل (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۰ء
(۳) دیوانِ آثر (ترتیب و تدوینِ کلام معہ مقدمہ و حواشی)
تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی)
(۴) اسرارِ بیخود (انتخاب کلام بیخود دہلوی ۱۹۷۸ء
مع حیات و خدمات)
(۵) شاعر کا لہو (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۸۲ء
(۶) اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب ۱۹۸۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب ۱۹۸۳ء برائے حج بیت اللہ و زیارت حرمین شریفین۔

کامل منصوری (حاجی رمضان منصوری)

والد کا نام: شیخ امیر منصوری
تاریخِ پیدائش: ۲۲ جنوری ۱۹۲۰ء، دھولیہ
پتہ: نئی جھوپڑ پٹی۔ کھیتیا روڈ۔ مقابل پھاٹک قبرستان۔ ڈاکخانہ۔ شہادہ
ضلع دھولیہ (مہاراشٹر) ۴۲۵۴۰۹
تعلیم: اسکول کی سطح پر اردو اور مراٹھی کی تعلیم حاصل کی
مشاغل، ملازمت: ضلع پریشد کی کلرکی سے ریٹائر ہوئے اور اب اصلاح سخن خصوصی مشغلہ ہے۔
تصانیف: متاعِ ہنر (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

(ڈاکٹر) کرامت علی کرامت

والد کا نام: مولوی رحمت علی رحمت

تاریخ پیدائش: ۲۳ ستمبر ۱۹۳۶ء، بمقام اڑیا بازار۔ کٹک (اڑیسہ)

پتہ: پروفیسر و صدر شعبۂ ریاضی۔ کھلی کوٹ کالج۔ برہم پور گنجام۔ (اڑیسہ۔ ۷۶۰۰۰۱)

تعلیم: ایم ایس سی (علم ریاضی) اتکل یونیورسٹی۔ پی ایچ ڈی (ریاضی) سمبل پور یونیورسٹی۔

مشاغل/ملازمت: درس و تدریس / پروفیسر و صدر شعبۂ ریاضی۔ کھلی کوٹ کالج۔ برہم پور (اڑیسہ) اور دوماہی "شاخسار" کا مدیر اعزازی۔

تصانیف:
(۱) آبِ خضر (شعرائے اڑیسہ کا تذکرہ) ۱۹۶۳ء
(۲) شعاعوں کی صلیب (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء
(۳) اضافی تنقید (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۷۷ء
(۴) لفظوں کا آسمان (اڑیا نظموں کا ترجمہ) ۱۹۸۴ء

اعزازات/انعامات: "شعاعوں کی صلیب" اور "اضافی تنقید" پر یوپی اردو اکادمی سے ۱۹۷۳ء ۱۹۷۸ء میں انعامات ملے اور میرا اکادمی لکھنؤ سے انعام و سند ۱۹۸۵ء میں۔

کرشن موہن

والد کا نام: گنپت رائے شاکر

تاریخ پیدائش: ۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء

پتہ: ۱۵۸ پُشپانجلی اندر پرستھ ایکسٹنشن II دہلی۔ ۱۱۰۰۹۲۔

تعلیم: ایم اے (انگریزی ادب)، منشی فاضل

مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر انکم ٹیکس، نئی دہلی۔

تصانیف:

(۱) شبنم شبنم	(شعری مجموعہ)	۱۹۶۰ء
(۲) تماشائی	"	۱۹۶۰ء
(۳) نگاہِ ناز	"	۱۹۶۱ء
(۴) دلِ ناداں	"	۱۹۶۲ء
(۵) آہنگِ وطن	"	۱۹۶۳ء
(۶) غزال	"	۱۹۶۸ء
(۷) کونپل کونپل	"	۱۹۶۹ء
(۸) شیرازۂ مژگاں	"	۱۹۷۱ء
(۹) بیراگی بھونرا	"	۱۹۷۲ء
(۱۰) گیان مارگ کی نظمیں	"	۱۹۷۴ء
(۱۱) ہرجائی تیری خوشبو	"	۱۹۷۴ء
(۱۲) من کے منکے	"	۱۹۷۶ء
(۱۳) کوئے ملامت	"	۱۹۷۶ء
(۱۴) کفرستان	"	۱۹۷۷ء
(۱۵) کرشن موہن کی شاعری (اردو اور ہندی میں)		۱۹۸۵ء

ان کے علاوہ کچھ شعری مجموعے اور غزلوں کے انتخابات ہیں، نیز دو مجموعے "پیاس میری کلپنا کی" اور "دھوپ میری کامنا کی" ہندی رسم الخط میں ہیں۔ کل کتابیں ۲۱ ہیں۔

اعزازات، انعامات: آل انڈیا ہندی اردو سنگم ایوارڈ (لکھنؤ ۱۹۷۰) اردو اکادمی یوپی کے دو انعام، ہمدرد ایوارڈ دہلی۔ وزارتِ تعلیم مرکزی سرکار کا ایوارڈ، ساہتیہ کلا پریشد دہلی کا اردو انعام۔

کشفی لکھنوی

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۷؍جنوری ۱۹۲۱ء، لکھنؤ
پتہ: شاہی مسجد۔ راج بھون۔ سروجنی نائیڈو مارگ۔ لکھنؤ
تعلیم: درجہ پنجم تک
مشاغل، ملازمت: امامت اور شعر و شاعری
تصانیف: (۱) سازو نغمہ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۱ء
(۲) چراغِ حرم (نعتیہ کلام کا مجموعہ)
(۳) عرش "
اعزازات، انعامات: پہلے مجموعے پر ۱۹۷۲ء میں اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(دستاویز، صفحہ ۲۹۲)

(ڈاکٹر) کشور سلطان

والد کا نام: محمد سعید خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۰؍ستمبر ۱۹۵۰ء، بھوپال
پتہ: ۸/۴ موتی طویلہ نمبر ۲۔ اندور (ایم پی) ۴۵۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے۔ بی ایڈ۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اردو (گورنمنٹ گرلس پوسٹ گریجویٹ کالج۔ اندور)
تصانیف: (۱) واردات پر ایک نظر ۱۹۷۳ء

(۲) جان نثار اختر۔ حیات و فن ۱۹۷۷ء

اعزازات، انعامات: مدھیہ پردیش اردو اکادمی بھوپال سے امیر خسرو ایوارڈ

کشوری منچندہ (کے۔ ایل۔ منچندہ/کشوری لعل منچندہ)

والد کا نام: بڈھامل منچندہ/ بی ایم منچندہ

تاریخِ پیدائش: ۲ / مارچ ۱۹۲۹ء، جموّں

پتہ: ۵-۱۰۔ پرتاپ گڑھ، جموّں (توی)

تعلیم: ایم۔ اے (اردو) بی ایڈ

مشاغل/ ملازمت: اخبار نویسی، افسانہ نگاری

تصانیف: (۱) اور بھی غم ہیں زمانے میں محبّت کے سوا ۱۹۶۷ء (افسانوی مجموعہ)

(۲) ہرے پودے بنجر زمین " ۱۹۶۸ء

(۳) سڑک انصاف کرتی ہے " ۱۹۷۱ء

(۴) احساس کے گھاؤ " ۱۹۷۸ء

(۵) شکستِ آرزو " ۱۹۸۰ء

(۶) تلون کا کرب " ۱۹۸۲ء

(۷) کہرے کی وادی " ۱۹۸۶ء

کفیل دھام پوری

والد کا نام: حافظ بشیر احمد نصرت قریشی

تاریخِ پیدائش: یکم مارچ ۱۹۴۳ء، دہرہ دون

پتہ : اسٹیشن روڈ ۔ دھام پور۔ ضلع بجنور (یوپی)
تعلیم : عربی و فارسی گھریلو۔ ادیب ۔ ہائی اسکول
مشاغل، ملازمت: ٹیلر ماسٹری
تصانیف : (۱) ساتھی نہ کوئی منزل (ناول) ۱۹۶۴ء
(۲) دُھند لکے (شعری مجموعہ) ۱۹۷۸ء

* کلام حیدری

والد کا نام :
تاریخِ پیدائش: ۰ ۳ ۱۹ء، رانکٹر، مونگیر، بہار۔ (وفات: ۲رفروری ۱۹۹۴ء بہ مقام گیا، بہار)
پتہ: کلچرل اکادمی ۔ جگجیون روڈ. گیا (بہار) ۸۲۳۰۰۱
تعلیم: ایم اے (پٹنہ کالج پٹنہ) ۱۹۵۲ء
مشاغل، ملازمت: صحافت (ادارت ماہنامہ 'آہنگ'، گیا)
تصانیف: (۱) بے نام گلیاں (افسانے) ۱۹۵۵ء
(۲) صفر // ۱۹۷۴ء
(۳) الف ۔ لام ۔ میم // ۱۹۷۹ء
(۴) مزامیر (ادبی تنقید) ۱۹۷۹ء
(۵) فرازِ دار (ادبی، سماجی و سیاسی مضامین) ۱۹۷۹ء
(۶) برملا (ادبی تبصرے) ۱۹۸۰ء
اعزازات، انعامات: 'صفر' پر ۱۹۷۴ء میں اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۶۹۳)

کلیم سرونجی (ولی اللہ خاں)

والد کا نام: حافظ امیر اللہ خاں

تاریخِ پیدائش: ۹ ربیع الاوّل ۱۳۴۰ھ، سرونج (ایم پی)

پتہ: 5/113 گاندھی نگر بھوپال (ایم پی) ۴۶۲۰۳۶

تعلیم: اردو ۔ فارسی (مکتبی)

مشاغل، ملازمت:

تصانیف: (۱) ورق ورق (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء

(۲) لفظوں کا پیراہن (〃 〃) زیرِ طبع

کلیم عُرفی

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۲ء

پتہ: بلاک ۳ فلیٹ ۴ ۔ نگر مہاپالیکا کالونی۔ اتالا ۔ الہ آباد (یو پی)
۲۱۱۰۰۳

تعلیم:

مشاغل، ملازمت:

تصانیف: (۱) سائیکی (یونانی اساطیر سے متعلق) ۱۹۵۴ء

(۲) رضیہ سلطانہ ۱۹۵۵ء

(۳) صنم خانوں میں

(۴) غم خانۂ دل

(۵) نقشِ پائے صنم

(۶) ظلماتِ شبِ غم

(۷) طرب گاہِ رقیب

(۸) نقشِ ناتمام

(۹) کاکلِ شب رنگ

(۱۰) خیالِ فصلِ گل

(۱۱) ساتویں یاترا ۱۹۷۵ء

(۱۲) زیب النسار

اعزازات، انعامات: " ساتویں یاترا" پر ۱۹۷۵ء میں اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(دستاویز، صفحہ ۲۹۴)

٭ کمار پاشی (شنکر دت کمار)

والد کا نام: پرشوتم داس

تاریخِ پیدائش: ۴ر جولائی ۱۹۳۵ء، بغداد الجدید (وفات: ۱۷ر ستمبر ۱۹۹۲ء نئی دہلی[۲])

پتہ: ۳۳۷۱ - دلّی گیٹ - نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

تعلیم: دہلی

مشاغل، ملازمت: دہلی انتظامیہ میں ذمہ دار عہدے پر

تصانیف: (۱) پرانے موسموں کی آواز (شعری مجموعہ) ۱۹۶۶ء

(۲) خواب تماشا " ۱۹۶۸ء

(۳) ولاس یاترا (ایک لمبی کویتا) ۱۹۷۲ء

(۴) انتظار کی رات (شعری مجموعہ) ۱۹۷۳ء

(۵) جلوں کی بنیاد (ایک بابی ڈرامہ) ۱۹۷۴ء

(۶) روبرو (شعری مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۷) اک موسم مرے دل کے اندر اک موسم مرے باہر " ۱۹۷۹ء
(۸) زوالِ شب کا منظر (انتخابِ کلام) ۱۹۸۴ء
(۹) پہلے آسمان کا زوال (کہانیاں)
(۱۰) اندھیرے کے قیدی (ڈرامے)
ان کے علاوہ شاعری اور افسانے کے کئی انتخابات مرتب کیے۔

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان (۱۹۶۴) برطانیہ۔ ہالینڈ (۱۹۸۳ء)

اعزازات/ انعامات: متعدد کتابوں پر مختلف اردو اکادمیوں کے انعامات اور دیگر اعزازات۔

کمال احمد (کمال الدین احمد)

والد کا نام: شمس الدین احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۲ ستمبر ۱۹۴۷ء، کلکتہ
پتہ: ڈی ۳۴/۱ ۔ سر سید احمد روڈ۔ کلکتہ (مغربی بنگال) ۷۰۰۰۱۴
تعلیم: ایم اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: ڈرامہ نگاری اور ڈرامے اسٹیج کرنا۔ الہ آباد بینک کلکتہ میں ملازمت۔
تصانیف: (۱) دو ڈرامے تجرباتی ۱۹۷۷ء
(۲) کشکول (ڈرامے) ۱۹۸۲ء
(۳) مور کے پاؤں " ۱۹۸۶ء
(۴) الٹی گنگا " زیرِ طبع

اعزازات/ انعامات: "دو ڈرامے تجرباتی" پر ۱۹۸۰ء میں مغربی بنگال اردو اکادمی سے انعام ملا۔

کمال جعفری (محمد کمال الدین)

والد کا نام: محمد غلام رسول
تاریخ پیدائش: ۲۵ر جولائی ۱۹۴۹ء، موضع بازو چک (ضلع نوادہ بہار)
پتہ: (۱) ۸۱/۲ ذاکر نگر اوکھلا نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
(۲) کمرشیل ڈیوٹی روم آل انڈیا ریڈیو۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۱
تعلیم: ایم اے (فارسی) کلکتہ یونیورسٹی (۱۹۷۱ء)
مشاغل، ملازمت: آل انڈیا ریڈیو کی ملازمت۔ شاعری و مضمون نگاری۔ ریسرچ اسکالر۔
تصانیف: عکسِ تمنا (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: مغربی بنگال اردو اکادمی سے ۱۹۸۱ء میں انعام ملا۔

کمال ہمدانی (پروفیسر حکیم سید محمد کمال الدین حسین)

والد کا نام: حکیم سید محمد ریاض الدین حسین
تاریخِ پیدائش: ۲ر فروری ۱۹۲۹ء، جلالی، ضلع علی گڑھ
پتہ: ذاکر باغ۔ عقب سر سید ہاؤس۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڑھ (یو پی)
۲۰۲۰۰۲
تعلیم: بی یو ٹی۔ ایس ایم ٹی ایچ، پی ایچ ڈی (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر شعبۂ کلیات، اجمل خاں طبیہ کالج، مسلم یونیورسٹی
تصانیف: (۱) حکمائے قدیم کے تشریحی کارنامے ۱۹۵۶ء
(۲) اشراح (حصہ اول اطراف کی تشریح عملی) ۱۹۵۷ء
" (" دوم صدور وبطن کی تشریح عملی) ۱۹۵۹ء
" (" سوم راس وعنق کی تشریح عملی) ۱۹۶۲ء

(۳) مطب مسیح (اطبائے دہلی کے معمولات مطب کا انتخاب) ۱۹۷۶ء

(۴) مطب لطیف (اطبائے لکھنؤ کے معمولات مطب کا انتخاب) ۱۹۷۶ء

(۵) طبّی جغرافیہ (طب کے جغرافیائی مسائل کی تشریح) ۱۹۷۷ء

(۶) سراج منیر (تذکرۂ حکیم سیّد شاہ خیرات علی ہمدانی) ۱۹۷۸ء

(۷) اصول طب (کلیاتِ طب) ۱۹۸۰ء

(۸) تشریح الہیکل (اعضائے انسانی کی تشریح) ۱۹۸۰ء

(۹) نورنظم انتخاب سراج نظم از استاد الشعراء ناسخ لکھنوی) ۱۹۸۱ء

(۱۰) اوراد فتحیہ ۱۹۸۲ء

(۱۱) تشریح الاحشاء (انسان کے باطنی اعضاء کی تشریح) ۱۹۸۴ء

(۱۲) صاحب مودۃ القربیٰ (میر سیّد علی ہمدانیؒ کے تبلیغی کارنامے) ۱۹۸۴ء

(۱۳) تشریح عرفانی (حضرت امام جعفر صادقؑ کے تشریحی اقوال) ۱۹۸۴ء

(۱۴) علامہ کنتوری اور طب (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۵ء

(۱۵) اسلامی اصولِ صحت ۱۹۸۵ء

ان کے علاوہ تین اردو میں اور دو کتابیں انگریزی میں ہیں۔

اعزازات/انعامات: 'اشراح' پر آیورویدک اینڈ طبّی اکادمی اتر پردیش سے اور "اصول طب" پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

کنول انبالوی (کنور لال شرما)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: یکم اگست ۱۹۲۱ء، لساڑہ (ضلع جالندھر)
پتہ: سابق ڈائرکٹر فیزیکل ایجوکیشن۔ آتما رام سناتن دھرم کالج۔ دہلی
تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: فیزیکل ایجوکیشن کے ڈائرکٹر کے عہدے سے سبکدوشی
تصانیف: (۱) برگ و بار (شعری مجموعہ) ۱۹۷۶ء
(۲) نکہت و نور " ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: 'برگ و بار' پر ۱۹۷۷ء میں اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(دستاویز، صفحات ۲۹۷-۲۹۸)

❀ کنول ڈبائیوی (قاضی شمس الحسن)

تاریخی نام: مظفر حسین ۱۳۳۸ھ
والد کا نام: قاضی شریعت اللہ
تاریخِ پیدائش: ۵ر مارچ ۱۹۱۹ء، ڈبائی (بلند شہر) (وفات: ۵ر اگست ۱۹۹۴ء علی گڑھ)
پتہ: بسم اللہ لاج، چھوٹی مسجد، جمالپور، علی گڈھ (یوپی)
تعلیم: ایم اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ شعبۂ اردو کے۔ آئی۔ کالج، ڈبائی، ضلع بلند شہر
تصانیف: (۱) بساطِ زیست (شعری مجموعہ) ۱۹۷۰ء
(۲) سوزِ وطن " ۱۹۷۵ء
(۳) اردو زبان اور اس کا نام (تحقیق) ۱۹۷۸ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان ۱۹۵۸ء

اعزازات، انعامات یوپی۔ ٹیچرز ایوارڈ ۱۹۸۰ء، اترپردیش اردو اکادمی سے ۱۹۷۵ء میں اور بہار اردو اکادمی سے ۱۹۷۸ء میں انعامات ملے۔

کوثر جائسی (عبدالحمید)

والد کا نام: محمد احمد

تاریخ پیدائش: نومبر ۱۹۱۶ء، قصبہ جائس ضلع رائے بریلی (یوپی)

پتہ: $\frac{۱۰۲}{۹۵}$ کرنل گنج۔ کانپور ۲۰۸۰۰۱

تعلیم: ہائی اسکول تک۔ فارسی اساتذۂ وطن سے پڑھی۔

مشاغل، ملازمت: ایلگن ملز کانپور سے سبکدوش ہوکر آج کل علمی مشاغل میں مصروف ہوں۔

تصانیف: کمیں گاہِ خیال (شعری مجموعہ) ۱۹۸۱ء

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۷۴ء میں بنگلادیش کے مشاعرے میں شرکت کی

اعزازات، انعامات: کمیں گاہ خیال پر۔ یوپی اردو اکادمی لکھنؤ نے انعام دیا۔

کوثر جہاں کوثر

والد کا نام: ممتاز احمد

تاریخ پیدائش: ۶ مارچ ۱۹۴۴ء

پتہ: ایس۔ این ۵، چار بنگلہ روڈ، پروفیسر کالونی سول لائنز بھوپال (مدھیہ پردیش)

تعلیم: ایم اے، بی ایڈ

مشاغل، ملازمت: اسسٹنٹ پروفیسر، ایم۔ ایل۔ بی گرلس کالج بھوپال۔

تصانیف: (۱) جادو نگری (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ

* کوثر چاند پوری (سید علی کوثر چاند پوری)

والد کا نام: حکیم سید علی مظفر
تاریخِ پیدائش: ۸ راگست ۱۹۰۸ء چاند پور (وفات: ۱۳ رجون ۱۹۹۰ء جامعہ نگر، نئی دہلی[۲۵])
پتہ: پاکٹ بی۔ نمبر ۱۵۵۔ ڈی ڈی اے فلیٹس۔ سکھدیو وہار نئی دہلی ۲۵-۱۱۰
تعلیم: طبیبِ کامل (طب، اردو، فارسی، انگریزی)
مشاغل، ملازمت: سابق چیف میڈیکل آفیسر (یونانی) ہمدرد نرسنگ ہوم نئی دہلی۔
تصانیف: (۱) دلگزار افسانے ۱۹۲۸ء
(۲) ماہِ انجم ۱۹۳۷ء
(۳) دنیا کی حور (افسانے) ۱۹۳۸ء
(۴) دلچسپ افسانے ۱۹۴۰ء
(۵) ویرانہ (ناول) ۱۹۴۳ء
(۶) پیاسی جوانی " ۱۹۵۵ء
(۷) شعلۂ سنگ (افسانہ) ۱۹۶۳ء
(۸) جہانِ غالب (تنقید) ۱۹۶۶ء
(۹) کاروانِ غبار (رپورتاژ) ۱۹۶۶ء
(۱۰) دانش و بینش (تنقید) ۱۹۷۵ء
(۱۱) رات کا سورج (افسانے) ۱۹۷۶ء
(۱۲) آوازوں کی صلیب " ۱۹۷۸ء

(۱۳) پتھر کا گلاب (ناول) ۱۹۷۹ء
(۱۴) راکھ اور کلیاں " ۱۹۸۱ء
(۱۵) مہکتی بہاریں " ۱۹۸۵ء

کل کتابوں کی تعداد تقریباً ایک سو پانچ ہے۔

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان ۱۹۵۸ء اور ۱۹۸۴ء

اعزازات/انعامات: ادبی انعامات یوپی اردو اکادمی۔ مدھیہ پردیش اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی سے۔

کوکن (پروفیسر محمد یوسف کوکن)

والد کا نام: محمد ابراہیم کوکن
تاریخِ پیدائش: ۴ر نومبر ۱۹۱۶ء
پتہ: ۱۳ر میلاپورن اسٹریٹ۔ رائے پیٹھ۔ مدراس۔ ۶۰۰۰۱۴
تعلیم: افضل العلماء اور منشی فاضل (مدراس یونیورسٹی) ایم اے (۱۹۴۸ء) ایم لٹ (۱۹۶۵ء)
مشاغل/ملازمت: پروفیسر کے عہدے سے ریٹائر۔
تصانیف: (۱) امام ابن تیمیہ ۱۹۵۹ء
(۲) خانوادۂ قاضی بدرالدولہ (جلد اول) ۱۹۶۳ء
(۳) مولانا باقر آگاہ
(۴) قاضی رضی الدین مرتضیٰ رضی
(۵) سید شاہ ابوالحسن قربی
(۶) اقطاب ویلور کے متعلق مختلف مضامین
(۷) اردو ٹکسٹ برائے انٹرمیڈیٹ و بی اے

ان کے علاوہ پانچ کتابیں فارسی میں، چھ عربی میں اور پانچ انگریزی میں مختلف موضوعات پر ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: قاہرہ (۱۹۵۷ء) بیروت، دمشق اور حلب (۱۹۶۲ء) حجاز (۱۹۶۸ء) تاشقند، جارجوف اور ماسکو (۱۹۷۶ء) دبئی، شارجہ اور ابوظہبی (۱۹۷۹ء) پاکستان (۱۹۸۱ء)

اعزازات، انعامات: صدر جمہوریۂ ہند کا اعزاز برائے عربی۔

(ڈاکٹر) کہکشاں پروین

والد کا نام: سیّد مسعود الدین

تاریخِ پیدائش: ۲۶ر فروری ۱۹۶۰ء، پورولیا (مغربی بنگال)

پتہ: معرفت کے۔ ایم۔ سرویس ڈاکٹر ڈانگا۔ پورولیا۔ ۷۲۳۱۰۱

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: افسانے و مضامین لکھنا

تصانیف: ایک مٹھی دھوپ (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۶ء

کیف احمد صدّیقی (احتشام علی صدّیقی)

والد کا نام: عبدالمنان صدّیقی

تاریخِ پیدائش: ۱۲ر جنوری ۱۹۴۳ء، سیتاپور (یوپی)

پتہ: ۳۵۔ بنگلہ سیتاپور (یوپی) ۲۶۱۰۰۱

تعلیم: ایم اے (اردو۔ تاریخ)، بی ایڈ۔ ادیب کامل

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس۔ ریسرچ اسکالر

تصانیف: (۱) گرد کا درد (شعری مجموعہ) ۱۹۷۲ء
(۲) سورج کی آنکھ 〃 ۱۹۷۸ء
(۳) سدا بہار نظمیں 〃 ۱۹۷۹ء
(۴) دلچسپ نظمیں 〃
(۵) دینی نظمیں (بچوں کے لیے)

اعزازات، انعامات: ۱۹۷۲ء میں "گرد کا درد" پر ۱۹۸۰ء میں "سدا بہار نظمیں" پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

(دستاویز، صفحہ ۲۱۲)

کیف، غلام محی الدین خاں

والد کا نام: محمد رسول خاں
تاریخِ پیدائش: ۲۷ر ستمبر ۱۹۱۷ء، ضلع بیدر شریف کرناٹک اسٹیٹ
پتہ: ۴۶۳ - ۳ - ۲۰ جلال کوچہ حسینی علم حیدر آباد (اے۔ پی)
تعلیم: بی اے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: وظیفہ یاب ڈپٹی چیف اکاؤنٹنٹ اے پی الکٹریسٹی بورڈ
تصانیف: کیف و سرور (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۴ء

کیفی اعظمی (سید اطہر حسین رضوی)

والد کا نام: سیّد فتح حسین رضوی
تاریخِ پیدائش: ۱۴ر فروری ۱۹۲۳ء، موضع مجواں (اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ: موضع و ڈاکخانہ مجواں، ضلع اعظم گڈھ (یوپی)

تعلیم: دبیر ماہر، دبیر کامل، عالم (لکھنؤ یونیورسٹی)، منشی، منشی کامل، اعلیٰ قابل (الہ آباد یونیورسٹی)

مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری۔

تصانیف: (۱) جھنکار (شعری مجموعہ) ۱۹۴۱ء
(۲) آخرِ شب " ۱۹۴۸ء
(۳) آوارہ سجدے " ۱۹۷۴ء
(۴) ابلیس کی مجلسِ شوریٰ (طویل نظم)
(۵) ساحر لدھیانوی (ایک طویل خاکہ)

اعزازات، انعامات: ساہتیہ اکادمی کا ایوارڈ، افروایشین رائٹرز کا لوٹس ایوارڈ۔
پدم شری (۱۹۷۳ء)

کیلاش ماہر (کیلاش چندر ماتھر)

والد کا نام: رام چندر ماتھر

تاریخِ پیدائش: ۸ اکتوبر ۱۹۲۸ء، شہر مراد آباد (اتر پردیش)

پتہ: اے ۱/۱ وکرم وہار۔ لاجپت نگر IV۔ نئی دہلی

تعلیم: ایم اے، ایل ایل بی الہ آباد یونیورسٹی (۱۹۴۸ء) (معاشیات) آگرہ یونیورسٹی (۱۹۵۱ء) ڈپلوما صنعتی تنظیم۔ رائل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (لندن)

مشاغل، ملازمت: ڈائرکٹر منسٹری آف انڈسٹری۔ حکومت ہند۔ نئی دہلی

تصانیف: (۱) لمسِ ہوا (شعری مجموعہ) ۱۹۸۲ء
(۲) ہمارا قومی رہنما (انگریزی سے ترجمہ)
(۳) پہاڑ اور جنگل "

بیرونی ممالک کا سفر: پہلا سفر ۱۹۶۴ء میں ہوا' جب یوگینڈا اور کینیا سرکاری کام سے جانا ہوا۔ دوسرا سفر ۱۹۶۸ میں لندن' اسٹرڈم۔ ہیگ ڈبلن اور بیلفاسٹ کا' تیسرا سفر ایک کانفرنس کے سلسلے میں ۱۹۸۲ء میں لیسوٹو کا کیا۔

(ڈاکٹر) کیول دھیر

والد کا نام: ہنس راج دھیر
تاریخِ پیدائش: ۵ - ۱۰ - ۱۹۳۸ء' موضع گلگو۔ ضلع منٹگمری (پاکستان)
پتہ: ۲۰ - چیمہ پارک۔ ماڈل گرام۔ لدھیانہ (پنجاب) ۱۴۱۰۰۲
تعلیم: میٹرک' جی یو ایم ایس (طبِّ یونانی میں ڈگری)
مشاغل' ملازمت: محکمۂ صحت پنجاب میں میڈیکل آفیسر
تصانیف:

(۱) منٹو میرا دوست		۱۹۶۲ء
(۲) بکھری ہوئی زندگی	(افسانے)	۱۹۸۳ء
(۳) اپنا دامن اپنی آگ	(")	۱۹۸۵ء
(۴) شیشے کی دیوار	(ناول)	۱۹۸۶ء

ہندی۔ انگریزی' پنجابی اور اردو زبانوں میں ادب' طب اور نفسیات وغیرہ موضوعات پر ساٹھ دیگر تصانیف۔

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان کا ادبی سفر ۱۹۸۶ء

اعزازات' انعامات: بھارتیہ پرگتی سیل ہندی ساہتیہ پریشد ایوارڈ ۱۹۵۸ء محکمۂ السنہ پنجاب سرکار انعام ۱۹۶۳ء مرکزی سرکار کا انعام ۱۹۶۴ء' ڈبلیو۔ ایچ۔ او۔ کا انسانی بھلائی کے لیے ایشیائی اعزاز ۱۹۸۲ء محکمۂ السنہ پنجاب سرکار کا انعام ۱۹۸۳ء' اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام ۱۹۸۳ء اور ۱۹۸۵ء۔ چھ دیگر اعزازات وانعامات۔

گدّی، الیاس احمد

والد کا نام : احمد گدّی
تاریخِ پیدائش : جنوری ۱۹۳۴ء، جھریا (بہار)
پتہ : فتح پور لین ۔ ڈاکخانہ جھریا، ضلع دھنباد (بہار) ۸۲۸۱۱۱
تعلیم : میٹرک
مشاغل/ملازمت : تجارت
تصانیف : (۱) زخم (ناول)
(۲) مریم //
(۳) آدمی (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۱ء
اعزازات/انعامات : مغربی بنگال اردو اکادمی (کلکتہ) سے 'آدمی' پر انعام ملا۔

گربچن چندن (گربچن داس چندن) / جی ڈی چندن

والد کا نام : ایشر داس
تاریخِ پیدائش : ۷ اکتوبر ۱۹۲۲ء، باغبان پورہ ۔ لاہور (پاکستان)
پتہ : جی ۔ ۶۴ جنگ پورہ ایکس ٹینشن ۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۱۴
تعلیم : ایم اے (انگریزی ادب) ڈپلوما ان جرنلزم (پنجاب یونیورسٹی لاہور)
مشاغل/ملازمت : حکومت کی ملازمت سے سبکدوشی کے بعد خصوصی نامہ نگار

(منظور شدہ حکومتِ ہند) روز نامہ "منصف" حیدرآباد۔

تصانیف: (۱) ہماچل کا عوامی ادب اور روایات ۱۹۸۳ء
(ہندی سے ترجمہ)
(۲) اردو صحافت پر ایک نظر ۱۹۸۶ء
ان کے علاوہ دو کتابیں انگریزی میں بھی ہیں

٭ گوپال متّل

والد کا نام: لالہ ولایتی رام
تاریخِ پیدائش: ۶ / جون ۱۹۰۷ء، مالیر کوٹلہ۔ (وفات: ۱۵/اپریل ۱۹۹۳ء نئی دہلی[۶])
پتہ: ایف ۲۷۰۔ نیو راجندر نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۶۰
تعلیم: بی اے (سناتن دھرم کالج لاہور)
مشاغل/ملازمت: ماہنامہ "تحریک (مارچ ۱۹۵۳ء۔ جون ۱۹۸۱ء) کے بند ہونے کے بعد ریٹائرڈ زندگی۔

تصانیف: (۱) پھول اور کانٹے (افسانے) غالباً ۱۹۴۱ء
(۲) گاندھی (سوانح) " ۱۹۴۱ء
(۳) دوراہا (مجموعۂ کلام) ۱۹۴۲ء
(۴) ظلمتِ نیم روز (ناول۔ ترجمہ آرتھر کوئسلر) ۱۹۵۳ء
(۵) ادب میں ترقی پسندی (اصلاً انگریزی) ۱۹۵۴ء
(۶) پتھر کے دیوتا (ترجمہ) ۱۹۵۵ء
(۷) کینسر وارڈ "
(۸) سورما کی ہار
(۹) چین میں اسلام کا ماضی اور حال

(۱۰) ببول کے پیڑ

(۱۱) صحرا میں اذان (دوسرا مجموعۂ کلام) ۱۹۷۰ء

(۱۲) لاہور کا جو ذکر کیا (یادداشتیں) ۱۹۷۱ء

بیرونی ممالک کا سفر: برطانیہ۔ مغربی جرمنی (۱۹۶۲ء) سیلون (۱۹۶۴ء) تھائی لینڈ۔ ملاشیا۔ کوالالمپور۔ کمپوڈیا۔ سنگاپور (۱۹۷۱ء) لبنان۔ برطانیہ (۱۹۷۴ء)

اعزازات، انعامات: غالب ایوارڈ (۱۹۷۷ء) بہار اردو اکادمی، مجموعی خدمات پر انعام ملا۔

گوریکر، پروفیسر نظام الدین ایس

والد کا نام: شرف الدین گوریکر

تاریخ پیدائش: ۱۲ اگست ۱۹۲۱ء، بھیمڑی (ضلع تھانہ۔ مہاراشٹر)

پتہ: (۱) بیتِ اشرف۔ بندر روڈ۔ کلیان (مہاراشٹر) ۴۲۱۳۰۱

(۲) اعزازی ڈائرکٹر انجمنِ اسلام، اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ مقابل وی ٹی اسٹیشن۔ بمبئی ۴۰۰۰۰۱

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ ڈی لٹ

مشاغل، ملازمت: اعزازی ڈائرکٹر انجمن اسلام، اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ بمبئی، نیز ایڈیٹر "نوائے ادب (ششماہی) بمبئی ۴۰۰۰۰۱

تصانیف: (۱) نوائے وقت ۱۹۵۴ء

(۲) گلمپسز آف اردو لٹریچر (انگریزی) ۱۹۶۱ء

(۳) اردو مراٹھی شبد کوش ۱۹۶۸ء

(۴) انڈو ایران ریلیشنز: کلچرل آسپکٹس ۱۹۷۰ء

(۵) طوطیانِ ہند ۱۹۷۴ء

(۶) کیفِ ادب (ترتیب برائے نصابِ اردو)

(۷) سرورِ ادب "

(۸) انتخاب اردو "

(۹) گلہائے رنگارنگ (ترتیب برائے نصابِ فارسی)

(۱۰) گلدستۂ فارسی "

(۱۱) آموزگارِ فارسی "

(۱۲) ارمغانِ فارسی "

(۱۳) تعلیم العربیہ (ترتیب برائے نصابِ عربی)

(۱۴) فرائد الادب "

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب

اعزازات، انعامات: کلیان بھوشن (۱۹۷۹ء) از کلیان بلدیہ۔ مہا مہو پادھیا (۱۹۸۲ء) از میتھیلی وڈیا پیٹھ۔ دربھنگا۔ استادِ ممتاز فارسی (۱۹۸۳ء) از انجمن اساتذہ فارسیِ ہند۔ دہلی۔ صدر جمہوریہ ہند کا اعزاز برائے فارسی، اگست ۱۹۸۵ء

گوئل، انجنی کمار

والد کا نام: ہزاری لال گوئل

تاریخِ پیدائش: ۲۶ مئی ۱۹۵۸ء، محلہ رکاب گنج حیدرآباد (اے پی)

پتہ: ۲۱-۲-۷۵۰ رکاب گنج حیدر آباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۲

تعلیم: بی اے۔عثمانیہ (ہندی۔اردو۔انگریزی)

مشاغل، ملازمت: تصنیف وتالیف۔ تجارت

تصانیف: کاسۂ نظر (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۸۶ء

ل

لاغر، اوم پرکاش

والد کا نام : پنڈت کرم چند بھاردواج
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر اکتوبر ۱۹۲۴ء، جگراؤں۔ ضلع لدھیانہ (پنجاب)
پتہ : نہرو گراؤنڈ بالمقابل جنرل پوسٹ آفس۔ فرید آباد - ۱۲۱۰۰۱
تعلیم: اپر مڈل
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) احساسات (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۲) محسوسات " ۱۹۸۰ء
(۳) اندر دھنش (کہانیوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

* لاہوٹی، سری نیواس

والد کا نام: بنسی دھر لاہوٹی
تاریخِ پیدائش: ۱۶ر اکتوبر ۱۹۲۱ء (وفات: ۲۹ر مئی ۱۹۹۲ء حیدر آباد، آندھرا پردیش)
پتہ: دارالشفاء۔ حیدر آباد (آندھرا پردیش) ۵۰۰۰۲۴
تعلیم: جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ علی گڑھ
مشاغل، ملازمت: پڑھنا، لکھنا، سیاست میں حصہ لینا۔
تصانیف: (۱) ماٹی کے دیے (ہندی/ترجمہ و ترتیب)
(۲) تلگو ادب کی تاریخ (")

(۳) مٹی کے چراغ (اردو/ ترجمہ ترتیب)

(۴) اردو تلگو لغت

(۵) ہندی تلگو لغت

(۶) اردو ادب کی تاریخ (ہندی/ترجمہ وترتیب)

بیرونی ممالک کا سفر: سوویت یونین، مصر، سوڈان، مشرقی یوروپی ممالک، وسطی ایشیا

اعزازات، انعامات: حکومتِ ہند کی جانب سے عطا کردہ "تامر پتر"

لئیق صلاح (لئیق خدیجہ)

والد کا نام: صلاح بن شمشیر یاور جنگ

تاریخِ پیدائش:

پتہ: اردو لکچرر بی بی رضا کالج۔ گلبرگہ (کرناٹک) ۵۸۵۱۰۱

تعلیم: ایم اے (علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) ۱۹۶۶ء ایم فل (۱۹۷۸ء)
جونیر ڈپلوما (فارسی) عثمانیہ

مشاغل، ملازمت: اردو لکچرر۔ نیز ریسرچ اسکالر

تصانیف: .. میر شمس الدین فیض ۔ حیات اور کارنامے ۱۹۷۹ء
(ایم فل کا مقالہ)

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی نے ۱۹۸۰ء میں انعام دیا۔

(دستاویز، صفحہ ۳۰۲)

م

م۔ احمد

والد کا نام :
تاریخِ پیدائش : ۶ مارچ ۱۹۲۸ء دہلی
پتہ : ۶۱ ۔ آنند لوک ۔ نئی دہلی
معتکف منزل ۔ احاطہ کالے صاحب گلی قاسم جان دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم : ایم اے (فلسفہ) ایل ایل بی (وکالت)
مشاغل / ملازمت : وکالت
تصانیف : (یہ سب کتابیں مزاحیہ اور طنزیہ ہیں)

(۱) سنگ و خشت (منکہ شیر خاں) ۱۹۵۰ء
(۲) شوخی و تبسم ۱۹۵۱ء
(۳) شوخ نظارے ۱۹۵۲ء
(۴) دردِ دل ۱۹۵۳ء
(۵) تین دیوانے ۱۹۶۸ء
(۶) لارڈ ٹمبکٹو کی خفیہ ڈائری ۱۹۷۳ء
(۷) شگوفے ۱۹۷۴ء
(۸) کچھ آہ کچھ واہ ۱۹۷۶ء
(۹) ذکر کچھ اپنا کچھ آپ کا ۱۹۷۷ء
(۱۰) ذرا مسکرا دو ۱۹۷۸ء
(۱۱) زخموں کی ہنسی ۱۹۷۹ء

(۱۲) گستاخی معاف ۱۹۸۰ء

(۱۳) لو تمہارے لیے یہ دل حاضر ہے ۱۹۸۱ء

(۱۴) چاہے ہنس لو چاہے رولو ۱۹۸۳ء

(۱۵) آدمی ہنسا بھی اور وہ کرا ہا بھی ۱۹۸۵ء

ان کے علاوہ آٹھ کتابیں اور ہیں

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، سعودی عرب۔

م۔ ق۔ خاں (ڈاکٹر محمد قمرالدین خاں)

والد کا نام: محمد اکبر علی خاں سوری عرف محمد جمعہ خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۴۰ء (سرٹیفکٹ کے مطابق ۱۵ر جنوری ۱۹۴۱ء)
موضع بہیٹرا (ضلع گیا۔ بہار)

پتہ: حکیم عنایت کالونی۔ گیا (بہار) ۸۲۳۰۰۱

تعلیم: ڈپلوما اِن ایجوکیشن (۱۹۶۹ء) ایم اے (انگریزی ۱۹۷۲ء اردو ۱۹۷۴ء) پی ایچ ڈی (انگریزی۔ ۱۹۸۱ء)

مشاغل/ملازمت: صدر شعبۂ انگریزی۔ مہاویر انٹر کالج۔ گیا (بہار)

تصانیف: (۱) میں نہیں کہہ سکتا (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۰ء

(۲) تنہائی میں مکالمہ 〃 فروری ۱۹۸۷ء

اعزازات/انعامات: "میں نہیں کہہ سکتا" کو اترپردیش اردو اکادمی نے انعام سے نوازا۔

م۔م۔ راجندر (مدن موہن لال بھٹناگر)

والد کا نام: جگموہن لال

تاریخِ پیدائش: ۱۲ر اگست ۱۹۲۳ء، انبالہ چھاؤنی

پتہ: ۶۸۔ چترو ہار۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۹۲

تعلیم: ایم اے (ادبیات انگریزی و اردو)

مشاغل، ملازمت: افسانہ نگاری اور صحافت

تصانیف:

(۱) گاندھی کی سوانح	(ترجمہ)	۱۹۴۹ء
(۲) نقوش	(افسانوی مجموعہ)	۱۹۴۹ء
(۳) کھو کھلے انبار	"	۱۹۵۴ء
(۴) آگ و دھواں	(ناول)	۱۹۶۱ء
(۵) "	(ہندی ایڈیشن)	۱۹۶۲ء
(۶) آکاش گنگا	(ہندی رسم الخط میں) (افسانوی مجموعہ)	۱۹۶۸ء
(۷) روشنی کے مینار	"	۱۹۸۵ء
(۸) زندگی کا رقص	"	۱۹۸۵ء
(۹) ماں (کارل کاپیک کے ڈرامے کا ترجمہ)		۱۹۸۵ء
(۱۰) آنندو رام بروا	(سوانح عمری)	۱۹۸۶ء
(۱۱) اچھوت (ملک راج آنند کے ناول کا ترجمہ)		

اعزازات، انعامات: ۱۹۸۵ء کا غالب ایوارڈ برائے اردو ڈرامہ

م۔ ندیم (محمد مہرالہٰی)

والد کا نام: شیخ محمد الہٰی
تاریخِ پیدائش: ۵ جون ۱۹۳۷ء، اٹاوہ (یوپی)
پتہ: مزمل منزل کمپاؤنڈ۔ سول لائن۔ علی گڈھ (یوپی)۲۰۲۰۰۲
تعلیم: ایم اے (اردو) بی کام۔ بی لب۔ ایس سی (علیگ)
مشاغل، ملازمت: لائبریرین جنرل ایجوکیشن سینٹر لائبریری۔ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ
تصانیف: (۱) تیس مارخاں کے کارنامے (بچوں کے لیے) ۱۹۶۹ء
(۲) عقلمند مچھیرا (بچوں کے لیے ڈرامے) ۱۹۷۶ء
(۳) رابنسن کروسو (بچوں کے لیے) ۱۹۷۷ء
(۴) للی پٹ کا سفر (گلیور کے سفرنامے سے ماخوذ) ۱۹۸۱ء
(۵) بکری دو گاؤں کھا گئی (بچوں کے لیے ڈرامے) ۱۹۸۵ء
(۶) رابن ہڈ کے کارنامے (بچوں کے لیے)

ماتھر، منوہر پرشاد

والد کا نام: سری رنگ پرشاد
تاریخِ پیدائش: ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۴ء، حیدرآباد
پتہ: منوہر بھون، عقب بنجہ گٹہ مارکیٹ حیدرآباد۔ ۵۰۰۴۸۲
تعلیم: بی اے۔ ایل ایل۔ بی
مشاغل، ملازمت: ایڈوکیٹ
تصانیف: (۱) بھگوان وینسکیٹشور (گائیڈ بک) ۱۹۶۷ء
(۲) اوپیندر موہن (سوانح) ۱۹۷۲ء

(۳) ہنومان چالیسہ
(۴) راگھویندر سوامی (سوانح) ۱۹۷۷ء
(۵) مانک پربھو مہاراج " ۱۹۸۱ء

ماجد جائسی (عبدالماجد)

والد کا نام: امام الدین
تاریخِ پیدائش: ۵ر دسمبر ۱۹۳۶ء، جائس ضلع رائے بریلی
پتہ: ۳۵/۹۵ بیچ باغ کانپور۔ (یوپی)
تعلیم: ادیب کامل، منشی کامل، ایم اے (اردو)
مشاغل، ملازمت: کلرک مسلم جوبلی گرلس انٹر کالج کانپور
تصانیف: (۱) نور و نکہت ۱۹۷۵ء
(۲) گلِ رعنا ۱۹۸۴ء

(ڈاکٹر) ماجد علی خاں

والد کا نام: امجد علی خاں
تاریخِ پیدائش: ۱۸ر نومبر ۱۹۴۲ء، رامپور (یوپی)
پتہ: ۲۷۳۔ ذاکر نگر، جامعہ نگر، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم ایس سی، بی ایڈ، ایم ٹی ایچ، پی ایچ ڈی، ڈی ٹی ایچ، (علیگ) فاضل درس نظامی، فاضل دینیات، ای ایف ڈبلو، (لندن)
مشاغل، ملازمت: ریڈر، شعبۂ اسلامک و عرب ایرانئین اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

تصانیف: (۱) تسلسلات امدادیہ ۱۹۷۱ء
(حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے سلسلے کی تحقیق)
(۲) اسلام کا فلسفۂ سیاسیات ۱۹۷۹ء
ان کے علاوہ تقریباً ۲۴ کتابیں انگریزی میں ہیں
بیرونی ممالک کا سفر: ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو (ویسٹ انڈیز) باربیڈوز۔ انگلستان۔
جرمنی۔ بلجیم۔ ہالینڈ۔ ماسکو (روس) افغانستان۔ پاکستان۔
سعودی عرب۔ کویت۔ دمشق وغیرہ،
اعزازات انعامات: رابطۂ عالم اسلامی مکہ مکرمہ سے سیرت صلعم کی کتاب (انگریزی)
پر عالمی انعام ۱۹۷۹ء میں ملا۔

(ڈاکٹر) ماجدہ اسد

والد کا نام:
تاریخ پیدائش: ۷ر فروری ۱۹۳۹ء، چاندپور (ضلع بجنور۔ یوپی)
پتہ: ریڈر شعبۂ ہندی۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (ہندی) علی گڑھ۔ ادیب کامل
مشاغل ملازمت: درس وتدریس اور تصنیف وتالیف
تصانیف: ہندی ادب کے بھگتی کال پر مسلم ثقافت
کے اثرات ۱۹۷۹ء
ان کے علاوہ متعدد کتابیں ہندی میں ہیں۔
اعزازات انعامات: اترپردیش اردو اکادمی نے انعام دیا۔

دستاویز (لکھنؤ) صفحہ ۳۰۲

* مالک رام

والد کا نام: لالہ نہال چند
تاریخِ پیدائش: ۲۲ر دسمبر ۱۲ ۱۹ء پھلیا، گجرات۔ (وفات: ۱۶ر اپریل ۱۹۹۳ء نئی دہلی ۲۴)
پتہ: سی۔ ۴۔ ۵۰۔ ڈیفنس کالونی۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۴
تعلیم: ایم اے (تاریخ) ۱۹۳۰ء، ایل ایل بی (۱۹۳۲ء)، ادیب فاضل (۱۹۳۷ء)
مشاغل، ملازمت: حکومت ہند فارن سروس سے ریٹائر ہونے کے بعد تصنیف وتالیف
تصانیف:

(۱) ذکر غالب (غالب کی سوانح عمری) ۱۹۳۸ء
(۲) عورت اور اسلام ۱۹۵۱ء
(۳) تلامذۂ غالب ۱۹۵۸ء
(۴) میرزا غالب (انگریزی) ۱۹۶۸ء
(۵) ایرانی شاہنشاہ کے ڈھائی ہزار سال ۱۹۷۱ء
(۶) تذکرۂ معاصرین (جلد اوّل) ۱۹۷۲ء
(۷) وہ صورتیں الٰہی (نو ادیبوں کے حالات بہ شمول غالب) ۱۹۷۴ء
(۸) قدیم دلّی کالج ۱۹۷۵ء
(۹) تذکرۂ معاصرین (جلد دوم) ۱۹۷۶ء
(۱۰) فسانۂ غالب (سوانح غالب سے متعلق مضامین) ۱۹۷۷ء
(۱۱) تذکرۂ معاصرین (جلد سوم) ۱۹۷۸ء
(۱۲) " " (جلد چہارم) ۱۹۸۲ء
(۱۳) حالی (انگریزی) ۱۹۸۲ء
(۱۴) اسلامیات ۱۹۸۴ء
(۱۵) گفتارِ غالب ۱۹۸۵ء

ان کے علاوہ تقریباً تیس کتابیں مرتبہ ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: مصر، فلسطین، اُردن، لبنان، سوریا (شام) ترکی، عراق، ایران، فرانس، بلجیم، ہالینڈ، جرمنی، انگلستان، جبرالٹر، یونان، قبرص، کریٹ، افغانستان، روس۔

اعزازات انعامات: ساہتیہ اکادمی ایوارڈ۔ دلی اسٹیٹ ایوارڈ، یوپی حکومت ایوارڈ۔ یوپی اردو اکادمی ایوارڈ۔ غالب انسٹی ٹیوٹ (مودی) ایوارڈ۔ میر اکادمی لکھنؤ سے امتیازِ میر ایوارڈ اور افتخارِ میر ایوارڈ۔ بہار اردو اکادمی کا انعام وغیرہ۔

مانک ٹالا (گوپال کرشن)

والد کا نام: رام رتن مانک ٹالا

تاریخِ پیدائش: ۲۱ ستمبر ۱۹۲۴ء، باغبان پورہ (نزد لاہور)

پتہ: ای۔ ۱۰ اسنسڈ اپارٹمنٹس۔ پالی ہل۔ کھار۔ بمبئی ۵۲ ۴۰۰۰

تعلیم: بی۔ ایس سی۔ ڈی اے وی کالج۔ لاہور

مشاغل، ملازمت: بزنس

تصانیف:
(۱) پیاسی بیل (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۴ء
(۲) ماڈرن قصہ چار درویش (مزاحیہ ناول) ۱۹۷۰ء
(۳) دامن کی آگ (ناول) ۱۹۷۲ء
(۴) گناہ کارشتہ (افسانوی مجموعہ) ۱۹۷۴ء
(۵) پنجرے کے پنچھی (افسانوں اور انشائیوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۶) پریم چند اور تصانیفِ پریم چند (کچھ نئے تحقیقی گوشے) ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: یورپ اور امریکہ کے کئی ممالک۔ مڈل ایسٹ اور جنوبی ایشیا کے چند ممالک۔

ماہر، اقبال احمد

والد کا نام: مقبول احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۶ رجون ۱۹۱۹ء، الہ آباد (یوپی)
پتہ: ۲۳۷۔ نخاس کہنہ، الہ آباد (یوپی) ۲۱۱۰۰۳
تعلیم: انٹرمیڈیٹ (گورنمنٹ کالج الہ آباد)
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: (۱) دیارِ گنگ و جمن (مجموعۂ نظم)
(۲) لوحِ ادب (غزلیات)
اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام، آل انڈیا میر اکادمی سے انعام اور امتیازِ میر کی سند۔

ماہر بلگرامی (کملاپت سہائے)

والد کا نام: شنکر سہائے، جوہر بلگرامی
تاریخِ پیدائش: ۲ر دسمبر ۱۹۲۲ء، مقام بلگرام، ضلع ہردوئی
پتہ: ۱۹۴۔ سرائے حسن گنج (ڈالی گنج) لکھنؤ (یوپی)
تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی۔
مشاغل، ملازمت: وکالت
تصانیف: (۱) نوائے سوز و ساز ۱۹۷۲ء

(۲) خندۂ گل — ۱۹۷۳ء
(۳) صبحِ چمن — ۱۹۸۲ء
(۴) شامِ قفس — ۱۹۸۴ء
(۵) ایک اور ایک گیارہ

اعزازات، انعامات: حکومتِ یوپی کے محکمۂ تعلیم سے، نیز اتر پردیش اردو اکادمی سے ۱۹۸۳ء اور ۱۹۸۵ء میں انعامات ملے!

ماہر چاندپوری، ڈاکٹر ایوب الٰہی

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۲۵ فروری ۱۹۲۵ء، چاندپور (بجنور۔ یوپی)
پتہ: مقبرہ II ۔ مرادآباد (یوپی)
تعلیم: بی آئی ایم ایس
مشاغل، ملازمت: طبابت
تصانیف: (۱) اوراقِ دل (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۴ء
(۲) قطارِ دل " ۱۹۷۵ء
(۳) سچی راہ (ترجمہ) ۱۹۷۶ء

(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز صفحہ ۳۳)

ماہر حیدرآبادی (محمد عبدالکریم)

والد کا نام: محمد اکبر
تاریخِ پیدائش: ۳ مئی ۱۹۱۱ء، شہر حیدرآباد

پتہ: ۲۳-۹-۳-۱۱ ملے پلّی۔ حیدرآباد (آندھرا پردیش) ۵۰۰۰۰۱

تعلیم: انٹرمیڈیٹ (عثمانیہ)

مشاغل، ملازمت: شعروسخن اور مضمون نگاری

تصانیف: رنگ وبو (گلدستۂ کلام) ۱۹۸۲ء

مائل ملیح آبادی (عبدالواحد خاں)

والد کا نام: عبدالقدیر خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۴ر اکتوبر ۱۹۱۷ء

پتہ: محلہ مرزا گنج۔ قصبہ ملیح آباد۔ ضلع لکھنؤ (یوپی) ۲۲۷۱۱۱

تعلیم: مڈل اردو اسکول۔ ادیب کامل (جامعہ اردو۔ علی گڈھ)

مشاغل، ملازمت: زراعت۔ باغبانی اور لکھنا پڑھنا

تصانیف: ۱۹۴۵ء سے ۱۹۸۶ء تک مختلف موضوعات پر ایک سو ساٹھ مطبوعہ کتب۔

مبارک شمیم

والد کا نام: عبدالعلی

تاریخِ پیدائش: ۱۳ر مارچ ۱۹۲۴ء، شاہجہاں پور (یوپی)

پتہ: محلہ احمد پور۔ شاہجہاں پور (یوپی)

تعلیم: ایم اے۔ ایل ایل بی (نامکمل)

مشاغل، ملازمت: فارمنگ اور مطالعہ

تصانیف: نقشِ نوا (انتخاب کلام) ۱۹۷۸ء

اعزازات انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۳۰۵ - ۳۰۶)

مجتبیٰ حسین (محمد مجتبیٰ حسین)

والد کا نام: احمد حسین
تاریخ پیدائش: ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء، چنچولی (گلبرگہ)
پتہ: ۴/۱۷ این سی ای آر ٹی کیمپس۔ اروندو مارگ نئی دہلی ۱۱۰۰۱۶
تعلیم: بی اے۔ عثمانیہ یونیورسٹی (حیدرآباد) ۱۹۵۶ء
مشاغل ملازمت: ایڈیٹر نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ۔ نئی دہلی۔
تصانیف:
(۱) تکلف برطرف ۱۹۶۹ء
(۲) قطع کلام ۱۹۶۹ء
(۳) قصہ مختصر ۱۹۷۲ء
(۴) بہر حال ۱۹۷۴ء
(۵) ضبط شدہ نظمیں (ترتیب بہ اشتراک خلیق انجم) ۱۹۷۵ء
(۶) آدمی نامہ ۱۹۸۱ء
(۷) بالآخر ۱۹۸۲ء
(۸) جاپان چلو جاپان چلو (سفر نامہ) ۱۹۸۳ء
(۹) شیشہ و تیشہ (شاہد صدیقی کے کالموں کا انتخاب و ترتیب)
(۱۰) جگدیش چندر بوس (ترجمہ)

(۱۱) ریڈ کراس کی کہانی (ترجمہ)

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۸۰ء میں یونیسکو کے ایشیائی ثقافتی مرکز (ٹوکیو) کی دعوت پر جاپان کا دورہ کیا اور ۱۹۸۴ء میں اردو مجلس کی دعوت پر فرانس، برطانیہ، جرمنی، امریکہ اور کینیڈا کا اور ابھی حال میں روس کا دورہ کیا۔

اعزازات، انعامات: مختلف اردو اکادمیوں سے تقریباً سبھی کتابوں پر انعامات ملے ہیں۔ اس کے علاوہ اڑیہ زبان کے ادیبوں کی تنظیم سرس ساہتیہ سمیتی کٹک نے ۱۹۷۹ء میں "ہاسیہ رتن" کا اعزاز عطا کیا اور ۱۹۸۲ء میں غالب انسٹی ٹیوٹ نے غالب ایوارڈ برائے طنز و مزاح دیا۔

مجروح سلطان پوری (اسرار حسن خاں)

والد کا نام: محمد حسین خاں

تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۵ء سے ۱۹۱۷ء تک کوئی ماہ کوئی دن۔ (نظام آباد ضلع اعظم گڈھ۔ یوپی)

پتہ: ۶۰۲ سی گل، سی، شرلی راجن روڈ۔ باندرہ (ویسٹ) بمبئی۔ ۴۰۰۰۵۰

تعلیم: فارسی، عربی اور طبِ یونانی

مشاغل، ملازمت: شعر و شاعری، فلموں کے لیے گیت لکھنا۔

تصانیف: غزل (مجموعۂ غزلیات) ۱۹۵۶ء

اس کے بعد کئی ایڈیشن "غزل" ہی کے نام سے شائع ہوئے اور آئندہ بھی اسی نام سے شائع کرنے کا ارادہ ہے۔

بیرونی ممالک کا سفر: تاشقند، سمرقند، ماسکو، پیرس، لندن، ماریشس، کناڈا اور امریکہ۔

اعزازات/انعامات: غالب ایوارڈ دہلی۔ افتخار میر لکھنؤ۔ یوپی اردو اکادمی لکھنؤ سے تین مرتبہ انعامات ملے۔

(مولانا) مجیب اللہ ندوی

والد کا نام: شیخ حبیب اللہ

تاریخِ پیدائش: ۴ جنوری ۱۹۲۱ء کسی خورد (ضلع غازی پور یوپی)

پتہ: جامعۃ الرشاد۔ رشاد نگر۔ اعظم گڈھ (یوپی) ۲۷۶۰۰۱

تعلیم: فاضل ندوۃ العلماء لکھنؤ

مشاغل، ملازمت: تصنیف و تالیف و تدریس اور ادارت ماہنامہ الرشاد (اعظم گڈھ)

تصانیف:

(۱) اہلِ کتاب صحابہ و تابعین ۱۹۵۱ء

(۲) اسلامی فقہ (چار جلدیں شائع ہو چکی ہیں) ۱۹۵۷ء

(۳) تبع تابعین ۱۹۵۹ء

(۴) اسلامی تعلیم (چار حصے، بچوں کے لیے) ۱۹۶۸ء

(۵) فقہ اسلامی اور دورِ جدید کے مسائل ۱۹۷۷ء

(۶) دینی مدارس اور ان کی ذمہ داریاں ۱۹۸۰ء

(۷) خطبۂ نکاح ۱۹۸۱ء

(۸) عبادت و خدمت ۱۹۸۲ء

(۹) سرمد اور ان کی رباعیاں ۱۹۸۳ء

(۱۰) مسئلۂ کفائت ۱۹۸۴ء

(۱۱) اسلامی قانونِ محنت و اجرت ۱۹۸۵ء
(مزدوروں کے مسائل اسلام کی روشنی میں)

(۱۲) اہلِ دل کی باتیں ۱۹۸۵ء

(۱۳) قرآن پاک کی تعلیم اور اس کی عظمت ۱۹۸۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: ملیشیا، سنگاپور، سعودی عرب۔

اعزازات، انعامات: فقہ اسلامی اور دورِ جدید کے مسائل پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(ڈاکٹر) محبوب راہی

والد کا نام: محمود خاں پٹیل

تاریخِ پیدائش: ۲۰ جون ۱۹۳۹ء، موضع ماٹر گاؤں ضلع بلڈانہ (مہاراشٹر)

پتہ: مقام و ڈاکخانہ۔ بارسی ٹاکلی۔ ضلع اکولہ (مہاراشٹر) ۴۴۴۴۰۱

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: درس و تدریس

تصانیف:

(۱) ثبات (غزلیات) ۱۹۷۹ء

(۲) رنگا رنگ (بچوں کی منظومات) ۱۹۸۲ء

(۳) تردید (غزلیات) ۱۹۸۳ء

(۴) بازیافت " ۱۹۸۵ء

(۵) گل بوٹے (بچوں کی منظومات) ۱۹۸۶ء

(۶) ڈاکٹر مظفر حنفی۔ حیات شخصیت اور کارنامے ۱۹۸۷ء

اعزازات، انعامات: ۸۵-۱۹۸۴ء کے لیے اکولہ ضلع پریشد سے اور ۸۷-۱۹۸۶ء کے لیے بحیثیت مدرس نیشنل ایوارڈ کا مستحق قرار دیا گیا۔ ثبات اور رنگا رنگ کو مہاراشٹر اردو اکادمی نے اور رنگا رنگ کو بہار اردو اکادمی نے اور تردید کو مہاراشٹر اردو اکادمی نے انعامات دیئے۔

محبوب صدیقی (ڈاکٹر محبوب احمد)

والد کا نام: حاجی مسعود احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر فروری ۱۹۲۳ء، قصبہ کاندھلہ۔ ضلع مظفر نگر (یوپی)
پتہ: ۴/۴۷۷ لطیف منزل۔ سرائے رحمان علی گڈھ (")
تعلیم: کامل۔ فاضل دینیات منشی فاضل۔ پی۔ ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس، تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) آئینۂ تنقید ۱۹۶۷ء
(۲) شعر العرب ۱۹۷۸ء

محسن جلگانوی

والد کا نام: مولانا عبدالواحد نقشبندی
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر اکتوبر ۱۹۴۱ء، چوبیڑہ (مصطفیٰ آباد۔ مشرقی خاندیش)
پتہ: ۱۸/۸۶۷۔ ریلوے بلڈنگس ساؤتھ لالہ گوڑہ سکندر آباد ۵۰۰۰۱۷
تعلیم: ایم اے (عثمانیہ)
مشاغل، ملازمت: ساؤتھ سنٹرل ریلوے سے وابستگی۔
تصانیف: (۱) انصاف (شعری مجموعہ) ۱۹۸۰ء
(۲) پسِ مرگ (شاعر۔ سلطانی نقشبندی مرحوم) ترتیب) ۱۹۸۶ء
(۳) سکندر آباد کی ادبی دستاویز ۱۹۸۷ء
اعزازات، انعامات: (انصاف) پر آندھرا پردیش اردو اکادمی کا ایوارڈ۔

محسن خان (محمد محسن خان)

والد کا نام: عمر حیات خان
تاریخِ پیدائش: ۹ / جولائی ۱۹۶۲ء، ملیح آباد
پتہ: کنول ہار۔ ملیح آباد لکھنؤ (یوپی) ۲۲۷۱۱۱
تعلیم: ایم اے (اردو) لکھنؤ
مشاغل، ملازمت:
تصانیف: (۱) دوستی کا جشن (بچوں کے لیے) ۱۹۸۶ء
(۲) منارام کا گدھا " جنوری ۱۹۸۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

محسن عظیم آبادی (پروفیسر سید محمد محسن)

والد کا نام: سید محمد رشید
تاریخِ پیدائش: ۳۰ / جولائی ۱۹۱۰ء، پٹنہ بہار
پتہ: دارالامان، بہونر پوکھر، پٹنہ (بہار) ۸۰۰۰۰۴
تعلیم: ایم اے (پٹنہ)، پی ایچ ڈی ۔ اڈنبرا، اسکاٹ لینڈ
مشاغل، ملازمت: پروفیسر کے عہدے سے ریٹائر۔
تصانیف: (۱) انوکھی مسکراہٹ اور دوسرے افسانے ۱۹۷۳ء
(۲) نفسیاتی زاویے (مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۰ء
(۳) سعادت حسن منٹو: اپنی تخلیقات کی روشنی میں ۱۹۸۲ء
(ایک نفسیاتی تجزیہ)
(۴) جائزے (نفسیاتی، ادبی اور شخصیاتی) زیرِ طبع

بیرونی ممالک کا سفر: انگلستان اور دوسرے یوروپی ممالک
اعزازات٬ انعامات: ملک کے مختلف تعلیمی اور سائنسی انعامات٬ بہار اردو اکادمی ادبی خدمت کے لیے۔ یوپی اردو اکادمی٬ ویسٹ بنگال اردو اکادمی اور میر اکادمی مختلف تصانیف پر۔

محسن کمال (محمد محسن علی)

والد کا نام: محمد امیر علی
تاریخِ پیدائش: یکم فروری ۱۹۴۱ء۔ بیدر
پتہ: ایڈیٹر گاوان ڈیلی۔ نچی مسجد تعلیم پنسال۔ بیدر (کرناٹک) ۵۸۵۴۰۱
تعلیم: بی اے۔ سرٹیفکٹ کورس جرنلزم
مشاغل٬ ملازمت: ادارت "گاوان" اردو (روزنامہ)
تصانیف: (۱) اندراج (مسز اندرا گاندھی کو منظوم خراجِ عقیدت) ۱۹۷۵ء
(۲) شہرِ غزل (بیدر کے شعرا و ادبا کا تذکرہ اور منتخب کلام) ۱۹۸۳ء
(۳) حرف حرف لہو لہو (مجموعۂ کلام) زیرِ طبع
اعزازات٬ انعامات: پہلی کتاب پر حکومت کرناٹک سے انعام ملا۔

* محسنی٬ پروفیسر شمس الرحمٰن

والد کا نام: ریاض احمد
تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۲ء٬ سہارنپور۔ (وفات: ۱۳ ردسمبر ۱۹۹۲ء ذاکر نگر٬ نئی دہلی ۲۵)

پتہ: ۱۵۸۔ ذاکر نگر۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم اے

مشاغل/ملازمت: پروفیسر کی حیثیت سے ریٹائر۔ تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری۔

تصانیف: (۱) اردو خطوط (بی اے کا مقالہ) ۱۹۴۶ء

(۲) شاہ ولی اللہ کے عمرانی نظریے ۱۹۴۶ء

(۳) حیات عبداللہ (بانی تحریک مسلم تعلیم نسواں علی گڑھ) ۱۹۷۸ء

(۴) ہندوستانی مسلمانوں کی قومی تعلیمی تحریک ۱۹۸۶ء

محمد احمد رمز

والد کا نام: حامد علی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۲ء، سیتاپور (یوپی)

پتہ: ۱۰۰/۴۰۲ کنگھی محال۔ کانپور۔ یوپی۔

تعلیم: ہائی اسکول

مشاغل/ملازمت: ملازمت

تصانیف: وادیٔ کاکل (شعری مجموعہ) ۱۹۶۳ء

محمد افضل اقبال (محمد افضل الدین اقبال)

والد کا نام: محمد شرف الدین

تاریخِ پیدائش: ۵ اپریل ۱۹۴۴ء، حیدرآباد (اے پی)

پتہ: ۱۔ ۵-۲-۳۸ جام باغ روڈ حیدرآباد دکن (اے پی) ۵۰۰۰۰۱

۲۔ ۳۵۵-۳-۱۱ نیو ملے پلّی " " " "

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی (عثمانیہ) ڈپلوما ان عربی
مشاغل، ملازمت: لکچرر شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدر آباد
تصانیف: (۱) پرنٹنگ کی کہانی (تاریخ فنِ طباعت) ۱۹۶۵ء
(۲) تذکرۂ سعید (مرتبہ۔ اردو و انگریزی) ۱۹۷۳ء
(۳) مدارس میں اردو ادب کی نشوونما (جلد اوّل) ۱۹۷۹ء
(۴) فورٹ سینٹ جارج کالج ۱۹۷۹ء
(دکنی زبان و ادب کا ایک اہم مرکز)
(۵) جنوبی ہند میں اردو صحافت (۱۸۵۷ء سے پیشتر) ۱۹۸۱ء
(۶) اردو کا پہلا ڈرامہ اور کیپٹن گرین آوے ۱۹۸۴ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب ۱۹۷۶ء اور ۱۹۸۱ء میں
اعزازات، انعامات: (۱) مدراس میں اردو ادب کی نشوونما جسے آندھرا پردیش اردو اکادمی کا انعام ملا۔ (۲) فورٹ سینٹ جارج کالج پر اتر پردیش اردو اکادمی کا ایوارڈ ملا۔ (۳) جنوبی ہند میں اردو صحافت کو مغربی بنگال اردو اکادمی اور اتر پردیش اردو اکادمی کے ایوارڈ ملے (۴) اردو کا پہلا ڈرامہ اور کیپٹن گرین آوے کو آندھرا پردیش اردو اکادمی اور اتر پردیش اردو اکادمی کے ایوارڈ ملے۔

(ڈاکٹر) محمد اکرام خاں

والد کا نام: داؤد خاں
تاریخِ پیدائش: یکم نومبر ۱۹۱۶ء، سکندر پور خورد (ضلع مظفر نگر۔ یوپی)
پتہ: (اکرام ہاؤس، جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (کولمبیا) نیو یارک۔ (امریکہ)

مشاغل/ملازمت: استادوں کے مدرسہ جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ریٹائر ہونے کے بعد تصنیف وتالیف

تصانیف: (۱) بچّوں کے جذباتی مسائل ۱۹۸۱ء

(۲) تعلیم۔ نظریہ اور عمل ۱۹۸۳ء

(۳) تعلیم اور اس کے وسائل ۱۹۸۵ء

(۴) رہنمائی اور تعلیم ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ، انگلستان، فرانس، جرمنی، ناروے اور سوئیڈن۔

اعزازات/انعامات: کتاب نمبر ۱۔ ۲۔ ۳ پر اردو اکادمی اتر پردیش سے اور کتاب نمبر ۲ پر بنگال اردو اکادمی کے انعامات ملے۔

محمد امین

والد کا نام: حاجی حافظ محمد طیب

تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۲۳ء، سریاں (ضلع اعظم گڑھ۔ یوپی)

پتہ: امینس لاج۔ ۹ جوگا بائی۔ ڈاکخانہ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم اے (جغرافیہ) علیگ

مشاغل/ملازمت: معلّمی سے ریٹائر ہونے کے بعد تصنیف وتالیف اور مطالعہ

تصانیف: (۱) گگارن۔ دنیا کا پہلا خلا باز ۱۹۶۰ء

(۲) سورج اور اس کا خاندان ۱۹۶۴ء

(۳) زمین کی کہانی چٹانوں کی زبانی ۱۹۶۶ء

(۴) مغربی افریقہ کی مزیدار کہانیاں ۱۹۸۴ء

(۵) شمالی افریقہ اور مصر کی مزیدار کہانیاں ۱۹۸۵ء

(۶) سوڈان کی مزیدار کہانیاں ۱۹۸۶ء

(۷) مشرقی وسطیٰ اور ملاگاسی کی مزیدار کہانیاں ۱۹۸۶ء
(۸) ریتھوپیاں کی مزیدار کہانیاں (حصہ اوّل ودوم) زیرِ طبع
یہ تمام کتابیں بچوں کے لیے ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: درس وتدریس کے لیے اتھوپیا۔ زامبیا۔ تنزانیہ۔ کینیا اور مغربی افریقہ کے ممالک میں قیام اور مشاہدہ

اعزازات، انعامات: "مغربی افریقہ کی مزیدار کہانیاں" پر اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

محمد ایوّب ندوی

والد کا نام: محمد اسماعیل
تاریخِ پیدائش: ۶ رجون ۱۹۵۴ء، مینگلور (کرناٹک)
پتہ: جامعہ اسلامیہ۔ پوسٹ بکس نمبر ۱۰۔ بھٹکل (کرناٹک) ۵۸۱۳۲۰
تعلیم: فاضل ندوۃ العلماء لکھنؤ ۱۹۷۴ء
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس جامعہ اسلامیہ بھٹکل
تصانیف:
(۱) اذکارِ صلوٰۃ ۱۹۷۸ء
(۲) احکامِ رمضان ۱۹۸۰ء
(۳) احکامِ عیدالاضحیٰ وعقیقہ ۱۹۸۳ء
(۴) شافعی فقہ (حصہ اول) ۱۹۸۳ء
(۵) تقسیمِ میراث زیرِ طبع

محمد حاتم رام پوری

والد کا نام: شیخ عبدالعزیز
تاریخِ پیدائش: ۱۵ر جنوری ۱۹۴۵ء، قصبہ رام پور (ضلع چمپارن۔ بہار)
پتہ: محلہ اسلام پور۔ قلم باغ روڈ۔ مظفر پور (بہار)
تعلیم: ایم اے (اردو۔ فارسی)، بہار یونیورسٹی۔ مظفر پور
مشاغل، ملازمت: لکھنا پڑھنا
تصانیف: (۱) اردو ڈرامے
(۲) تصورِ بشر اور اقبال کا مردِ مومن ۱۹۷۹ء
(۳) اقبال فہمی زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: دوسری کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

(دستاویز، صفحہ ۳۱۴)

(پروفیسر) محمد حسن

والد کا نام: محمد الطاف حسن
تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۲۶ء، مراد آباد (یوپی) درحقیقت ۲۵ر محرم الحرام ۱۳۴۵ھ مطابق ۵ر اگست ۱۹۲۶ء
پتہ: ڈی۔ ۷ ماڈل ٹاؤن۔ دہلی ۱۱۰۰۰۹
تعلیم: ایم اے۔ ایل ایل بی۔ پی ایچ ڈی (لکھنؤ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: پروفیسر اردو، جواہر لال نہرو یونیورسٹی۔ نئی دہلی۔
تصانیف: (۱) ہندی ادب کی تاریخ ۱۹۵۵ء

(۲) دہلی میں اردو شاعری کا فکری و تہذیبی پس منظر ۱۹۶۴ء
(تنقید)

(۳) مور پنکھی (ڈرامہ) ۱۹۷۵ء

(۴) جدید اردو ادب (تنقید) ۱۹۷۶ء

(۵) شناسا چہرے 〃 ۱۹۸۰ء

(۶) عرضِ ہنر 〃 ۱۹۸۰ء

(۷) ادبی تنقید 〃

(۸) شعرِ نو 〃

(۹) اردو ادب میں رومانوی تحریک 〃

(۱۰) جلال لکھنوی 〃

(۱۱) ادبی سماجیات 〃

(۱۲) معاصر ادب کے پیش رو 〃

(۱۳) مطالعۂ سودا 〃

(۱۴) ہیئتی تنقید 〃

(۱۵) قدیم اردو ادب کی تنقیدی تاریخ

ان کے علاوہ تقریباً چھ کتابیں ڈرامے پر، پانچ کتابیں مرتبہ اور نو کتابیں متفرق موضوعات پر کچھ تالیف، کچھ ترجمہ ہیں۔ نیز اردو شعرا پر تین کتابیں انگریزی میں اور ہندی میں چار کتابیں ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان ۱۹۵۵ء، ۱۹۷۷ء، ۱۹۸۰ء، ۱۹۸۵ء، انگلستان، جرمنی، فرانس، سوئٹزر لینڈ ۱۹۷۳ء، اٹلی، لبنان، دوبارہ انگلستان ۱۹۸۴ء، سہ بارہ انگلستان، امریکہ، کناڈا ۱۹۸۵ء میں

اعزازات، انعامات: ہم سب غالب ایوارڈ برائے ڈرامہ۔ اتر پردیش اردو اکادمی کا مجموعی خدمات پر ایوارڈ ۱۹۸۶ء۔ آندھرا پردیش ساہتیہ اکادمی

کا انعام 'لہرے کا چاند' پر۔ بنگلہ ساہتیہ سبھا امرتا ایوارڈ ۱۹۷۸ء اور
دہلی ساہتیہ پریشد کا انعام ۱۹۸۴ء

ڈاکٹر سید محمد حسنین

والد کا نام: سید محمد رشید
تاریخِ پیدائش: ۲۷ فروری ۱۹۲۵ء، پٹنہ (بہار)
پتہ: الامن ۔ بھنور پوکھر۔ پٹنہ (بہار) ۸۰۰۰۰۴
تعلیم: ایم اے (اردو) پٹنہ کالج ۱۹۴۶ء۔ پی ایچ ڈی (بہار یونیورسٹی)۔
۱۹۵۶ء
مشاغل/ ملازمت:
تصانیف:

(۱) ثریا کا خواب	(کہانی)	۱۹۴۰ء
(۲) بہار کے نوچراغ	(خاکے)	۱۹۵۲ء
(۳) مرزا محمد علی فدوی (دو حصے۔ تحقیق)		۱۹۵۴ء
(۴) برزخ کا مشاعرہ	(ڈرامہ)	۱۹۵۷ء
(۵) صنفِ انشائیہ اور انشائیے (تنقید)		۱۹۵۸ء
(۶) نیل حرام (افسانے۔ خاکے۔ رپورتاژ)		۱۹۶۸ء
(۷) نشاطِ خاطر	(انشائیہ)	۱۹۷۶ء
(۸) حیاتِ کلیم (پروفیسر کلیم احمد کی تہنیت میں مقالے/ ترجمہ)		۱۹۷۶ء
(۹) نمودِ ہستی (سیرتی و سوانحی مقالے)		۱۹۸۰ء
(۱۰) زندگانیِ بے نظیر		۱۹۸۱ء
(۱۱) نفسِ مطلب (ادبی و تنقیدی مضامین)		۱۹۸۴ء

اعزازات،انعامات: منشاطِ خاطر، پر ۱۹۷۷ء میں اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا

محمد خلیل

والد کا نام: محمد اسماعیل
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر جنوری ۱۹۴۴ء، جونپور (یوپی)
پتہ: ۸ر برج پوری، پروانہ روڈ، دہلی ۱۱۰۰۵۱
تعلیم: ایم ایس سی (نباتات) بی ایڈ، ڈپلوما ان جرنلزم، ایڈوانس ڈپلوما ان ماس میڈیا۔
مشاغل، ملازمت: نائب مدیر مجلّہ "سائنس کی دنیا"
تصانیف: (۱) عجیب وغریب جانور ۱۹۷۶ء
(۲) آلودگی (ایم ایس شیشاگری کی کتاب کا ترجمہ)
(۳) ہندوستان میں سائنس اور ٹیکنالوجی (رحمٰن صاحب کی کتاب کا ترجمہ) زیرِ طبع

(پروفیسر) محمد ذاکر

والد کا نام: محمد سمیع
تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۲ء، دہلی۔
پتہ: (۱) ۴۹۶ - چوڑی والان۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶
(۲) پروفیسر شعبۂ اردو۔ جامعہ ملیّہ اسلامیہ۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: درس وتدریس۔ پروفیسر اردو، جامعہ ملیّہ اسلامیہ نئی دہلی

تصانیف: (۱) ہندوستان — آج اور کل ۱۹۵۹ء
(پنڈت جواہر لال نہرو کی کتاب کا ترجمہ)
(۲) ابتدائی اردو ریڈر (مرتبہ) ۱۹۷۱ء
(۳) اردو نثر و نظم کے نمونے " ۱۹۷۲ء
(۴) آزادی کے بعد ہندوستان کا اردو ادب ۱۹۸۱ء
(۵) ہمالیہ کی چوٹیوں پر (ترجمہ)
ان کے علاوہ، غیر اردو داں طبقے کو انگریزی کے ذریعے اردو سکھانے کے لیے تین کتابیں انگریزی میں ہیں۔

محمد رابع ندوی (مولانا سیّد محمد رابع حسنی)

والد کا نام: سیّد رشید احمد حسنی
تاریخِ پیدائش: ۱۸ اکتوبر ۱۹۲۹ء، تکیہ کلاں رائے بریلی۔ (یوپی)
پتہ: (۱) دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ (یوپی)
(۲) تکیہ کلاں۔ رائے بریلی (یوپی)
تعلیم: تعلیم دارالعلوم ندوۃ العلماء، دارالعلوم دیوبند، ودیگر مدارس (فاضل دینیات وادب عربی)
مشاغل، ملازمت: تدریس، وتصنیف۔ استاد دارالعلوم ندوۃ العلماء۔ صدر شعبہ عربی ندوۃ العلماء
تصانیف: (۱) مقاماتِ مقدسہ اندازاً ۱۹۶۰ء
(۲) جزیرۃ العرب " ۱۹۶۲ء
(۳) دو مہینہ امریکہ میں ۱۹۸۰ء
(۴) حج و مقاماتِ حج ۱۹۸۱ء
(۵) تعلیم اور سماج ۱۹۸۴ء

(۶) ایک ہفتہ ترکی میں ۱۹۸۶ء

عربی کی تصانیف ان کے علاوہ ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: عرب دنیا میں سعودی عرب کئی بار (پہلی بار ایک سال قیام رہا) عراق، شام، اردن، لبنان، کویت، قطر، بحرین، الجزائر، مراقش اور دیگر ممالک میں ترکی پاکستان اور یورپ کئی مرتبہ۔ امریکہ ایک بار۔

اعزازات، انعامات: عربی میں لیاقت کا انعام اور سند از صدر جمہوریہ ہند۔

محمد سالم

والد کا نام: نبی اختر

تاریخ پیدائش: ۶ر اپریل ۱۹۳۳ء، دربھنگہ

پتہ: 'کاشانۂ اختر' محلہ بہدولی' دربھنگہ (بہار) ۸۴۶۰۰۶

تعلیم: آئی اے۔

مشاغل، ملازمت: تنقیدی مضامین لکھنا نیز شعر گوئی۔

تصانیف: (۱) زاویۂ خیال (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

(۲) صبائے سنگ (شعری مجموعہ) زیر طبع

(ڈاکٹر) محمد سعید

والد کا نام: محمد صدیق

تاریخ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۵۰ء، آگرہ (یوپی)

پتہ: ۴۶۱، ذاکر نگر، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم کام - پی ایچ ڈی
مشاغل؍ملازمت: صدر، شعبۂ کامرس، جامعہ ملیہ اسلامیہ
تصانیف: دفتری انتظامیہ ۱۹۸۰ء
(۳) بھارت کی نئی تعمیر اور ہم	۱۹۵۷ء
(۴) ہندوستان کا مستقبل اور جماعتِ اسلامی کی دعوت	۱۹۷۱ء
(۵) جماعتِ اسلامی کا مقصد اور اس کا طریقِ کار	۱۹۸۰ء
(۶) حالات حاضرہ اور ہماری ذمہ داریاں	۱۹۸۲ء
(۷) دو یادگار تقریریں	۱۹۸۲ء
(۸) ملک و ملت کے مسائل اور ان کا حل	۱۹۸۳ء

(۹) مغرب میں اسلام کی دعوت ۱۹۸۳ء
(۱۰) نشہ بندی اور اسلام ۱۹۸۳ء
(۱۱) جماعتِ اسلامی ہند —— حقائق اور
الزامات ۱۹۸۴ء
(۱۲) دعوتِ اسلامی ہندوستان میں ۱۹۸۴ء
(۱۳) الکشن اور مسلمان ۱۹۸۴ء
(۱۴) امیرِ جماعتِ اسلامی ہند کی مولانا مدنی
سے مراسلت ۱۹۸۴ء

ان کے علاوہ تین خطباتِ صدارت اور ایک خطبۂ افتتاحیہ ہیں اور مذکورہ بالا کتابوں میں سے متعدد کے ہندی اور انگریزی میں تراجم شائع ہوئے ہیں۔

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۷۸ء۔ موتمر المنتظمات الاسلامیہ کی دعوت پر سعودی عرب۔ ۱۹۸۳ء۔ یوکے اسلامک مشن کی دعوت پر انگلستان۔ اسلامک سوسائٹی آف نارتھ امریکہ کی دعوت پر امریکہ اور اسلامک کونسل لندن کی دعوت پر اسلامی کانفرنس منعقدہ اسلام آباد (پاکستان) میں شرکت اور 'عہدِ حاضر میں اسلام' کے موضوع پر خطبہ دیا۔ ۱۹۸۴ء۔ اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ کی دعوت پر امریکہ وکناڈا کا دورہ کیا۔ اگست ۱۹۸۵ء میں سعودی عرب۔

ابوالمکرم سلفی

والد کا نام: عبدالجلیل
تاریخِ پیدائش: ۲۱ مارچ ۱۹۶۳ء، بستی (یوپی)

پتہ : معہد التعلیم الاسلامی۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم : عالم، فاضل۔ جامعہ سلفیہ بنارس۔ مولوی، منشی، عالم الہ آباد بورڈ۔
مشاغل، ملازمت : درس و تدریس اور تحقیق و ترجمہ
تصانیف : تین اہم دینی مسائل (ترجمہ) ۱۹۸۶ء

ابو عبیدہ اعظمی (مولانا شکراللہ نعمانی)

والد کا نام : شیخ عبدالجبار
تاریخِ پیدائش : ۱۹۱۹ء، ابراہیم پور (ضلع اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ : مقام ابراہیم پور، ڈاکخانہ دیوکلی تارن (محمد آباد گوہنہ) ضلع اعظم گڈھ (یوپی) ۲۷۶۴۰۳
تعلیم : درسِ نظامیہ فارغ
مشاغل، ملازمت : درس و تدریس، تحریر و تقریر
تصانیف : (۱) جواہرِ غالیہ ۱۹۷۳ء
(۲) اسلام کا نظامِ طلاق عقل و نقل کی روشنی میں ۱۹۸۶ء
(۳) مصافحہ ملاقات کی شرعی حیثیت ۱۹۸۶ء
(۴) احوالِ ایمان زیرِ طبع

* ابو علی اثری (مولوی عبدالباری)

والد کا نام : رحیم بخش
تاریخِ پیدائش : ۱۵ر مارچ ۱۹۰۳ء، اعظم گڈھ (یوپی) (وفات ہوگئی۔ بہ مقام اعظم گڈھ)
پتہ : دارالمصنفین (شبلی اکادمی) شہر اعظم گڈھ (یوپی) ۲۷۶۰۰۱

تعلیم: مدرسۃ الاصلاح میں حاصل کی
مشاغل، ملازمت: دار المصنفین کے شعبۂ تصحیح میں ملازمت
تصانیف: (۱) علامہ سید سلیمان ندوی ۱۹۸۶ء
(۲) رجال اہلحدیث ۱۹۸۶ء
(۳) مولانا ابو الکلام آزاد (حصہ اول و دوم)

اثر غوری (محمد یوسف غوری)

والد کا نام: محمد ابراہیم غوری
تاریخ پیدائش: ۲۸ر فروری ۱۹۴۰ء، حیدر آباد (اے پی)
پتہ: مکان نمبر ۸۵۔ آرائش بلدہ کویلی کی کمان۔ سلطان شاہی، حیدر آباد (اے پی)
تعلیم: ایم اے۔ عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدر آباد
مشاغل، ملازمت: روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن میں کنٹرولر
تصانیف: بوند بوند روشنی (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء
اعزازات، انعامات: آندھرا پردیش اردو اکادمی کی جانب سے 'بوند بوند روشنی' کو انعام سے نوازا گیا۔

احتشام اختر

والد کا نام: احمد حسین
تاریخ پیدائش: ۹ر نومبر ۱۹۴۴ء، بمقام اجمیر شریف
پتہ: پرانا خزانہ ہاؤس سول لائنز کوٹہ (راجستھان)
تعلیم: ایم اے (اردو) علیگ،

مشاغل؍ملازمت: صدر شعبۂ اردو گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج کوٹہ

تصانیف: (۱) راکھ (شعری مجموعہ) ۱۹۷۴ء

(۲) نیلا آکاش " ۱۹۸۴ء

اعزازات؍انعامات: نیلا آکاش پر راجستھان اردو اکادمی نے انعام دیا۔

(پروفیسر) احمد سجّاد

والد کا نام: محمد نظیر الدّین

تاریخِ پیدائش: ۱۲؍اکتوبر ۱۹۳۹ء، بہار شریف (ضلع نالندہ۔ بہار)

پتہ ۳/۲ کے۔ بریاتو ہاؤسنگ کالونی۔ رانچی (بہار) ۸۳۴۰۰۹

تعلیم:

مشاغل؍ملازمت: ۸۲۔ ۱۹۸۱ء؛ مدیرِ اعلیٰ ادبی ششماہی "ابلاغ"۔ مدیرِ اعلیٰ ادبی ماہنامہ "فنکار" ۱۹۸۳ء تا حال۔ پروفیسر شعبۂ اردو۔ رانچی یونیورسٹی۔

تصانیف: (۱) ہندوستانی مسلمانوں کے بنیادی مسائل

اور ان کا حل ۱۹۷۳ء

(۲) دبستانِ رام پور کا ایک اہم فنکار

(میر غلام علی عشرت بریلوی) ۱۹۷۸ء

(۳) تنقید و تحریک ۱۹۷۹ء

(۴) اسلام کا انقلابی لٹریچر ۱۹۸۰ء

(۵) پاکستان میں اردو غزل (تالیف) ۱۹۸۰ء

(۶) پندرھویں صدی ہجری کے تقاضے

اور مطالبات۔ ۱۹۸۱ء

(۷) پندرھویں صدی ہجری (انگریزی) ۱۹۸۴ء

(۸) تحریک آل انڈیا مومن کانفرنس ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب ۔ بحرین ۔ دوبئی۔ پاکستان۔ حکومت ایران کی دعوت پر ۱۹۸۳ء میں یوم انقلاب، اسلامی اور بین الاقوامی سمینار میں شرکت کی، نیز حکومتِ کویت کی دعوت پر ۱۹۸۵ء میں ایک ماہ اسلامیات پر لکچر دیے۔

احمد سعید ملیح آبادی

والد کا نام: عبدالرزاق ملیح آبادی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۶ء، ملیح آباد ضلع لکھنؤ (یو پی)

پتہ: "آزاد ہند" ۲۵۔ ایڈن ہاسپٹل روڈ کلکتہ (مغربی بنگال) ۷۰۰۰۷۳

تعلیم: عربی، فارسی، اردو، انگریزی۔

مشاغل، ملازمت: صحافت

تصانیف: (۱) اللہ کے گھر میں (سفرنامہ سعودی عرب) ۱۹۷۰ء

(۲) آج کا پاکستان (سفرنامہ) ۱۹۷۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب۔ ایران۔ پاکستان۔ بنگلہ دیش۔ یورپ۔

اعزازات، انعامات: غالب ایوارڈ ۱۹۸۵ء

احمد مصطفیٰ صدیقی راہی

والد کا نام: عبدالوحید صدیقی (غازی پوری)

تاریخ پیدائش: ۱۴ر اگست ۱۹۳۰ء، سہارنپور (یوپی)
پتہ: ۳/۴۵ - جنگپورہ (بی)، متھرا روڈ۔ نئی دہلی-۱۱۰۰۱۴
تعلیم: فاضل دارالعلوم دیوبند۔ اور (میٹرک) ہائی اسکول فتح پوری دہلی
مشاغل، ملازمت: صحافت (مدیر اعلیٰ ماہنامہ ہدیٰ: نئی دہلی)
تصانیف:
(۱) ہمارے پیغمبر (حضرت آدمؑ تا آنحضرت صلعم) ۱۹۷۹ء
(۲) اللہ والیاں (پیغمبروں کی ازواج مطہرات اور مومنات کے حالات) ۱۹۷۹ء
(۳) ہمارے ولی (ولیوں اور بزرگوں کے تذکرے) ۱۹۷۹ء
(۴) ہماری نماز ۱۹۷۹ء
(۵) اسلامی روزے ۱۹۷۹ء
(۶) کلمہ طیبہ کی برکت اور درود شریف کی فضیلت ۱۹۷۹ء
(۷) مسلمان فاتحین (دس ممتاز فاتحوں کے تذکرے) ۱۹۷۹ء
(۸) رہنمائے سفرِ حج ۱۹۷۹ء
(۹) تعبیرِ خواب (علم تعبیر اور تاثیر کے متعلق ضروری معلومات) ۱۹۸۱ء
(۱۰) رہنمائے عملیات (کامیاب عمل اور وظائف) ۱۹۸۱ء
(۱۱) بڑھاپا اور اس کا علاج ۱۹۸۱ء
(۱۲) دل کی بیماریوں کا نبوی علاج ۱۹۸۳ء
(۱۳) موت کا آنکھوں دیکھا حال ۱۹۸۳ء
(۱۴) خلفائے رسول (عہدِ خلافت راشدہ کی تفصیل) ۱۹۸۳ء
(۱۵) خواجہ معین الدین چشتیؒ (حالات ولادت تا وصال) ۱۹۸۳ء
وغیرہ وغیرہ (تمام کتابیں ترتیب و تدوین سے تعلق رکھتی ہیں)
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب۔

(مولانا) احمد نصر بنارسی

والد کا نام: ڈاکٹر محمد ظفر
تاریخِ پیدائش: ۱۲ اپریل ۱۹۵۲ء، میانہ محال اردلی بازار بنارس کینٹ
پتہ: (۱) مکان نمبر ایس ۶/۱۰۱ اردلی بازار بنارس کینٹ (یوپی) ۲۲۱۰۰۲
(۲) مہتمم مدرسہ عربیہ امدادیہ برنا پل بنارس کینٹ۔
تعلیم: مدرسہ وصیۃ العلوم الہ آباد، مدرسہ مفتاح العلوم جلال آباد مظفرنگر، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور سند حافظ قاری عالم فاضل فنون عربیہ ۱۹۷۱ء
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس اور تصنیف و تالیف
تصانیف: (۱) اصولِ حیات ۱۹۷۳ء
(۲) فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۹۷۵ء
(۳) ارشادات ۱۹۷۶ء
(۴) گلدستۂ حدیث ۱۹۷۹ء
اصولِ حیات حصّہ دوم، فیض اکابر، فضائل و مسائل درود پاک زیرِ کتابت ہیں۔
بیرونی ممالک کا سفر: دو مرتبہ ۱۹۸۰ء و ۱۹۸۵ء میں پاکستان کا سفر کیا۔

اختر صدّیقی (عبد الجبّار صدّیقی)

والد کا نام: عبد الستار صدّیقی
تاریخِ پیدائش: ۱۰ ۱۹ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: نظام الدین ویسٹ مارکیٹ۔ نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۳

تعلیم: انٹرمیجیٹ
مشاغل/ملازمت: صحافت (۱۹۷۶ء سے نئی دنیا ہفتہ وار سے وابستہ)
تصانیف: (۱) اسلامی روزے ۱۹۶۱ء
(۲) پاگل خانہ (ناول)
(۳) غالب اپنے آئینہ میں ۱۹۷۰ء
(۴) اور خون بہتا رہا (ناول) ۱۹۷۱ء
(۵) خاک وخون " ۱۹۷۲ء
(۶) سلطان فیصل شہید (سوانح) ۱۹۷۵ء

ارتضیٰ کریم (سیّد علی کریم)

والد کا نام: سیّد شرافت کریم
تاریخِ پیدائش: ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۹ء، گیا (بہار)
پتہ: پاکٹ: آئی/ ۰۹ ۱- بی دل شاد گارڈن، دہلی ۳۲-۱۱۰۰
تعلیم: ایم اے - ایم فل (اردو)
مشاغل/ملازمت: استاد شعبۂ اردو، ذاکر حسین کالج، اجمیری گیٹ، دہلی ۶
تصانیف: آٹھویں دہائی میں بہار کا اردو ادب
(۱۹۷۱ء تا ۱۹۸۰ء) ۱۹۸۶ء

اسرار اکبرآبادی (سیّد اسرار حسین)

والد کا نام: سیّد اعجاز حسین
تاریخِ پیدائش: ۸ نومبر ۱۹۳۸ء، کیرانہ ضلع مظفر نگر (یوپی)

پتہ : ۳۲۷/۱۸، منٹولہ۔ آگرہ (یو پی)
تعلیم : ایم اے۔ بی ٹی
مشاغل، ملازمت : درس وتدریس (وکٹوریہ انٹر کالج۔ آگرہ)
تصانیف : (۱) آوازیں (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۱ء
(۲) عکس ریزہ (شعری ″) ۱۹۸۶ء

اسلم واحدی (محمد اسلم واحدی)

والد کا نام :
تاریخِ پیدائش : یکم دسمبر ۱۹۲۹ء
پتہ : معرفت احمد سعید واحدی۔ سیکو الیکٹرک ورکس۔ نزد النکار ٹاکیز اودے گنج۔ لکھنؤ (یو پی)
تعلیم : میٹرک (۱۹۴۶ء)
مشاغل، ملازمت : ملازمت (ریلوے) اسٹیشن سپرنٹنڈنٹ
تصانیف : (۱) ٹھنڈی گواہی (ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۲) واپسی ″ ۱۹۸۵ء
(۳) تین اور تیس ہزار (ناول) ۱۹۸۶ء
(۴) چوتھا کانٹا (طویل ٹی وی ڈرامہ) زیرِ طبع
اعزازات، انعامات : پہلی کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

اسما رفعت حسین (مسز اسما خاتون عباسی)

والد کا نام : عرفان عباسی

تاریخِ پیدائش : ۱۹۵۳ء۔ لکھنؤ (یوپی)
پتہ : معرفت ۹۱ باغ منو نیا گاؤں لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۰۱
تعلیم : دبیر کامل
مشاغل، ملازمت: مطالعہ
تصانیف : (۱) کلیّاتِ اشعر ملیح آبادی (مرتبہ) ۱۹۸۴ء
(۲) جذبات نجمی ۱۹۸۴ء
(۳) چند شعرائے اردو تحریر و تصویر کے آئینے
میں حصہ اوّل (۱۰۴ قدیم و جدید شعرا) ۱۹۸۵ء
(۴) چند شعرائے اردو تحریر و تصویر کے آئینے میں
حصہ دوم (۱۰۰ قدیم و جدید شعراء) ۱۹۸۶ء

(ڈاکٹر) اصغر عبّاس

والد کا نام: محمد علی عباس
تاریخِ پیدائش: ۱۹۴۳ء کی شب عاشور، قصبہ بی بی پور (ضلع اعظم گڈھ یوپی)
پتہ: ابو بازار۔ اچوا۔ گورکھپور (یوپی)
تعلیم: ایم اے۔ بی لب۔ پی ایچ ڈی۔ (علی گڈھ)
مشاغل، ملازمت : ریڈر شعبۂ اردو۔ مسلم یونیورسٹی
"
تصانیف: (۱) سیّد احمد خاں (ترجمہ) ۱۹۷۱ء
(۲) سر سیّد کی صحافت ۱۹۷۵ء
(۳) انتخاب مضامین انسٹی ٹیوٹ گزٹ (مع مقدمہ) ۱۹۸۱ء
(۴) انتخاب مضامین ذکاء اللہ " ۱۹۸۳ء
(۵) رشید احمد صدیقی آثار و اقدار (ترتیب و تدوین) ۱۹۸۴ء

اعزازات؍انعامات سرسید کی صحافت پر ۱۹۷۵ء میں اتر پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

اظہار، سیّد حیدر علی

والد کا نام: سیّد قلندر علی
تاریخِ پیدائش: ۱۵ جولائی ۱۹۱۴ء، بمقام کھنڈوہ (ایم پی)
پتہ: ۹ املی پورہ، نزد امام باڑہ، کھنڈوہ (ایم پی)
تعلیم: مڈل اسکول، بیسک ٹریننڈ ٹیچر
مشاغل؍ملازمت: ریٹائرڈ مدرّس
تصانیف: اظہارِ محبت (شعری مجموعہ) ۱۹۴۰ء

اظہر افسر (مرزا اظہر افسر)

والد کا نام: مرزا عمر جان جاناں
تاریخِ پیدائش: ۷ اکتوبر ۱۹۲۷ء، حیدرآباد (اے پی)
پتہ: بڑا بنگلا۔ سلمان مسجد۔ امان نگر بی۔ حیدرآباد (اے پی)
تعلیم: بی آئی ایم ایس (بیچلر آف انڈین میڈیسن اینڈ سرجری)
مشاغل؍ملازمت: ۸۴-۱۹۵۸ء پروڈیوسر آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد۔ ریٹائر ہونے کے بعد مطالعہ اور ڈرامانگاری

تصانیف:
(۱) سانولی (۱۴ ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۶۶ء
(۲) پھول ہی پھول (۱۵ 〃 〃) ۱۹۶۹ء
(۳) موج در موج (۱۲ 〃 〃) ۱۹۷۱ء

(۴) غالب چچا (مرزا غالب پر ایک طویل ڈرامہ) ۱۹۷۳ء
(۵) نارنگی کی خوشبو (۱۰ ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۸۰ء
(۶) انمول نگینہ (قومی رہنماؤں پر ڈرامے اور فیچر) ۱۹۸۱ء
(۷) سپہر کا سورج (۱۰ ڈراموں کا مجموعہ) ۱۹۸۳ء

اعزازات، انعامات: ۱۹۶۳ء میں دسویں آکاش وانی ساہتیہ سماروہ میں میرے ایک ڈراما "موتی" کو اس سال کا سب سے اچھا ڈراما قرار دیا۔ ۱۹۸۰ء میں حکومتِ آندھرا پردیش نے عالی جناب گورنر کے دست مبارک سے ایوارڈ دیا۔ ۱۹۸۰ء میں مغربی بنگال اردو اکادمی نے "نارنگی کی خوشبو" پر انعام دیا۔ اسی سال غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی نے عزت مآب صدر جمہوریہ ہند کے دست مبارک سے غالب ایوارڈ برائے ڈراما عطا کیا۔

(حکیم) افتخار الحق تکمیلی

والد کا نام: عبد الحق
تاریخِ پیدائش: ۱۹۱۴ء، بمقام شاہ جہاں پور
پتہ: سیل پور ضلع پیلی بھیت (یوپی) ۲۶۲۲۰۱
تعلیم: مولوی (مدرسہ عین العلم شاہ جہاں پور) طبیب (تکمیل الطب کالج لکھنؤ) اور درجہ "تبحر" کالج مذکور۔
مشاغل، ملازمت: مطب
تصانیف: (۱) طبی مقالات ۱۹۸۵ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب

افتخار شعلہ (افتخار الدین)

والد کا نام جلال الدین
تاریخِ پیدائش: ۳۱ اکتوبر ۱۹۴۷ء، جمشید پور (بہار)
پتہ: ایس۔ ڈبلو فلیٹ ۱۰۰ ۔ پوسٹ ساکچی جمشید پور ۔ ۸۳۱۰۰۱
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: ٹیسکو کمپنی
تصانیف: تیرا غم ہی سہی (ناول) ۱۹۷۵ء

* افضل حسین

والد کا نام: منصب دار خاں
تاریخِ پیدائش: یکم فروری ۱۹۱۸ء، ضلع بستی (وفات: یکم جنوری ۱۹۹۰ء بمقام دہلی)
پتہ: ۱۳۵۳۔ بازار چتلی قبر۔ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے۔ ایل ٹی
مشاغل، ملازمت: سکریٹری جنرل جماعتِ اسلامی ہند۔ دہلی

تصانیف
(۱) ہماری کتاب (سٹ) ۱۹۵۳ء
(۲) ہماری دنیا 〃 ۱۹۵۴ء
(۳) عام معلومات 〃
(۴) پیارے رسول ۱۹۵۵ء
(۵) اخلاقی کہانیاں 〃 ۱۹۵۹ء
(۶) موتیوں کا ہار 〃 ۱۹۶۰ء
(۷) سچا دین 〃 ۱۹۶۱ء

(۸) آئینۂ تاریخ (حصۂ اوّل و دوم) ۱۹۶۱ء
(۹) تعمیری ادب (نثر) ۱۹۶۲ء
(۱۰) تعمیری ادب (نظم) ۱۹۶۲ء
(۱۱) فنِ تعلیم و تربیت ۱۹۶۴ء
کل کتابوں اور کتابچوں کی تعداد ساٹھ سے زیادہ ہے
بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ اور سعودی عرب

اکبر رحمانی (محمد اکبر خاں)

والد کا نام: عبدالرحمٰن خاں
تاریخِ پیدائش: ۷ار اکتوبر ۱۹۴۲ء، جلگاؤں (مشرقی خاندیش) مہاراشٹر
پتہ: کاشانۂ سہیل، ۳۷ بھوانی پیٹھ جلگاؤں (مہاراشٹر) ۴۲۵۰۰۱
تعلیم: ایم اے، بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: لکچرر مولجی جیٹھا ڈگری کالج جلگاؤں اور مدیرِ اعلیٰ ماہنامہ آموزگار جلگاؤں
تصانیف: (۱) بچوں کی کہانیاں (حصۂ اوّل و دوم) ۱۹۸۲ء
(۲) کمار بھارتی (برائے جماعت دہم) ۱۹۸۴ء
(۳) یووک بھارتی (برائے جماعت یازدہم) ۱۹۸۵ء
(۴) تحقیقات و تاثرات (مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۷ء
اعزازات، انعامات: مہاراشٹر اردو اکادمی سے بہترین اردو صحافت کا اور "بچوں کی کہانیاں" پر انعامات ملے۔

اکبر یوسفی (ڈاکٹر محمد اکبر)

والد کا نام : مولوی محمد یوسف
تاریخِ پیدائش : ۱۴ر نومبر ۱۹۳۸ء، قلعہ گولکنڈہ حیدرآباد (اے پی)
پتہ : مکان نمبر ۳۳۸-۲-۱۲ مراد نگر حیدرآباد۔(اے پی) ۵۰۰۰۲۸
تعلیم : بی۔ وی۔ ایس سی اے پی اگریکلچرل یونیورسٹی حیدرآباد
مشاغل، ملازمت : شعر و شاعری
تصانیف : یادوں کی مہک (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات : اردو اکادمی آندھراپردیش سے ۱۹۸۵ء میں انعام ملا۔

اکمل ادیب (محمد اکمل صدیقی)

والد کا نام : محمد افضل صدیقی
تاریخِ پیدائش : ۲ر اگست ۱۹۴۱ء
پتہ : ۳۵۔ عاشق حسین بلڈنگ چمن گنج۔ کانپور (یو پی)
تعلیم : ادیب، ادیب ماہر، ادیب کامل، ایچ ٹی سی، بی اے۔
مشاغل، ملازمت : ہیڈ ماسٹر جونیر ہائی اسکول گرجا گھر۔ نئی سڑک۔ کانپور
تصانیف : (۱) ماہِ تاباں (شعرا کا نعتیہ کلام) ۱۹۷۱ء
(۲) مسجدِ اقصیٰ کی پکار (شعرا کا منتخب کلام)
(۳) ہیکل انسانی۔ فکر و فن کے آئینے میں ۱۹۷۵ء
(۴) سرسیدِ ثانی مولانا سلیم جعفری کا ایک تعارف ۱۹۷۶ء
(۵) ایوانِ غزل

التماس صابر مارہروی

والد کا نام: ادریس احمد مارہروی
تاریخِ پیدائش: ۱۰ر اکتوبر ۱۹۴۲ء، فیروز آباد (آگرہ)
پتہ: (۱) مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سنٹر اور لائبریری
(۲) مہاتما گاندھی میموریل بلڈنگ، ۷۔ نیتاجی سبھاش روڈ، بمبئی ۴۰۰۰۰۲
تعلیم: ادیب کامل، وِدوان
مشاغل، ملازمت: اردو املا پر تحقیقی کام، ریسرچ سنٹر میں لٹریری اسسٹنٹ
تصانیف: ہندستانی قاعدہ (ہندی کے ذریعے
ساتھ دن میں اردو سیکھیں) ۱۹۸۷ء
اعزازات، انعامات: مہاراشٹر اسٹیٹ اردو اکادمی بمبئی نے ۸۵-۱۹۸۴ء میں
اردو کی خدمت کے صلے میں انعام اور سند سے نوازا۔

امجد یوسف زئی (امجد علی خان یوسف زئی)

والد کا نام: قاسم علی خان
تاریخِ پیدائش: ۲۸ر اپریل ۱۹۱۹ء کلم ضلع عثمان آباد (حیدر آباد۔ اے پی)
پتہ: ۳۲۴-۷-۱۶ -عثمان پورہ -حیدر آباد ۲۴ (اے پی)
تعلیم: بی اے۔ ایل ایل بی
مشاغل، ملازمت: ایڈوکیٹ - ۱۹۵۶ سے ۱۹۵۹ء تین سال سوویت
یونین ماسکو میں فارن لینگویجز پبلشنگ ہاؤس میں بطور مترجم
اردو کام کیا۔
تصانیف: (۱) قانون لگان داری ۱۹۵۵ء

(۲) ہری نارائن آپٹے ۱۹۶۵ء

(۳) بادشاہ خان ۱۹۷۵ء

بیرونی ممالک کا سفر: لندن، سوویت یونین، پیرس، روم، قاہرہ، کوپن ہیگن، چین، افغانستان، سمرقند، بخارا، تاجکستان ازبکستان، پریس۔

اعزازات/انعامات: مراٹھی ساہتیہ کا انعام ۱۹۶۶ء میں، بادشاہ خان، پر اردو اکادمی آندھرا پردیش نے ۱۹۷۷ء میں انعام دیا۔

(ڈاکٹر) انتظار مرزا

والد کا نام: سلطان مرزا

تاریخِ پیدائش: ۲۵ رمئی ۱۹۴۴ء، دہلی

پتہ: ۲۰۸۶-کوچہ ناہرخاں، گلی مزاروالی، دریا گنج، نئی دہلی - ۱۱۰۰۰۲

تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (اردو) پوسٹ ایم اے ڈپلوما اردو مخطوطہ شناسی۔ ڈپلوما روسی زبان، دہلی یونیورسٹی۔

مشاغل/ملازمت: پروگرام آرگنائزر، اردو اکادمی، دہلی

تصانیف: (۱) دلی کی تہذیب (مرتب) ۱۹۸۷ء

(۲) لال قلعہ کی ایک جھلک " ۱۹۸۷ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان، سعودی عرب، دوبئی، ہانگ کانگ۔

انجم ادیب (نجم الحسن)

والد کا نام: شاہ ابوالحسن ادیب

تاریخِ پیدائش: ۷ رجون ۱۹۴۶ء، میسور (کرناٹک)

پتہ: شاہوار منزل - بالمقابل بازار گیٹ۔ ایم بی روڈ۔ کولار (کرناٹک)

تعلیم: ایم اے (فارسی۔اردو) ایل ایل بی۔بی ایڈ۔ راج بھاشا ودوان

مشاغل/ملازمت: سرکاری ملازمت

تصانیف: (۱) مطالعۂ انارکلی ۱۹۷۸ء

(۲) مطالعۂ سحرالبیان ۱۹۸۰ء

(۳) منتخب ڈرامے (برائے پری یونیورسٹی کورس سال دوم)

اعزازات/انعامات: ہندوستان کی مختلف اکادمیوں سے انعامات ملے۔

اَنِل ٹھکّر

والد کا نام: ماوجی بھائی ٹھکر

تاریخِ پیدائش: ۶ر جون ۱۹۳۴ء

پتہ: ۸۔ اشوک نگر، ہبلی (کرناٹک) ۵۸۰۰۳۲

تعلیم: ایس ایس ایل سی

مشاغل/ملازمت: تجارت۔ فلموں، ٹی وی اور ڈرامے میں اداکاری اور ہدایت کاری۔

تصانیف: (۱) خالی خانے ۱۹۸۲ء

(۲) اندھے رشتے ۱۹۸۶ء

اعزازات/انعامات: خالی خانے پر ۱۹۸۳ء میں اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام اور ۱۹۸۴ء میں کرناٹک اردو اکادمی کا انعام

انور حسین خاں

والد کا نام: اظہر حسین خاں
تاریخِ پیدائش: یکم جولائی ۱۹۵۶ء، بنورہ (ضلع بارہ بنکی یوپی)
پتہ: قصبہ و ڈاکخانہ بنورہ ضلع بارہ بنکی (اترپردیش) ۲۲۵۴۰۶
تعلیم: ایم اے (اردو) فیض آباد۔ بی، ٹی، سی۔ ادیب کامل
مشاغل، ملازمت: بنورہ ضلع بارہ بنکی کے سرکاری جونیر اسکول میں اردو ٹیچر، نیز لکھنؤ یونیورسٹی میں ریسرچ اسکالر۔
تصانیف: بھٹی قوم اپنی تاریخ کے آئینے میں ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

انور دہلوی

والد کا نام: حکمت علی
تاریخِ پیدائش: ۴، جنوری ۱۹۲۱ء، دہلی
پتہ: ۲۰۸۴ - اردو بازار۔ جامع مسجد۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: میٹرک (گورنمنٹ ہائی اسکول) ۱۹۳۶ء
مشاغل، ملازمت: مدیر روزنامہ "عوام" (دہلی) ممبر میٹروپولٹن کونسل دہلی۔
تصانیف: (۱) سیرتِ فخر دو عالم
(۲) تاجدارِ اجمیر (حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حالاتِ زندگی)
(۳) قرآن اور عورت
(۴) ڈائرکٹری اردو ناشرین و تاجرانِ کتب۔ مارچ ۱۹۸۷ء

(۵) اردو صحافت (مرتبہ) مارچ ۱۹۸۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب بہ سلسلۂ حج۔ پاکستان (کراچی۔ لاہور)

انیس امروہوی (انیس احمد)

والد کا نام: شریف احمد
تاریخِ پیدائش: ۵؍دسمبر ۱۹۵۴ء، امروہہ (یوپی)
پتہ: ۴۰۷۔ پھاٹک دھوبیان، فراش خانہ، دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: ایم کام
مشاغل، ملازمت: ملازمت۔ اسٹار پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دہلی۔ انچارج شعبۂ اردو۔
تصانیف: (۱) بے نظیر بھٹو، جنرل ضیا کا ایک اور شکار ۱۹۸۶ء
(۲) اردو کے بہترین افسانے (انتخاب/ترتیب) ۱۹۸۶ء
(۳) اردو شاعری، آپ کی پسند (ہندی میں/مرتبہ) ۱۹۸۶ء

ایاز، غلام حسین

والد کا نام: شیخ امیرالدین لکھنوی
تاریخِ پیدائش: ۲۸؍اکتوبر ۱۹۳۹ء، کلکتہ (مغربی بنگال)
پتہ: عشرت کدہ۔ ۲۹ اے۔ پام ایونیو۔ کلکتہ (مغربی بنگال)
تعلیم: ہائی اسکول
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) لفظوں کی لکیریں (پہلا شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء

(۱) تیسری آنکھ (دوسرا شعری مجموعہ) زیرِ طبع ریشن

اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔
(دستاویز، صفحہ ۶۶)

ایس فضیلت (فضیلت شاہ خاں)

والد کا نام: حامد شاہ خاں

تاریخِ پیدائش: ۲۰ر جون ۱۹۴۸ء (رامپور۔ یوپی)

پتہ: راجدوارہ روڈ، رامپور (یوپی) ۲۴۴۹۰۱

تعلیم: بی ایس سی۔ ایم اے

مشاغل، ملازمت: مالک و منیجر سینٹ سرسید پبلک اسکول رامپور

تصانیف: (۱) کشمکش (ناول) ۱۹۷۸ء

(۲) اوئی اللہ (مزاحیہ ناول) ۱۹۸۲ء

(۳) محلوں کے اندھیرے (ناول) ۱۹۸۴ء

(۴) جوتی کہیں کی (مزاحیہ ") ۱۹۸۵ء

بچوں کے ادب پر مندرجۂ ذیل ناول لکھے۔

(۱) آخری لاش (۲) خونی وصیت (۳) آخری دھماکہ

(۴) خطرناک سازش (۵) سرخ جزیرہ (۶) فوزیہ کے کارنامے

اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی نے "محلوں کے اندھیرے" کو ۱۹۸۴ء کا بہترین ناول کا اعزاز دیا۔

ایم طاہر پٹنی (محمد طاہر)

والد کا نام: غلام رسول
تاریخِ پیدائش: ۷/جولائی ۱۹۴۲ء، تعلقہ پٹن ضلع اورنگ آباد (مہاراشٹر)
پتہ: پینٹر۔ محلہ منشی شعبان نگر۔ مالیگاؤں (مہاراشٹر) ۴۲۳۲۰۳
تعلیم: اسپرے پینٹنگ میں اسپیشلسٹ
مشاغل، ملازمت: اسپرے پرینٹنگ
تصانیف: (۱) عکسِ ذات (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۲) کاغذ کی زمین " ۱۹۸۶ء

ایم کوکب (ڈاکٹر کوکب قدر سجّاد علی میرزا)

والد کا نام: پرنس مہر قدر زاہد علی میرزا
تاریخِ پیدائش: ۲۶/اگست ۱۹۳۳ء، کلکتہ
پتہ: (مستقل) ۱۱۔مارسڈن اسٹریٹ، کلکتہ ۷۰۰۰۱۶
(موجودہ) تاج اکبر، سول لائنز، علی گڈھ ۲۰۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے۔ ایل ایل بی۔ پی ایچ ڈی۔
مشاغل، ملازمت: ریڈر شعبہ اردو، علی گڈھ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڈھ
تصانیف: (۱) ولایتی بھوت (انگریزی افسانوں کا ترجمہ) ۱۹۶۳ء
(۲) عمدۃ الحیات (عمدۃ العلما، مولانا سید کلب حسین کی سوانح) ۱۹۶۴ء
(۳) انتخاب کلام واجد علی شاہ ۱۹۸۵ء
(۴) اقلیم سخن کے تاجدار ۱۹۸۷ء

ب پ ت ٹ ث

بھٹناگر، شنکر سروپ

والد کا نام : رام چند بھٹناگر
تاریخ پیدائش : ۴ر ستمبر ۱۹۲۰ء، دہرہ دون (یوپی)
پتہ : ۱۴۵- چترا وہار۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۹۲
تعلیم : ایم اے۔ ڈپلوما ان جرنلزم
مشاغل، ملازمت : دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل سی۔ ڈبلو۔ ایم نئی دہلی میں اکاونٹس افسر رہا اور فائینشل آفیسر پی ڈبلو ڈی، منسٹری آف ڈبلو ایچ ایس نئی دہلی سے ریٹائر ہوا۔

تصانیف :
(۱) مسافر اور دیگر افسانے (افسانوی مجموعہ) ۱۹۸۱ء
(۲) اندھیرے دور تک (ایک سوشل ناول اور چند نظمیں) ۱۹۸۳ء
(۳) امر کرن (ایک ناول، معذوروں کی زندگی کا عکس) ۱۹۸۳ء
(۴) اندھی (ایک ایکٹ کا گھریلو ڈراما) ۱۹۸۴ء
(۵) پرموشن (ناول، ایک کلرک کی آفس میں جدّوجہد) ۱۹۸۴ء
(۶) توبہ (ناول۔ جہیز کے رواج کی تباہ کاریاں) ۱۹۸۶ء

بخشی اختر امرتسری (شوری لال بخشی)

والد کا نام: بخشی کرپا رام
تاریخِ پیدائش: ۶ر جون ۱۹۰۹ء، امرتسر (پنجاب)
پتہ: کیو ۲۳۔ ملکہ گنج۔ دہلی ۱۱۰۰۰۷
تعلیم: بی اے۔ منشی فاضل، ادیب فاضل
مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ ٹیچر
تصانیف: تجلیات (شعری مجموعہ) ۱۹۶۸ء
اعزازات، انعامات: ساہتیہ کلا پریشد دہلی اور اردو اکادمی دہلی سے وظیفے مل رہے ہیں۔

برج پریمی (ڈاکٹر برج کشن ایمہ)

والد کا نام: پنڈت شیام لال ایمہ
تاریخِ پیدائش: ۲۴ر ستمبر ۱۹۳۵ء (سری نگر کشمیر)
پتہ: ۱۰۔ ٹیچرس کوارٹرس۔ یونیورسٹی کیمپس حضرت بل سری نگر (کشمیر) ۱۹۰۰۰۶
تعلیم: ایم اے (اردو)۔ بی ایڈ، آنرس اردو۔ پی ایچ ڈی۔
مشاغل، ملازمت: لکچرار۔ شعبۂ اردو۔ کشمیر یونیورسٹی۔ سری نگر۔
تصانیف: (۱) حرفِ جستجو (تحقیق و تنقید) ۱۹۸۲ء
(۲) جلوۂ صد رنگ " " ۱۹۸۵ء
(۳) سعادت حسن منٹو۔ حیات اور کارنامے (تحقیق و تنقید) ۱۹۸۶ء

(۴) ذوقِ نظر (تحقیق و تنقید) جنوری ۱۹۸۷ء

اعزازات/انعامات: (۱) آل انڈیا ہندی اردو سنگم ۱۹۷۶ء

(۲) اتر پردیش اردو اکادمی ایوارڈ ۱۹۸۲ء

برکاتی، سیّد منظور الحسن

والد کا نام: مفتی محمد شریف

تاریخ پیدائش: ۱۹۲۶ء، ٹونک (راجستھان)

پتہ: شفا منزل۔ پانچ بتّی، حکیم برکات احمد روڈ۔ ٹونک (راج) ۳۰۴۰۰۱

تعلیم: مولوی فاضل، منشی، ادیب کامل (راجستھان)، فاضل درسِ نظامیہ عربی۔

مشاغل/ملازمت: دارالعلوم خلیلیہ ٹونک میں عربی فارسی مدرّس

تصانیف: (۱) گلزارِ انشا (درسی کتاب) ۱۹۵۳ء

(۲) ٹونک کی عیدیں (خاص طور پر زمانۂ ریاست کی عید تاریخ کی روشنی میں) ۱۹۵۸ء

(۳) شرح انتخابِ فارسی (فارسی درسی کتاب کا ترجمہ) ۱۹۵۹ء

(۴) ٹونک کے میلاد النبی کی جھلک (تقریباً سو سالہ تاریخ) ۱۹۶۵ء

(۵) تاجدارِ مدینہ (سیرت نبوی صلعم) ۱۹۶۷ء

(۶) اورینٹل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (تاریخ اور خدمات)

(۷) کامیابی کا راز (طلبا کی رہنمائی کے لیے کتابچہ)

برگ باندوی (شیو پرشاد)

والد کا نام: للّو رام
تاریخِ پیدائش: ۵ر جنوری ۱۹۰۶ء، بمقام کالنجر
پتہ: پان دریبہ چوک بازار۔ باندہ (یوپی) ۲۱۰۰۰۱
تعلیم: ورناکیولر مڈل
مشاغل، ملازمت: پانوں کا کاروبار کرتے رہے۔ بوجہ ضعیفی سب ترک کر دیا ہے
غزلوں کی تصنیف اور اردو زبان و ادب کی ترویج و اشاعت
کے لیے ادبی محفلوں کا انعقاد۔
تصانیف: برگ آوارہ (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۳ء
اعزازات، انعامات: اردو اکادمی لکھنؤ نے برگِ آوارہ پر ۱۹۸۴ء میں انعام دیا

بزمی، ہمایوں قدر

والد کا نام: والا قدر
تاریخِ پیدائش: ۲۸ر مئی ۱۹۲۰ء، لکھنؤ (یوپی)
پتہ: عزیز منزل۔ نئی بستی۔ علی گڑھ (یوپی)
تعلیم: میٹرک (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ)
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت کلکٹریٹ علی گڑھ
تصانیف: تصویر (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۵ء

پاشا، حشمت کمال

والد کا نام: محمد حنیف تمباکو والے
تاریخِ پیدائش: ۲ر نومبر ۱۹۴۵ء، مٹیا برج۔ کلکتہ (مغربی بنگال)
پتہ: بی۔ ۱۱۹ بنگالی بازار، گارڈن ریچ کلکتہ۔ ۷۰۰۰۲۴
تعلیم: بی۔ کام (کلکتہ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: تجارت و ملازمت۔
تصانیف: معصوم کرنیں (شعری مجموعہ) ۱۹۸۵ء

پشکر ناتھ

والد کا نام: پنڈت تاراچند
تاریخِ پیدائش: ۳۱ر مئی ۱۹۳۲ء، سری نگر (کشمیر)
پتہ: اے۔ ۳۱ گیر جان نواسا۔ پریم نگر نیو پلاٹس۔ جموّں ۱۸۰۰۰۵
تعلیم: بی اے
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) اندھیرے اُجالے (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۶۱ء
(۲) ڈل کے باسی 〃 ۱۹۶۷ء
(۳) عشق کا چاند اندھیرا 〃 ۱۹۸۲ء
(۴) کانچ کی دنیا 〃 ۱۹۸۴ء
(۵) ڈل کے باسی (ہندی) 〃 ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات: اندھیرے اجالے اور ڈل کے باسی پر جموں وکشمیر اکادمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز نے اور کانچ کی دنیا پر اتر پردیش

اردو اکادمی نے انعامات دیے۔ نیز "ساون جلے بھادوں جلے"
پر آکاش وانی کا پہلا انعام ملا۔

پرویز، ڈاکٹر محمد اسلم

والد کا نام: حاجی حافظ محمد یوسف
تاریخِ پیدائش: ۳۰ ر دسمبر ۱۹۵۴ء، بلیماران، دہلی
پتہ: اے/ ۴۷ (۱۳۲۔ جی) ذاکر نگر نزد ماڈل اسلامک اسکول، جامعہ نگر، نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۲۵
تعلیم: ایم ایس سی، ایم فل، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: لکچرار۔ ذاکر حسین کالج (دہلی یونیورسٹی) اجمیری گیٹ دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶
تصانیف: (۱) سائنس کی باتیں (۱۰ر جنوری) ۱۹۸۷ء
(۲) زراعتی سائنس زیرِ طبع
اعزازات، انعامات: ۱۹۸۷ء میں اترپردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

پریمی رومانی (سبھاش چندر ایمہ)

والد کا نام: ڈاکٹر برج پریمی
تاریخِ پیدائش: ۴ر مارچ ۱۹۵۳ء، رنگہ ٹینگ، عالی کدل (سری نگر کشمیر)
پتہ: معرفت ڈاکٹر برج پریمی، شعبۂ اردو کشمیر یونیورسٹی حضرت بل سری نگر (جموں و کشمیر)
تعلیم: ایم اے (اردو) ایم فل

مشاغل، ملازمت: لکچرار شعبۂ اردو، گورنمنٹ ہائر سکنڈری انسٹی ٹیوٹ
لار گاندربل، سری نگر کشمیر
تصانیف: (۱) جدید اردو شاعری: چند مطالعے ۱۹۸۰ء
(۲) اوراق (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۷ء
(۳) جدید اردو شاعری اور اقبال (تحقیق و تنقید)

تصدّق حسین

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۹ء، سری نگر
پتہ: نزد نگین کلب۔ ڈاکخانہ حضرت بل۔ سری نگر (جموّں و کشمیر)
تعلیم: بی ایس سی۔ ایل ایل بی (علی گڈھ مسلم یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: وکالت
تصانیف: (۱) محشرِ خیال (مجموعۂ مضامین) ۱۹۶۸ء
(ہوز ہو آف انڈین رائٹرز، صفحہ ۶۴۸)

تمنّا مظفر پوری (اسرار احمد)

والد کا نام: سیّد محمّد احرار
تاریخِ پیدائش: ۱۷ نومبر ۱۹۴۳ء، محمّد پور مبارک، مظفر پور
پتہ: (۱) محمّد پور مبارک، ڈاکخانہ پرشوتم پور، مظفر پور (بہار)
(۲) مقام و ڈاکخانہ گوراروملس ضلع گیا (بہار) ۸۲۴۱۱۸
تعلیم: بی اے۔

مشاغل، ملازمت: انچارج کین منیجر، بہار اسٹیٹ شوگر کارپوریشن اکائی۔
گورارو۔ گیا

تصانیف: (۱) ظرافت اور چند ظریف ہستیاں ۱۹۸۲ء
(۲) تمنا پنچ ۱۹۸۴ء

تنہا تمناپوری (منظور احمد)

والد کا نام: غلام رسول
تاریخِ پیدائش: ۶ر فروری ۱۹۳۷ء، تمناپور (ضلع گلبرگہ۔ کرناٹک)
پتہ: مقام و ڈاکخانہ، رنگم پیٹ۔ ضلع گلبرگہ (کرناٹک) ۵۸۵۲۲۰
تعلیم: میٹرک
مشاغل، ملازمت: ٹیچر گورنمنٹ مڈل اسکول
تصانیف: چھلنی چھلنی سائبان (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

تیج بہادر بھان

والد کا نام: کاشی ناتھ بھان
تاریخِ پیدائش: یکم اکتوبر ۱۹۳۱ء، سری نگر (جمّوں وکشمیر)
پتہ: اے۔ ۲۷ لال نگر۔ چھانپورہ۔ سری نگر (جموں وکشمیر)
تعلیم: انٹرمیڈیٹ (نان میڈیکل) تکنیکی مہارت
مشاغل، ملازمت: ریٹائرڈ اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اسسٹنٹ انجنیئر میکنکل)
سرکاری ملازمت؛
تصانیف: (۱) جہلم کے سینے پر (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۰ء

(۲) عورت (افسانوی مجموعہ) ۱۹۶۵ء
(۳) سیلاب اور قطرے (ناول) ۱۹۶۷ء
(۴) پہچان (انشائیہ) ۱۹۸۱ء
اعزازات، انعامات: ۱۹۵۱ء میں خواجہ احمد عباس کے ہندی سرگم میں پریذیڈنٹس
ایوارڈ ۱۹۸۳ء

ٹی۔ینر ہری

والد کا نام: ٹی۔لکشمی نارائن
تاریخِ پیدائش: ۲ر جولائی ۱۹۴۴ء، حیدرآباد (اے۔پی)
پتہ: مکان نمبر ۲۱-۴-۸۹۲۔ گلاب سنگھ باؤلی حیدرآباد
(اے۔پی) ۵۰۰۲۶۴
تعلیم: ایم اے۔ ایم فل۔ بی ایڈ
مشاغل، ملازمت: لکچرار گورنمنٹ کالج
تصانیف: راجہ راجیش ور راؤ اصغر حیات وادبی
خدمات ۱۹۷۸ء
اعزازات، انعامات: مغربی بنگال اردو اکادمی۔ آندھرا پردیش للت کلا اکادمی

ثریا صولت حسین

والد کا نام: شیخ فصیح الزماں
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر اکتوبر ۱۹۴۰ء، ناگپور (مہاراشٹر)
پتہ: ۲۲/۲ نزد ہائی کورٹ۔ سول لائنز۔ ناگپور (مہاراشٹر) ۴۴۰۰۰۱

تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: ملازمت
تصانیف: مدوجزر (افسانوں اور انشائیوں کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء

ج ح خ

جذبی، ڈاکٹر معین احسن

والد کا نام: احسن الغفور
تاریخِ پیدائش: ۲۱ر اگست ۱۹۱۲ء، مبارکپور (ضلع اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ: "فروزاں" ۶۴۳ سر سید نگر۔ علی گڈھ (یوپی) ۲۰۲۰۰۱
تعلیم: ایم اے (اردو) ۱۹۴۲ء، علیگ، پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت:
تصانیف: (۱) فروزاں (شعری مجموعہ) ۱۹۴۳ء
(۲) حالی کا سیاسی شعور (تحقیقی مقالہ) ۱۹۵۹ء
(۳) سخن مختصر (شعری مجموعہ) ۱۹۶۰ء
(۴) گدازِ شب (کلیات) ۱۹۸۵ء
اعزازات، انعامات: مودی غالب ایوارڈ، میر اکادمی ایوارڈ اور اتر پردیش اردو اکادمی ایوارڈ ملا۔

رڈاکٹر) جعفر رضا

والد کا نام: سید خیرات حسن
تاریخِ پیدائش: یکم دسمبر ۱۹۳۹ء (اندراجات کے اعتبار سے) الہ آباد
پتہ: شبستان، ۲۱۸ شاہ گنج، الہ آباد (یوپی)
تعلیم: ایم، اے ڈی فل (اردو) ڈی فل (ہندی) ڈی لٹ (اردو)
مشاغل، ملازمت: پریم چند پروفیسر، شعبۂ اردو، الہ آباد یونیورسٹی۔ اس سے قبل کشمیر یونیورسٹی، سری نگر اور الہ آباد یونیورسٹی میں ریڈر اور لکچرر رہے
تصانیف: تین درجن سے زاید کتابوں کے مصنف، مرتب اور مترجم مشہور اردو کتابیں، دبستانِ عشق کی مرثیہ گوئی۔ پریم چند کہانی کا رہنما۔ پریم چند فن اور تعمیرِ فن، گنجینۂ معنی
بیرونی ممالک کا سفر: ایران، عراق اور پاکستان
اعزازات، انعامات: اتر پردیش سرکار، اتر پردیش اردو اکادمی اور اتر پردیش ہندی سنستھان کی جانب سے پانچ بار اعزازات وانعامات۔

جعفری، سید فریاد حسین

والد کا نام: سجاد حسین
تاریخِ پیدائش: ۱۰ر نومبر ۱۹۳۵ء، شیش گڈھ (بریلی۔یوپی)
پتہ: قصبہ شیش گڈھ۔ ضلع بریلی (یوپی)
تعلیم: معمولی
مشاغل، ملازمت: اخبار نویسی وغیرہ

تصانیف: (۱) نعرۂ حق ۱۹۷۶ء
(۲) دیہات میں جمعہ ۱۹۷۸ء
(۳) وہابیت کا تاریخی پس منظر ۱۹۷۹ء
(۴) مفتیِ اعظم ہند صداقت کی کسوٹی پر ۱۹۸۵ء
(۵) قہقہوں کی بارش (مزاحیہ نظمیں) ۱۹۸۵ء

جلال افسر (جلال الدین)

والد کا نام: منشی مجید الدین
تاریخِ پیدائش: ۳ر فروری ۱۹۵۱ء
پتہ: چمن سرائے۔ سنبھل۔ ضلع مراد آباد (یوپی) ۲۴۴۳۰۲
تعلیم: ایم اے
مشاغل، ملازمت: درس و تدریس
تصانیف: (۱) جذباتِ افسر
(۲) غمِ حسین
(۳) گلِ صد برگ
(۴) امواجِ عقیدت
(۵) تذکرۂ سخنورانِ سنبھل
(۶) منظوم مہابھارت

جلیل، رشید عبدالسمیع

والد کا نام: شاہ محمد عبدالرشید غوثی

تاریخِ پیدائش۔ ۶/ فروری ۱۹۴۵ء قصبہ مکّہ راج پیٹ تعلقہ وضلع میدک (حلقہ رامائن پیٹ) ریاست آندھرا پردیش۔

پتہ: (۱) ایس ۴-۴۳۲-۶ سی/ این جی روز کالونی، ونستھلی پورم، حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۶۶۱

(۲) ۱/۴۴۸-۶-۵ ، نام پلّی، حیدرآباد (اے پی) ۵۰۰۰۰۱

تعلیم: ایم اے (سیاسیات) ایم اے (اردو)

مشاغل/ملازمت: سینیئر اکاؤنٹنٹ، محکمہ خزانہ وحسابات، حکومتِ آندھرا پردیش۔

تصانیف: (۱) نصابِ دل (شعری مجموعہ) ۱۹۷۹ء

(۲) نمی دانم (طنزیہ ومزاحیہ کلام)

اعزازات/انعامات: آندھرا پردیش اردو اکادمی سے انعام ملا۔

جمال بھارتی (محمد عبدالشکور)

والد کا نام: منشی عبدالصبور (خلیفہ حضرت مولانا تھانویؒ)

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۱ء، قصبہ اوجھاری ضلع مراد آباد (یوپی)

پتہ (۱) مکان نمبر ۱۸۸۷۔ کٹرہ قاضی۔ بازار سرکی والان دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶

(۲) دلّی میونسپل کارپوریشن۔ شعبۂ پریس۔

تعلیم: عالم۔ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ فاضل۔ دارالعلوم دیوبند۔ ادیب کامل جامعہ اردو علی گڑھ

مشاغل/ملازمت: صحافتی مشاغل ۱۹۴۵ء سے ۱۹۵۲ء تک۔ انصاری۔ انجام۔ جنگ۔ وحدت الامان (روزنامے) ریاست۔ خیّام۔ شیدا۔ رائے عامہ (ہفت روزے) بحیثیت مدیر ونائب مدیر۔ ۱۹۵۳ء سے سرکاری ملازمت دلّی میونسپل کارپوریشن۔

تصانیف: (۱) آئینۂ جمال (قومی اور انقلابی نظمیں) ۱۹۶۸ء
(۲) طاؤس ورباب (رومانی نظمیں) ۱۹۶۹ء
(۳) آگ آگ (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۷۰ء
(۴) کاروانِ آزادی (قومی نظمیں) ۱۹۷۰ء
(۵) شخصیات (اہم شخصیات پر نظمیں) ۱۹۷۰ء
(۶) تاریخ کی عظیم خاتون (مسز اندرا گاندھی کے بارے میں نظموں کا انتخاب و ترتیب) ۱۹۷۱ء
(۷) وفیات (تعزیتی نظمیں) ۱۹۷۲ء
(۸) دھڑکنیں (قطعات) ۱۹۷۲ء
(۹) تلاشِ سحر (سماجی و انقلابی قطعات) ۱۹۸۶ء

جنید حزیں لاری (جنید احمد)

والد کا نام: ڈاکٹر حفیظ احمد لاری
تاریخ پیدائش: ۱۰ رجنوری ۱۹۳۳ء، قصبہ لار (ضلع دیوریا۔ یوپی)
پتہ: لاری پبلی کیشنز سی کے ۴۲/۹۷ دال منڈی۔ وارانسی۔ یوپی
تعلیم: بی اے، ادیب کامل علیگ۔ سرٹیفکٹ اِن لائبریری سائنس
مشاغل، ملازمت: ریلوے آفس میں ملازم
تصانیف: حرف ونوا (شعری مجموعہ) ۱۹۸۵ء

جوہر ہاشمی (سیّد محمّد علی)

والد کا نام: سیّد قاسم علی

تاریخ پیدائش: مارچ ۱۹۳۰ء، قصبہ کنڈلواڑی تعلقہ بلولی ضلع ناندیڑ
پتہ: جوہر منزل ۱۰/اے/ایم/۲۲۳۱/۴-۷-۱۸ بیرون کٹھ تالاب
میر جملہ حیدر آباد۔ ۵۰۰۰۰۲
تعلیم: منشی فاضل
مشاغل، ملازمت: تجارت، عینک سازی
تصانیف: نگارِ سحر (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۹ء
اعزازات، انعامات: یومِ آزادی ۱۵ر اگست ۱۹۸۱ء کو حکومتِ آندھرا پردیش کی جانب سے اعزازات دیے گئے۔

حامدی کاشمیری (پروفیسر حبیب اللہ)

والد کا نام: خواجہ محمد صدیق بٹ
تاریخِ پیدائش: ۲۹ر جنوری ۱۹۳۲ء، بہوری کدل، بازار مسجد، سری نگر
پتہ: مسعود منزل، شالیمار۔ سری نگر (کشمیر)
تعلیم: بی اے آنرز (فارسی) ایم اے (انگریزی) ایم اے (اردو) ڈگری انگریزی تدریس۔ پی ایچ ڈی
مشاغل، ملازمت: تصنیف و مطالعہ۔ پروفیسر، شعبۂ اردو، کشمیر یونیورسٹی۔ سری نگر۔
تصانیف: (۱) وادی کے پھول (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۵۵ء
(۲) سراب " ۱۹۵۶ء
(۳) بہاروں میں شعلے (ناول) ۱۹۵۷ء
(۴) پگھلتے خواب " ۱۹۵۸ء
(۵) اجنبی راستے " ۱۹۵۹ء

(۶) بلندیوں کے خواب (ناول) ۱۹۶۰ء
(۷) جدید اردو نظم اور یورپی اثرات (تنقید) ۱۹۶۲ء
(۸) مقبول کرالہ واری " ۱۹۶۳ء
(۹) عروسِ تمنا (شعری مجموعہ) ۱۹۶۴ء
(۱۰) نئی حسیت اور عصری اردو شاعری (تنقید) ۱۹۶۷ء
(۱۱) اقبال اور غالب (تنقید) ۱۹۸۲ء
(۱۲) نایافت (شعری مجموعہ) ۱۹۸۳ء
(۱۳) ناصر کاظمی کی شاعری (تنقید) ۱۹۸۵ء
(۱۴) کارگہہِ شیشہ گری ۱۹۸۵ء
(۱۵) لاحزیں (شعری مجموعہ) ۱۹۸۶ء

بیرونی ممالک کا سفر: ہندوستانی ادیبوں کے ساتھ دورۂ پاکستان

اعزازات، انعامات: کلچرل اکادمی سری نگر، بہار اردو اکادمی، مغربی بنگال اردو اکادمی اور یوپی اردو اکادمی نے مختلف کتابوں پر انعامات دیے ہیں، میر اکادمی لکھنؤ نے امتیازِ میر کا اعزاز دیا ہے۔

حبیبہ بانو

والد کا نام: محمد ہادی

تاریخِ پیدائش: ۱۷ ستمبر ۱۹۴۰ء، لکھنؤ (یوپی)

پتہ: زیدی ولا۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۲۵-۱۱۰۰

تعلیم: ایم اے (اردو)

مشاغل، ملازمت: ریسرچ اسکالر

تصانیف: (۱) اجنبی (ناول) ۱۹۵۹ء

(۲) محفل (ناول) ۱۹۶۰ء

(۳) گل افشاں 〃 ۱۹۶۳ء

(۴) زبیدہ 〃 ۱۹۶۴ء

(۵) چراغوں میں روشنی نہ رہی 〃 ۱۹۷۲ء

(۶) قسمت 〃 ۱۹۷۲ء

(۷) شمع ہر رنگ میں جلتی ہے 〃 ۱۹۷۳ء

(۸) اشکِ خون 〃 ۱۹۷۸ء

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

اعزازات' انعامات: شمع ہر رنگ میں جلتی ہے' اور 'قسمت' پر اتر پردیش اردو اکادمی سے اور 'چراغوں میں روشنی نہ رہی' پر ۱۹۷۴ء میں اتر پردیش سرکار سے مع سند انعامات ملے۔

حسین فاروقی

والد کا نام: علی اعلیٰ فاروقی

تاریخِ پیدائش: ۲۰ر جنوری ۱۹۴۰ء' جونپور (یو پی)

پتہ: اے ۲۵۷- مسجد روڈ۔ ذاکر نگر۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

تعلیم: ایم ایس سی

مشاغل' ملازمت: سائنسداں شعبۂ دفاع گورنمنٹ آف انڈیا نئی دہلی۔

تصانیف: (۱) چند عام بیماریاں ۱۹۷۶ء

(۲) تیمارداری ۱۹۸۱ء

(۳) شراب اور لت دواؤں کی زیرِ طبع

اعزازات' انعامات: دونوں کتابوں پر اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

حفیظ بنارسی (محمد عبدالحفیظ)

والد کا نام: الحاج قاری عبدالقیوم

تاریخِ پیدائش: ۲۰ر مئی ۱۹۳۳ء، بنارس (یو.پی)

پتہ: ملکی محلہ، آرہ (بہار)

تعلیم: ایم اے (انگریزی) بی ایڈ

مشاغل، ملازمت: درس وتدریس، خدمتِ شعروادب۔ پروفیسر، صدر شعبۂ انگریزی (پوسٹ گریجویٹ) مہاراجہ کالج، آرہ

تصانیف: (۱) درخشاں (شعری مجموعہ) ۱۹۶۹ء

(۲) بادۂ عرفاں (نعتیہ وحمدیہ کلام) ۱۹۷۴ء

(۳) قول وقسم (قومی و وطنی نظموں کا مجموعہ) ۱۹۷۵ء

(۴) غزالاں (غزلوں کا مجموعہ) ۱۹۸۵ء

اعزازات، انعامات: درخشاں، بادۂ عرفاں اور غزالاں پر بہار اردو اکادمی نے اپنے انعامات سے نوازا۔ غزالاں کو مغربی بنگال اردو اکادمی نے بھی انعام کا مستحق قرار دیا۔ قول وقسم کو اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ نے انعام سے نوازا۔ نیز آل انڈیا میر اکادمی لکھنؤ نے ۱۹۸۱ء میں میر ایوارڈ اور سندِ امتیاز سے عزت افزائی کی۔

حکیم اجمل خاں

والد کا نام حکیم عبدالشکور

تاریخِ پیدائش: ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۵ء

پتہ: (۱) شکراوہ، براہ پوناہانہ۔ فرید آباد (ہریانہ)

پتہ : (۲) دارالکتاب۔ ۱۴۸۸۔ پٹودی ہاؤس۔ دریا گنج نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۲
تعلیم: مولوی عالم۔ انگریزی وہندی پرائیوٹ۔ آیورویدک اور یونانی۔
مشاغل، ملازمت: طبابت وصحافت سابق مدیر میوگزٹ ویکلی سابق مدیر سہ ماہی اوقاف۔ انبالہ۔ فی الحال مدیر پندرہ روزہ مجلہ اہلِ حدیث دہلی
تصانیف: (۱) تاریخ میوچھتری (مرتبہ) ۱۹۷۴ء
(۲) میو اور میوات
(۳) شیخ بابا فرید
(۴) جماعتِ اسلامی کو پہچانیے ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

حمید الماس

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۷ر دسمبر ۱۹۳۵ء بمقام سگر ضلع گلبرگہ (کرناٹک)
پتہ: ۹۲۲ - پہلی منزل۔ بلاک نمبر ۹ جنیا کرگر۔ بینگلور (کرناٹک) ۵۶۰۰۶۹
تعلیم:
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت
تصانیف: (۱) پہچان کا درد (شاعری) ۱۹۷۴ء
(۲) فرمودات (قدیم کنڑا کی صوفیانہ نظموں کا منظوم ترجمہ) ۱۹۷۵ء
(۳) شب گرد (کنڑا کی جدید نظموں کا منظوم ترجمہ) ۱۹۷۷ء
(۴) جوئے سبز (شاعری) ۱۹۷۹ء
(۵) نقشِ خرابی " ۱۹۸۳ء

(۶) سے سے (کنٹرا نثر) ۱۹۸۴ء

(۷) سرِ دہلیز (مضامین) ۱۹۸۶ء

(۸) برف شجر آواز (شاعری) ۱۹۸۷ء

اعزازات، انعامات: یو پی۔ اے پی۔ بہار اور کرناٹک اردو اکادمیوں سے کتابوں پر انعامات ملے۔ ادبی خدمات کے اعزاز میں ریاست کرناٹک نے انیٹ ایوارڈ سے نوازا۔

حمیدہ سلطان احمد

والد کا نام: ذوالنوّر علی احمد

تاریخِ پیدائش: ۷ر اکتوبر ۱۹۱۴ء، دہلی

پتہ: علی منزل، کوچہ پنڈت، دہلی ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: ادیب فاضل اور میٹرک

مشاغل، ملازمت: ادبی کام آنریری جنرل سکریٹری انجمن ترقیِ اردو، دہلی شاخ۔

تصانیف: (۱) ثروت آرا (ناول) ۱۹۴۲ء

(۲) رنگ محل " ۱۹۶۰ء

(۳) جگن ناتھ آزاد اور ان کی شاعری (تنقید)

(۴) خاندانِ لوہارو کے شعرا (تحقیق) ۱۹۸۱ء

(۵) نیلمبر (افسانوں کا مجموعہ) ۱۹۸۴ء

بیرونی ممالک کا سفر: سعودی عرب بہ سلسلہ حج ۱۹۷۷ء۔ پاکستان متعدد بار۔

اعزازات، انعامات: خاندانِ لوہارو کے شعرا، پر ساہتیہ کلا پریشد کا انعام، نیلمبر پر اردو اکادمی، دہلی اور اتر پردیش اردو اکادمی کا انعام میں نے قبول نہیں کیا۔

خان عبدالودود خاں

والد کا نام: مولوی اسرار حسن خاں
تاریخِ پیدائش: جنوری ۱۹۳۰ء دہلی
پتہ: (۱) ۱۸۰۲۔ احمد منزل کلاں محل دہلی ۱۱۰۰۰۶
(۲) ۲۹۲ ۔ محلہ باروزئی پیشاوری۔ شاہجہانپور (یوپی)
(۳) ۲۵۔ رائل ہوٹل۔ لکھنؤ۔
تعلیم: میٹرک جامعہ ملیّہ اسلامیہ دہلی۔ ادیب فاضل انٹرمیڈیٹ (پنجاب یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: سماجی سوشل ورکر۔ ممبر لیجسلٹو کاؤنسل (یوپی)
تصانیف: (۱) انتخاب کلامِ مومن
(۲) انتخابِ غزل
(۳) مولانا ابوالکلام آزاد — تحریکِ آزادی
ویک جہتی ۱۹۸۳ء
(۴) جمیلہ بو پاشا (مرتبہ)

خان عزمی ردولوی (شفیع اللہ خاں)

والد کا نام: عبدالغفور خاں
تاریخِ پیدائش: ۷ مئی ۱۹۳۱ء، بمقام ردولی (یوپی)
پتہ: ارشاد منزل، ردولی، ضلع بارہ بنکی (یوپی) ۲۲۵۴۱۱
تعلیم: جونیر ہائی اسکول اور ۸ واں و ۹ واں اینگلو ورناکیولر اسکول
مشاغل، ملازمت: سابق ضلع دار ریاست ردولی / موجودہ منیجر ردولی کولڈ اسٹوریج

تصانیف: (۱) شکیلہ بیگم (ناول) ۱۹۵۲ء
(۲) امیر المجاہدین (تذکرہ شہادت) ۱۹۷۷ء
(۳) اندازِ بیان (طنز و مزاح کا شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

✿ خان غازی کابلی (خان حبیب الرحمٰن خاں)

والد کا نام: ملک عبدالرحیم احمدی
تاریخِ پیدائش: ۱۳ اگست ۱۸۸۵ء دراگی، خوست، پاکتیا۔ (وفات: ۲ فروری ۱۹۸۸ء دہلی)
پتہ: ۴۹۹۴۔ کوچہ رحمان۔ چاندنی چوک۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶
تعلیم: غیر رسمی
مشاغل/ملازمت: ۱۹۳۵ء میں انچارج ایڈیٹر روزنامہ مجاہد لاہور ۴۶-۱۹۴۳ء
روزنامہ پرتاپ لاہور۔ مجلس احرار۔ خدائی خدمت گار۔ اسٹوڈنٹ
کانگریس اور کانگریس۔

تصانیف: (۱) مولانا ظفر علی خاں کی گرفتاری
(نظم و نثر میں) ۱۹۳۸ء
(۲) حیاتِ بخاری (مولانا عطاء اللہ شاہ
بخاری کے حالات) ۱۹۴۱ء
(۳) حیاتِ چودھری افضل حق ۱۹۴۱ء
(۴) تحریک خدائی خدمت گار ۱۹۴۶ء
(۵) جے ہند (نظموں کا مجموعہ) ۱۹۴۶ء
(۶) تحریک پختونستان ۱۹۵۲ء
(۷) خروشِ عشق (پختونوں کی آزادی سے
متعلق نظمیں) ۱۹۵۳ء

(۸) سرخ پھول (چین کے حملے کے متعلق نظمیں) ۱۹۶۲ء

وغیرہ وغیرہ

بیرونی ممالک کا سفر: ۱۹۶۴ء میں کابل برائے ملاقات سرحدی گاندھی اور ۱۹۸۱ء میں کابل عظیم لوئی جرگہ میں ہندوستانی پٹھانوں کی نمائندگی۔

اعزازات، انعامات: تامرپتر بدست مسز اندرا گاندھی اور ۱۹۸۵ء میں کانگریس کی صد سالہ تقریب کے موقع پر راشٹرپتی کے ہاتھوں اعزاز۔

خواجہ علی انجم (سید خواجہ علی ابن سید داؤد)

والد کا نام: سید داؤد ابن سید یاسین

تاریخِ پیدائش: ۲؍ اگست ۱۹۳۵ء، آکوٹ۔ ضلع اکولہ (مہاراشٹر)

پتہ: صدر شعبۂ اردو۔ جی۔ ایس۔ کالج سائنس، آرٹس و کامرس کھام گاؤں۔ ضلع بلڈانہ۔ مہاراشٹر۔

تعلیم: ایم اے (اردو فارسی) پی ایچ ڈی۔

مشاغل، ملازمت: صدر شعبۂ اردو۔ جی ایس کالج کھام گاؤں

تصانیف: (۱) شمیم کرہانی — حیات، شخصیت اور شاعری (تحقیقی مقالہ) ۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: مہاراشٹر اردو اکادمی اور اتر پردیش اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

ر ز

رتن پنڈوری (رُلارام)

والد کا نام: پنڈت متھراداس

تاریخِ پیدائش: ۷ر جولائی ۱۹۰۷ء، مقام پنڈوری (ضلع گورداس پور، پنجاب)

پتہ: موضع پنڈوری۔ ڈاکخانہ گھمان۔ تحصیل بٹالہ۔ ضلع گورداس پور (پنجاب) ۱۴۳۵۱۴

تعلیم: میٹرک۔ ایس ٹی او ٹی۔ منشی فاضل۔ ادیب فاضل (پنجاب یونیورسٹی۔ لاہور)

مشاغل/ملازمت: ہیڈ پرشین ٹیچر سے سبکدوش ہونے کے بعد تصنیف و تالیف

تصانیف: (۱) اصلاحِ دیہات (دیہات سدھار سے متعلق نظموں کا مجموعہ) ۱۹۳۲ء

(۲) رہ نمائے ادب (میٹرک کے طلبا اور اساتذہ کے لیے) ۱۹۴۰ء

(۳) دستور القواعد اردو (دسویں جماعت کے طلبا اور ادیب فاضل کے امیدواروں کے لیے) ۱۹۴۷ء

(۴) نورتن (علمی و ادبی اور تنقیدی و تحقیقی مضامین کا مجموعہ) ۱۹۵۳ء

(۵) فرشِ نظر (پہلا شعری مجموعہ) ۱۹۶۵ء

(۶) گلشن اردو (انشا پردازی، محاورات
وتمثیلات وغیرہ کے بارے میں) ۱۹۷۱ء

(۷) بہشتِ نظر (دوسرا شعری مجموعہ) ۱۹۷۴ء

(۸) اندازِ نظر (تیسرا " ") ۱۹۷۸ء

(۹) پیامِ نظر (چوتھا " ") ۱۹۸۱ء

(۱۰) ہندی کے مسلمان شعرار (سوانح
حیات وخدمات مع تصاویر) ۱۹۸۲ء

(۱۱) رباعیاتِ رتن (مجموعۂ رباعیات
مع طویل مقدمہ) ۱۹۸۲ء

(۱۲) سرمایۂ بلاغت (علم بیان علمِ معانی اور
فنِ عروض وغیرہ کے بارے میں) ۱۹۸۳ء

(۱۳) آخری نظر (پانچواں شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء

(۱۴) سرِّ مغفرت (شری مد بھگوت گیتا کا
منظوم اردو ترجمہ) ۱۹۸۴ء

(۱۵) فنِ تاریخ گوئی (عام فہم انداز میں) ۱۹۸۴ء

مطبوعہ کتابوں کی کل تعداد بیس ہے۔

اعزازات/انعامات: ۱۹۸۲ء میں بھاشا وبھاگ پنجاب کی طرف سے ادبی خدمات پر انعام ملا۔ اس کے علاوہ "بہشتِ نظر" پر محکمۂ السنہ پنجاب نے "اندازِ نظر" پر بہار اردو اکادمی نے اور "ہندی کے مسلمان شعرار" پر مغربی بنگال اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی نے انعامات سے نوازا۔

رحمت امروہوی (رحمت اللہ خاں احمد اللہ خاں)

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش: ۱۹۲۹ء، امروہہ (ضلع مراد آباد۔ یوپی)
پتہ: مرزا پور مورکس واڑ۔ احمد آباد (گجرات) ۳۸۰۰۰۱
تعلیم: میٹرک (اردو، فارسی)
مشاغل، ملازمت: تجارت
تصانیف: (۱) اضافہ (شعری مجموعہ) ۱۹۸۴ء
(۲) تر بینی (مجموعۂ قطعات) ۱۹۸۵ء
(۳) یادوں کی پرچھائیاں (تذکرہ) ۱۹۸۶ء
اعزازات، انعامات: پہلی کتاب پر اتر پردیش اردو اکادمی اور مغربی بنگال اردو اکادمی سے اور دوسری کتاب پر گجرات اردو اکادمی سے انعامات ملے۔

رشید انصاری (عبدالرشید)

والد کا نام: محمد یاسین
تاریخِ پیدائش: ۲۴ جولائی ۱۹۳۷ء، سرائے میر (ضلع اعظم گڈھ۔ یوپی)
پتہ: معرفت عبدالرحمٰن ناصر اصلاحی۔ مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر ضلع اعظم گڈھ (یوپی) ۲۷۶۳۰۵
تعلیم: مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر) میں تعلیم حاصل کی۔
مشاغل، ملازمت: نجی ملازمت اور شعر و شاعری
تصانیف: (۱) پیکر (مجموعۂ کلام) ۱۹۷۹ء

(۲) درپن (مجموعہ کلام ہندی رسم خط میں) ۱۹۸۱ء

رشید موسوی (ڈاکٹر رشید النساء موسوی)

والد کا نام: سیّد محمد علی موسوی
تاریخِ پیدائش: ۹ر جون ۱۹۳۵ء، حیدرآباد (اے پی)
پتہ: مکان نمبر ۷-۳۷-۲-۱۰ - بازار گارڈ - ڈاکخانہ وجے نگر، حیدرآباد (اے پی) ۵۰۵۴۵۷
تعلیم: ایم اے۔ پی ایچ ڈی (عثمانیہ یونیورسٹی)
مشاغل، ملازمت: لکچرار اردو - راجہ بہادر وینکٹ راما ریڈی کالج۔ حیدرآباد
تصانیف: (۱) طنزیہ و مزاحیہ نظمیں ۱۹۶۲ء
(۲) دکن میں مرثیہ اور عزاداری —
۱۸۵۷ء تا ۱۹۵۷ء ۱۹۷۱ء
(۳) کاغذی ہے پیرہن (طنزیہ و مزاحیہ مضامین کا مجموعہ) ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: ایران - عراق - شام - بیروت - سعودی عرب - لندن - امریکہ اور کنیڈا۔
اعزازات، انعامات: اترپردیش اردو اکادمی کا انعام، دکن میں مرثیہ اور عزاداری پر

رضا، کالی داس گپتا

والد کا نام: کشمیری لال شنکر داس گپتا
تاریخِ پیدائش: ۲۵ر اگست ۱۹۲۵ء، مکندپور (ضلع جالندھر۔ پنجاب)

پتہ : ۴۳۔ اسے جل درشن نیپین سی روڈ۔ بمبئی ۴۰۰۰۳۶

تعلیم: منشی فاضل۔ سینیر کیمبرج۔ اکاؤنٹس کے کئی امتحانات۔ بیرسٹری (بار ایٹ لا) نامکمل

مشاغل/ملازمت تجارت

تصانیف:

(۱) شعلۂ خاموش	(مجموعۂ کلام)	۱۹۶۸ء
(۲) سوزشِ پنہاں	"	۱۹۷۰ء
(۳) شاخِ گل	"	۱۹۷۴ء
(۴) اجالے	"	۱۹۷۵ء
(۵) سائلنٹ فلیم	(انگریزی میں)	۱۹۷۵ء
(۶) مکتوباتِ جوش ملسیانی بنام رضا	(مرتبہ)	۱۹۷۶ء
(۷) منثوراتِ جوش ملسیانی	"	۱۹۷۷ء
(۸) ہندوستانی مشرقی افریقہ میں		۱۹۷۷ء
(۹) دعائے صباح	(غالب کی منظوم فارسی مثنوی کا ترجمہ)	۱۹۷۷ء
(۱۰) متعلقاتِ غالب		۱۹۷۸ء
(۱۱) چکبست اور باقیاتِ چکبست		۱۹۷۹ء
(۱۲) شعورِ غم	(شعری مجموعہ)	۱۹۷۹ء
(۱۳) سہو و سراغ		۱۹۸۰ء
(۱۴) متاعِ جاوید	(شعری مجموعہ)	۱۹۸۰ء
(۱۵) غالبیات۔ چند عنوانات		۱۹۸۲ء

کتابوں کی کل تعداد بائیس سے اوپر ہے۔

بیرونی ممالک کا سفر: بیس سال ملک سے باہر رہا۔

اعزازات/انعامات متعدد

(ڈاکٹر) رضی احمد

والد کا نام: حاجی وصی الدین احمد
تاریخِ پیدائش: ۲۰ نومبر ۱۹۴۱ء سرٹیفکٹ کے مطابق
پتہ: (۱) موضع و ڈاکخانہ، نور پور، ضلع بیگوسرائے (بہار)
(۲) ڈائرکٹر سکریٹری، نیشنل گاندھی میوزیم، راج گھاٹ نئی دہلی-۱۱۰۰۰۲
تعلیم: ایم اے (تاریخ)، پی ایچ ڈی (تاریخ)
مشاغل، ملازمت: ڈائرکٹر نیشنل گاندھی میوزیم۔ نئی دہلی
تصانیف: (۱) آزادی خطرے ہیں ۱۹۶۷ء
(۲) جے پرکاش۔ سوانح حیات ۱۹۷۹ء
(۳) گاندھی جی اور مسلمان ۱۹۸۵ء
(۴) انڈین پیزنٹ مومنٹ اینڈ مہاتما گاندھی (انگریزی) (ہندوستانی کسانوں کی تحریک اور مہاتما گاندھی) ۱۹۸۷ء
(۵) صداقت آشرم کا اتہاس (ہندی) ۱۹۸۷ء
(۶) سامپردایکتا۔ شاہ بانو مقدمے کے بعد (ہندی) ۱۹۸۷ء
بیرونی ممالک کا سفر: امریکہ۔ یو این او کے ۴۳ ویں اجلاس میں ہندوستان کی نمائندگی کی۔ روس۔ انگلینڈ۔ انڈونیشیا۔

زبیر رضوی (سید زبیر احمد رضوی)

والد کا نام: سیّد محمد رضوی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۳۶ء، امروہہ (ضلع مراد آباد۔ یوپی)

پتہ: ۱۹۵۷۔ بستی دادا پیر۔ ترکمان گیٹ۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶

تعلیم: ایم اے

مشاغل، ملازمت: آل انڈیا ریڈیو۔ آکاش وانی بھون۔ نئی دہلی

تصانیف: (۱) لہر لہر ندیا گہری (شعری مجموعہ) ۱۹۶۴ء

(۲) خشتِ دیوار 〃 ۱۹۷۰ء

(۳) مسافتِ شب 〃 ۱۹۷۷ء

(۴) دامن 〃 ۱۹۸۴ء

(۵) وادیٔ سندھ کی تہذیب (ترجمہ)

بیرونی ممالک کا سفر: پاکستان

اعزازات، انعامات: اردو اکادمی اتر پردیش سے خشتِ دیوار اور دامن پر انعامات ملے۔

س ش ص

ساحر لکھنوی (افتخار حسین رضوی)

والد کا نام: سیّد حسین علی

تاریخِ پیدائش: ۴ر اکتوبر ۱۹۳۵ء لکھنؤ (یوپی)

پتہ: ۵۰ سی۔ میدان ایلچی خاں۔ لکھنؤ (یوپی)

تعلیم:

مشاغل، ملازمت: ۱۹۵۵۔۵۹ء: ماہنامہ شبستاں (لکھنؤ) کی ادارت۔ ملازمت

دفتر رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائیٹز (لکھنؤ)

تصانیف: (۱) دھڑکنیں (ناول)
(۲) جلتے گئے چراغ "
(۳) شمشیر وسناں (۱۹۶۵ء میں پاکستانی جارحیت کے خلاف رزمیہ نظموں کا مجموعہ)
(۴) شعلۂ افکار (شعری مجموعہ) ۱۹۷۵ء
(۵) سانجھ بھئی چودیس (امیر خسرو کے حالات اور خدمات پر طویل نظم) ۱۹۷۶ء
(۶) ہم تم (شعری مجموعہ) زیرِ طبع

اعزازات، انعامات: شعلۂ افکار پر اتر پردیش اردو اکادمی نے انعام دیا۔
(دستاویز، صفحہ ۱۳۵)

ساقی (کے ایل۔ نارنگ)

والد کا نام: سندر داس نارنگ
تاریخِ پیدائش: ۲۴ راگست ۱۹۳۶ء، سوڈھی نگر (فیروزپور۔ پنجاب)
پتہ: این۔ ۲۳۹ گریٹر کیلاش نمبر ۱ - نئی دہلی ۱۱۰۰۴۸
تعلیم: گریجویٹ
مشاغل، ملازمت: بزنس
تصانیف: (۱) ہمارے کنور صاحب (کنور مہندر سنگھ بیدی سحر) ۱۹۸۶ء
بیرونی ممالک کا سفر: ہانگ کانگ۔ دبئی۔ جاپان۔ بنکاک۔ پاکستان۔

سالک عزیزی (حافظ عبدالرحیم خاں)

والد کا نام: حافظ عبدالشکور خاں
تاریخِ پیدائش: ۵ اکتوبر ۱۹۲۳ء، جے پور (راجستھان)
پتہ: سالک منزل۔ جھنجھنوں (راجستھان) ۳۳۳۰۰۱
تعلیم: مولوی۔ منشی فاضل۔ ادیب کامل۔ اردو اعلیٰ قابلیت۔ وشارد بی اے۔ بی ایڈ۔
مشاغل، ملازمت: پنشن یاب بعہدۂ لکچرر۔ شعر و شاعری۔
تصانیف:

(۱) ضیائے قمر		۱۹۵۵ء
(۲) جوہر حسامی		۱۹۵۶ء
(۳) تنویرِ قمر		۱۹۵۶ء
(۴) فیضانِ قمر		۱۹۵۷ء
(۵) سلکِ گہر		۱۹۶۶ء
(۶) ادب عزیز	(۳ حصہ جات)	۱۹۶۷ء
(۷) نغماتِ وطن		۱۹۷۶ء
(۸) جذبات		۱۹۸۰ء
(۹) وقت کی پکار		۱۹۸۴ء
(۱۰) احساسات		

بیرونی ممالک کا سفر: دو سفر پاکستان (۱۹۷۹ء اور ۱۹۸۲ء میں)
اعزازات، انعامات: ساہتیہ اکادمی راجستھان (ادے پور) محترم ڈاکٹر بلرام جاکھڑ اسپیکر لوک سبھا ہند نے انعامات دیئے۔

سلیمان اطہر جاوید (ڈاکٹر محمد سلیمان خاں)

والد کا نام: محمد حسین خاں

تاریخِ پیدائش: ۹ر اپریل ۱۹۳۹ء، حیدرآباد (اے پی)

پتہ: شعبۂ اردو سری وینکٹیشورا یونیورسٹی، تروپتی (آندھراپردیش)

تعلیم: ایم اے، پی ایچ ڈی

مشاغل، ملازمت: پروفیسر و صدر شعبۂ اردو، یس. وی. یونیورسٹی، تروپتی۔

تصانیف:

(۱) رشید احمد صدیقی۔ شخصیت اور فن ۱۹۶۸ء

(۲) اسلوب اور انتقاد ۱۹۶۹ء

(۳) تنقیدِ شعر ۱۹۷۱ء

(۴) ادب میں ابہام اور اس کے مسائل ۱۹۷۴ء

(۵) تنقیدی افکار ۱۹۷۷ء

(۶) چہرہ چہرہ داستان ۱۹۷۷ء

(۷) تاریخ تلگو ادب اور فنونِ لطیفہ ۱۹۷۸ء

(۸) مکاتیب رشید (مرتبہ) ۱۹۸۰ء

(۹) اردو شاعری میں اشاریت ۱۹۸۳ء

(۱۰) عزیز احمد کی ناول نگاری ۱۹۸۶ء

(۱۱) تنقید اور تہذیب ۱۹۸۷ء

اعزازات، انعامات: بیشتر کتابوں پر مختلف ریاستوں کی اردو اکادمیوں کے انعامات۔

سوم آنند (سوم دت آنند)

والد کا نام لالہ فقیر چند آنند

تاریخِ پیدائش: ۲۹ جون ۱۹۳۲ء، قصور (پاکستان)

پتہ: آئی ۳۲۲ - نارائن وہار- نئی دہلی ۲۸ ۱۱۰۰

تعلیم: بی اے

مشاغل، ملازمت: فری لانس جرنلسٹ۔ تصنیف و تالیف۔ سابق نامہ نگار روزنامہ امروز، لاہور (۵۸-۱۹۵۶ء) سابق تبصرہ نگار (اردو) نیوز سروسز آل انڈیا ریڈیو۔ نئی دہلی (۸۱-۱۹۶۲ء)

تصانیف: (۱) چتر لیکھا (ناول، ہندی سے ترجمہ) ۱۹۶۰ء

(۲) حیاتِ مضطرب (ناول انگریزی سے ترجمہ) ۱۹۶۵ء

(۳) باتیں لاہور کی (آپ بیتی) ۱۹۸۱ء

بیرونی ممالک کا سفر: تقریباً پندرہ بار پاکستان کا سفر کیا۔

اعزازات، انعامات: اتر پردیش اردو اکادمی نے "باتیں لاہور کی" پر ۱۹۸۲ء میں ایوارڈ دیا۔

شاہد میر (شاہد میر خاں)

والد کا نام: احمد میر خاں میر عرفانی

تاریخِ پیدائش: ۱۵ فروری ۱۹۴۹ء، سرونج (مدھیہ پردیش)

پتہ: ڈیپارٹمنٹ آف باٹنی۔ گورنمنٹ کالج۔ بانسواڑہ۔ (راجستھان) ۳۲۷۰۰۱

تعلیم: ایم ایس سی
مشاغل، ملازمت: لکچرر نباتات۔ گورنمنٹ کالج بانسواڑہ (راجستھان)
تصانیف: (۱) آوازیں (انتخاب شعراء بانسواڑہ) ۱۹۷۸ء
(۲) ہفت رنگ (" ") ۱۹۸۱ء
(۳) موسم زرد گلابوں کا (مجموعۂ کلام) ۱۹۸۴ء
اعزازات، انعامات مجموعۂ کلام پر راجستھان اور بہار اردو اکادمیوں سے انعامات سے ملے۔

شاہوار بیگم

والد کا نام: بی۔ عبدالجبار
تاریخِ پیدائش: ۲۰ر اگست ۱۹۵۱ء، بمقام ملباگل (ضلع کولار۔ کرناٹک)
پتہ: "شاہوار منزل"، بالمقابل بازار گیٹ۔ ایم بی روڈ۔ کولار۔ (کرناٹک) ۵۶۳۱۰۱
تعلیم: بی اے (بنگلور) ادیب کامل (علی گڑھ)
راج بھاشا ودوان (ہندی)
مشاغل، ملازمت: سرکاری ملازمت۔
تصانیف: (۱) بچوں کے ادب میں اقبال کا حصّہ ۱۹۸۲ء

(ڈاکٹر) شجاعت علی سندیلوی

والد کا نام:
تاریخِ پیدائش یکم ستمبر ۱۹۱۶ء، سندیلہ (ضلع ہردوئی۔ یوپی)

پتہ : نمبر ۱۷۔اشفاق اللہ مارگ۔ لکھنؤ (یوپی)

تعلیم: ایم اے (آگرہ) پی ایچ ڈی (لکھنؤ) اعلیٰ قابلیت اردو۔ منشی کامل فارسی۔ (الہ آباد)

مشاغل، ملازمت: ہائی اسکول و انٹر کی سطح پر ۶۱۔ ۱۹۴۵ء (۱۶ سال) اور یونیورسٹی سطح پر ۷۷۔ ۶۱ ۱۹ء (سولہ سال) درس و تدریس سے سبکدوش ہونے کے بعد تصنیف و تالیف۔

تصانیف:
(۱) کلیدی سائیکالوجی
(۲) ہندوستانی گیت (اردو۔ ہندی)
(۳) راکھی (ڈراما)
(۴) امیر خسرو اور ان کا ہندی کلام
(۵) ادبی تاثرات
(۶) جواہراتِ اسماعیل
(۷) جواہرات آزاد
(۸) میٹھے بول (نظیر اکبرآبادی کی اخلاقی و فلسفیانہ نظموں کا انتخاب)
(۹) تعارف تاریخِ اردو
(۱۰) حالی بحیثیتِ شاعر (تحقیقی مقالہ)
(۱۱) تعارف مرثیہ
(۱۲) مناجاتِ بیوہ (ہندی ودھوا کی پرارتھنا)
(۱۳) مطالعۂ حالی ۔ مطالعۂ انیس۔ مطالعۂ شبلی (مشترکہ)
(۱۴) حرفِ ادب

(۱۵) آسان اردو (بہ اشتراک پروفیسر نورالحسن ہاشمی)

وغیرہ وغیرہ۔

(دستاویز، صفحات ۱۸۴ - ۱۸۷)

شرر فتحپوری (رام سنگھ)

والد کا نام:

تاریخِ پیدائش: ۱۶ مئی ۱۹۲۸ء، فتحپور، (ضلع کوروکشیتر۔ ہریانہ)

پتہ: فتحپور۔ ضلع کوروکشیتر (ہریانہ)

تعلیم: ایم اے۔ ایم ایڈ (علیگ)

مشاغل، ملازمت: محکمۂ تعلیم، ہریانہ سے ۱۹۸۶ء میں ریٹائر ہونے کے بعد تصنیف و تالیف۔

تصانیف:

(۱) ہم جنگ نہ ہونے دیں گے	(طویل نظم)	۱۹۵۱ء
(۲) سازِ جمہور	(مثنوی)	۱۹۵۳ء
(۳) ہمالہ جاگ اٹھا	(منظومات)	۱۹۶۳ء
(۴) کاروانِ سحر	(مسدّس)	۱۹۷۲ء
(۵) دھرتی کے گیت	(گیت)	۱۹۷۳ء
(۶) پدمنی	(منظوم رزمیہ تمثیل)	۱۹۸۱ء
(۷) نئی دنیا، نیا آدم	(تین مثنویاں)	۱۹۸۲ء
(۸) حرف حرف	(شعری مجموعہ)	۱۹۸۶ء

اعزازات، انعامات: اتّر پردیش اردو اکادمی، بہار اردو اکادمی اور ہریانہ ساہتیہ اکاڈمی سے انعامات ملے۔

شکیب، مولانا نجم الدّین احمد

والد کا نام: شرف الدّین احمد

تاریخِ پیدائش: یکم اکتوبر ۱۹۱۶ء، قصبہ محمد پور تھلبنڈی۔ ضلع رائے بریلی (یوپی)

پتہ: (۱) محمد پور تھلبنڈی۔ ضلع رائے بریلی (یوپی)

(۲) معرفت دانش محل۔ امین آباد۔ لکھنؤ (یوپی) ۲۲۶۰۱۸

